القتل ہہنا مصدر مجہول والسّبۃ ما یسب بہ الانسان ویُعیّر بہ ترجمہ ہم ایسی قوم ہیں کہ لڑائی میں مارے جانے کو عار و ننگ نہیں جانتے جبکہ بنی عامر اور بنی سلول اسکو عار سمجھیں یعنے یہ لوگ اپنی کم فہمی سے اسکو برا سمجھتے ہیں اور ہم اسکو اچھا جانتے ہیں۔

یُقرّبُ حبُّ الموتِ اٰجالنا لنا	وتکرہُہٗ اٰجالہم فتطول

اللام بمعنی الی او من والاسناد والکراہۃ الآجال تجوزی ترجمہ۔ موت کا دوست رکھنا ہمارے آخری وقتوں کو ہم سے قریب کر دیتا ہے اور ان کے آخری وقت یعنے وہ خود موت سے گھبراتے ہیں اس لئے ان کی عمریں دراز ہو جاتی ہیں۔

وما مات منا سیّدٌ حتف انفہ	ولا طُلّ منا حیث کان قتیل

الحتف الموت منصوب علے المصدریۃ معناہ حتف بانفہ اے مات بخروج النفس من انفہ وکنی بہ عن موت الفراش وطل القتیل مجہولا اذا ہدر دمہ اے لم یوخذ ثارہ ولا بدیتہ وکان تامۃ ترجمہ کوئی ہمارا سردار بچھونے پر پڑ کر نہیں مرا بلکہ جو مرا سو لڑائی میں اور ہمارا کوئی ایسا مقتول نہیں ہے جس کا قصاص وعوض نہ لیا گیا ہو کیونکہ یہ دونوں امر بہادروں کے لئے عار و ننگ ہیں۔

تسیل علی حدّ الظبات نفوسنا	ولیست علی غیر الظبات تسیل

اراد بالظباۃ السیوف وبالنفوس الدماء ترجمہ ہمارے خون تلواروں کی دھاروں پر بہتے ہیں نہ اور کہیں یعنے ہماری لڑائی تلواروں سے ہے نہ لاٹھی سونٹے سے۔

صفونا فلم نکدر واخلص سرنا	اناث اطابت حملنا وفحول

ترجمہ۔ ہمارے نسب خاص غیر مکدر ہیں اور ہماری سرشت کو مادروں نے جنہوں نے ہمکو حمل میں اچھی طرح رکھا اور باپوں نے خالص رکھا ہے یعنے ہم نجیب الطرفین ہیں۔

علونا الی خیر الظہور وحطنا	لوقت الی خیر البطون نزول

ترجمہ۔ ہم بلند ہوئے باپوں کی اچھی پشتوں میں اور پھر اتار دیا ہمکو ایک وقت معین تلک مادروں کے اچھے شکموں میں نزول مقدر نے۔

فنحن کماء المزن مافی نصابنا	کہام ولا فینا یعد بخیل

النصاب الاصل الکامل والکہام السیف الکلیل الحد ترجمہ سو ہم صفائی اور طہارت میں مثل آب باراں کے ہیں ہماری عمدہ نسل میں کوئی بلید اور کند نہیں ہوتا اور کوئی بخیل ہمارے شمار میں نہیں ہے یعنی ہم میں کوئی بخیل نہیں ہوتا کہ شمار میں آوے یا بخیل ہمارے جنسے سے نہیں ہے بلکہ وہ اور قسم کی بلا ہے۔

وننکر ان شئنا علے الناس قولہم	ولا ینکرون القول حین نقول

ترجمہ۔ ہم ہر کسی کی بات کو توڑ سکتے ہیں اور جب ہم کوئی بات کہیں تو کسیکو مجال انکار نہیں ہوتی۔

اذا سید منا خلا قام سید	قوول لما قال الکرام فعول

ترجمہ۔ جب ہمارا کوئی سردار مرتا ہے تو دوسرا سردار میان لوگوں کیسی باتیں اور کام کرتا اس کا قائم مقام ہو جاتا ہے۔

وما اخمدت نار لنا دون طارق	ولا ذمنا فے النازلین نزیل

الاخماد اطفاء النار والفعل مجہول والطارق من یاتیک لیلا ترجمہ کبھی ہماری آگ مہمان شب آئندہ سے پہلے نہیں بجھائی گئی اور مہمانوں میں سے کبھی کسی نے ہمکو برا نہیں کہا۔

وایامنا مشہورۃ فی عدونا	لہا غرر معلومۃ وحجول

الایام فی عرفہم الحروب کیوم بدر ویوم حنین والغرۃ بیاض الوجہ والحجول بتقدیم المہملۃ بیاض الارجل ترجمہ ہمارے معرکے ہمارے دشمنوں میں مشہور ہیں اور انکے چہروں اور پاؤں کے چمکدار نشان یعنے ان کا سرا پا مقرر اور معلوم ہے۔

واسیافنا فی کل غرب ومشرق	بہا من قراع الدارعین فلول

القراع ان یقرع الابطال بعضہم بعضا بالسیوف ونحوہا۔ والدارع لابس الدرع والفلول جمع فلۃ وہو ثلمۃ السیف ترجمہ اور ہماری تلواریں مغرب و مشرق میں مشہور ہیں کہ انمیں کہتا کہتے اور لڑائی زرہ پوشوں سے دندانے پڑے ہوئے ہیں۔

معوّدةً الّا تسلّ نصالہا — فتغمد حتّےٰ یستباح قبیلُ

بالنصب علے الحالیۃ والرفع علے الخبریۃ وتسلّ مجہول وتصل السیف حدیدتہ واغمد السیف ادخلہ فی الغمد والفعل مجہول وکنی بالاستباحۃ عن القتل والقبیل الجماعۃ من آباءٍ شتی وجمعہ قُبُلٌ۔ والقبیلۃ الجماعۃ من اب احد وجمعہا قبائل ترجمہ ہماری تلواروں کو یہ عادت ہے کہ جب میان سی لیجاویں توجبتلک کوئی جماعت قتل نہ کیجاوے اور وہ لہو نہ چاٹ لیں میان میں نہیں کیجاتیں۔

سلی ان جہلت النّاس عنّا وعنہم — ولیس سواءً عالم وجہولُ

ترجمہ اگر تجھکو معلوم نہیں ہے تو اے مخاطبہ ہمارا اور ہمارے دشمنوں کا حال لوگوں سی دریافت کرلے اور دانا اور نادان برابر نہیں ہوتے۔

فان بنی الدّیان قطبٌ لقومہم — تدور رحاہم حولہم وتجولُ

ترجمہ۔ اسلئے کہ بنی دیان اپنی قوم کے قطب و سردار ہیں انکی چکیاں انکے گرد گھومتی ہیں اور چلتی ہیں

قال الشمیذر الحارثی

الشمیذر بالمعجمۃ فالمیم فالتحتانیۃ فالمعجمۃ فالمہملۃ کسفرجل احد بنی الحارث شاعر اسلامی وکان قد قتل اخوہ غیلۃ ثم قتل ہو قاتل اخیہ نہارا۔

بنی عمّنا لا تذکروا الشعر بعد ما — دفنتم بصحراء الغمیر القوافیا

اراد بالشعر اشعار الفخر والمباہاۃ او مطلقا وکنی بدفن القوافی عن انہزامہم او موت شاعرہم والغمیر بالمعجمۃ فالمہملۃ مصغرًا موضع فی بلاد کلاب والقوافی الاشعار تسمیۃ للکل باسم الجزء ترجمہ اے ہمارے چچازاد بھائیو اپنے فخر یا مطلق اشعار بعد اسکے کہ تم نے صحراء غمیر میں اپنے اشعار یا اپنے شاعر کو دفن کردیا کہنا چھوڑدو کیونکہ تم وہاں سے بھاگ گئے پس اب کیا موقع فخر کا رہا۔

فلسنا کمن کنتم تصیبون سلّۃً — فنقبل ضیمًا او نحکّم قاضیا

یقال اصابہ ونالہ اذا ظفرہ بالجرح او القتل ونحوہ وضمیر المفعول محذوف والسلۃ السرقۃ الخفیۃ منصوب علے التمیز ونقبل منصوب علے انہ جواب النفی والضیم الظلم ترجمہ ہم اس شخص کی مانند نہیں ہیں جسکو تم چپکے مارتے تھے تاکہ ہم تمہارا ظلم سہجاویں یا اپنے فیصلہ کے لئے کسیکو حاکم بناویں بلکہ ہم اپنا فیصلہ آپ کرلیتے ہیں یعنے زبردست ہیں۔

ولکنّ حکم السیف فیکم مسلّطٌ — فنرضی اذا ما اصبح السیف راضیا

ترجمہ لیکن ہمارا حکم تلوار ہے اور اس کا حکم تمپر غالب ہے پس جب تلوار راضی ہوجاوے گی تو ہم بھی راضی ہوجاویں گے۔

الشمیذر الحارثی

وقد ساءني ما جرّت الحرب بيننا	بني عمنا لو كان امراً مدانيا

جرّت بمعنی جنت او جذبت ولو بمعنی لیت او شرطیۃ والجواب محذوف دل علیہ ما قبلہ والمدانی القریب ترجمہ اے ہمارے چچا کے بیٹو ہمکو وہ معاملہ جو لڑائی نے پیش کیا ہے برا معلوم ہوتا ہے کہ وہ حد سے بڑھا ہوا ہے اور قابل عفو نہیں ہے کاش یہ معاملہ حد سے قریب ہوتا کہ جسمیں عفو کی گنجایش ہوتی معاملہ سہو از قبل برادر شاعر ہے۔

فان قلتم انا ظلمنا فلم نکن	ظلمنا ولکنا اسأنا التقاضیا

التقاضی اصل فی الدین شبہ الثار بالدین فاتی بالتقاضی ترجمہ اگر تم یہ کہو کہ تمنے ہمپر ابتداءً ظلم کیا سو یہ تو نہیں ہاں ہمنے تمسے اپنے قرض کا سخت تقاضا کیا اور بدلا لیا اور تقاضائے قرضخواہ ظلم نہیں کہلاتا ۔

وقال وداک بن ثمیل المازنی

وداک بتقدیم الواو علی الدال المہملۃ کشداد احد بنی مازن بن مالک ومن خبر ہذہ الابیات ان بنی شیبان کانوا یریدون اجلاء بنی مازن عن ماءٍ یقال لہ سفوان ویقولون انہم ویوعدون بنی مازن فقال وداک۔

رویدا بنی شیبان بعض وعیدکم	تلاقوا غداً خیلی علی سفوانِ

روید اسم فعل بمعنی الامر وبعض وعیدکم منصوب علی المفعولیۃ وتلاقوا من الملاقاۃ مجزوم وسفوان محرکۃ علم ماءٍ ترجمہ اے بنی شیبان اپنی دہمکیاں کسیقدر کم کرو کیونکہ آب سفوان پر کل تمسے میرے گھوڑوں کی مٹھ بھیڑ ہوگی ۔

تلاقوا جیاداً لاتحید عن الوغی	اذا ما غدت فی المازق المتدانی

بدل من الاول وحاد عنہ اذا عدل واعرض والمازق مضیق الحرب والمتدانی المتقارب ترجمہ ایسے گھوڑوں سے مقابلہ کیے جاوگے کہ جب وہ لڑائی کی تنگ جگہ میں ہوتے ہیں تو لڑائی سے کنارہ نہیں کرتے ۔

علیہا الکماۃ الغر من آل مازنٍ	لیوث طعانٍ عند کل طعانٍ

الغر جمع الاغر وکنی بہ عن المعلوم الذی لایخفی علی احد ترجمہ اُن گھوڑوں پر مشہور و نامی بہادر لوگ آل مازن کے سوار ہونگے جو ہر قسم کی نیزہ بازی میں مثل شیروں کے حملہ آور ہیں ۔

تلاقوہم فتعرفوا کیف صبرہم	علی ما جنت فیہم ید الحدثان

الصبر یتعدی بعلی وعن یقال صبر علیہ اذا لزمہ وصبر عنہ اذا کرہہ وجنی بمعنی کسب والحدثان محرکۃ حوادث الدہر ترجمہ اُن سے ملوگے تو جانوگے کہ یہ لوگ حوادثات اور مصائب دہر پر کیسا صبر کرتے ہیں ۔

مقادیم وصالون فی الروع خطوہم	بکل رقیق الشفرتین یمانی

مقادیم جمع مقدام وہو من یتقدم فی الحرب والخطو جمع خطوۃ والشفرۃ حد السیف والیمانی نسبۃ الی الیمن ترجمہ وہ لوگ لڑائی میں سب سے آگے رہنے والے ہیں اور خوف کیجگہ میں اپنے قدم ہر دو دہاری یمانی تلوار سے ملانیوالے ہیں

وداک بن ثمیل المازنی

لا یستحب من آمر بانی مکان	اذا استنجد و الم یسئالوا من دعاھم

الاستنجا وطلب النجدة وھو النصرة والقوة والفعل مجہول ترجمہ جب وہ مدد مانگے جاتے ہیں یعنی انسے کوئی مدد مانگتا ہے تو مدد خواہ سے نہیں پوچھتے کہ کس لڑائی کے لئے مدد مانگتا ہے یا ہمکو کسجگہ لیجاویگا یعنی یہ لوگ بڑے بہادر و باہمت ہیں سست و کاہل نہیں ہیں اور جنگ میں نہایت بیباک ہیں۔

وقال سوار بن المضرّب السعدی

سوار کشداد بن مضرّب کمعظم السعدی احد بنی سعد بن عوف من تمیم شاعر اسلامی

علی ان قد تلوّن بی زمانی	فلو سالت سراة الحیّ سلمیٰ

سراة کل شی اعلاه وسلمیٰ زوجتہ وعنی بالتلون التغیر من حال الی حال والباء للتعدیہ ترجمہ سو اگر میری زوجہ سلمیٰ میری قوم کے سرداروں سے میرا حال پوچھے باوجودیکہ میرا زمانہ سابق بدلگیا ہے۔

واعدائی فکلٌ قد بلانی	لخبّرھا ذووا حساب قومی

الجملة جواب لو واعدائی عطف علی ذووا حساب وبلاه امتحنہ ترجمہ تو بیشک میرا حال میری قوم کے شریف لوگ اور میرے دشمن صاف بتلا دینگے کیونکہ ہر ایک نے میرا امتحان کرلیا ہے کہ میں دوستوں کے لئے کیسا اور دشمنوں کے حق میں کیسا ہوں۔

وزبّونات اشوس تیّحانی	بذبّی الذم عن حسبی بمالی

الباء متعلقة بخبّر ومدخولھا مخبر بہ۔ والذبّ الدفع والذم منصوب علی انہ مفعول لہ وبمالی متعلق بالذب والزبونات جمع زبونٍ فعوّل من الزبن وھو الدفع مجرور عطفاً علی مالی او علی ذبی والاشوس من فی عینیہ شوسٌ وھو ان یضیق الرجل اجفانہ وینظر باحد شقیہ عن الانتخار ویکنی عن التکبر والتیحان بالفوقانیة وتشدید التحتانیة الرجل الحازم ویکنی بھا عن نفسہ ترجمہ تو البتہ خبردینگے وہ لوگ مسماة مذکورہ کو اس امر کی کہ میں نے دور کردیا ہے برائی اور عیب کو اپنے حسب سے بذریعہ صرف اپنے مال کو مہمانوں اور محتاجوں پر اور بسبب مدافعتوں ایک مرد متکبر و ہوشیار کے اور مراد اس مرد سے خود شاعر ہے یعنی میں نے اپنے حسب سے طعن و برائی دو چیزوں کے ذریعے سے دور کردئے ہیں ایک سخاوت سے اور دوسرا شجاعت سے کہ اسکے سبب سے دشمنوں کو اپنے دوستوں سے دور کردیا

اذا لم اجن کنت مجنّ جانٍ	وانی لا ازال اخا حروبٍ

عطف علی ذبی وھو المجنّ الجنة ترجمہ اور اس بات کی خبر کرینگے کہ میں ہمیشہ لڑائیوں میں رہتا ہوں اگر میں کسی کو نہ ستاؤں تو ستانیوالوں اور لڑائی والوں کی سپر اور پشت پناہ رہتا ہوں۔ بہرحال لڑائی سے خالی نہیں رہتا ہوں

سوار ابن المضرّب السعدی

وقال بعض تیم اللہ بن ثعلبہ

ہو علقمۃ بن شیبان کان فی عہد المنذر بن ماء السماء جد النعمان بن المنذر اللخمی شہد یوم اُوارۃ وہو بالضم ماء لبنی تمیم وقیل جبل لہم وحمل علی المتمطر اخی المنذر ظنا منہ انہ المنذر فطعنہ تحت کنانتہ ـ

ولقد شہدت الخیل یوم طرادہا	فطعنت تحت کنانۃ المتمطر

الکنانۃ الجعبۃ من جلد لا خشب فیہا وکنی بما تحتہا عن الابط ترجمہ بخدا میں سواروں میں انکی لڑائی کے دن موجود تھا پس میں نے نیزہ مارا زیر ترکش متمطر کے یعنی اس کی بغل میں ـ

ونطاعن الابطال عن ابنائنا	وعلی بصائرنا وان لم نبصر

عدی المطاعنۃ بعن لتضمنہ معنے المدافعۃ ترجمہ اور ہم دلیروں کو بذریعہ نیزوں کے وبحالت اجتماع اپنے حواس کے اپنے بیٹوں سے دفع کرتے ہیں اگرچہ مآل کار ہمکو معلوم نہیں ہوتا

ولقد رایت الخیل شُلن علیکم	شول المخاض ابت علی المتغبر

شالت الناقۃ ذنبہا اذا رفعتہا واستعیر للخیل وکنی بہ عن العدو الشدید فان الدابۃ اذا عدت عدا شدیدا ترفع ذنبہا ومعنی علیکم علے اعقابکم والخطاب لبنی تمیم ـ والمخاض الحوامل من النوق وابت حال بتقدیر قد والمتغبر من یحلب غبر اللبن ای بقیتہ فے الضرع ترجمہ بخدا میں نے دیکھا اپنے گھوڑوں کو کہ تمہارے پیچھے ایسے دم اٹھائے یعنی سرپٹ بھاگے جاتے تھے جیسے حاملہ اونٹنی دودھ دہنے والے سے تنگ آکر دم اٹھاتی ہے ـ

وقال قطری بن الفجاءۃ المازنی

لا یرکنن احد الی الاحجام	یوم الوغی متخوفا لحمام

رکن الیہ مال ـ والاحجم بتقدیم المہملۃ علے الجیم اذا نکص عنہ خوفا والحمام الموت ترجمہ مناسب ہے کہ لڑائی کے دن کوئی شخص بخوف موت ہرگز بھاگنے اور رک جانے کی رغبت نکرے ـ

ولقد ارانی للرماح دریئۃ	من عن یمینی تارۃ وامامی

المضارع بمعنے الماضی حکایۃ عن الحال الماضیۃ بدلیل قولہ خضبت والدریئۃ الحلقۃ التی یتعلم علیہا الطعن بالرماح ترجمہ وبخدا میں اپنے آپکو نیزوں کا نشانہ کبھی دہنی طرف سے اور کبھی آگے سے دیکھ رہا تھا

حتی خضبت بما تحدر من دمی	اکناف سرجی او عنان لجامی

تحدر الدم اذا سال والاکناف النواحی وکلمۃ او لمنع الخلو فلا ینافی الجمع ویجوز ان یکون بمعنے الواو ترجمہ یہانتک کہ میں نے اپنے بہتے خون سے اپنے زین کے اطراف کو دہنے بائیں سے اور اپنی لگام کی باگ کو آگے سے رنگدیا

ثم انصرفت وقد اُصبت ولم اُصب	جذع البصيرة قارح الاقدام

اصاب الرجل اذا قتل او جرح غیرہ واُصیب اذا قتل او جرح ومثلہ نال منہ ونیل ولم اُصب مجہول والجذع محرکۃ مالم یبلغ من الخیل الحولین والقارح منہا مابلغ نہایتہ اسن من اسنان الخیل ونصبہما علے الحالیۃ من ضمیر المتکلم ترجمہ پھر میں لڑائی سے ایسی حالت میں لوٹا کہ میں نے دشمنوں کو مارا تھا اور ان کی مار نہیں کھائی تھی جبکہ تیز نگاہی میری مثل دو برس کے بچھیرے کے اور میرا حملہ کامل مانند پنج گھوڑے کے تھا۔

وقال العباس بن مرداس السلمی

ہو شاعر اسلامی احد نبی قریع بالقاف مصغرا

شہدن مع النبی مسوّمات	حنیناً وھی دامیۃ الحوامی

الضمیر للخیل۔ وسوم الفرس جعل علیہ علامۃ یعرف بہا ویفعل ذلک بالکریم من الخیل وقیل معناہ مطہمات ای محکمات الخلق والنصب علے الحالیۃ والحامیۃ الحمی الحافر ما یحیط بہ یجمع علے احوام ترجمہ نشانمند گھوڑے میری قوم کے نبی صلعم کیساتھ ایسے حال میں بمقام حنین حاضر تھے کہ انکے سموں کے کنارے خون آلودہ تھے کیونکہ دشمنوں کے خون ہر طرف بہتے تھے یا اس سبب سے کہ دشمنوں کے نعشوں پر پھرتے تھے نشانمند وہ گھوڑے جن پر بسبب عمدگی کے کوئی نشان کردیا جاوے۔

ووقعۃ خالد شہدت وحکت	سنابکہا علے البلد الحرام

منصوب علے شریطۃ التفسیر ومفعول شہدت محذوف ای شہدتہا او مفعول مقدم شہدت والسنبک طرف الحافر والبلد الحرام مکۃ شرفہا اللہ تعالٰے ترجمہ اور وہ حاضر ہوئے معرکہ خالد بن الولیدؓ میں بروز فتح مکہ اور انہوں نے اپنے سم گھسے مکہ معظمہ پر یعنے وہاں تلک پہنچے۔

نعرّض للسیوف اذا التقینا	وجوہاً لا تعرّض للّطام

نعرض علے المتکلم مع الغیر معروف وتعرّض علے صیغۃ المونث الغائب مجہول واللطام الملاطمۃ وکانوا یلطمون وجہ من یریدون ہوانہ وذلہ ترجمہ تلواروں کے روبرو ہم ایسے منہ پیش کرتے تھے جو طمانچوں کے لئے نہیں پیش کئے جاتے یعنی وہ عزیز و مکرم ہیں نہ ذلیل و خوار با ایں ہمہ تلواروں کی ضرب کو عار نہیں سمجھتے تھے۔

ولست بخالع عنّی ثیابی	اذا ھرّ الکماۃ ولا اُرامی

خلع عنہ ثوبہ اذا نزعہ منہ وکنی بالثیاب عن الاسلحۃ وہرّہ کرہہ۔ والمراماۃ الرمی عن بعید ترجمہ جبکہ بہادر لوگ لڑائی سے گھبرانے لگتے ہیں میں اپنے ہتھیار نہیں اتارتا اور نہ تیراندازی کرتا ہوں بلکہ تلوار سے لڑتا ہوں۔

الی الغارات بالعضب الحسام	ولکنی یجول المهر تحتی

المهر ولد الفرس والعضب السیف القاطع ترجمہ مگر میری سواری کا نوجوان گھوڑا یا پھیر اوٹ مار کیطرف تیز تلوار کے ساتھ جو میرے پاس ہوتی ہے جولانی کرتا ہے۔

وقال ابن زیابۃ التیمی

زیابۃ بالمعجمۃ والتحتانیۃ المشددۃ فالموحدۃ ام الشاعر وہو جاہلی۔ وعند البعض زیابۃ ابوہ۔

فی سنۃ یوعد اخوالہ	نبئت عمروا غارزا رأسہ

نبئت علی صیغۃ المجہول وعمروا مفعول ثان وغارزا ثالث والغارز من غرز رجلہ فی الغرز بالمعجمتین بینہما مہملۃ اذا ادخلہا فی رکاب الناقۃ والسنۃ النعاس شبہ راسہ بالرجل والسنۃ بالغرز فقال ہو غارز رأسہ فی السنۃ ای جاہل غافل قال التبریزی غارزا راسہ ای مدخلا ومنہ الغرز بالابرۃ ومعناہ ثابتا علی ضلالۃ لجوجا فیہ لا یقلع عنہ ترجمہ میں خبر دیا گیا ہوں کہ عمرو اپنا سر غفلت میں دہرے ہوئے ہے یعنی غافل جاہل ہے اپنی گمراہی پر جما ہوا ہے وبراہ جہالت اپنے ماموں کو ڈراتا ہے یعنے ان لوگوں سے کج ادائی کرتا ہے جن سے نہ کرنی چاہئے۔

ان یفعل الشیئ اذا قالہ	وتلک منہ غیر ماموتۃ

اشارۃ الی الفعلۃ المستفادۃ مما سبق وان بتقدیر اللام ترجمہ اور اس امر کا یعنی ڈرانے کا اس سے خوف ہے کیونکہ جب وہ کسی کام کو کہتا ہے تو وہ ویسا ہی کرتا ہے یہ کلام بطور تمسخر واستہزا کے ہے خلاصہ یہ کہ وہ جھوٹا ہے۔

واللبد لا اتبع تزوالہ	الرمح لا املأ کفی بہ

التزوال الزوال ترجمہ میں مثل اناڑیوں کے نیزہ اپنے ہاتھ میں نہیں لیتا ہوں اور عرق گیر کے گرنے سے میں نہیں گرجاتا ہوں یعنی میں عمدہ نیزہ باز و شہسوار ہوں عمرو کیطرح ناواقف نہیں ہوں۔ اور مصرعہ اول کے یہ بھی معنی ہو سکتے ہیں کہ میں شمشیر زن ہوں نہ نیزہ باز

کل امرئ مستودع مالہ	والدرع لا ابغی بہا ثروۃ

ضمیر المونث للدرع فانہ مونث سماعی والمصراع الثانی استیناف تعلیل للمصراع الاول والمستودع بکسر الدال وکنی بہ عن الجامع المحافظ ترجمہ اور میں زرہ بیچکر دولت جمع نہیں کرتا ہوں بلکہ اسکو بوقت جنگ استعمال کرتا ہوں کیونکہ ہر آدمی اپنا مال جمع کیا کرتا ہے اور میرا مال زرہ ہے

کالعبد اذ قید اجمالہ	انک یا عمرو وترک الندی

الواو بمعنی مع وترک الندی منع الخیر ترجمہ اے عمرو تو باوجود مناع خیر ہونیکے مثل اس غلام کے

ہے جو اپنے شتروں کو ایک طرف قید کردے اور ان سے نفع نہ اٹھاے۔

قد خنوا المرء و سر بالہ	الیت لا ادفن قتلاکم

الیت حلفت والنذ ضین ایصال الدخان والسربال القمیص او کل ما یلبس و اللام فی المرء للعہد الخارجی اشارۃ الی رجل من المخاطبین کان قد طعن فاحدث خوفا وفشت لرائحۃ المنکرۃ منہ والمطعون ربما احدث ذکانوالایقاتلون الا علی جوع ترجمہ میں نے قسم کھائی ہے کہ تمہارے مقتولوں کو دفن نہیں کروں گا پس تم اس شخص کو جس کا بوقت نیزہ لگنے کے گوز یا پاخانہ نکل گیا اور اسمیں بدبو آتی ہے اور اس کے لباس کو دھونی دو تاکہ یہ عیب تمہارا ظاہر نہو۔

وقال الحارث بن ہمام

ہو شاعر جاہلی و ہمام کغراب وکان الحارث سید بکر و من خبر ہذہ الابیات ان الحارث ہذا کان قد اغار علی ابل بن زیابۃ و ہو غائب۔

لا تلقنی فی النعم العازب	ایا ابن زیابۃ ان تلقنی

النعم اسم جمع۔ والعازب البعید عن اربابہ ترجمہ اے زیابہ کے بیٹے اگر تو مجھ سے ملے یا لڑنے آوے تو میں تجھ سے اونٹوں میں جو اپنے مالکوں سے دور ہوں نہیں ملونگا کیونکہ میں شتر چرانیوالا نہیں ہوں بلکہ میں گھوڑوں اور سواروں میں جو منجملہ سامان حرب ہیں ملونگا۔

مستقدم البرکۃ کالراکب	وتلقنی یشتد بی اجرد

الاجرد من الخیل مالا شعر علیہ کثیرا والبرکۃ الصدر واستقدامہا عظمہا و ہو وصف ممدوح فی الخیل والرجال ترجمہ اور تو مجھ سے ایسے وقت میں ملے گا کہ گھوڑا مثل اپنے سوار کے بلند و فراخ مجکو تیز لیے جاتا ہو۔

فاجابہ ابن زیابۃ علی وزنہا

الصابح فالغانم فالآئب	یا لہف زیابۃ للحارث

یقول العرب یا لہف بی و یا لہف امی و یکنی بہ عن اللہف الشدید فان المرأۃ تتلہف کثیرا و صبحہ اتاہ صباحا والفاء للترتیب بین الصفات الثلثۃ ترجمہ اے لوگو زیابہ کا افسوس دیکھو یعنی بڑا افسوس ہے حارث صبح آنیوالے اور لوٹنے والے اور سالم جانیوالے کا یعنے اس امر کا افسوس ہے کہ حارث صبح کو لوٹ کر سلامت چلا گیا۔

لاب سیفانا مع الغالب	واللہ لو لاقیتہ خالیا

خالیا منصوب علی الحالیۃ من ضمیر المتکلم او من الضمیر المنصوب معناہ مفردا ترجمہ بخدا اگر میں

اس سے تنہا ملتا تو بیشک ہم دونوں کی تلواریں اس شخص کیساتھ جاتیں جو ہم میں سے غالب
رہتا یعنے میں اس کی تلوار چھین لیتا. بقرینہ شعر آئندہ کے ۔

آتِکَ والظَّنُّ علی الکاذِب	اَنَا ابنُ زَیَّابَۃَ اِن تَدعُنی

عنی بالظن التردد و بالکاذب الکاذب فی الفعل ترجمہ میں زیابہ کا بیٹا ہوں اگر تو مجھکو لڑائی کے
لیے بلاویگا تو میں تیرے پاس آؤنگا اور تجھکو قتل کرونگا اور تردد کا انجام جھوٹے کے حق میں برا ہوتا ہے
یعنی تو جو میرے آنے میں عند الطلب شک کرتا ہے اسکا انجام تیرے حق میں برا ہوگا ۔

وقال الاشتر النخعی

الشتر انقلاب الجفن من اعلا و اسفل کذا فی القاموس شتر برگشتگی بام چشم کذا فی الصراح والاشتر ابن الحارث
احد بنی نخع تابعی من اصحاب علی رضی اللہ عنہ وانما سمی بہ لشترۃ کانت باحدی عینیہ ۔

ولقیتُ اضیافی بوجہ عبوسِ	بَقَّیتُ وَفری وانحرفتُ عن العُلے

التبقیۃ الاستبقاء والوفر المال الکثیر وہذہ الجملۃ مع مابعدہا دالۃ علی جواب شرط و بالجملۃ ہو دعاء یدعو بہ علی نفسہ
ترجمہ میں اپنا مال کثیر جمع کروں اور خرچ نکروں اور عزت و شرف کی باتوں سے روگردانی کروں اور
مہمانوں سے ترشرو شخص کیطرح ملوں یعنی وہ امر جو شعر آیندہ میں مذکور ہی اگر نکروں تو جملہ عیوب مذکورہ خدا مجھ میں پیدا کردے

لم تخلُ یوماً من نہابِ نفوسِ	اِن لم اَشُنَّ علی ابن حربٍ غارۃً

الشن صب الماء علی الاصل و استعیر للاغارۃ وعنی بابن حرب معاویۃ بن ابی سفیان ابن حرب رضی اللہ تعالی
عنہ وجملۃ النفی نعت غارۃ ترجمہ میں عیوب مذکورہ میں مبتلا ہوجاؤں اگر معاویہ بن حرب رضی
اللہ عنہ پر ایسی غارت کا مینہ نہ برساؤں جو کسی روز جانوں کی لوٹ سے خالی نہیں ہوتی یعنی
مجکو جانوں کی لوٹ منظور ہے اور مال کی کچھ پروا نہیں ۔

تعدو ببیض فی الکریہۃ شوسِ	خیلاً کامثال السعالی شُزَّباً

بدل من غارۃ والکاف زائدۃ والسعالی جمع سعلاۃ وہی الغول وہو من سباع الجن علی الاشہر والتشبیہ
فی سرعۃ السیر واغبرار الراس علی زعمہم والشازب الضامر والعدو السیر الشدید والباء للتعدیۃ او المصاحبۃ
والبیض الکرام الذین لم یتمیموا بعار فتغبر الوانہم والشوس جمع اشوس وہو المتکبر المستخفر ترجمہ اور وہ
غارت گھوڑے ہیں مثل غولوں کے تیز رو اور گرد آلودہ پتلی کمر کے کہ مردان کریم کو لیکر دوڑتے
ہیں جو لڑائی میں دشمنوں کو متکبرانہ بنظر حقارت دیکھتے ہیں ۔

ومضانُ برقٍ او شُعاعُ شموسِ	حَمِیَ الحدیدُ علیہم فکانّہ

الحدید اذا کان مجلوا وطلعت علیہ الشمس برق وان لم یحم واذا لم یکن مجلوا لم یکن لہ بریق وان حمی ترجمہ انکے

بدنو پر صیقل دار زرہیں گرم ہوگئیں اور بسبب صیقل اور حرارت کے ایسی چمکیں کہ گو یا وہ بجلی کی چمک یا آفتابوں کی کرنیں ہیں۔

وقال معدان بن جوّاس الکندیؓ

الصواب انہ لحجیۃ بن مضرب لسکونی بالحار قبل الجیم ویکنی ابا احوط شاعر جاہلی ومنذر اخوہ ومن خبرہ ان النعمان بن منذر اللخمیؓ کان فدا غار علےٰ بنی تمیم فہزم بنو تمیم النعمان و بلغ النعمان ان حجیۃ کان معہم فاتہمہ النعمان فقال معتذراً۔

صدیقی وشلّت من یدیّ الانامل	ان کان ما بلّغت عنی فلامنی

کان تامۃ او ناقصۃ وخبرہا محذوف ای صادقا وبلّغت مجہول والخطاب لنعمان بن منذر ترجمہ اور اگر وہ امر جو میری نسبت تجھ تلک پہنچایا گیا ہے ہوا ہے یا وہ امر راست ہی تو میں قابل ملامت اپنے دوستوں کے ہوجاؤں اور میرے دونوں ہاتھوں کی انگلیاں شل ہوجاویں۔ اور انگلیوں کی خصوصیّت کی یہ وجہ ہے کہ اکثر منافع انسان کے اسکے ذریعہ سے ہوتے ہیں خلاصہ یہ ہے کہ اگر یہ تہمت راست ہو تو مجھپر یہ مصیبتیں پڑیو۔

وصادف حوطا من اعادیّ قاتلُ	وکفّنتُ وحدی منذراً فی ردائہ

عطف علےٰ لامنی داخل تحت الجزار وصادف لقی ترجمہ اور میں تنہا اپنے بھائی منذر کو صرف اسکی چادر کا کفن دوں یعنی کفن منفر اس کو نصیب نہ ہو اور کوئی میری مدد نہ کرے اور میرے بیٹے حوط کو میرے دشمنوں میں سے کوئی مار ڈالے۔

وقال عامر بن الطفیل

وکان کافرا شدیداً ذکر فی ہذہ الابیات یوم فیف الریح وہو یوم معروف بین بنی عامر وصدار وخثعم ومذحج وحارث بن کعب وفیہ نفقت عینہ۔

حلیلک اذ لاقی صُداءً وخثعما	طُلّقتِ ان لم تسئالی ای فارس

طلقت ماضی مجہول من التطلیق والخطاب للمزوجۃ وصدا بالضم لقب حارث بن صعب بن سعد العشیرۃ بطن من مذحج وخثعم بن المازن من سبا وکلاہما من الیمن ترجمہ تجھپر طلاق ہے اگر تو نہ پوچھے حاضرین معرکہ فیف الریح سے کہ تیرا شوہر کیسا عمدہ سوار تھا جبکہ قبیلہ صدا اور قبیلہ خثعم سے لڑا۔

اذا ما اشتکی وقع الرماح تحمحما	اکرُّ علیہم دُعلجاً ولبانہ

الکر العطف والدعلج لجعفر اسم فرس الشاعر واللبان صدر الفرس منصوب عطف علی دعلج من عطف البعض علی الکل لشرفہ ولان کر الفرس لا یتصور دون کر الصدر وتحمحم الفرس اذا استعان بنفسہ وصات دون الصہیل ترجمہ میں نے دعلج اور اسکے سینہ کو انپر لوٹا دیا تھا جب وہ دکھ پاتا تھا نیزوں کی ضرب سے

تو آہستہ ہنہنا تا تھا اور اپنی زوجہ سے اسلئے خطاب کرتا ہے کہ عرب کی عورتیں اپنے شوہر کی بہادری پر فخر کیا کرتی تھیں اور ان کے جبن اور نامردی کو سخت عیب اور بدنامی شمار کرتی تھیں ۔

وقال زفر بن الحارث الکلابی

ہو تابعی جلیل یذکر یوم مرج راہط کان بین کلب وقیس فہرب زفر ہذا۔

لیالی لاقینا جذاماً وحمیراً	وکنا حسبنا کل بیضاء شحمة

وروی عشیة لاقینا یکنی بالشحم عن الضعیف اللین وجذام بالجیم فالمعجمة کغراب بطن من کہلان من سبا واراد بحمیر بنی کلب فانہم آل کلب ترجمہ ہمنے گمان کیا تھا ہر سفید رنگ کو ضعیف و نرم مثل چربی کے ان راتوں میں کہ لڑے ہم جذام اور حمیر سے مرج راہط میں ۔

ببعض ابت عیدانہ ان تکسرا	فلما قرعنا النبع بالنبع بعضہ

النبع شجر صلب من اشجار الجبل تتخذ منہ القسی والعیدان جمع عود وہو الخشب ترجمہ سو جبکہ کھٹکھٹایا ہمنے کمانوں کو کمانوں سے باہم تو انکی لکڑیاں نہ ٹوٹیں یعنی اولاً تیروں سے اور بعد ختم ہونے تیروں کے کمانوں کی لاٹھیاں بنا کر لڑے اور وہ نہ ٹوٹیں اور خوب گہمسان ہوا ۔

یقودون جرد للمنیة ضمرا	ولما لقینا عصبة تغلبیة

العصبة الجماعة والتغلبیة نسبة الی تغلب وکانوا مع کلب الجرد جمع اجرد وہو من الخیل ما لا شعر علیہ کثیراً والضمر جمع ضامر وہو المہزول اللاحق البطن ترجمہ اور جبکہ مٹھ بھیڑ ہوئی ہماری جماعت کی بنی تغلب سے جو ہنکاتے تھے کم مو دبلے گھوڑوں کو طرف موت کے ۔

ولکنہم کانوا علی الموت اصبرا	سقیناہم کاساً سقونا بمثلہا

الباء زائدة تزاد علی المفعول غالباً وجملة سقونا نعت کاساً ترجمہ ہمنے انکو ایسا پیالہ پلایا جیسا انہوں نے ہمکو پلایا تھا مگر وہ لوگ موت پر بڑے صابر نکلے اسلئے ہم بھاگ گئے اور وہ ثابت قدم رہے ۔

وقال عمرو بن معدیکرب الزبیدی

وہو شاعر مخضرم صحابی مشہور ومن خبر ہذہ الابیات ان بنی جرم قتلت رجلاً من بنی الحارث ولاذت برہط عمرو الزبیدی فجاء بنو الحارث یطلبون دم صاحبہم ومعہم بنو نہد فقامت الحرب بینہم فلم یثبت جرم ان یسفک دماء نہد لما کانت بینہم من القرابة وفرت عن الحرب ثم انہزمت بنو زبید وبقی عمرو وحدہ فقال

جد اول زرع ارسلت فاسبطرت	ولما رایت الخیل زوراً کانہا

الزور جمع ازور وہو المائل المنحرف والمجدول النہر الصغیر والاسبطرار الامتداد ترجمہ اور جبکہ میں نے

گھوڑوں کو میدان حرب سے کنارہ کش اور لوٹتا ہوا دیکھا گویا کہ وہ چھوٹی نہریں یا ٹوٹیں ہیں جو کھیتوں میں چھوڑی گئی اور پھیل گئی ہیں۔

فجاشت الی النفس اول مرۃٍ	فردت علی مکروھہا فاستقرت

یقال جاشت النفس اذا ارتفعت من فزع وحزن وعدی بالی لتضمنہ معنے البلوغ والوصول اوالاضطراب ورددت مجہول ترجمہ پس گھبرائی میری طبیعت اول دفعہ پھر لوٹائی گئی اور دبائی گئی اس چیز پر جسکو ناپسند کرتے تھے یعنے لڑائی پر سو وہ جم گئی۔

علام تقول الرمح یثقل عاتقی	اذا انا لم اطعن اذا الخیل کرت

المستکن للنفس ویثقل من الثقلہ کنایۃ عن وضع الرمح علی العاتق وھو یدل علی کون الرجل فارسا شاعر ترجمہ جبکہ میں نیزہ بازی نکروں بوقت حملے گھوڑوں کے تو میرا نفس کیونکر آپ کو اچھا نیزہ باز شمار کرسکتا ہے

لحا اللہ جرما کلما ذر شارقٌ	وجوہ کلابٍ ھارشت فازبارت

یقال لحاہ اذا قشرہ لعنہ ومنہ سنتہ فاشرۃ والذرور الانتشار والشارق الشمس ونصب الوجوہ علی الاختصاص بالذم اوالمعالجۃ والمہارشۃ ان یحمل بعض الکلاب علے بعض وازبار الرجل اذا استعد للقتال ترجمہ ہلاک کرے اللہ بنی جرم کو اور لعنت کرے انپر جبکہ آفتاب نکلے میں انکو برا کہتا ہوں اسوقت میں کہ انکے منہ ان کتوں کے سے ہیں جو ایک دوسرے پر حملہ کرے اور لڑائی کے لئے تیار ہوں اور کتوں کی یہ حالت اسواسطے بیان کی کہ اسوقت میں انکی شکل نہایت بدنما ہوتی ہے۔

فلم تغن جرم نہد ھا اذ تلاقتا	ولکن جرما فی اللقاء ابذعرت

یقال اغناہ فلان اذا کفاہ واضاف النہد الی ضمیر جرم للقرابۃ بینہم لانہما آل قضاعۃ ووضع المظہر موضع المضمر حیث قال ولکن جرما تنصیصا علے الذم والابذعرار بالموحدۃ فالمعجمۃ فالمہملات التفرق ترجمہ سو نہ فائدہ بخشا جرم نے اپنے رشتہ داران بنی نہد کو لڑائی کے وقت مگر وہ بھاگ گئے اور متفرق ہوگئے

اظللت کانی للرماح دریۃ	اقاتل عن ابناء جرمٍ وفرت

الدریۃ الحلقۃ التی یتعلم علیہا بالرماح وجملۃ التشبیہ حال واقاتل خبر ظللت وبالعکس والمستکن فی فرت لابناء جرم علی تاویل الجماعۃ ترجمہ گویا میں نیزوں کا نشانہ بنگیا جبکہ بنی جرم بھاگ گئے اور میں انکی طرف سے لڑتا رہا

فلو ان قومی انطقتنی رماحہم	نطقت ولکن الرماح اجرت

الاجرار بالجیم فالمہملتین ان یشق لسان الفصیل ویجعل فی فمہ خشبۃ صغیرۃ لئلا یرضع امہ علی انہ یکون فی لبن الابل نوع ملاحۃ فیوذی شقاق اللسان ترجمہ پس اگر میری قوم کے نیزے مجکو بلواتے تو میں بولتا لیکن انہوں نے مجکو خاموش کردیا یعنی اگر میری قوم نہ بھاگتی تو میں اشعار فخریہ کہتا لیکن اب بولنے کا موقع نرہا

اور یہ اسواسطے کہا کہ ان لوگون کی عادت تھی کہ بعد فتح اشعار فخریہ کہا کرتے تھے -

وقال سیار بن قصیر الطائی

وَلَوْ شَهِدَتْ اُمُّ الْقُدَیْدِ طِعَانَنَا	بِمَرْعَشَ خَیْلَ الْاَرْمَنِیِّ اَرَنَّتِ

ام القدید بالقاف والمهملتین بصغر از وجنه وخصها بالذکر لما کانت للنساء شهدن مواطن الحرب وینتظرن افعال ازواجهم فی الحرب فی مرعش بلد بالشام والظرف متعلق بشهدت وبطعاننا واراد بالخیل الفرسان ونصب علی انه مفعول الطعان والارمنی نسبة الی ارمنیة کورة بالروم واراد به الرجل الارمنی وارنت المرأة والقوس اذا صاحت نصاحت ترجمہ اگر میری بی بی ام قدید مرعش میں موجود ہوتی جبکہ ہم سواران ارمنی سے نیزہ بازی کررہے تھے تو شدت خوف سے چیخ پڑتی -

عَشِیَّةَ اَرْمِیْ جَمْعَهُمْ بِلَبَانِهِ	وَنَفْسِیْ قَدْ وَطَّنْتُهَا فَاطْمَأَنَّتِ

نصب عشیة علی انه ظرف واللبان صدر الفرس والضمیر المجرور للفرس ونفسی مجرور معطوف علی لبانه ترجمہ چیخ پڑتی اس شام کو کہ میں نیزہ مارتا تھا اور دفع کرتا تھا انکے مجمع کو بدد سینہ اپنے گھوڑے اور اپنی جان کے جبکہ مستعد کردیا تھا میں نے اپنی جان کو مصائب جنگ پر اور وہ مستعد ہو گئی تھی -

وَلَاحِقَةِ الْاٰطَالِ اَسْنَدْتُ صَفَّهَا	اِلٰی صَفِّ اُخْرٰی مِنْ عِدًی فَاقْشَعَرَّتِ

الواو بمعنی رب والاطل حصر الفرس یجمع علی اطال ولحوق الاطال کنایة عن وقة الحصر والاسناد جعل الشی سندا الی شئ ومتکئا علیه والعدی اسم جمع الذین تعدون علی اقدامهم یعنی الرجالة ویکنی بالاقشعرار عن الخوف اللازم له والبیت مشتمل علی الاکفار الاختلاف النون والرا المهملة ترجمہ اور بہت سے باریک کمر گھوڑے ہیں کہ میں نے انکی صف کو پیادوں کی صف کے آگے کیا اس لیے وہ ڈرنے لگے - اور شارح تبریزی عدی کو جمع عدو بمعنے دشمنان لیتا ہے اور مطلب شعر یہ لکھتا ہے کہ میں نے اپنے گھوڑے کی صف دشمنوں کے صف سے ملادی سو وہ بسبب کثرت اعدا اور ہماری قلت کے ڈرنے لگے -

وقال بعض بنی بولان من طیّ

نَحْنُ حَبَسْنَا بَنِیْ جَدِیْلَةَ فِیْ	نَارٍ مِنَ الْحَرْبِ جَحْمَةِ الضُّرَمِ

الجحمة بتقدیم الجیم علی المهملة کل نار شدیدة الاشتعال والضرم بالمعجمة فالمهملة محرکة جمع ضرمة وهی البعضة مشتعلة الراس ترجمہ ہمنے قید کیا اور روکا بنی جدیلہ کو لڑائی کی آگ میں جو بہت بھڑکنے والی تھی

نَسْتَوْقِدُ النَّبْلَ بِالْحَضِیْضِ	وَنَقْتَطِدُ نُفُوْسًا بُنَتْ عَلَی الْکَرَمِ

الجملة حال من ضمیر المتکلم فی حبسنا وکنی بایقاد النبل عن الرمی الشدید بحیث یورث اشتعال النصل والحضیض المکان المطمئن والبا للظرفیة وبنت لغة فی بنیت ترجمہ جبکہ ہم تیرون سے زمین پست مین جہاں وہ روکے گئے

تھے آگ نکالتے تھے اور اُن جانوں کا جنگی سرشت میں کرم و سخاوت ہے شکار کرتے تھے تیر و نے آگ نکالنے کے یہ معنی ہیں کہ بسبب کثرت اور قوت تیر اندازی کے تیروں کے بھالوں سے آگ نکلنے لگی۔

وقال رویشد بن کثیر الطائی

یا ایہا الراکب المزجی مطیتہ	سائل بنی اسد ما ہذہ الصوت

الازجار الدفع الشدید والسوق القوی وتانیث الصوت بتاویل الکلمات والمقالۃ ترجمہ اے سوار اپنے ناقہ کو تیز ہانکنے والے بنی اسد سے پوچھ کہ یہ کیا آواز اور کلمات ہیں جو تمہاری طرف سے نقل کیے جاتے ہیں

وقل لہم بادروا بالعذر والتمسوا	قولا یبرئکم انی انا الموت

ترجمہ اور کہہ انکو کہ جلد عذر خواہی کرو اور گذارش کرو ایسا قول جو تمہاری صفائی کردے کیونکہ میں تمہاری موت ہوں درصورت عدم صفائی کے۔

ان تذنبوا ثم تاتینی بقیتکم	فما علی بذنب عندکم فوت

الاصل ثم تاتینی بحذف الیا عطفاً علی تذنبوا لکنہا لم تحذف للضرورۃ وبقیۃ القوم من بقی منہم وخیارہم وما نافیۃ واسمہا محذوف واسمہا بذنب والبار الداخلۃ علیہ زائدۃ وعلی خبرہا ترجمہ اگر تم قصور کرو پھر بعد مدت کے تمہارے باقی لوگ عذر خواہی کو آویں تو اسمیں یا تمہارے قتل میں میرا کیا قصور ہے کیونکہ عذر خواہی کے وقت کو ضائع کرنا تمہاری طرف سے ہے پس چاہیے کہ عذر خواہی میں شتابی کرو

وقال انیف بن زبان النبہانی من طی

ہو انیف مصغراً ابن زبان بالمعجمۃ فالموصدۃ المشددۃ النبہانی احد بنی نبہان بالنون فالموحدۃ فالہاء یخاطب بنی اسد۔

جمعنا لکم من حی عوف ومالک	کتائب یردی المقرفین نکالہا

الکتائب جمع کتیبۃ من کتبہ اذا جمعہ وہی الجیش العظیم والاروا الاہلاک والمقرف بالقاف فالمہملۃ اسم فاعل من کان ابوہ مولی من الموالی وامہ من العرب بخلاف الہجین والنکال العذاب ترجمہ اے بنی اسد ہم نے تمہارے لئے قبیلہ عوف و مالک کے ایسے لشکر جمع کئے ہیں جنکا عذاب و غلو انکو ہلاک کردیگا

لہم عجز بالرمل فالحزن فاللوی	وقد جاوزت حی جدیس رعالہا

الضمیر للکتائب والعجز المؤخر والرمل والحزن واللوی ثلثۃ مواضع علی الترتیب والراد بحی جدیس رہطی جدیس وجدیس اد طسم وجدیس والرعال جمع رعیل وہو اول جماعات الخیل وکل البیت نعت کتائب یصف الکتائب بالکثرۃ ترجمہ ان لشکروں کا آخر مقامات رمل و حزن ولوی میں ہے اور اول لشکر ہر دو قبیلہ

جدیں سے بڑھگیا ہے۔

تتاح للغرات القلوب نبالہا	وتحت نحور الخیل حرشف رجلۃ

النحر الصدر والحرشف بالمہملتین فالمعجمۃ فالفاء کجعفر صغار الطیر والجراد استعیر لجماعۃ الرجلۃ والتشبیہ فی الکثرۃ والرجلۃ بالکسر والفتح جمع راجل وتتاح مجہول من اتاحہ اذا قدرہ وغرۃ القلب جبنۃ وہی علقۃ سوداء فی وسط والنبال جمع نبل وہو اسم جمع للسہم من غیر لفظہ والجملۃ نعت رجلۃ **ترجمہ** - اور گھوڑوں کے سینوں کے نیچے یعنے انکے آگے انبوہ پیادوں کا ہے کہ انکے تیر دشمنوں کے دلوں کے بیچوں بیچ لگنے کے لئے اندازہ کئے گئے ہیں یعنے جانچ کے بنائے گئے ہیں۔

بنو تاتق کانت کثیرا عیالہا	ابی لہم ان یعرفوا الضیم انہم

فاعل ابی انہم ومفعولہ ان یعرفوا والضیم الذلۃ والظلم وارادبعرفانہ خطورہ فی بالہم وتتق المراۃ کثر ولدہا فہی ناطق **ترجمہ** انکو ذلیل ومظلوم ہونیکی شناسائی اس لئے نہیں ہے کہ وہ ایک عورت کثیر العیال کی اولاد ہیں یعنے بڑے جتھے کے لوگ ہیں ان پر کوئی ظلم نہیں کرسکتا مظلوم ہونا تو بڑھ کر ہے انکے تو دل میں بہی مظلومی کا خیال نہیں گزرتا۔

بحیث تلاقی طلحہا وسیالہا	فلما اتینا السفح من بطن حائل

السفح اسفل الجبل وبطن الشئ وسطہ والحائل موضع بجبل سلمی من جبلی طی وبحیث منصوب علی البدلیۃ من السفح والطلح بالمہملات والسیال بالتحتانیۃ نوعان من عظام الشجر والضمیر المجرور للسفح بتاویل البقعۃ **ترجمہ** اور جبکہ ہوپنچے ہم عین نیچے کوہ حائل کے جسجگہ اسکی طلحہ اور سیال کے درخت باہم مل گئے ہیں۔

کاسد الشری اقدامہا ونزالہا	دعو النزار وانتمینا لطیء

الجملۃ جواب لما والضمیر لبنی اسد وہم من نزار واللام بمعنی الی والکاف اسمیۃ منصوب المحل والاسد جمع الاسد والشری بالمعجمۃ فالمہملۃ ماسدۃ معروفۃ واقدامہا ونزالہا مرفوعان علی الابتداء او التجریۃ واضافۃ النزال الی الاسد علی التجوز **ترجمہ** جبکہ ہم ہوپنچے مقام مذکور پر فریادرسی کے لئے انھوں نے بنی نزار کو پکارا اور ہمنے بنی طی کو اور ہمارا یہ حال تھا کہ ہمارا بڑہنا مثل بڑہنے شیران شری کے تھا اور ہمارا قیام مثل انکے قیام کے تھا یا انکا بڑہنا ہمارے بڑہنے کے مانند تھا اور انکا قیام مثل ہمارے قیام کے شری ایک بیشہ ہے جسکے شیر مشہور ہیں۔

لسائلۃ عنا حفی سوالہا	فلما التقینا بین السیف بیننا

الحفی السائل الذی یبحث عن المسئول عنہ جدا غایتہ المجد فی اسناد الحفی الی السوال مبالغۃ **ترجمہ** پس جبکہ ہمارا اور انکا مقابلہ ہوا تو اس عورت کے لئے جو ہمارا حال خوب تحقیق کرنا چاہتی تھی تلوار

نے ہماری بہادری اور جفاکشی کی کیفیت صاف صاف بیان کردی۔

صدر والقنا منہم وعلت نہالہا	ولما تداعوا بالرماح تضلعت

یقال تضلعت الابۃ اذا اشبعت من الرعی بحیث انتفخت اضلاعہ وصدر الرمح سنانہ والعل الشرب مرۃ ثانیۃ ویقابلہ النہل والنہال جمع ناہل معناہ العطشان والضمیر المجرور للقنا والصدر ترجمہ اور جبکہ پاس آئے وہ لوگ نیزے لیکر تو ہمارے نیزوں کے بھالوں نے انکا اتنا خون پیا کہ انکی کوکھیں چڑھ گئیں اور ان کی پیاسوں نے دوبارہ اپنی پیاس بجھائی۔

وسائل کانت قبل سلما حبالہا	ولما عصینا بالسیوف تقطعت

یقال عصی بالسیف کرضی اذا اخذہ کاخذ العصی وکنی بہ عن الضرب المتوالی والضرب بالیدین والسلم الصلح وسلما منصوب علے انہ خبر کان واستعیر الحبال للاسباب والوسائط ترجمہ اور جبکہ ہمنے تلوار کو مثل لاٹھیوں کے پکڑا اور دودستی مارنے لگے تو ان وسائل اور واسطوں کی رسیاں جو بحالت صلح تھیں کٹ گئیں اور یہ اسواسطے کہا کہ اولا بنی اسد انکے ہم عہد تھے بعد ازاں پھر گئے۔

تواد رہم بوعاتہا وطوالہا	فولوا واطراف الرماح علیہم

المربوع المتوسط مرفوع علے انہ بدل من الاطراف لما کان قصر الرماح عارا عندہم اخذ الطوال والاوساط ترجمہ پس بنی اسد ایسی حالت میں بھاگے کہ لنبے اور میانہ قد کے نیزوں کے قابو میں تھے یعنے ہم انکو مارتے جاتے تھے۔

وقال عمرو بن معدیکرب

فاعلم وان رُدّیت بُردا	لیس الجمال بمیزرٍ

الجمال ما یتزین بہ الانسان والمیزر الازار وفاعلم اعتراض وردّاہ البسہ الرداء والفعل مجہول والبرد الثوب المخطط ترجمہ یہ جان لے کہ انسان کی خوبصورتی تہبند سے نہیں ہی اگرچہ تو دھاریدار چادر اڑھایا جائے۔

ومناقب اورثن مجدا	ان الجمال معادنٌ

اراد بالمعادن الانساب وبالمناقب الاحساب ترجمہ آدمی کی خوبصورتی اچھی ذات اور نیک صفات ہیں جو انسان کو بزرگ کردیتی ہیں اگرچہ لباس اسکا کہنہ ہو۔

بِغۃً وعدّاءً علندا	اعددتُ للحدثان سا

الحدثان محرکۃ حوادث الدہر والسابغۃ الدرع الواسعۃ والعدّاء الفرس الشدید العدو والعلند القوی الشدید ترجمہ میں نے مصائب زمانہ کے لئے زرہ چوڑی چکلی اور اسپ تیز رو تیار کئے ہیں۔

البِیضِ والابدانِ قدًّا	ھنداً وذا شطبٍ یقدُّ

النهد الضخم القوی صفة عذار والشطب جمع شطبة وهو طریق السیف ای خطوطه الواقعة فی فتنه وذا شطب عطف علی سابغة والقد القطع فی الطول نقیض القط فانه القطع فی العرض والبیض بالفتح جمع بیضة وهی الخوذة والبدن الدرع القصیر ترجمہ طیار کیا میں نے تن آور گھوڑا اور تلوار دھاریوں دار جو کاٹتی تھی خود اور زرہ خود کو سیدھی اس سے معلوم ہوتا ہے کہ وہ سر پر ضرب لگاتا ہے

وعلمت انی یوم ذاک منازلٌ کعباً ونهدا

عطف علی اعددت وذاک اشارة الی المعهود الذی یعرفه المخاطب وحدوث الحوادث والمنازلة ان یقول احد الفارسین المتقابلین للآخر نزال نزال ای انزل عن فرسک للمصارعة ترجمہ اور میں نے جان لیا کہ اس روز لڑونگا بنی کعب اور بنی نہد سے۔

تنمّروا حلقاً وقدّا	قومٌ اذا لبسوا الحدید

تنمر الرجل اذا اشبه النمر والحلق محرکة جمع حلقة وهی الدرع التی تنسج حلقتین حلقتین والقد الجلد المقدود ای المقطوع فی الطول وعنی به الیلب وهو شبه درع تتخذ من الجلد ویلبس تحت الدرع واذا لبسها الرجل اشبه النمر ونصبهما علی التمیز ترجمہ وہ ایسی قوم ہے کہ جب مسلح ہوتی ہے اور چرمین کرتہ پر لوہے کی زرہ پہنتی ہے تو چیتے کے مشابہ ہو جاتی ہے۔

یوم الهیاج بما استعدّا	کلُّ امرئٍ یجری الی

الهیاج الحرب فی ع نهم وما مصدریة ترجمہ ہر شخص لڑائی کے روز وہی لیجاتا ہے جو طیار کرتا ہے۔

یمحصن بالمعزاء شدّا	لمّا رأیت نساءنا

المحص اسرع فی السیر وردی یمحصن من محص الظبی بالمهملتین اذا عدی شدیدا والمعزاء بالمهملة فالمعجمة الارض الصلبة والشد العدو الشدید ترجمہ جب کہ دیکھا میں نے اپنی قوم کی عورتوں کو کہ کرمی زمین پر سخت دوڑتی ہیں۔

بدر السماء اذا تبدّا	وبدت لمیس کانها

عطف علی رأیت ولمیس باللام کا میر محبوبته ترجمہ اور میری محبوبہ لمیس مثل بدر کے جبکہ وہ خوب ظاہر ہوئے نمایاں ہوئی

تخفی وکان الامر جدّا	وبدت محاسنها التی

ترجمہ اور اسکی خوبیاں جو بسبب حجاب کے پوشیدہ تھیں ظاہر ہوئیں اور معاملہ سخت دشوار ہو گیا۔

ازمن نزال الکبش عبدا	نازلت کبشهم ولم

الجملة جواب لما والکبش سید القوم ترجمہ تو میں ان کے سردار سے لڑا اور میں نے اس کی لڑائی سے بچنے کا چارہ نہ دیکھا۔

هُمْ يَنذِرُونَ دَمِي وَأَنذُرُ اِن لَقِيتُ بِأَنْ أَشُدَّا

ترجمہ وہ لوگ میرے قتل کو مثل منت کے لازم جانتے ہیں اور میرا یہ ارادہ ہے کہ اگر اُن کے سردار سے ملوں تو اُس پر سخت حملہ کروں۔

كَمْ مِنْ أَخٍ لِي صَالِحٍ   بَوَّأْتُهُ بِيَدَيَّ لَحْدَا

ترجمہ بہت سے میرے نیک بھائی تھے کہ میں نے اپنے ہاتھوں انکو لحد میں رکھدیا ہے غرض تعریف اپنی شدت وسخت مزاجی کی ہے۔

مَا إِنْ جَزِعْتُ وَلَا هَلِعْتُ   وَلَا يَرُدُّ بُكَايَ زَنْدَا

کلمة إن زائدة والجزع نقیض الصبر والهلع الجزع الفاحش والزند فی الاصل موصل طرف الذراع فی الکف ویکنی عن الشئ القلیل ترجمہ میں نے اُن پر نہ تھوڑی بے صبری کی اور نہ بہت اور نہیں روکتا میرا گریہ کسی چیز کو یعنے کچھ مفید نہیں ہے اور ایک روایت میں ولا لطمت علیه خدا یعنے انکے غم میں حسب رواج اپنے منہ پر طمانچے نہیں مارے۔

أَلْبَسْتُهُ أَثْوَابَهُ   وَخُلِقْتُ يَوْمَ خُلِقْتُ جَلْدَا

ترجمہ پہنائے میں نے اس برادر صالح کو کپڑے کفن کے اور یوم پیدایش سے میں سخت اور بہادر ہوں

أُغْنِي غَنَاءَ الذَّاهِبِينَ   أُعَدُّ لِلْأَعْدَاءِ عَدَّا

یقال أغنی فلان غناء فلان بالفتح اذا کفی کفایته وناب عنه والمراد بالذاهبین السلف الماضین واعد متکلم مجهول ای یعد فی الناس للاعداء او معروف وهو الاولی ویؤیده قوله تعالی انما نعد لهم عدا ای نعد الساعات لهم ترجمہ میں بہادران سابق ومشہور کا سا کام دیتا ہوں اور میں دشمنوں کیلئے کافی شمار کیا جاتا ہوں یا میں دشمنوں کے لئے گھڑیاں گن رہا ہوں۔

ذَهَبَ الَّذِينَ أُحِبُّهُمْ   وَبَقِيتُ مِثْلَ السَّيْفِ فَرْدَا

وہ لوگ جنکو میں دوست رکھتا ہوں چلے گئے اور مانند تلوار کے میں تنہا رہگیا تلوار کی تنہائی یہ کہ اس کے میان میں دوسری نہیں آسکتی۔

وقال عمرو ایضاً

وَلَقَدْ أَجْمَعُ رِجْلَيَّ بِهَا   حَذَرَ الْمَوْتِ وَإِنِّي لَفَرُورُ

بخدا میں موت کے خوف سے اپنے دونوں پاؤں گھوڑے پر خوب جما لیتا ہوں تا کہ گھوڑا تیزی کرکے
میری ران کے تلے سے نہ نکل جاوے اور جبکہ قرار اور مقابلہ مفید نہیں معلوم ہوتا تو میں بڑا بھاگ
جانیوالا ہوں۔ سچ ہے الفرار فی وقتہ ظفر۔

وَلَقَدْ اَعْطِفُہَا کَارِہَۃً	حِیْنَ لِلنَّفْسِ مِنَ الْمَوْتِ ہَرِیْرُ

الضمیر للفرس وکارہۃ حال منہ والہریر الکراہۃ ترجمہ اور میں گھوڑے کو بزور میدان جنگ سے
پھیرتا ہوں جبکہ طبیعت بسبب نہ ہونے موقع جنگ کے موت کو اچھا نہیں سمجھتی یا میں اپنے گھوڑے
کو بزور میدان جنگ کی طرف پھیرتا ہوں۔

کُلُّ مَا ذٰلِکَ مِنِّیْ خُلُقٌ	وَبِکُلٍّ اَنَا فِی الرَّوْعِ جَدِیْرُ

کلمۃ ما زائدۃ والروع الفزع ویراد بہ الحرب ترجمہ لڑنا اور بھاگ جانا اپنے وقت پر دونوں
میری عادت میں داخل ہیں اور لڑائی میں دونوں امر مجھکو زیبا ہیں۔

وَابْنُ صُبْحٍ سَادِرًا یُوْعِدُنِیْ مَا	لَہٗ فِی النَّاسِ مَا عِشْتُ مُجِیْرُ

اراد بابن صبح الضعیف الجبان بنا علی ما زعمت العرب من ان المولود اذا حملت بہ امہ عند الصبح یکون
ضعیفا جبانا والسدر الرجل اذا کان فی سنۃ وغفلۃ ترجمہ ایک نامرد ضعیف غافل مجکو دھمکاتا ہے اور
حال یہ ہے کہ میری زندگی بھر اسکا کوئی پناہ دینے والا نہیں ہے۔ اور تبریزی کہتا ہے کہ ابن صبح
کی تفسیر میں دو قول ہیں ایک یہ کہ اسکی ماں الصبح کے وقت غارت گروں سے حاملہ ہوئی۔ اور دوسرا
یہ کہ ازروے استہزا اسکو ابن صبح کہا کہ صبح کے وقت کا غارتگر ہے جیسے شجاع لوگ کیا کرتے ہیں۔

وقال قیس بن الخطیم

ومن حدیث ہذہ الابیات ان رجلا قتل اباہ خطیما ورجل آخر قتل جدہ عدیا وکان قیس ہذا صغیرا فلما بلغ
وبلغہ الخبر خرج فی طلب الثار وفاز بمرادہ واعانہ علی اخذ ثارہ خداش بن زہیر لما کانت علیہ منۃ ونعمۃ من
الخطیم ہذا خلاصۃ ما فی الشروح۔

طَعَنْتُ ابْنَ عَبْدِ الْقَیْسِ طَعْنَۃَ ثَائِرٍ	لَہَا نَفَذٌ لَوْلَا الشُّعَاعُ اَضَاءَہَا

الثائر آخذ الثار والنفذ محرکۃ ہی مخالطۃ السہم جوف الرمیۃ وخروج طرفہ من الشق الآخر والشعاع
تفرق الدم وانتشارہ والمستکن فی اضاء للنفذ والمنصوب للطعنۃ ترجمہ میں نے ابن عبد القیس کے
بدلہ لینے والے کی مانند برچھا مارا کہ پار ہوگیا اگر خون نہ نکلتا ہوتا تو اسکا سوراخ اس زخم کو
بخوبی روشن دکھلاتا یعنے وہ صاف آر پار معلوم ہوتا۔

مَلَکْتُ بِہَا کَفِّیْ فَاَنْہَرْتُ فَتْقَہَا	یَرٰی قَائِمٌ مِنْ دُوْنِہَا مَا وَرَاءَہَا

الضمیر لطعنۃ وملکت من ملکہ اذا ضبطہ وکنی بضبط الکف من الاستقلال والثبات فان المستعجل ولاسیما اذا کان خائفا لا یملک کفہ وانہرہ اوسعہ والفتق الشق والدون دوراء یستعملان فی الخلف والقدام والمراد ہہنا بالدون القدام وبالوراء الخلف **ترجمہ** میں نے اسکے زخم تول کرا ور سنبھال کر مارا اور شگاف اس کا میں نے ایسا چوڑا کر دیا کہ شخص قائم اسکے آگے سے اس کے پیچھے کا حال معلوم کر سکے۔

عیون الاواسی اذ حمدت بلاءہا	یہون علیّ ان ترد جراحہا

یقال ہو ہین علی ای سہل یسیر لا ابالی بہ والجراح جمع جراحۃ وفیہ اشعار بان تلک الجراحۃ کانت بمنزلۃ جراحات کثیرۃ والاواسی جمع آسیۃ وہی التی تاسوا الجراحات وتداویہا واکثر ما کانت انثہ من الاماء فانہم کانوا یعلمون اماءہم وعبیدہم ہذا العلم ویانفون عنہ بانفسہم واذ ظرفیۃ او تعلیلیۃ والحمد الشکر وقضاء الحق والبلاء المحنۃ **ترجمہ** مجکو یہ امر دشوار نہیں ہے کہ زخم بسبب گہرائی اور وسعت اور خباثت کے علاج کرنیوالی عورت کی آنکھوں کو اسکے دیکھنے سے لوٹا دے جبکہ حق زخم قابل تعریف ادا کروں یعنی مجکو ایسا گہرا اور چوڑا اور خبیث زخم دشمن پر لگانا کچھ دشوار نہیں ہے جسکو بسبب ہیبت کے جراح نہ دیکھ سکے۔

خداش فادی نعمۃ وافاءہا	وساعدنی فیہا ابن عمرو بن عامر

الافارۃ الرد والاعطاء ومنہ افاء اللہ علی رسولہ **ترجمہ** اور اس زخم کے لگانے میں خداش نے جو ابن عمرو بن عامر ہے میری مدد کی اور اس نے حق احسان میری باپ کا جو اسپر تھا ادا کر دیا اور لوٹا دیا یا ہمکو عطا کر دیا

اسب بہا الا کشفت غطاءہا	وکنت امرءا لا اسمع الدہر سبۃ

کلمۃ کان للحال واسب فعل مجہول وکنی بکشف غطاء السبۃ عن ازالۃ عارہا **ترجمہ** اور میں ایسا شخص ہوں کہ مدۃ العمر اپنی نسبت کوئی برائی اور اعتراض نہیں سنتا مگر اسکے عار اور ننگ کو دور کر دیتا ہوں اور یہ اسواسطے کہا کہ قیس نے کسی شخص کو دھمکایا تھا اسپر اس نے کہا کہ اگر تو بڑا بہادر ہے تو اپنے باپ دادے کے قاتلوں سے کیوں عوض نہیں لیتا۔

باقدام نفس ما ارید بقاءہا	فانی فی الحرب الضروس موکل

الفاء للتعلیل والضروس من الحرب ما کانت شدیدۃ العض کالعضوض **ترجمہ** اور یہ اس لئے ہے کہ بیشک میں سخت لڑائی میں سب سے بڑھا رہتا ہوں اور اپنی زندگی نہیں چاہتا ہوں۔

واتبعت دلوی فی السماح رشاءہا	اذا ما اصطبحت اربعا خط مئزری

الاصطباح شرب الصبوح وہی الخمر التی شرب فی الصباح کالاغتباق شرب الغبوق وہو ضد الصبوح وعنی بالاربع اربع کاسات والرشاء رسن الدلو وکنی باتباع الدلو الرشاء عن التکمیل فان الدلو لا ینتفع بہا الا بالرشاء **ترجمہ** جبکہ صبح کو میں چار گلابی شراب پی لیتا ہوں تو نشہ میں تبختر انہ چلتا ہوں کہ کنارہ ازار زمین پر

لٹکتا چلتا ہے اور جب سخاوت کرتا ہوں تو کامل طور پر جیسے ڈول کے نفع کی تکمیل رسی سے ہوتی ہے

لِنَفْسِی اِلَّا قَدْ قَضَیْتُ قَضَاءَ ھَا	مَتٰی یَاْتِ ھٰذَا الْمَوْتُ لَا تُلْفَ حَاجَۃٌ

اشار الی الموت لحضورہ فی کل وقت ولا تلف مجہول من الفاہ اذا ادرکہ ویحتمل الخطاب وضمیر المفعول محذوف فی قضیت وقضاءھا منصوب علی المصدریۃ ترجمہ جبکہ یہ موت جو پیش نظر ہے آویگی تو نہیں پایا جاویگا یا نہیں پائیگا تو کوئی میرے جی کا مطلب مگر یہ کہ میں نے اسکو بخوبی پورا کرلیا ہوگا یعنے میں کوئی تمنا اپنے ساتھ نہیں لیجاؤں گا سب پوری کرکے مرونگا۔

وَلَایَۃَ اَشْیَاخٍ جُعِلْتُ اِزَاءَ ھَا	ثَأَرْتُ عَدِیًّا وَالْخَطِیْمَ فَلَمْ اُضِعْ

یقال ثارہ وثار بہ اذا اخذ بدمہ وقتل قاتلہ ترجمہ میں نے اپنی دادے عدی اور اپنے باپ حطیم کا دشمنوں سے بدلہ لیلیا اور جن بزرگوں کا میں قائم مقام ہوا ہوں میں نے انکی رعایت اور حق کو ضائع نہیں کیا

حارث بن ہشام

وقال الحارث بن ہشام بن المغیرۃ بن عبداللہ بن عمرو بن مخزوم

ہوا خو عمرو بن ہشام ابی جہل یذکر عذرہ فرارہ یوم بدر وکان یومئذ کافراً ثم اسلم وصار من کبار الصحابۃ رض

حَتّٰی عَلَوْا فَرَسِی بِاَشْقَرَ مُزْبِدِ	اَللّٰہُ یَعْلَمُ مَا تَرَکْتُ قِتَالَھُمْ

علا الشیٔ رکبہ وغلبہ والباء للتعدیۃ الثانیۃ وارادبالاشقر المزبد الدم الطری ترجمہ بخدا میں نے انسے لڑنا نہیں چھوڑا جب تلک کہ انھوں نے خون سرخ جھاگ دار تازہ کو میرے گھوڑے پر سوار کردیا یعنی میرے گھوڑے کو زخمی کردیا۔

فِیْ مَاْزِقٍ وَالْخَیْلُ لَمْ تَتَبَدَّدِ	وَشَمِمْتُ رِیْحَ الْمَوْتِ مِنْ تِلْقَائِھِمْ

عطف علی علوا والتقاء الجانب والمازق مضیق الحرب والتبدد والتفرق ترجمہ اور جب تلک سونگھی میں نے بو موت کی انکی طرف سے سخت لڑائی میں ایسے وقت میں کہ گھوڑے مجتمع تھے نہ پریشان۔

اُقْتَلْ وَلَا یَضْرُرْ عَدُوِّیْ مَشْھَدِیْ	وَعَلِمْتُ اَنِّیْ اِنْ اُقَاتِلْ وَاحِدًا

اقتل مجہول ومشہدی فی محل الرفع علی الفاعلیۃ وہو مصدر بمعنے الشہود ترجمہ اور میں نے یہ جان لیا کہ اگر میں اکیلا لڑا تو مارا جاؤں گا اور میرا موجود ہونا لڑائی میں دشمن کو کچھ نقصان نہیں کریگا۔

طَمَعًا لَھُمْ بِعِقَابِ یَوْمٍ مُرْصَدِ	فَصَدَدْتُ عَنْھُمْ وَالْاَحِبَّۃُ فِیْھِمْ

الصدود الاعراض وروی صدرت والصدور الرجوع والضمائر الثلثۃ للعدو فانہ یفرد ویجمع کما مر وطمعا مفعول لہ او حال ومرصد من ارصدہ لہ اذا اعدہ لہ اسم مفعول ترجمہ پس روگردانی کی میں نے انسے

اسوقت کہ دوست میرے انہیں محصور تھے اس طمع پر کہ دوستونکا بدلہ دشمنوں سے ایک دن لونگا۔

وقال الفرار السلمی

فرار سلمی

ہو شاعر مخضرم صحابی وکان رض صاحب رایۃ بنی سلیم یوم الفتح فاخذہا صلے اللہ علیہ وسلم من یدہ اشکراً لہا للقبہ اسمے الفرار واعطاہا یزید بن الاخنس۔

وکتیبۃ لبّستہا بکتیبۃ	حتی اذا التبست نفضت لہا یدی

الواو بمعنی رب والکتیبۃ الجیش واللبس الخلط ونفض الید کنایۃ عن الفرار والترک ولذا القب بالفرار ترجمہ بہت سے لشکر ہیں کہ میں نے انکی مٹھ بھیڑ کرادی دوسرے لشکر سے جبکہ وہ غٹ پٹ ہوگئے تو میں چلدیا

فترکتہم تقص لرماح ظہورہم	من بین منعفر وآخر مسند

الوقص الکسر والجملۃ حال من الضمیر المنصوب والمنعفر الساقط علے الارض والمسند من اسند ظہرہ الی الشیٔ ترجمہ میں نے انکو ایسے حال میں چھوڑا کہ توڑتے تھے انکی کمروں کو نیزے کوئی زمین پر گرا ہوا تھا اور کوئی بسبب ضعف کے کسی چیز کے سہارے بیٹھا تھا۔

ماکان ینفعنی مقال نسائہم	وقتلت دون رجالہا لا تبعد

قتلت مجہول وبعد الرجل اذا ہلک ومنہ الا بعدا للمدین کما بعدت ثمود وجملۃ النہی مفعول المقال وکان من عادتہم انہم کانوا یقولون للمیت لا تبعد ودون ہہنا بمعنے امام ترجمہ کیا مفید ہوگا مجکو انکی عورتوں کا یہ کہنا کہ تو جیتا رہیو جبکہ میں انکے مردوں کے آگے مارا جاؤں۔

وقال بعض بنی اسد

بعض بنی اسد

ہو معقل بن عامر بن مولۃ الاسدی۔

یدیت علی ابن حسحاس بن وہب	باسفل ذی الجداۃ ید الکریم

یدی الرجل کرضی اذا احسن وانعم وذو الجداۃ بکسر الجیم وفتحہا موضع معروف والید النعمۃ والانعام ترجمہ میں نے ابن حسحاس پر موضع ذی الجداۃ کی جانب زیرین میں احسان کریمانہ کیا۔

قصرت لہ من الحماء لما	شہدت وغاب عن دار الحمیم

الحماء ای السوداء وہی بمعنے الدہماء فلعلہ لقبہا بالمعنی والجملۃ بیان الانعام والقصر ضد المد وعنی بہ نزع العنان الی نفسہ والکف عن السیر والصواب الدہماء کما ہو فے الاغانی ونص علیہ فے القاموس۔ ترجمہ میں نے اسکے لئے باگ روکی گھوڑے دہماء کی جب کہ پاس آیا میں ابن حسحاس کے اور غائب ودور ہوا وہ اپنے دوست رشتہ دار کے گھر سے۔

انبئہ بان الجرح یشوی	وانک فوق عجلزۃ جموم

اشوی الجرح بالمعجمۃ اذا لم یصب بسبب موت المجروح وانک بالفتح عطفا علی السابق والعجلزۃ بالمہملۃ فالجیم فاللام فالمعجمۃ الفرس الشدید الجری والجموم کصبور بالجیم فرس کلماذہب منہ جری جارہ جری آخر ترجمہ میں اسکو خبردار کرتا تھا کہ تیرا زخم باعث تیری موت کا نہیں ہوگا یعنی تو اچھا ہو جاویگا اور یہ کہ بیشک تو اوپر گھوڑے تیز رو کے ہے یعنے کچھ خوف مت کرو۔

ولو انّی اشاء کنت منہ	مکان الفرقدین من النجوم

الفرقد النجم المعروف الذی یہتدی بہ یستعمل مفرداً ومثنیً ترجمہ اور اگر میں چاہتا تو اس سے اسقدر دور ہوتا جس قدر ستاروں میں فرقدین دور ہیں۔

ذکرت تعلّۃ الفتیان یوماً	والحاق الملامۃ بالملیم

التعلۃ مصدر علّلہ اذا اشغلہ شیٔ یقال عللتہ فتعلل ای شغلتہ فاشتغل وتعلۃ الفتیان ای تفاوضہم فی الاحادیث والملیم بفتح المیم الملوم ترجمہ میں نے مشغول ہونے جوانوں کو اور ملانے ملامت کو ملامت کئے گئے سے یاد کیا یعنے میں اسپر اسواسطے مہربان ہوا کہ میں جانتا تھا کہ ایک روز جوان لوگ میرے قصے کو یاد کرینگے اور جو شخص قابل ملامت ہوگا اسکو ملامت کرینگے۔

وقال الشداخ بن یعمر الکنانی

ومن حدیث ہذہ الابیات ان کنانۃ وخزاعۃ کانوا حلفاء فوقعت الحرب بین خزاعۃ واسد فظفرت بہم بنو اسد فاستغاثت خزاعۃ ببنی کنانۃ لحلفہم بہم فذکر الشداخ قرابتہ من بنی اسد لما ان کنانۃ واسد ابناء خزیمۃ بن مدرکۃ وانشد۔

قاتلی القوم یا خزاع ولا	یدخلکم من قتالہم فشل

اللام فی القوم للعہد الخارجی والمعہود بنو اسد والخزاع مرخم خزاعۃ علی الندار والفشل الجبن والضعف ترجمہ ای خزاعہ بنی اسد سے لڑو اور تمہارے دلوں میں انکی لڑائی سے نامردی اور ضعف نہ آنا چاہیے۔

القوم امثالکم لہم شعر	فی الراس لا ینشرون ان قتلوا

النشر المیت اذا بعثہ والفعلان مجہولان ترجمہ یہ لوگ تمہاری مانند ہیں انکے سر پر بال ہیں یعنی فولاد وغیرہ کے سر نہیں ہیں جو کٹ نہ سکیں اگر لڑائی میں مقتول ہوئے تو پھر زندہ نہونگے یعنی اگر وہ قابل قتل نہوتے یا مرجانے کے بعد زندہ ہوجاتے تو تمکو لڑنے میں عذر ہوتا اب کیا عذر ہے انسے لڑو۔

اکلّما حاربت خزاعۃ تجدونی کانّی لامّہم جمل

الاستفہام انکاری ترجمہ کیا جب لڑے گی خزاعہ کسی قوم سے تو کھینچ بلائیگی مجکو گویا کہ میں انکی ماں کا اونٹ ہوں یعنے انکا تابعدار ہوں۔

شداخ بن یعمر الکنانی

وقال الحصین بن حمام المرّی

الحصین مصغرا ابن حمام کغراب من بنی مرّۃ شاعر مخضرم صحابی۔

لِنَفْسِی حَیٰوۃً مِثْلَ اَنْ اَتَقَدَّمَا	تَاَخَّرْتُ اَسْتَبْقِی الْحَیٰوۃَ فَلَمْ اَجِدْ

الاستبقاء طلب البقاء والجملۃ حال من ضمیر المتکلم ترجمہ میں بامید بقاء حیات میدان جنگ سے پیچھے ہٹا مگر اپنے لئے کوئی عمدہ زندگی مثل پیش قدمی کے نپائی۔

وَلٰکِنْ عَلٰی اَقْدَامِنَا تَقْطُرُ الدِّمَا	فَلَسْنَا عَلَی الْاَعْقَابِ تَدْمٰی کُلُوْمُنَا

الفاء للتفریع والاعقاب جمع عقب وہو موخر الرجل والجار والمجرور متعلق بتدمی ویحتمل ان یکون حالا من الکلوم ودمی کرضی اذا صار ذا دم والجملۃ خبر لیس والمستکن فی تقطر للکلوم ترجمہ اسلئے ہمارے زخموں کا خون ہماری ایڑیوں پر نہیں گرتا بلکہ ہمارے قدموں پر گرتا ہے یعنی ہم دشمنوں سے سنمکہ رہتے ہیں اسلئے جو زخم لگتا ہے بدن کے حصہ پیشین پر لگتا ہے مثل بھاگنے والونکے پشت پر زخم نہیں کھاتے۔

عَلَیْنَا وَہُمْ کَانُوْا اَعَقَّ وَاَظْلَمَا	نُفَلِّقُ ہَامًا مِنْ رِجَالٍ اَعِزَّۃٍ

التفلیق من الفلق بمعنے الشق یفہم منہ الکثرۃ والمبالغۃ والہام جمع ہامۃ وہوالراس وعز علیہ کبر علیہ وعقہ ظلمہ واعق واظلم افعل من ویحتمل الاضافۃ ترجمہ ہم اپنے بھائیونکا سر چیرتے ہیں اسلئے کہ ہر ایک انہیں کا ظالم و ناحق شناس تھا۔ اور یہ شعر حضرت سرور کائنات صلعم نے بطور تمثیل بدر میں پڑھا ہے

وقال رجل من بنی عقیل

نُغَادِیْکُمْ بِمُرْ ہَفَۃٍ صِقَالٍ	بِکُرْہِ سَرَاتِنَا یَا اٰلَ عَمْرٍو

الکرہ خلاف الرضا وسراۃ کل شئی اعلاہ ویعنی بہ السادات وغاداہ باکرہ اے اتاہ بکرۃ وارہف السیف حدہ والصقال جمع صقیل ترجمہ اے آل عمرو ہم خلاف مرضی اپنے سردارونکے جو خواہان صلح ہیں علے الصباح تمہارا تیز تلواروں سے مقابلہ کرینگے۔

وَاِنْ کَانَتْ مُثَلَّمَۃَ النِّصَالِ	نُعَدِّیْہِنَّ یَوْمَ الرَّوْعِ عَنْکُمْ

عداہ عنہ اذا صرفہ عنہ وثلم السیف مشددا اذا کسر حدہ واٰن وصلیۃ والجملۃ حال ترجمہ ہم اپنی تلواریں تمسے بروز جنگ ایسے حال میں لوٹائینگے کہ انکے پھل یعنی دھاریں بسبب شدت قتال کے کند ہوگئی ہوں گی۔

وَاِنْ کَانَتْ تُحَادِثُ بِالصِّقَالِ	لَہَا لَوْنٌ مِنَ الْہَامَاتِ کَابٍ

الضمیر للسیوف والہامات بتقدیر المضاف ای من دماء الہامات والکلابی بالموحدة الاحمر المائل الی السواد والمحادثة جلاء السیف والفعل مجہول ترجمہ ان تلواروں کا رنگ سروں کے خون سے سرخ مائل بسیاہی ہے اگرچہ وہ صیقل دار ہیں۔

وَنَبْكِي حِينَ نَقْتُلُكُمْ عَلَيْكُمْ	وَنَقْتُلُكُمْ كَأَنَّا لَا نُبَالِي

ترجمہ اور جبکہ ہم تمکو قتل کر چکتے ہیں تو بسبب قرابت باہمی کے تمپر روتے ہیں اور تمکو مارتے ہیں گویا کہ تم سے بے پرواہ ہیں بسبب عداوت کے۔

وقال القتال الکلابی

ہو شاعر اسلامی اموی ومن حدیث ہذہ الابیات انہ کان یتحدث الی ابنة عم لہ فلما رآہ اخوہا زیاد تہاہ وحلف لئن رآہ ثانیا لیقتلنہ ثم رآہ عندہا فاخذ السیف واراد قتلہ فہرب وہو علی اثرہ فلما قرب منہ ناشدہ القتال باللہ والرحم فلم یلتفت وبینما ہو کذلک اذ وجد القتال رمحا مرکوزا فطعنہ بہ وقتلہ وانشد

نَشَدْتُ زِيَادًا وَالْمَقَامَةُ بَيْنَنَا	وَذَكَّرْتُهُ أَرْحَامَ سِعْرٍ وَهَيْثَمِ

یقال نشدہ فلان اذا قال لہ اسئلک باللہ والمقامة المحلة ومجلس القوم والارحام کنایة عن القرابات وسعر وہیثم رجلان من اقاربہا الکرام ترجمہ میں نے اپنے چچازاد بھائی زیاد کو در باب درگزر کرنے کے خدا اور قرابت کا واسطہ دیا اور حال یہ ہے کہ میرا اسکا قوم ایک تھا اور زیاد کو یاد دلائی میں نے اس کو قرابت سعر اور ہیثم جیسے ناموروں کی۔

فَلَمَّا رَأَيْتُ أَنَّهُ غَيْرُ مُنْتَهٍ	أَمَلْتُ لَهُ كَفِّي بِلَدْنٍ مُقَوَّمِ

اللام بمعنی الی واللدن اللین المضطرب ترجمہ اور جبکہ دیکھا میں نے اسکو کہ میرے قتل سے رکتا نہیں ہے تو نیزہ لچکدار اور سیدھے کے ساتھ اپنے ہاتھ کو اسکی طرف جھکا دیا۔

وَلَمَّا رَأَيْتُ أَنَّنِي قَدْ قَتَلْتُهُ	نَدِمْتُ عَلَيْهِ أَيَّ سَاعَةِ مَنْدَمِ

المندم الندامة ترجمہ اور جبکہ دیکھا کہ میں نے اسکو مار ڈالا ہے تو پشیمان ہوا میں اسکے قتل پر وہ گھڑی بڑی پشیمانی کی تھی۔

وقال قیس بن زہیر بن جذیمة العبسی

ہو شاعر جاہلی مذکور وشجاع فارس مشہور

شَفَيْتُ النَّفْسَ مِنْ حَمَلِ بْنِ بَدْرٍ	وَسَيْفِي مِنْ حُذَيْفَةَ قَدْ شَفَانِي

ترجمہ میں نے اپنے نفس کو حمل بن بدر کے قتل سے شفا دی اور میری تلوار نے مجکو حذیفہ سے شفا دی یعنی یہ دونوں اشخاص بمنزلہ مرض کے تھے جبکہ میں نے انکو قتل کر ڈالا تو گویا اس مرض سے شفا ہو گئی۔

فلم اقطع بهم الا بنانی	فان اک قد بردت بہم غلیلی

یقال بردہ اذا جعلہ ساکنا من تورانہ وہیجانہ والغلیل حرارۃ الجوف والعطش ترجمہ پس اگر میں نے اپنی آتش غضب کو انکے قتل سے بجھایا ہے تو میں نے قطع نہیں کی بسبب انکے مگر اپنی انگلیاں یعنی یہ لوگ میرے رشتہ دار تھے تو انکے قتل سے میں نے اپنی طاقت کم کی الحاصل ان کے قتل کا افسوس کرتا ہے

وقال الحارث بن وعلۃ الزہلی

الرجع بمعنے المرجوع وابلغ بہ فعل التعجب ترجمہ اور اُس نے اپنا جواب بزبان خاموشی ہمکو سُنایا پس یہ شخص عجیب بلیغ گویا ہے جو نہیں بولتا ہو۔ یعنے وہ گویا بزبان حال کے اور خاموش ہو بزبان قال کے۔

وقالت امرأۃ من بنی شیبان

وقالوا ماجد منکم قتلنا	کذاک الرمح یکلف بالکریم

ترجمہ انہوں نے کہا کہ ہمنے تم میں سے ایک عمدہ آدمی مار ڈالا میں نے اُن سے کہا کہ نیزہ اسیطرح اچھے شخص کا عاشق ہوتا ہے۔

بعین اباغ قاسمنا المنایا	فکان قسیمہا خیر المقسیم

الظرف متعلق بقاسمنا۔ واضیف العین الے اباغ بن سلیح ثم رکب ترکیبا امتزاجیا کمعدیکرب وہو موضع بالشام ولہ یوم معروف فی الجاہلیۃ۔ والمنایا یحتمل الرفع والنصب والقسم مایخرج ونخصیل بالقسمۃ ترجمہ بمقام عین اباغ ہم میں اور موت میں تقسیم جاری ہوئی تو موت کا حصہ دونوں حصوں میں اچھا تھا یعنی جو لوگ مرگئے وہ زندوں سے اچھے تھے۔

وقال عتیّ بن مالک العقیلی

ہو عتیّ بالمہملۃ والفوقانیۃ مصغرا یرثی رفیقہ عدّار

اعدّ اء من للیعملات علی الوجا	واضیاف لیل بیّتوا النہ ول

الیعملۃ الناقۃ النجیبۃ السریعۃ السیر۔ والوجا رقۃ الخف من کثرۃ السفر۔ وبیّتہ اتاہ لیلا ترجمہ اے عدّاء اب تیرے بعد اُن اونٹنیوں پر جن کے سم کثرت سفر سے گھسگئے ہیں کون رحم کریگا یعنے کون اُن کے بدلے مسافروں کو اچھی تندرست اونٹنیاں دیکر اُن کی جان بچاویگا۔ اور مہمانان شب آیندہ کی جورات کو

اُترنے کے لیئے آتے ہیں کون خبر گیری کرے گا۔

وَلا لِخَلِیلٍ بَهجَةُ لِخَلِیلِ	اَعَدّاءُ مَا لِلعَیشِ بَعدَکَ لَذَّةٌ

بہج بہ فرح بہ ترجمہ اے عدا تیرے بعد زندگی کا مزہ نہیں رہا اور نہ ایک دوست کو دوسرے دوست کی ملنے کی خوشی ہی

وَلَا الصَّبرُ اِن اُعطِیتَهُ بِجَمِیلِ	اَعَدّاءُ مَا وَجدِی عَلَیکَ بِھَیِّنٍ

ترجمہ اے عدا تجھپر میرا غم آسان نہیں ہے۔ اور نہ صبر اگر وہ مجکو دیا جاوے اچھا ہے یعنے تیرے غم میں بے صبری ہی اچھی ہے۔

وقال ایضاً والوزن واحد

وَلَم نُزجِ انضاءً لَھُنَّ ذَمِیلُ	کَاَنِّی وَالعَدّاءُ لَم نَسرِ لَیلَةً

الازجاء الدفع العنیف۔ والنضو البعیر المہزول یجمع علی انضاء۔ والذمیل السیر اللیّن ترجمہ میں اور عدا ایسے جدا ہو گئے کہ گو یا کسی رات ہمنے ساتھ سفر نہیں کیا تھا اور نہ دُبلے شتر جو بسبب تھک جانے کے آہستہ آہستہ چلتے ہیں ہمنے کبھی نہیں ہنکائے تھے۔

وَلَم نَرمِ جَوزَ اللَّیلِ حَیثُ یَمِیلُ	وَلَم نُلقِ رَحلَینَا بِبَیدَاءَ بَلقَعٍ

متکلم من الالقاء۔ والبلقع الارض الخالیة من الماء والکلاء وجوز اللیل وسطہ والمتکلن فی یمیل لہ ترجمہ اور گویا ہمنے اپنے دونوں پالان کبھی چٹیل میدان میں نہیں اُتارے تھے اور کبھی ہمنے اپنے آپ کو آدھی رات میں جبکہ اُسکا رُخ صبح کی طرف تھا نہیں پھینکا تھا۔

وقال ابو الجنار

ہو بتقدیم المہملة علی الجیم کنیة نصیب مصغر اً مولے المہدیؓ فلما سمع شعرہ اعتقه وزوّجه ومن حدیث ہذہ الابیات انه دخل علی تمامة ابن الولید العبسیّ بعد وفاة اخیه شیبة بن الولید وہو یقسّم خیل شیبة علی الناس فامر له بفرس فابیٰ ان یقبل وبکے ولنشد۔

فِی الاَقرَبِینَ بِلَا مَنٍّ وَلَا ثَمَنِ	اَضحَت جِیَادُ ابنِ قَعقَاعٍ مُقَسَّمَةً

ترجمہ عمدہ گھوڑے شیبۃ بن الولید بن قعقاع کے اُسکے رشتہ داروں میں بے احسان وبلا قیمت بانٹے گئے۔

وَمَا وَرِثتُکَ غَیرَ الھَمِّ وَالحَزَنِ	وَرَّثتَهُم فَتَسَلَّوا عَنکَ اِذ وَرِثُوا

ترجمہ ای ابن قعقاع تو نے اُنکو اپنے عمدہ گھوڑوں کا وارث کر دیا تو وہ جب تیرے وارث ہوئے تجکو بھول گئے اور مجکو تیری میراث میں سے سوائے رنج وغم کے کچھ نہیں پہونچا۔

وقال آخر

عَدَاةَ الوَغَا اَکَلَّ الرُّدَینِیَّةِ الصُّمِّ	لَنِعمَ الفَتَے اَضحَی بِاَکنَافِ حَائِلٍ

المخصوص بالمدح محذوف وحائل موضع۔ والآكل بالضم بالوكل۔ والنصب علےٰ انہ خبراضحی ترجمہ بخدا وہ خوف
جوان تھا جو اطراف مقام حائل میں روز جنگ کی صبح کو نیزہ گندم گون کی خوراک ہوا یعنے مقتول ہوا۔

لَعَمرِی لقد اُردِیتَ غیرَ مُزَلَّجٍ ۔۔۔ ولا مُغلِقٍ بابَ السماحۃِ بالعُذرِ

اُردِیتَ مجہول من اَرداہٗ اذا اہلکہ۔ والمزلج بالمعجمۃ فاللام فالجیم کمعظم الرجل الناقص فمن یلحق لقوم ترجمہ اپنی
زندگی کی قسم تو ایسے حال میں مقتول ہوا کہ تو ناقص اور عیب دار نہ تھا اور نہ سخاوت کے دروازہ کو کسی
بہانہ اور عذر سے بند کرنیوالا تھا۔ یعنے تو حالت کمال اور سخاوت میں مرا۔

سأبکیک لا مُستبقِیاً فیضَ عبرۃٍ ۔۔۔ ولا طالباً بالصَّبرِ عاقبۃَ الصَّبرِ

الفیض السیلان۔ وعاقبۃ الصبر السلو والسکوت ترجمہ اب میں تجکو اسطرح رُوونگا کہ اشک ریزی میں
کچھہ کسر نہ رکھونگا اور تمام آنسو تجھپر فنا کردونگا اور صبر سے طالب تسلی و فراموشی نہ ہونگا یعنے صبر ہی نکرونگا
کہ جس سے تسلی ہو۔

وقال خلف بن خلیفۃ

اُعاتبُ نفسی ان تبسّمتُ خالیاً ۔۔۔ وقد یَضحَکُ الموتورُ وھوَ حزینُ

ان بتقدیر اللام وخالیاً منفرداً حال من ضمیر اعاتب۔ والموتور من اصابہ نقصان فی اہلہ ومالہ ترجمہ جب
میں کسی مجمع میں ہنس پڑتا ہوں تو تنہائی میں اپنے اوپر عتاب کرتا ہوں پھر بطریق عذر کہتا ہے کہ مصیبت زدہ
حالت غمناکی میں بھی کبھی ہنس پڑتا ہے یعنے ظاہر کی ہنسی باطن کے غم کی منافی نہیں ہے۔

وبالدَّیرِ اشجانی وکم من شجٍ لہ ۔۔۔ دوینَ المصلّی بالبقیعِ شجُونُ

الدیر والمصلّی والبقیع مواضع۔ والشجن الحزن یجمع علےٰ شجون واشجان۔ والشجی الحزین۔ والضمیر المجرور لہ والدوین
تصغیر دون ترجمہ اور مقام دیر میں جہاں میرا ممدوح مدفون ہے میرے غم موجود ہیں اور بہت سے
غمزدوں کے غم مقام مصلّی سے کچھہ ورے مقام بقیع میں ہیں۔

رُبیً حولہا امثالُہا ان اَتیتَہا ۔۔۔ قَرَینَکَ اشجاناً وھنَّ سُکونُ

الربی جمع ربوۃ وہی الرملۃ المرتفعۃ مرفوع علی انہ بدل من شجون اور خبر محذوف ای ہی۔ وعنی بہا القبور المرتفعۃ
وقرین من قراہ اذا اضافہ واطعمہ۔ والسکون جمع ساکن کشہود وقعود ترجمہ وہ بلند قبرین ہیں کہ اُنکے
گرد ویسی ہی قبریں ہیں اگر تو اُن کے پاس آوے تو تیری غموں سے ضیافت کریں اور وہ
خود حرکت نہ کریں جیسا مہمان دار کیا کرتا ہے۔

کفی الہجرَ انّا لم یَضِحْ لکَ اَمرُنا ۔۔۔ ولم یأتنا عمّا لدیکَ یقینُ

خلف بن خلیفہ

الہجر مفعول کفی وانا فاعلہ ترجمہ جدائی کو یہ امر کافی ہے کہ تجکو ہمارے غم و رنج کا حال واضح نہیں ہوا اور ہمارے پاس تیری بچی بات اور کوئی خبر بھلائی برائی کی نہیں آئی۔

وقال عبداللہ بن ثعلبۃ الحنفی

لِکُلِّ اُناسٍ مقبرٌ بفنائہم
فہم ینقصون والقبورُ تزیدُ

ترجمہ تمام آدمیوں کی قبر کی جگہ اُن کے گھروں کے صحنوں میں ہے سو لوگ گھٹتے جاتے ہیں اور قبریں بڑھتی جاتی ہیں۔

وما ان یزال رسمُ دارٍ قد اخلقت
وبیتٌ لمیتٍ بالفناء جدیدُ

کلمہ ان زائدۃ لتاکید النفی قد اخلقت بمعنی اخلولقت۔ یقال اخلولق الرسم اذا استوی بالارض وبقی اثر منہ والماضی بمعنے المضارع ترجمہ اور گھر کے نشان ہمیشہ محو ہوتے جاتے ہیں اور مردہ کا گھر صحن خانہ میں بنا بنتا ہی یعنی اُسکی قبر۔

ہُمُ جیرۃ الاحیاء اما جوارہم
فدانٍ واما الملتقی فبعید

ترجمہ وہ مردے زندوں کے ہمسائے ہیں ہمسائیگی اُنکی تو قریب ہے اور اُنکی ملاقات بعید ہے

وقال آخر

لایُبعِدِ اللہُ اِخوانًا لنا ذہبوا
افناہم حدثانُ الدہر والابدُ

الفعل نہی غائب من ابعدہ اذا اہلکہ وکانوا یقولون بہذہ الکلمۃ اذا مات عزیزہم اشعارًا بانہم یکرہون موتہ حیث لایقولون انہ ہلک ومات۔ والحدثان حوادث الدہر ولابد الدہر اتی للتاکید والمصرع الثانی بیان لذہابہم ترجمہ ہمارے بھائیوں کو جو چلے گئے یعنے اُنکو حوادث زمانہ نے فنا کردیا خداوندتعالے ہلاک نکرے یعنے عذاب ندے یا اُنکا نام نیک زمانہ میں ہمیشہ رہے۔

نُمِدُّہُم کُلَّ یومٍ من بقیّتنا
ولا یؤوب الینا منہم احدُ

نمد من الامداد وبقیۃ القوم خیارہم۔ والاوب الرجوع ترجمہ ہم اپنے عمدہ لوگوں سے اُنکی مدد کرتے ہیں یعنے ہمارے عمدہ لوگ مر کر اُنمیں شامل ہوتے جاتے ہیں اور ہماری طرف اُنمیں سے کوئی لوٹ کر نہیں آتا

وقال العطمش الضبی

الی اللہِ اشکو لا الی الناس انّنی
اری الارض تبقی والاخلاءُ تذہبُ

ترجمہ میرا اللہ سے نہ لوگوں سے یہ شکوہ ہے کہ میں زمین کو باقی دیکھتا ہوں اور دوست لگاتار چلے جاتے ہیں

اخلاءِ لو غیر الحمامِ اصابکم
عتبتُ ولکن ما علے الموت معتبُ

اخلاء بکسر الہمزۃ علی حذف یاء المتکلم۔ والحمام الموت ترجمہ اے میرے دوستو اگر کوئی آفت سواے موت کے

تمکو ستاتی تو میں اسپر عتاب کرتا مگر کیا کیجیے کہ موت پر کچھ عتاب نہیں کرسکتا۔

وقال ارطاۃ بن سہیۃ المرّی

ومن حدیث ہذہ الابیات انہ مات ابنہ عمرو فحزن علیہ شدیداً واقام علی قبرہ لایفارقہ۔ فلما اراد رہطہ النجعۃ اے الخروج لطلب الماء والکلاء وحان الرواح ونادیٰ ابنہ المیت رُح معنا یا ابن سلمیٰ فقالوا لہ کیف یروح معک من مات منذ حول فقال انظروا اللیلۃ الی الغد فاقاموا فلما اصبح ناداہ اغد معنا یا ابن سلمیٰ فلم یزل الناس یذکرہ ویذہ اللہ حتے سل سیفہ وعقر راحلتہ۔ وقال لا اتبعکم فامضوا او اقیموا فرقوا لہ واقاموا عندہ فقال

ھل انت ابن لیلیٰ ان نظرتُک رائحٌ	مع الرّاکب اوغادٍ غداۃ غدٍ معی

الصواب ابن سلمیٰ ونظرہ انتظر۔ ترجمہ اے ابن سلمیٰ اگر میں تیرا انتظار کروں تو کیا تو تر سواروں کے ساتھ شام کو یا کل کی صبح کو میرے ہمراہ چلے گا۔

وقفتُ علی قبر ابن لیلیٰ فلم یکن	وقوفی علیہ غیر مبکیً ومجزعٖ

ترجمہ میں ابن لیلیٰ کی قبر پر ٹھیرا تو میرا وہاں ٹھیرنا سوائے رونے اور گھبرانے کے کسی اور امر کو مفید نہ ہوا

عن الدھر فاصفح انہ غیر معتب	وفی غیرمن قد وارت الارض فاطمع

صفح عنہ اعرض عنہ۔ واعتبہ ارضاہ وسلب عتابہ وداری اخفت ترجمہ اگر تو کسی سے روگردانی کرے تو زمانہ سے روگردانی کر کیونکہ وہ کسیکو راضی نہیں کرتا ہی اور طمع کرے تو اسمیں جسکو زمین نے نہ چھپایا ہو کیونکہ مدفون پر طمع کرنی بیفائدہ ہی

وقال آخر فی اخ لہ مات بعد اخ

کاَنّی وصیفیا خلیلے لم نقل	لِسو قدِ نارٍ آخر اللیلِ اُوقِد

صیفیا اسم اخیہ ترجمہ میرا دوست صیفیا مر گیا تو اب بسبب طول فراق ہم ایسی ہو گئی کہ گویا ہم نے اُس شخص سے جو آخر شب میں آگ جلاتا تھا یہ نہیں کہا کہ آگ جلا اور ہم مہمانوں اور مساکین کے لیئے ہمیشہ یہ کہا کرتے تھے۔

فلو انھا احدیٰ یدیَّ رزیتہا	ولکن یدی بانت علی اثرھا یدی

الضمیر المنصوب للقصۃ۔ ورزیتہا مجہولاً اصبت بہا وجواب لو محذوف ای لصبرت۔ ترجمہ بات یہ ہے کہ اگر میں ایک ہاتھ کی مصیبت پہونچایا جاتا تو صبر کرتا۔ مگر کیا کیجیے کہ ایک ہاتھ کے بعد دوسرا ہاتھ جدا ہو گیا اب صبر کی گنجائش نہیں

فاقسمتُ لا اسیٰ علیٰ اثر ھالکٍ	قدی الآن من وجدٍ علیٰ ھالکٍ قدی

اُسیٰ علیہ کرضی تاسف وقد اسم فعل مرادفہ لکفی یقال قدنی درہم ووجد علیہ حزن۔ ترجمہ سو میں قسم کھا بیٹھا

کہ کسی مرنیوالے کے پیچھے غم نہ کرونگا کیونکہ یہ غم اب مجکو تمام غموں سے جو مرد پر کیا جاوے کافی ہوگیا ہے۔

وقال آخر فی ابن لہ

ھوی ابنی من علا شرفٍ	یھول عقابہ صعدہ

ھوی سقط وعلی اسمیۃ بمعنی فوق والشرف المکان المرتفع - وہالہ افزعہ - والعقاب طائر معروف والصعد محرکۃ الصعود فاعل یہول - والجملۃ نعت شرفٍ ترجمہ میرا بیٹا ایسے بلند مکان سے گر پڑا کہ اُسکی چڑھائی اُسکے عقاب کو خوف میں ڈالتی ہے یعنی اتنی بلندی پر جاتے عقاب کو بھی ڈر لگتا ہے

ھوی من راسِ مرقبۃٍ	فزلّت رجلہٗ ویدہٗ

المرقبۃ موضع الارتقاب ولایکون الامرتفعا ینظر منہ الی الاعداء ترجمہ وہ اُس اونچی جگہ کی چوٹی سے گر گیا جہاں دیدبان دشمنوں کے دیکھنے کے لیئے بیٹھتا ہے تو اُسکا پاؤں اور ہاتھ اپنی جگہ سے اُتر گیا۔

فلا اُمٌّ فتبکیہٗ	ولا اختٌ فتفتقدہٗ

الافتقاد طلب المفقود ترجمہ سو اُسکی ماں نہیں جو اُسکو رووے اور نہ بہن جو اُسکو ڈھونڈے۔

ھوے عن صخرۃٍ صلدٍ	ففرّت تحتہا کبدہٗ

الصخرۃ الحجر الصلب والصلد الاملس وفرث کبدہ بالفاء المہملۃ والمثلثۃ ضرب کبدہ ترجمہ وہ سخت وصاف پتھر سے گر گیا سو اُسکے تلے اُسکا جگر کچلا گیا۔

اُلام علی تبکیہٖ	والمسہٗ فلا اجدہٗ

ترجمہ میں اُسکے رونے پر ملامت کیا جاتا ہوں اور میں اُسکو ڈھونڈھتا ہوں سو اُسکو پاتا نہیں۔

وکیف یُلام محزون	کبیرٌ فاتہ ولدہٗ

ترجمہ اور کیونکر ملامت کیا جاوے غمگین بوڑھا کہ اُسکا بیٹا اُس سے جاتا رہا ہو۔

وقال آخر

اذا ما دعوت الصبر بعدک والبکا	اجاب البکا طوعا ولم یجب الصبر

ترجمہ جب میں تیرے مرنے کے بعد صبر اور گریہ کو بلاتا ہوں تو گریہ بخوشی بول اُٹھتا ہے اور صبر کچھ جواب نہیں دیتا۔

فان ینقطع منک الرجاءُ فانہٗ	سیبقی علیک الحزن مابقی الدہر

ترجمہ اگر امید تجھ سے منقطع ہوگئی تو بات یہ ہے کہ تجھپر غم باقی رہیگا جب تلک زمانہ باقی ہے

وقال النابغۃ یرثی اخاہ من امہ

لایھنئ الناس مایرعون من کلاء ۔۔۔ وما یسوقون من اھل ومن مال

الفعل نہی غائب من ہناہ الطعام اذا ساغ واستمرء وفاعلہ الموصول ومفعولہ الناس وضمیر المفعول محذوف من یرعون
ترجمہ لوگوں کو گوارا نہووے وہ گھاس چراتے ہیں اور جو وہ ساتھ لیے پھرتے ہیں اپنے کنبے اور شتروں کو۔

بعد ابن عاتکۃ الثاوی علی امر ۔۔۔ اَمسیٰ ببلدۃ لا عمٍ ولا خال

علی بمعنی فی وامر محرکۃ مخفف ذی امر موضع کقار مخفف ذی قار ترجمہ وہ چیزیں لوگوں کو گوارا نہوں بعد ابن عاتکہ کے
جو بمقام ذی امر مقیم یعنے مدفون ہے اُسنے ایسے مقام پر شام کی ہے جہاں نہ کوئی چچا ہے نہ ماموں یعنے سفر ہیں۔

سہل الخلیقۃ مشاء باقدحۃ ۔۔۔ الی ذوات الذری حمال اثقال

سہل الخلیقۃ لین العادۃ والاقدح جمع قدح وہو سہم المیسر والبار للتعدیۃ والذری جمع ذروۃ وہو السنام والمراد
بالاثقال الدیات والغرامات ترجمہ وہ نرم خو اپنے قمار کے تیروں کو لیکر کوہان دار شتروں کی طرف زیادہ جانیوالا
یعنے عمدہ شتروں سے قمار بازی کرنے والا اور دیتوں اور تاوانوں کا بڑا بوجھ اُٹھانے والا تھا۔

حسب الخلیلین نای الارض بینہما ۔۔۔ ھذا علیہا وھذا تحتہا بال

ترجمہ اور دو دوستوں کی جدائی کے لیے اُن میں زمین کی دوری کا حائل ہونا کافی ہے۔ یہ ایک زمین
پر ہے دوسرا زمین کے تلے بوسیدہ اور خاک ہوگیا ہو۔

وقال مویلک المزموم یرثی امرأتہ ام العلاء

اُمرر علی الجدث الذی حلت بہ ۔۔۔ اُمّ العلاء فنادھا لو تسمعُ

ترجمہ اُس قبر پر جس میں میری زوجہ ام العلاء فروکش ہوئی ہے تو گزر اور تو اُسکو پکار کر کہدے کاش وہ سُنے

انّی حللتِ وکنتِ جدّ فروقۃٍ ۔۔۔ بلداً یمرّ بہ الشجاعُ فیفزع

مفعول ناد۔ والجد بالکسر الاجتہاد فی الامر منصوب علی المصدریۃ او بمعنی الغایۃ والفروقۃ من فرق اذا خاف
وفزع والتاء للاسمیۃ یستعمل فی المذکر والمؤنث ترجمہ پکار کر کہدے کہ تو تو بڑی ڈرپوک تھی اب ایسے شہر
میں کہ جہاں بہادر آدمی جاوے تو ڈر جاوے تو نے کیونکر ڈیرے ڈال دیئے۔

صلّی علیکِ اللّٰہُ من مفقودۃٍ ۔۔۔ اذ لا یُلائمکِ المکانُ البلقعُ

البلقع الخالی من المار والکلاء ومن للتمیز بیان لکاف الخطاب ترجمہ اے پیارے گم شدہ تجھپر خدا رحم کرے کیونکہ
مکان خالی تیرے لیئے مناسب نہیں ہے تو تیری وحشت کھونے کو رحمت خدا درکار ہے۔

فلقد ترکتِ صغیرۃً مرحومۃً ۔۔۔ لم تدرِ ما جزعٌ علیکِ فتجزعُ

رفع تجزع علی انہ خبر مبتدأ محذوف ای فہی ترجمہ پس بجد اتو نے چھوٹی لڑکی قابل رحم چھوڑی کہ وہ

تیرے لئے گھبراتا نہیں جاتی یعنی بسبب بیہوشی کے اب بیخبری کے عالم میں گھبراتی ہے

فقدت شمائل من لزامك حلوة ۔۔۔ فتبيت تسهر اهلها و تفجع

اللزام الملازمۃ مضاف الی الفاعل والحلوۃ الطیبۃ نعت شمائل ترجمہ اُس صغیرہ نے تیری چھاتی سے لگانے کی مزیدار عادت کو گم کیا اب وہ تمام رات اپنے گھر والوں کو جگاتی ہے اور ان کو دردمند کرتی ہے۔

واذا سمعت انينها في ليلها ۔۔۔ طفقت عليك شئون عيني تدمع

الانین - صوت البکاء - والشان مجری الدمع من العین - ترجمہ اور میں جب اُسکے رونے کی آواز رات میں سنتا ہوں تو میری آنکھ کے آنسو تیرے غم میں بہنے لگتے ہیں۔

وقال حفص بن الاحنف الكناني

یرثی ربیعۃ بن مکدم الکنانی الفراسی وکان اشجع القوم قتل یوم الکدید - طعنہ نبیشۃ السلمی فلما وجد ریح الموت اتکئ علی رمحہ حتی مات علی فرسہ وبنو سلیم یرونہ حیًا فرموا فرسہ فمالت بہ فسقط عنہا میتًا فجاء قومہ بنو فراس ودفنوہ تحت حجارات سود ووضعوا مسہا حجارۃ بیضاء فکان لا یمر احد الاینحر ناقۃ علامۃ ابعادتہم علی قبور الکرماء - فمر ہذا الشاعر فقال لا اعقر ناقتی ولکن ارثیہ - فقال -

لا يبعدن ربيعة بن مكدم ۔۔۔ وسقى الغوادي قبره بذنوب

لعد کسمع ہلک - والغوادی جمع غادیۃ وہی سحابۃ یاتی غدوۃ - والذنوب الدلو العظیمۃ والحیلۃ الدعایۃ ترجمہ خدا ربیعہ بن مکدم کو ہلاک نہ کرے یعنی اُسکا نام نیکو دنیا میں ہمیشہ رہے - اور صبحکو برسنے والا مینہ اُسکی قبر کو بڑے ڈول سے سیراب کرے - یعنی خوب وکافی سیراب کرے -

نفرت قلوصي من حجارة حرة ۔۔۔ بنيت على طلق اليدين وهوب

الحرۃ الارض التی یکون فیہا حجارات سود - وبنیت نعت حجارۃ وطلق الیدین الکریم السخی - ترجمہ میری ناقہ جھجکی سیاہ سنگ والی زمین کے پتھروں سے جو کہ ایک سخی ہر دو دست کشادہ کی قبر پر رکھے گئے تھے -

لا تنفري يا ناق منه فانه ۔۔۔ شريب خمر مسعر لحروب

ترجمہ میں نے ناقہ سے کہا کہ ای ناقہ تو اس سے مت جھجک کیونکہ وہ بڑا مینوش اور لڑائی کی آگ بھڑکانیوالا تھا -

لولا السفار وبعد خرق مهمه ۔۔۔ لتركتها تحبو على العرقوب

السفار المسافرۃ - والخرق الارض الواسعۃ التی تتخرق فیہا الریاح والمکان الخالی والمہمۃ المفازۃ البعیدۃ والبلد القفر وحبا اذا مشی علی یدیہ وبطنہ والصبی اذا مشی علی استہ - والعرقوب من الدابۃ فی رجلہا کالمرکبۃ فی یدہا - ترجمہ - اگر مسافرت اور فاصلہ زمین بے آب وگیاہ پیش نہ ہوتا تو اس قبر پر اپنی ناقہ کی کونچیں کاٹ ڈالتا

تو وہ اپنی گھٹنیوں اور پیٹ کے بل گھسٹتی پھرتی

وقال آخر یرثی رفیقہ جاریہ

الیکِ ومازدادُ الاتنائیا	اَجارِیَ مازدادُ الاصبابۃً

الہمزۃ للنداء۔ وجاری ترخیم جاریہ۔ والصبابۃ الاشتیاق والتنائی البعد ترجمہ ای جاریہ تیرا عجیب حال ہی کہ میرا اشتیاق تیری طرف بڑہتا جاتا ہے اور تو اور زیادہ مجھ سے دور ہوتا جاتا ہے۔

فدیتک مسرورًا بنفسی ومالیا	اجاری لونفسٌ فدت نفسَ میتٍ

ترجمہ اے جاریہ اگر کوئی جان کسی مردے کی جان کے عوض دیجاوے تو میں بخوشی اپنی جان اور مال تیرے بدلے دے ڈالتا۔

فحَالَ قضاءُ اللہِ دون رجائیا	وقد کنت ارجوان اُملاکَ حِقبۃً

املاک مجہول من ملاک الحبیب یک متمتک بہ واحیاک مدۃ طویلۃ معہ بتعدی الی المفعولین وکاف الخطاب مفعول ثان والفعل مسند الی الضمیر المتکلم کمافی اعطیت درہما والحقبۃ المدۃ الطویلۃ ترجمہ اور مجکو بیشک امید تھی کہ ایک عرصہ دراز تک تجھ سے متمتع رہونگا مگر کیا کیجئے کہ قضاء الٰہی میری امید سے ورے آ ہوئی اور میری امید پوری نہ ہوئی۔

علیکَ من الاقدار کان حذاریا	الالیمت من شاء بعدک انما

ترجمہ سن اب تیرے بعد جسکا جی چاہے مرے مجکو کچھ پروا نہیں ہے کیونکہ تقدیروں سے صرف تیرے اوپر مجکو خوف تھا سو پیش آگئیں۔

وقالت فاطمۃ بنت الاجحم الخزاعیۃ

الاجحم بتقدیم المہملۃ علی الجیم حدث من الصحابیات ترثی اخاہا جراحًا

جودی باربعۃٍ علی الجراحِ	یا عینِ بکی عند کل صباحِ

خص الصباح بالذکر لانہم کانوا یبکون علی امواتہم عند طلوع الصبح وعروج النہار والمراد بالاربعۃ اربعۃ جوانب العین فان لکل عین اربعۃ جوانب اور اربعۃ دموع والمراد بہ الکثرۃ ترجمہ اے میری آنکھ ہر صباح کو رو اور آنکھوں کے چاروں طرف جراح پر بہا۔ یہ محاورہ عربی میں ایسا ہے جیسا اردو میں آٹھ آٹھ آنسو رونا یعنی بکثرت

فترکتنی اضحی باجرد ضاحِ	قد کنتُ لی جبلاً الوذ بظلہ

اضحی متکلم من ضحی کرضی اذا برز للشمس - والاجرد الفضاء الذی لا نبات فیه والضاح اسم فاعل من ضحی ای البارز للشمس وہو مالا شجر فیہ والظل - ترجمہ تو میرے لیئے ایک پہاڑ تھا جسکے سایہ میں میں پناہ لیتے تھی - اب تو نے اپنے مرنے کے بعد مجکو ایسی حالت میں چھوڑ دیا کہ میں چٹیل میدان میں جہاں نہ سایہ ہے نہ درخت دہوپ میں بیٹھی ہوں -

قد کنتُ ذات حمیّۃٍ ما عشت لی	امشی البراز وکنت انت جناحی

قد کنت علی التکلم - والباقی علی الخطاب وما مصدریہ ظرفیۃ والبراز بالفتح الفضاء من الارض ترجمہ جب تک تو جیا تو میں غیرت مند تہی کہ بیخوف میدان میں پھرتی تھی اور تو میرے بازو یا قوت بازو تھا -

فالیوم اخضع للذلیل واتقی	منہ وادفع ظالمی بالراح

الدفع بالراح وبالایدی کنایۃ عن الضعف والذلۃ فانہ لا یدفع بہا الا من لا سلاح لہ ترجمہ سو میں آج ذلیل سے ہی بعاجزی پیش آتی ہوں اور اُس سے ڈرتی ہوں اور جو شخص مجہپر ظلم کرتا ہے اُسکو ہاتھوں سے دفع کرتی ہوں نہ ہتھیار سے کیونکہ میں بے ہتھیار ہوں -

واَغضّ من بصری واعلم انّہ	قد بان حدّ فوارسی ورماحی

کانت النساء لا یغضضن من ابصارہن ویعدونہ ضعفا وذلۃ فامرنا بہ فی الاسلام ترجمہ اور میں اپنی خلاف عادت اپنی آنکہہ کچہہ بند کرتی ہوں اور یہ بات جانتی ہوں کہ میرے سواروں اور نیزوں کی تیزی تیری موت کے سبب جاتی رہی ہے -

واذا دعت قُمریّۃٌ شجناً لہا	یوماً علی افنن دعوتُ صباحی

نصب شجنا علی انہ مفعول دعت کما فی قولہ تعالی دعوا ہنالک ثبوراً والفنن محرکۃ الغصن ترجمہ اور جب کہ قمری کسی روز شاخ درخت پر واشجناہ کہکر اپنے غم کو پکارتی ہے تو میں واصباحاہ کہکر اپنی صبح کو پکارتی ہوں - یعنی اے صبح میرے حال پر رحم کر -

وقالت ایضا

اخوتی لا تبعدوا ابداً	وبلی واللہ قد بعدوا

ترجمہ اے میرے بھائیو تم کبھی نہ مریو - اور کیونکر نہ مریں بخدا وہ تو مرگئے - مصرعہ اخیر سے یہ مطلب ہے کہ کلام اول بسبب شدۃ بیہوشی و فراموشی تھا اور اُنکا مرنا اُسکے لیئے صدمۂ سخت تھا

لو تملّتہم عشیرتہم	لاقتناء العزّ او ولدوا
ھان من بعض الرزیۃ او	ھان من بعض الذی جدوا

تملاہ فلان اذا تمتع بہ ملیاای دہراً طویلاً والاقتناء الادخار والضمیر فی ولدوا للاخوۃ ترجمہ اگر ان کی قوم

اُن سے واسطے فراہمی عزت و شرف کے مدت تلک متمتع رہے یعنے وہ لوگ ایک عرصہ تلک جیتے رہتے
یا اُنکی اولاد ہوتی جو اُنکی قائم مقام ہو جاتی تو قوم کی کسیقدر مصیبت یا کسیقدر وہ غم جو مجکو ستاتا ہے
آسان ہو جاتا مگر افسوس کہ ان دونوں باتوں میں سے ایک بھی نہوئی۔

کل ماجٍ وان امِرُوا	واردوا الحوضِ الذی وردوا

امروا اصلہ عمروا بکسر المیم من عمر الرجل کسمع اذا عاش طویلا ابدلت العین بالہمزۃ ترجمہ ہر زندہ اگرچہ
طویل العمر ہووے اُس حوض پر جسپر میرے بھائی گئے ہیں جانے والا ہے۔ چونکہ حی کے افراد بہت سے
ہیں اس لئے جمع کے ضمائر لائے۔ **وقالت امرأۃ**

اختلفت فیہا والظاہر انہا ام تابط شرا فانہ قتل شابا غریبا ببلاد ہذیل وہی حیۃ۔

طاف یبغی نجوۃً	عن ھلاکٍ فھلک

النجوۃ النجاۃ واراد بالہلاک البوس والفقر ترجمہ رات کو اسواسطے گیا کہ بسبب حصول غنیمت کے
فقر و افلاس سے نجات حاصل کرے اور ہلاک نہووے مگر افسوس کہ وہ خود ہلاک ہو گیا۔

لیت شعری ضلۃً	ایّ شیءٍ قتلک

الضلۃ الضلال منصوب علے الحالیۃ من ضمیر التکلم ترجمہ کاش مجکو کہ میں اس معاملہ میں جاہل گمراہ
ہوں خبر ہو جاوے کہ کس نے تجکو مار ڈالا۔

اَمریضٌ لم تُعَد	اَم عدوٌّ ختلک

ختلہ الذئب اذا تخفی للصید وخدعہ ترجمہ کیا تو بیمار ہے جسکی عیادت و خبرگیری نہیں کیگئی اور اسلئے گھر واپس
نہیں آسکتا یا کسی دشمن نے گھات لگاکر تجکو قابو میں کرلیا ہے اور اسلئے باوجود تندرستی ہم تلک نہیں آتا۔

ام تولّی بک ما	غال فی الدھر السُّلک

تولی بہ تکفل بہ۔ وغال بالمعجمۃ اہلک۔ والسلک کصرد فرخ القطا او الحجل ترجمہ کیا تیرا کام ان آفتوں نے
پورا کردیا جنہوں نے زمانہ میں قطا یا چکور کے چوزوں کو ہلاک کردیا۔

والمنایا رُصُدٌ	للفتی حیث سلک

ترجمہ۔ اور موتیں جوان کے لئے گھاتیں لگانیوالی ہیں جہاں وہ جائے۔

ایّ شیءٍ حسنٍ	لفتیً لم یکُ لک

ترجمہ کونسا اچھا وصف کسی جوان میں ہے جو تجھ میں نہ تھا یعنی تو جامع صفات محمودہ تھا۔

کلُّ شیءٍ قاتلٌ	حین تلقی اجلک

ترجمہ۔ اے مخاطب ہر چیز تیری قاتل ہے جب کہ تو اپنے وقت مقررہ سے ملاقات کرے۔

طال ماقد نلت فی	غیر کسد املك

الکد الجہد والملک مفعول نلت ترجمہ تو بے رنج و کوشش کے بہت دفعہ کامیاب ہوا۔

ان امرا فادحا	عن جوابی شغلك

الفادح الصعب الثقیل ترجمہ بیشک کسی مصیبت نے تجکو میری جواب دینے سے روکا ہے تو مجکو جواب نہیں دیتا۔

ساعزی النفس اذ	لم تجب من سالك

ترجمہ اب میں اپنی طبیعت کو صبر پر لاؤنگی کیونکہ تو تو اپنے سائل کو جواب ہی نہیں دیتا۔

لیت قلبی ساعۃً	صبرہٗ عنك ملك

صبرہ مفعول ملک۔ وعنک متعلق بالصبر ترجمہ کاش میرا دل ایک لحظہ تجھ سے صبر کرنے پر قادر ہوجاے۔

لیت نفسی قدمت	للمنایا بدلك

ترجمہ کاش میں تیرے بدلے موت کے روبرو پیش کی جاؤں۔

وقال العجیر السلولی

ترکنا ابا الاضیاف فی لیلۃ الصبا	بمرو ومردی کل خصم یجادلہٗ

ابا الاضیاف مطعمہم۔ والصبا ریح القبول یقابل الدبور۔ وقد یکنی بہا عن القحط۔ ویویدہ روایۃ فی کل شتوۃ والظرف متعلق بالاضیاف۔ ومرو بلد معروف بفارس۔ والمردی آلہ من ردی کرضی اذا ہلک استعیر لکل قوی عظیم حتے قیل ہو مردے الخصوم ترجمہ ہم چھوڑ بیٹھے اُس شخص کو جو قحط کی راتوں میں بمقام مرو مہمانوں کو کھانا کھلاتا تھا اور اُسکو جو ہر دشمن کے لیے کہ اُس سے لڑے ہلاکت کی کل تھا

ترکنا فتیً قد ایقن الجوع انہٗ	اذا ما ثوی فی ارحل القوم قاتلہٗ

الضمیر فی انہ واستکن فی ثوی للمرتی والمجرور للجوع۔ وقتل الجوع کنایۃ عن اطعام الفقراء ترجمہ ہم ایسے جوانمرد کو چھوڑ بیٹھے کہ بھوک کو اس امر کا یقین تھا کہ جب وہ جواں مرد منازل قوم میں ہوگا تو مجکو مار ہی ڈالیگا یعنی لوگوں کو کھانا دیگا۔

فتیً قد قد السیف لا متضائلٌ	ولا رہل لباتہٗ وا باجلہٗ

القد تعدیل القامۃ والفعل مجہول۔ وعنی بالسیف ما کان ذا عزارین فانہ یکون مستقیما او المطلق والتشبیہ فی نفس الطول وتضائل شخصہ اذا خفی قاعدا والمراد بہ صغر القامۃ۔ والرہل کالکتف المسترخی۔ واللبۃ موضع القلادۃ من الصدر والجمع باعتبار الاجزاء والاجل بالموحدۃ والجیم عرق غلیظ فے الرجل والیدیوازی الاکحل ترجمہ ہم نے ایسے جوان کو چھوڑ دیا جو مثل دو دو ہاری تلوار کے معتدل اور مستقیم القامۃ تھا اور اُسکی چھاتی

اور ہاتھ پاؤں ڈھیلے نہیں تھے یعنی خوب تگڑا تھا۔

وذو باطل ان شئت الهاك باطله	اذا جد عند الجد ارضاك جده

الجد نقیض الهزل ۔ والباطل الهزل ترجمہ جبکہ سنجیدگی کی باتیں کرتا ہے تو اُسکا سنجیدگی تجکو خوش کردیتا تھا اور دل لگی والا تھا اگر تو چاہے تو اُسکی دل لگی ہر دل لگی سے تجکو غافل و بے پروا کردے۔

وکل الذی حملته فهو حامله	یسرك مظلوما ویرضیك ظالما

مظلوما وظالما حالان من کاف الخطاب ترجمہ جبکہ تو مظلوم ہو تو تیری مدد کر کے تجکو خوش کردے اور جب تو ظالم ہو تو تجھ سے کسیکو انتقام نہ لینے دیوے اور اسی طرح تجکو راضی کردے اور جو بوجھ دین تاوان دو دیت وغیرہ کا تو اُس پر ڈال دے تو وہ اُسکو اُٹھالے۔

علی الحی حتی تستقل مراجله	اذا نزل الاضیاف کان عذورا

العذور بالمهملة فالمعجمة فالمهملة کسفر جل السیئ الخلق وتستقل ترتفع ترجمہ جب اُسکے پاس مہمان آتے تو اپنے لوگوں پر سخت مزاجی کرتا تھا کھانا طیار کرنے کے لیئے یہاں تلک کہ اُسکی دیگیں دیگ دانوں پر چڑھاویں تو اُسوقت نرم خو ہو جاتا تھا۔

وقال ابو الجنا مولی بنی اسد

ہو بتقدیم المهملة علی الجیم یرثی ابنه جحناء

کئیبا ویزهد بعده فی العواقب	اعاذل من یرزأ کجحناء لا یزل

الهمزة للنداء ۔ وعاذل ترخیم عاذلة ۔ ویرزء مجهولا بمعنی اصیب ۔ والجار والمجرور لغت محذوف ای فتی وهو مفعوله الثانی ویزهد فیه اعرض عنه والضمیر فیه للمحذوف الموصوف واراد بالعواقب عواقب الاطهار قال شعرا فبعد مقتل مالك بن زهیر + ترجو النساء عواقب الاطهار ترجمہ ای زن ملامت گر مجکو جحنا کے غم میں ملامت نہ کر کیونکہ جو ایسے شخص کی مصیبت پہونچایا جاتا ہے تو وہ ہمیشہ بیچین رہتا ہے اور اُسکے بعد طہروں کے انجاموں سے یعنی مجامعت سے اعراض کرتا ہے اسلیئے کہ ایسا شخص پیدا نہیں ہوسکتا۔

اذا شان اصحاب الرجال الحقائب	حبیب الی الفتیان صحبة مثله

مرفوع علی الخبریة ورفع صحبة علی انه فاعل حبیب ۔ وشانه عابه والرحال جمع رحل وهو مرکب البعیر ۔ والحقیبة ما لیشد فی موخر الرحل ثم لا یخفی ان فی الشعر اقواء لاختلاف الضم والکسر الا ان یحمل علی جر الجوار ترجمہ جوان مرد لوگ اُسکی صحبت کو ایسے حال میں پسند کرتے تھے جب کہ کجاوہ والے لوگوں کو کجاوہ کے پیچھے اسباب باندھنا عیب دار کرتا ہے یعنی جب کہ اور لوگ اپنی متاع کجاوہ کے پیچھے باندھتے تھے اور وہ فقرا کو نہیں دیتے یعنی ایام قحط میں

نظام اناسٍ کان یجمعُ بینہُم	ویصدع عنہم عادیات النوائب

النظام ماینظم بہ المتفرقات - وصدع عنہ صرف عنہ - والعادیات من العدو یقال عدا علیہ اذا وثب والنوائب الحوادث - ترجمہ وہ ان لوگوں کا جنکو وہ جمع رکھتا تھا بندھن تھا اور وہ اُن لوگوں سے حملہ آور مصائب کو دور کرتا تھا

وجرّبتُ ماجرّبتُ منہ فسرّنی	ولا یکشف الفتیان غیر التجارب

ترجمہ میں نے اُسکا خوب تجربہ کیا اور انجام کو اُسنے مجکو خوب خوش کیا اور جوانوں کا حال سوائے تجربوں کے اور کسی سے معلوم نہیں ہوتا -

بعید الرضا لایبتغی وُدّ مُدبِر	ولا یتصدّی للضغین المغاضب

اراد بالبعید البطئ - والضغین الحاسد الحاقد ترجمہ وہ جس شخص پر خفا ہوتا تھا اُس سے جلد رضامند نہیں ہوتا تھا یعنی متین تھا - اور جو کوئی اُس سے پشت پھیرتا ہے اسکی دوستی کو نہیں چاہتا ہے اور حاسد خشمناک کے درپے نہیں ہوتا ہے - بلکہ اُس سے فرصت اور موقع کے وقت انتقام لیتا ہے یا اُسکی پروا نہیں کرتا

وکنت اذا ماجئت مرّا جنیتہٗ	یُخفض جاشی ضبتُک المترغب

جنی جنایۃ کسبہا - وخففہ سکنہٗ - والجاش النفس واضطرابہا - والضبث القبض الشدید - والمترغب الواسع البسیط وفیہ التفات - ترجمہ اور جب کہ میں کوئی برا کام کرکے اُسکے انجام سے ڈرتا تھا تو تیری چوڑی چکلی گرفت میرے دلکو تسلی دیتی تھی - یہ شعر بطور التفات غیبت سے طرف خطاب کے ہے -

وقال آخر

اذا ما امرءٌ اثنی بآلاء میّت	فلا یُبعد اللہُ الولید بن ادہما

اثنی علیہ اذا اظہر صفاتہ وخص فی الاستعمال بالحمیدۃ ترجمہ جب کہ کوئی مرد کسی مردہ کی تعریف اُسکی نعمتوں کے سبب کرے تو اللہ تعالی ولید بن ادہم کو ہم سے دور نہ کرے تاکہ ہم اُسکے لوگوں کے روبرو اوصاف و ثنا بیان کریں

فما کان مِفراحًا اذا الخیر مسہ	ولا کان منّانا اذا ھو انعما

ترجمہ کیونکہ جب اُسکے بھلے دن ہوتے تھے تو وہ بہت خوش ہونیوالا نہ تھا اور جب وہ کسیکو دیتا تھا تو اسپر احسان رکھنے والا نہ تھا

ونادی المنادی اول اللیل باسمہ	اذا اجحر اللیلُ البخیلَ المذمّما

اجحرہ بتقدیم الجیم علی المہملتین ادخلہ فی الجحر وہو مسکن الہوام وخص اللیل بالذکر لانہ مظنۃ نزول الاضیاف ترجمہ پکارنیوالے نے اُسکا نام اول شب میں بسبب مشہور ہونے اُسکی سخاوت کے

پکارا جب کہ رات نے بخیل ناپسندیدہ کو بسبب خوف آمد مہماناں کے اُسکے سوراخ یعنی گھر میں داخل کردیا رات کو مہمان زیادہ آتے ہیں اسلیئے اسکا ذکر کیا۔

لعمرك ماواری التراب فعاله	ولکنما واری ثیابا واعظما

ترجمہ تیری زندگی کی قسم مٹی نے اسکے اچھے کام نہیں چھپائے ہاں اُسکی کپڑے اور استخوان لوگوں کی آنکھوں سے چھپا لیئے ہیں۔

وقال ابو الشغب العبسی فی خالد بن عبد اللہ القسری

وخالد ہذا کان امیر العراقین یعنی البصرۃ والکوفۃ من جانب ہشام بن عبد الملک ثم عزلہ وارسل علیہ یوسف ابن عمر الثقفی ابن عم الحجاج فاخذہ وحبسہ وقتلہ ومن جودہ انہ قد سمع ہذہ الابیات وہو محبوس فانفذ الے ابی الشغب سبعین الفا۔

الا ان خیر الناس حیًا وہالکًا	اسیر ثقیف عندہم فی السلاسل

نصب حیًا وہالکا علی الحالیۃ ترجمہ سُن رے کہ بہترین مردمان کا بحالت زندگی وموت کے قیدی بنی ثقیف کا ہے جو زنجیروں میں جکڑا ہوا اُن کے پاس موجود ہے۔

لعمری لئن عمرتم السجن خالد	واوطاتموہ وطاۃ المتثاقل
لقد کان یبنی المکرمات لقومہ	ویعطی اللہی فی کل حق وباطل

عمرہ الدار اذا جعلہا طول عمرہ۔ وطاۃ مشددا کوطاہ مخففا۔ والمتثاقل الحمل المحل ولاشک ان وطاۃ تکون ثقیلۃ والمکرمات المکارم والمآثر۔ واللہی العطایا ترجمہ یوسف ثقفی اور اُسکے نوکروں سے خطاب کر کے کہتا ہے کہ اپنی جان کی قسم اگر تمنے خالد کو عمر بھر کے لیئے قید خانہ دیدیا ہے اور اُسکو مثل روندنے شتران گران بار کے خوب روند ڈالا ہی تو بیہ تم نے بُرا کام کیا ہے کیونکہ یہ شخص اپنی قوم کے لیئے اچھے کاموں کی بنیاد ڈالتا تھا۔ اور اپنا مال ہر اچھے اور کم فائدہ کام میں بخشتا تھا یعنی سخی تھا۔ اچھے کام سے مراد ورثہ کے عوض تاوان دیدینا اور ادائے قرض ومہمانی ہے اور کم فائدہ کام سے مراد امور لہو ولعب وعیش وعشرت کے ہیں۔

فان تسجنوا القسری لا تسجنوا اسمہ	ولا تسجنوا معروفہ فی القبائل

القسری نسبتہ الی قسر بن عبقر احد اجداد الخالد القسری ترجمہ پس اگر تم نے خالد قسری کو قید خانہ میں بند کیا ہی تو تم اُسکی شہرت اور ناموری کو قید نہیں کر سکتے۔ اور نہ اُس کے آوازہ داد ودہش کو تمام قوموں میں بند کر سکتے ہو۔

وقال مهلهل

هو عدیّ بن ربیعة الملقب بالمهلهل لانه اول من هلهل الشعر وارقّه جاهلی قدیم یرثی اخاه کلیبًا وکان قد قتله حساس بن مرة بن ذہل بن شیبان ومن حدیثه ان کلیبًا کان له حمیً لا یرعاه ولا یدخله غیره الا باذنه وکانت بسوس بنت منقذ التمیمیة العدویة خالة حساس بن مرة او جارة لخالته علی الاختلاف وکان قد نزل فی دارها رجل من جرم یقال له سعد کانت له ناقة یقال لها سراب فدخلت حمی کلیب ووطأت بیض حمّرت وهو اسم طائر کان قد اجارها کلیب فغضب کلیب ثم راٰها فی حماه فرمی ضرعها بسهم فنفرت واتت بیت بسوس یجری الدم واللبن من ضرعها فقامت بسوس تنشد ابیاتًا وتعرض بجساس فقال حساس اسکتی فواللہ لیصیبن غدًا عقیر اعظم عقرا علی وائل وعنی به کلیبًا ثم کان یعد فرصة حتی رکب یومًا وتبعه عمرو بن حارث بن شیبان او عمرو ابن ربیعة بن مرّة علی الاختلاف فطعن کلیبًا من وراءه حتی سقط علی الارض ثم اتم امره عمرو ثم قامت الحرب بین بکر وتغلب وقیل اشام من بسوس واشام من سراب والتفصیل فی التبریزی

نُبِّئتُ اَنّ النّار بعدك اُوقدت	واستبّ بعدك یا کلیبُ المجلسُ

کانت النار توقد عندهم لامور اشهرها عند عزم الحرب وقری الاضیاف والاستباب المشاتمة ترجمه مجکو خبر دیگئی کہ آگ جو بوقت عزم جنگ بلند مقامات پر جلائی جاتی ہے تیرے مرنیکے بعد جلائی گئی اور تیرے بعد اہل مجلس باہم گالم گالا ہوے اور تیرے روبرو بسبب تیری ہیبت کے یہ امر نہ ہوتا تھا۔

وتکلموا فی امر کلّ عظیمةٍ	لو کنت شاهدهم بها لم ینبسوا

الضمیر المجرور فی بها للعظیمة ونبس بالنون اذا تکلم ولا یستعمل الا منفیا ترجمه اور لوگوں نے درباب ہر ایسے حادثۂ عظیمہ کے کلام کیا کہ اگر تو ایسے حوادث میں ان کے پاس ہوتا تو تیرے خوف سے چوں بھی نکرتے

واذا تشاء رایت وجهًا واضحًا	وذراع باکیةٍ علیها بُرنُسُ

کانت النساء اذا بکین علی میتٍ یکشفن الوجوه والرؤس وکذلک کن یلطمن الوجوه ویضربن الصدور واشار الیه بقوله وذراع باکیة والبرنس بالموحدة نوع من الثیاب تلبسه النائحات ویقال له المبلا ترجمه اور جب تو چاہے کہلے منہ اور رونے والی کا ہاتھ جس سے وہ سینہ زنی کرتی ہے اس حال میں کہ اس پر لباس ماتم ہے دیکھ لے یعنی تیرے لیئے ہر وقت ماتم ہوتا ہے۔

تبکی علیك ولست لائم حُرّةٍ	تاسی علیك بعبرةٍ وتنفس

ترجمه وہ رونے والی تجہپر روتی ہے میں ہر آزاد عورت کو جو براہ تاسف تجہپر روتی ہے اور ٹھنڈی سانس بہرتی ہے ملامت نہیں کرتا کیونکہ وہ اسمیں معذور ہے۔

وقال آخر

فتىً كان زيناً للمواكب والشرب	لقد مات بالبيضاء من جانب الحمى

اراد بالحمی حمے الربذة والبیضاء موضع فیه والموکب الجماعة رکباناً او مشاة والشرب جمع شارب الخمر **ترجمہ** بجدا مقام بیضا میں رمنہ ربذہ کیطرف ایسا جوان مرگیا جو لشکروں اور میخواروں کی زینت تھا یعنی صاحب رزم وبزم تھا

صوادی لا یروین بالبارد العذب	تظل بنات العم والخال حوله
وما من قلیً یحثی علیه من الترب	یہلن علیه بالاکف من الترب

الصوادی جمع صادیة من صدی کرضی اذا عطش منصوب علی انه حال من بنات الخال - وجملة لایردین لغت له من روی کرضی ریّاً اذا انتفع وارتوی فاوهال علیه التراب هیلا اذا ارسله علیه والجملة خبر تظل والتری التراب الطری وکلمة فی الموضعین زائدة **ترجمہ** ماموں اور چچا کی بیٹیاں باوجود نزاکت کے اُسکے گرد حالت تشنگی میں کہ آب سرد وشیریں سے سیراب ہونا پسند نہیں کرتیں دوپہر کو اُسپر اپنی ہتھیلیوں سے تر مٹی گراتی ہیں اور یہ مٹی گرانا براہ دشمنی نہیں ہے بلکہ بمجبوری پردہ پوشی میت کے لیئے۔

وقالت جارية ماتت امها فاضرت بها امرأة ابيها

اتی امی ومن یعنیه حاجی	فلو یاتی رسولی اُمّ سعدٍ

ام سعد امها - وای من باب وضع المظهر موضع المضمر تلذذا بلفظه - ومن استفهامیة او موصولة فان کانت استفهامیة فالکلام مستانف وان کانت موصولة فعطف علی امی والمراد بها واحد وعناه اهمّه والحاج جمع حاجة **ترجمہ** اگر میرا قاصد میری ماں ام سعد کے پاس آتا تو اسکو میرے درد دکھ کی خبر کرتا مگر کسیکو میری حاجتیں غم میں ڈالتی ہیں یعنی کسیکو نہیں۔

وبین فواده غلق الرتاج	ولکن قد اتی من بین وُدّی

کلمة من موصولة منصوبة المحل علی انها مفعول اتی والمستکن فی اتی للرسول - والغلق محرکة المغلق والرتاج ککتاب الباب المسدود **ترجمہ** مگر میرا قاصد اُسکے پاس چلا آیا جسکے دل اور میری محبت میں دروازہ تیغہ کیا ہوا ہے - یعنی میری مادر کے پاس۔

وما الریمان الا بالنتاج	ومن لم یوذه الّم براسی

عطف علی من الاولی - والریمان الرافة - واردت بالنتاج الولادة **ترجمہ** اور وہ قاصد اُس پاس آگیا جسکو میرے سر کی تکلیف کچھ دکھ نہیں دیتی کیونکہ محبت علاقہ ولادت سے ہوتی ہے اور محبہ میں

اور اسمیں یہ علاقہ نہیں ہے۔

وقالت ام الصریح الکندیة

بحیشان من اسباب مجدٍ تصرّما	هوت اُمّهم ماذا بهم یوم صُرّعوا

ہوی سقط وہوت امہم وثکلت اُمّہم من الادعیة التی ظاہرہا ذم و باطنہا مدح ولذا الایستعملونہا فی مواقع الذم و قال التبریزی یقال فی الاستعظام والتعجب ای ثکلتہم امہم او ہلکت امہم۔ وصرعوا مجہول۔ وحیشان موضع کان موطن الحرب وتصرم تقطع وماذا استفہام للتعجب ترجمہ اُن جانہاروں کی ماں گر پڑے اور بے فرزند ہوجائے یا اس صدمہ سے ہلاک ہوجاوے اور جیتی نہ رہے جس روز وہ لوگ بمقام حیشان ہلاک کیے گئے اس روز کس قدر بزرگی اور شرافت کے سبب و سامان منقطع ہوگئے یعنی اُن اسباب کا بسبب کثرت کے بیان نہیں ہوسکتا حاصل یہ ہے کہ اُن کے سبب دنیا میں اسباب بزرگی سب جمع تھے سو اُنکے مرنے سے وہ سب جاتے رہے۔

وان یرتقوا من خشیة الموت سلّما	اَبوا ان یفرّوا والقنا فی نحورہم

الواو للحال والجملة حال من الضمیر فی یفروا ترجمہ اُنہوں نے ایسے حال میں کہ نیزے اُن کے سینوں میں جاگزین تھی بھاگ جانے سے اور اسبات سے کہ موت سے ڈر کر کسی زینہ پر چڑھ جاویں انکار کیا یعنی ایسے وقت میں ثابت قدم رہے۔

ولکن راؤ صبرًا علی الموت اکرما	فلو انہم فرّوا لکانوا اعزّة

ترجمہ اگر ایسے نازک وقت میں وہ بھاگ جاتے تو بھی عزت میں فرق نہ آتا کیونکہ ایسے حال میں بھاگنا مذموم نہیں ہے۔ الفرار فی وقتہ ظفر۔ مگر انہوں نے موت پر صبر کرنیکو بڑی عزت کا کام سمجھا اور بھاگ جانے میں کم عزتی سمجھے۔

وقال الحسین بن مطیر بن الاشیم الاسدی

سقتک الغوادی مربعًا ثم مربعا	اَلِمّا علی معنٍ وقولا لقبرہ

الم بہ وعلیہ نزل واراد بمعن معن بن زائدة الشیبانی والغوادی السحاب الآتیة غدوةً والمربع الربیع۔ ترجمہ اے میرے دونوں بیٹو معن کے پاس اترو اور اُسکی قبر سے کہو کہ تجکو صبح کی مینہ ایک ربیع میں بعد دوسری ربیع کے تر کرلو۔

من الارض خطت للسماحة مضجعا	فیا قبر معن انت اول حفرة

خط الشئ مجہولا اذا عین بالخط والجملۃ نعت حفرۃ ترجمہ اور یہ کہو کہ اے معن کی قبر تو زمین کا اول گڑھا ہے جو سخاوت کی خوابگاہ مقرر ہوا یعنی معن سے پہلے کوئی ایسا سخی نہ ہوا نہ مرا۔

وقد کان منہ البرُّ والبحرُ مُترعا	ویا قبر معن کیف واریتَ جودَہ

ترجمہ اور اے معن کی قبر تو نے اُسکی بخشش کو کیونکر چھپالیا اور حال یہ تھا کہ اُس سے خشکی اور تری ہر ایک پر تھی۔

ولو کان حیّا ضقتَ حتی تصدّعا	بلی قد وسعتَ الجودَ والجودُ میّتٌ

بلے جواب الاستفہام وتصدع اصلہ تتصدع حذفت احدی التائین والالف للاشباع ترجمہ تو اسکی بخشش کو ایسے وقت میں کہ بخشش مردہ تھی کیوں نہ سماتی البتہ اگر وہ زندہ ہوتی تو تنگ ہو جاتی۔ یہانتک کہ تو پھٹ جاتی۔

کما کان بعد السیل مجراہ مرتعا	فتیً عیشَ فی معروفہ بعد موتہ

اعراب فتی نصب علی المفعولیۃ بفعل محذوف اعنی اذکروا ورفع علے الخبریۃ وعیش ماض مجہول بنی منہ لتعدیتہ بفی کما فی قولہ ع ذہب الذین یعاش فی اکنافہم ترجمہ میں ایسے جوان مرد کا ذکر کرتا ہوں یا وہ ایسا جوان مرد تھا کہ اپنے احسان میں بعد اپنی موت کے ایسی زندگی بخشا گیا ہے جیسے رَو کے بعد اُسکے جاری ہونیکی جگہ چراگاہ مویشی ہوتی ہے۔ یعنی اُسکی موت کے بعد اُس احسان کے نشان ایسے باقی ہیں جیسے رو کے گذر جانیکے بعد اُسکے احسان کی نشانیاں اور فیض باقی رہتا ہے

واصبح عرنین المکارمِ اجدعا	ولما مضی معنٌ مضی الجودُ فانقضی

ترجمہ اور جب کہ معن مرگیا تو سخاوت بھی مرگئی اور معدوم ہوگئی اور تمام خوبیوں کی ناک کٹ گئی۔

وقال آخر

من دمع باکیۃٍ علیہ وباکِ	ماذا اجال وثیرۃ بن سماکٍ

الاستفہام للتعجب من الکثرۃ۔ وعنی بالاجالۃ الاسالۃ ترجمہ گریہ کرنیوالی عورتوں اور مردوں کے کسقدر آنسو وثیرہ بن سماک نے بہا دیئے یعنی تمام اشخاص بسبب اُسکی خوبیوں کے اُسکے لیے بکثرت روئے۔

حدقُ العناۃِ وانفسُ الہلاکِ	ذہب الذی کانت معلقۃً بہ

العناۃ الاساری والہلاک الفقراء ترجمہ وہ شخص چلا گیا جس سے قیدیوں کی آنکھیں اور فقیروں کی جانیں لگی رہتی تھیں کیونکہ وہ قیدیوں کو چھڑاتا اور فقیروں کو دیتا تھا اور کھلاتا تھا

وقال أشجع بن عمرو السلمی

یرثی محمد بن منصور بن زیاد صاحب دیوان الخراج

ما مثل من انعی بموجود	انعی فتی الجود الی الجود

ترجمہ میں خبر مرگ سخاوت کے جوانمرد کی سخاوت کو دیتا ہوں کیونکہ وہ سخاوت کا مربی تھا اُس شخص کی مانند جس کے مرنے کی میں خبر دیتا ہوں دنیا میں موجود نہیں۔

بقیۃ الماء من العود	انعی فتی مص الثری بعدہ

الثری التراب الندی ترجمہ میں ایسے جوانمرد کے مرنے کی خبر دیتا ہوں کہ جس کے مرنے کے بعد مٹی نے شاخ تر سے بقیہ پانی کو چوس لیا اور وہ خشک ہوگئی یعنی اُسکے مرنے کے بعد زمین میں تری باقی نہ رہی اور سخاوت کا نام تک نہ رہا

جانبہا لیس بمسدود	وانثلم المجد بہ ثلمۃ

انثلم السیف اذا انکسر حدہ وجملۃ النفی نعت ثلمۃ ترجمہ اُسکے مرنے کے سبب بزرگی کی دہار ایسی طرح گر گئی کہ اب اُسکا کنارہ درست نہیں ہوسکتا یعنی اُسکے مرنے سے بزرگی اور شرف کند ہوگئی اب اپنی اصلی حالت پر نہیں آسکتی۔

وصولۃ البخل علی الجود	فالآن تخشی عثرات الندی

تخشی مجہول۔ والعثرۃ السقوط علی الوجہ ترجمہ تو اب ہم کو سخاوت کے مونہہ کے بل بار بار گرنیکا اور جود و بخشش پر بخل کے حملہ کرنیکا خوف دلایا جاتا ہے یعنی اب خوف ہے کہ سخاوت مغلوب اور بخل غالب ہوجاوے۔

وقال عبد اللہ بن الزبیر الاسدی

الزبیر کامیر عبد اللہ ہذا اسلامی من شعراء بنی امیۃ وکان ہجاءہم یرثی یزید بن معاویۃ وقیل ابنہ۔

بمقدار سمدن لہ سمودا	رمی الحدثان نسوۃ آل حرب

السمود القیام متحیرا من شدۃ الحزن وتغیر الوجہ ترجمہ عورات آل حرب کی حوادث روزگار نے ایسا تیر مارا ہے کہ اُسکے سبب وہ حیران و ششدر یا اُترے مُنہ کھڑی رہ گئیں

ورد وجوہہن البیض سودا	فرد شعورہن السود بیضا

ترجمہ سو اسی غم کی مقدار نے اُنکے سیاہ بالوں کو سفید اور اُنکے سفید چہروں کو بسبب شدت صدمہ کے کالا کر دیا۔

ورملۃ اذ تصکان الخدودا ابان الدہر واحدہا الفقیدا	فانک لو رایت بکاء ہند سمعت بکاء باکیۃ وباک

هند ورملة بنتان لمعاوية ابن ابی سفیان والمجرور فی واحد ها لباکیة وحدها علی ماجرت عادتہم من انہم اذا اجمعوا بین الذکر والانثی اضمر واللاتی فانہ اولی بہا ترجمہ کیونکہ اے مخاطب اگر تو ہند ورملہ کارونا جب وہ اپنے منہ پر طمانچے مارتی ہیں دیکھتا تو ایسی عورت اور مرد کا رونا سنتا جس کا اکلوتا گم شدہ زمانہ نے اُن سے جدا کر دیا ہے یعنی سخت گریہ دیکھتا۔

قال مسلم بن الولید

ہو مسلم بن الولید الانصاری یکنی ابا الولید ویلقب بصریع الغوانی شاعر مجید یرثی زوجتہ۔

مقیلاهما فی القلب مختلفان	حنین ویاس کیف یتفقان

الحنین الاشتیاق یلزمہ الرجاء۔ والاد بالمقیل المقر والمحل ترجمہ۔ اشتیاق اور ناامیدی کسطرح جمع ہو جاویں اور حال یہ ہے کہ اُن دونوں کے مقام دل میں مختلف ہیں یعنی اشتیاق امید کو چاہتا ہے۔ پس ناامیدی کے ساتھ کیونکر جمع ہو۔

الی منزل ناء لعینیک دان	غدت والثری اولی بہا من ولیہا

ترجمہ وہ علی الصباح ایسے دور مقام کیطرف چلی گئی جو آنکھوں کو پاس معلوم ہوتا ہے اور حال یہ ہے کہ اب ترمٹی اُسکے لیئے اُسکی کارساز یعنی مجھ سے زیادہ مناسب ہے

وتعترف الاحشاء بالخفقان	فلا وجد حتی تنزف العین ماءها

ترجمہ پس غم قابل لحاظ نہیں ہے جب تلک کہ آنکھ اپنا سارا پانی نہ نکال ڈالے۔ اور جب تلک کہ اعضاے باطنی خفقان و اضطراب کا اقرار نہ کریں۔

وقال ایضاً

خطر التقاصر دونہ الاخطار	قبر بحلوان استسر ضریحہ

حلوان بلد معروف۔ واستسر اخفی کمال الاخفاء۔ والضریح شق وسط القبر۔ والخطر الشرف ترجمہ حلوان میں ایک قبر ہے کہ اُسکے بیچ کے شگاف نے جو صندوقی قبر میں مردہ کے رکھنے کی جگہ ہوتی ہے ایسے شرف وبزرگی کو چھپایا ہے کہ تمام شرف وبزرگیاں مرتبے میں اُس سے ورے یعنی کم ہیں۔

فاسترجعت نزاعها الامصار	نفضت بک الاحلاس نفض اقامۃ

النفض التحریک للاخراج۔ والفعل مجہول۔ والخطاب للمرثی والاحلاس جمع حلس وہو ما یبسط تحت الفرش ولا یزال مبسوطا۔ ویستعار للفقیر العاجز فیقال ہو حلس البیت والضمیر المجرور فی نزاعہا للامصار لتقدمہ رتبۃ والنزاع جمع نازع وہو الغریب المسافر ترجمہ تیرے مرجانے کے سبب فقیر لوگ جو تیرے دروازے پر مثل ٹاٹ کے فرش کے ہمیشہ پڑے رہتے تھے مانند ہلانے ایک جمی ہوئی چیز کے ہلائے گئے۔ ناچار

وہ چل پڑے اور شہروں نے اپنے مسافروں کو لوٹا لیا۔ یعنی جہاں سے آئے تھے بسبب نہونے کسی سخی کے وہاں ہی چلے گئے۔

فاذهبتُ كما ذهبت غوادي مزنةٍ	اثنى عليها السهل والاوعارُ

ترجمہ اب تو ایسا جا جیسا کہ ابر صبح بار گیا کہ اُسکی میدان اور پہاڑ تعریف کرتے رہ گئے کیونکہ اسکا فیض باقی رہا ایسا ہی تیرا۔

سلكتَ بك العربُ السبيلَ الى العلى	حتى اذا سبق الردى بك حاروا

ضمیر المفعول فی سبق محذوف والاصل سبقهم ای تقدمهم او غلبهم ترجمہ تیری پیروی اور ہدایت سے عرب کے لوگ بلندی و شرف کیطرف راہ چلے یہانتک کہ تیری موت نے اُن سے پیش دستی کی یعنی تو اُن سے پہلے مرگیا تو وہ بلا ہادی حیران کھڑے رہ گئے۔

وقال ابو نشش الهلالی فی یعقوب بن داؤد

يعقوبُ لا تبعد وجُنّبتَ الردى	فلنبكينَّ زمانك الرطبَ الثرا

ترجمہ اے یعقوب تو نہ مرو اور تو ہلاکت سے بچایا جائیو یعنی تیرا نام نیک ہمیشہ دنیا میں رہیو۔ اب ہم کو چاہیے کہ تیرے زمانہ کو جسکی مٹی تر ہے یاد کر کے روویں کیونکہ تو ہمارے لیے مثل باران رحمت تھا۔

ولئن تهدّك البلاء بنفسه	فلقبيته انّ الكريم ليبتلا

تعهده لقیه۔ وعنی بالهلاک الموت او شدة الامر وان الکریم جواب القسم ترجمہ و بخدا اگر تجھ سے موت خود آن ملی اور تو اُس سے ملگیا تو اسکا کیا مضائقہ ہے کیونکہ سخی اور بھلے آدمی بیشک مصیبتوں میں مبتلا کیے جاتے ہیں۔

لوادی رجالا انهم بسونك بعدما	اغنيتهم من فاقةٍ كل الغنا

نهس اللحم اخذه بمقدم اسنانه ویکنی به عن الاغتیاب ترجمہ اور میں لوگوں کو دیکھتا ہوں کہ وہ تیری غیبت کرتے ہیں۔ بعد اسکے کہ تو نے انکو فاقہ سے غنی کامل کر دیا۔

لوانّ خيرك كان شرًّا كله	عند الذين عدوا عليك لما عدا

کله بالرفع تاکید للمستکن فی کان ترجمہ اگر تیری خیر جو ان سے تو نے کی اُن لوگوں کے حق میں جنہوں نے تجھپر زیادتی اور ظلم کیا بالفرض تمام شر ہوتے تو یہ شر تجھ تک نہ پہونچتے کیونکہ شر کی نسبت تیری طرف نہیں ہوسکتی بلکہ اس صورت میں بھی سراسر اُن لوگوں کا ہی قصور سمجھا جاتا۔

وقالت صفية الباهلية

كنا الغصنين في جرثومة سمقا	حينا باحسن ما يسمو له الشجر

ترنی اخاها۔ الجرثومة الاصل والسموق الطول والسمو العلو ترجمہ میں اور میرا بھائی مثل ایک بیخ کی دو تروتازہ شاخوں کے تھے جو ایک وقت معین تلک اُس درخت کی طرح جو عمدہ نشو و نما پاتا ہے بڑھے۔

حتے اذا قیل قد طالت فروعهما	وطاب فیئاهما واستنظر الثمر
اخنے علی واحدی ریب الزمان وما	یبقے الزمان علی شئی ولا یذر

الفئ الظل ستنظرة تنتظرو الفعل مجهول واخنی علیه اهلکه وریب الدهر صرفه وابقی علیه رحمه وودره ترکه ترجمہ یہاں تلک کہ جب کہا گیا کہ ان دونوں کی شاخیں خوب بڑھیں اور انکا سایہ عمدہ ہو گیا اور اُن کے بار آور ہونیکا انتظار کیا گیا تو گردش زمانہ نے میرے یگانہ اور اکلوتے کو ہلاک کر دیا اور یہ زمانہ کسی پر رحم نہیں کرتا اور نہ اسکو اچھوتا چھوڑتا ہے۔ یعنی سب کو ہلاک کرتا ہے

كنا كانجم ليل بينها قمر	يجلو الدجى فهوى من بينها القمر

ہوی سقط ترجمہ یعنی ہم سب گھر والے مثل رات کے ستاروں کے تھے کہ اُن میں ایک ایسا چاند تھا جو تاریکی کو روشن کرتا تھا سو اُن ستاروں میں سے چاند غائب ہو گیا یعنی ایک اندھیر ہو گیا۔

وقال التیمی ہو عبد اللہ بن ایوب المکنی ابا محمد من اهل الیمامة فی منصور بن زیاد

لهفی علیك للهفة من خائف	یبغی جوارك حین لیس مجیر

ترجمہ اے منصور میں تجھپر افسوس کرتا ہوں ایسا تاسف جو ایک خوفزدہ شخص کیطرف سے ہو جو تیری ہمسائگی اور پناہ چاہتا ہے جب اسکو دنیا میں کوئی پناہ دینے والا نہیں ہے۔ یعنی نہایت درجہ کا تاسف

اما القبور فانهن اوانس	بجوار قبرك والدیار قبور

انس بہ تالف بہ ترجمہ قبریں تو تیری قبر کی ہمسائگی کے سبب سے دل لگی کی جگہ ہو گئیں اور بستیاں بجہت وحشت کے مثل قبور کے وحشتناک۔

عمت فواضله فعم مصابه	فالناس فیه کلهم ماجور

ترجمہ اُسکے انعام سب لوگوں پر عام تھے اس لیئے اسکی مصیبت بھی سب کے لیئے عام ہے سو تمام لوگ اُسکے غم میں ماجور ہیں کیونکہ اُسپر گریہ بمنزلہ شکر اسکی نعمت کے ہے

یثنے علیك لسان من لم تولہ	خیرا لانك بالثناء جدیر

اولاہ خیرا اعطاہ ایاہ ترجمہ اُس شخص کی زبان جس کو تو نے کچھ نہیں دیا تیری تعریف کرتی ہے کیونکہ تو بالذات تعریف کے لایق ہے۔

فکانہ من نشرہا منشور	ردت صنایعہ الیہ حیوتہ

ترجمہ اسکے احسانات نے اسکی زندگی اسکی طرف لوٹادی کیونکہ اسکا ذکر خیر ہر جگہ ہے۔ پس گویا وہ بسبب شہرت احسانات کے اپنی قبر سے اٹھا یا گیا ہے یعنی دوبارہ زندہ کیا گیا ہے۔

فی کل دار رنۃ وزفیر	فالناس ماتمہم علیہ واحد

ترجمہ سو تمام لوگوں کی اسپر ایک ماتم ہے کیونکہ ہر گھر میں آواز گریہ اور چیخنا ہے پس یہ سب ملکر ایک ماتم ہے

فی جوفہا جبل اشم کبیر	عجبا لاربع اذرع فی خمسۃ

وانما قال اربع اذرع لان الذراع مونثۃ وفی خمسۃ لانہ اراد الاشبار والشبر مذکر ترجمہ میں تعجب کرتا ہوں ایسی زمین سے جس کا طول چار گز اور عرض پانچ بالشت ہو کہ اسکے درمیان ایک بڑا بلند پہاڑ یعنی ممدوح کیونکر سما گیا ہے

وقال نہار بن توسعۃ

ہو تیمی شاعر اسلامی یرثی اخاہ عتبان بن توسعۃ

حتی رزیتک والجدود تضعضع	عتبان قد کنت امرأ لی جانب

رزیت مجہول والتضعضع التخشع والجدۃ جرت مجری المثل ترجمہ ای عتبان میں ایک مرد تھا کہ میری ایک جائے پناہ اور جانب قوی تھی یہاں تلک کہ میں تیری مصیبت پر پہونچا یا گیا سو وہ پناہ جاتی رہی اور اسکا کیا مضائقہ ہے کیونکہ نصیبے اور بخت ذلیل ہوتے رہتے ہیں یعنی ہمیشہ ایک حالت پر نہیں رہتے۔

فنظرت قصدی واستقام الاخدع	قد کنت اشوس فی المقامۃ سادرا

الشوس محرکۃ النظر بموخر العین تکبرا ولذا یکنی بہ عنہ۔ والمقامۃ محلۃ القوم۔ والسادر من لا یبالی بامر والقصد الاعتدال والاخدع عرق فی العنق یظہر عند لی العنق ولذا یکنی بہ عن التکبر ویقال للمتکبر لاقیمن اخدعیک ای لاذہبن کبرک ترجمہ میں قیام گاہ اور مجمع قوم میں بہت کبر سے گوشہ چشم سے لاابالیانہ دیکھتا تھا سو اب تیرے مرنے کے بعد میں نے اپنے اعتدال کو دیکھا اور رگ گردن سیدھی ہو گئی۔ یعنی وہ سب بے راہیاں جو تیرے گھمنڈ پر کرتا تھا اور مروڑا اور بل جاتا رہا۔

قد کنت اعطی ما اشاء وامنع	وفقدت اخوانی الذین بعیشہم

ترجمہ اور میں نے ایسے بھائیوں کو گم کیا جن کی زندگی اور خوشحالی کے سبب میں جس کو جو چاہتا تھا دیدیتا تھا اور جسکو جس چیز سے چاہتا تھا منع کر دیتا تھا۔

ارنی برایک ام الی من افزع	فلمن اقول اذا تلم ملمۃ

ترجمہ اب جب کوئی مصیبت نازل ہوگی تو کس سے کہونگا کہ تو مجھے مشورہ دے اور کس کے پاس

گھبرا کر جاؤنگا یعنی ایسا کوئی نہیں رہا

يُبكي عليكَ مقنَّعاً لا تسمعُ	وليأتينَّ عليكَ يومٌ مرّة

ترجمہ اور قائل بیشک تجھپر ایک دفعہ ایسا دن آویگا کہ تجھپر گریہ کیا جائیگا جب کہ تیرا کپڑے سے منہ ڈھکا ہوگا کہ تو کچھ نہیں سنے گا۔ شاعر اس سے اپنی تسلی کرتا ہے۔

وقال یزید بن عمرو الطائی

وعاد احتمامٌ ليلتي فاطالها	اصابَ الغليلُ عبرتي فاسالها

الغليل بالمعجمة حرارة الجوف والاحشاء والاحتمام ان لاينام الانسان من الهم او القلق والانزعاج۔ ترجمہ میرے آنسوؤں کو سوزش درد آگئی سو اُن کو بہادیا اور قلق اور اضطراب اور شب بیداری رات کو دوبارہ آلپٹی سو اسکو بیجینی کے سبب دراز کردیا۔

نخيلٌ اتاها عاضدٌ فامالها	الا من رأى قوماً كانّ رجالهم

العاضد قاطع النخل ترجمہ کہو تو کس نے ایسی قوم دیکھی ہو کہ اُسکے مرد درازی میں گویا درخت خرما ہیں کہ اُنکے پاس درخت کا کاٹنے والا آیا اور اُن کو کاٹ کر زمین پر گرادیا۔ یعنی یہ حال میری قوم کا ہے۔

واعلمُ ان لا زيغَ عمّا مُنی لها	أدفِنُ قتلاها واسوجراحها

المضارع حكاية حال ماضية او على الاصل والمجرور للرجال۔ والاسا الجراح والدواء۔ والجراح جمع جريح۔ والزيغ العدول۔ ومنى مجهول معناه قدر ابدلت الياء الفاً على لغة طي فان الشاعر طائیؒ ترجمہ میں اُن کے مقتولوں کو دفن کرتا تھا یا دفن کرتا ہوں اور اُن کے زخموں کی دوا دار و کرتا تھا اور یہ بات جانتا تھا کہ جو اُن کے لیئے مقدر تھا اُس سے عدول نہیں ہوسکتا۔

يزيدُ بنُ عمروٍ واتها فاهتدى لها	وقائلةٍ من امّها طال ليله

الواو واو رب ومن موصولة وامّه قصده والجملة مفعول القول والمصراع الثاني استيناف ترجمہ اور بہت سی عورتیں ایسا بات کی کہنے والی ہیں کہ جو اُن مقتولوں کے پاس جاوے تو اُسکی رات غم کے سبب دراز ہو جاوے سو یہ اُنکا قول درست نکلا کیونکہ یزید بن عمرو نے اُنکا قصد کیا اور تلاش وہاں پہنچا اور اُسکی رات شدت بیچینی سے دراز ہوگئی

وقال قسامۃ بن رواحۃ السنبسی

طِرادُ الحواشي واستراقُ النواضحِ	لبئسَ نصيبُ القومِ من اخويهم

اراد باخويهم صاحبيهم وكان قد قتل منهم رجلان والطراد السوق والحواشي صغار الابل والاستراق اخذ الشئ بالسرقة والنواضح الابل التي تسقي الزرع والنخل ترجمہ شتران خورد کا ہنکالانا اور شتران آب کش کا چرالانا بعوض خون اپنے دو بھائیوں کے بخدا قوم بیشک برا حصہ قوم کا ہے یعنی یہ دونوں امر اخذ انتقام کے لیے کافی نہیں ہیں بلکہ خون کا بدلہ خون لینا چاہیئے الغرض شاعر لڑائی کیواسطے اپنی قوم کو برانگیختہ کرتا ہے

وما زال من قتلى رزاح بعالج	دمٌ ناقعٌ او جاسدٌ غير ماصح

رزاح بتقديم المهملة ككتاب بطن من طئ ومن قضاعة ومن تغلب وعالج موضع فيه رمل كثير- والناقع الطري والجاسد اليابس والماصح بالمهملتين الذاهب الماضي- ترجمہ جن مقتولوں کو قوم رزاح نے عالج کے مقام پر قتل کیا ہے- ہمیشہ انکا تر یا خشک خون قائم و ثابت رہیگا- یعنی جب تلک اُن مقتولوں کا خون دشمنوں کے خون سے نہ دہویا جاویگا تب تلک یہ خون بنا رہیگا پس ترک انتقام ایسی صورت میں سخت نامردی ہے

دعا الطير حتى اقبلت من ضرية	دواعي دمٍ مهراقةٍ غير بارح

الضمير في اقبلت للطير وضرية قرية بين البصرة ومكة مسكن سباع الطير- ودواعي فاعل دعا والبارح الزائل والجملة نعت دم ترجمہ ایسے خون ریختہ نے جسکی عار و ننگ بے اخذ انتقام جانیوالی نہیں ہے گوشت خوار پرندوں کو گوشت کھانیکے لیئے بلوایا یہانتک کہ مقام ضریہ سے جو بہت فاصلہ پر ہے اور جہاں ایسے پرندے بکثرت رہتے ہیں خون کی بو سونگھہ کر چلے آئے- یعنی ایسی خونریزی کثیر کا انتقام ضرور لینا چاہیئے-

عسى طئٌ طئٌ من طئ بعد هذه	ستطفئ غُلّاتِ الكلى والجوانح

من طئ متعلق تطفي والغلة العطش والحرارة- والكلى جمع كلية والجوانح الضلوع- ترجمہ قریب ہے کہ بعد اس جنگ کے قوم طے اپنے گردوں اور پسلیوں کی حرارت و سوزش قوم طے کے خون سے بجھاوے یعنی ایک دوسرے سے اور یہ اس لیئے کہا کہ فریقین بنی طے سے تھے-

وقال سليمان بن قتة العدوي

هو اسلامي وقتة بالقاف فالفوقانية امه يرثي حسين بن علي رضي الله تعالى عنه

مررت على ابيات آل محمدٍ	فلم ارها امثالها يوم حلّت

ترجمہ- میں آل محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے گہروں پر گزرا تو میں نے اُن کو ایسا نہ پایا جیسے وہ گہر اُس روز تھے جب اُن میں اُن کے رہنے والے فروکش کیئے گئے تھے- یعنی میں نے انکو خالی اور وحشتناک ایک ہُو کا مقام پایا-

فلا يبعد الله الديار واهلها	وان اصبحت منهم برغمي تخلّت

ترجمہ خدا اُن گھروں کو اور ان کے مالکوں کو ہلاک نہ کرے اگرچہ وہ گھر اب تو میرے خلاف مرضی اُن لوگوں سے خالی ہو گئے ہیں۔

اذلت رقاب المسلمین فذلت	الا ان قتلی الطف من آل ہاشم

الطف موضع قریب الکوفۃ ویقال لہ الکربلاء ترجمہ سن لے کہ مقتولان بنی ہاشم نے جو بمقام طف شہید ہوئے اور مسلمانوں کی گردنوں کو ذلیل کر دیا سو ذلیل ہو گئیں یعنی وہ لوگ سردار تھے اُن کی ذلت تمام مسلمانوں کی ذلت ہے

الا عظمت تلک الرزایا وجلت	وکانوا غیاثا ثم اضحوا رزیۃ

ترجمہ وہ مقتول مظلوموں کے فریادرس تھے پھر وہ خود ایک مصیبت ہو گئے سن لے کہ یہ مصائب بہت بڑے ہیں۔

قتیلۃ بنت النضر

وقالت قتیلۃ بنت النضر بن الحارث بن علقمۃ بن کلدۃ بن عبد مناف بن عبد الدار

شاعرۃ مخضرمیۃ صحابیۃ ترثی اباہا وکان قد قتل صبرا یوم بدر قتلہ علی کرم اللہ وجہہ بامرہ صلعم اذ کان یوذیہ شدیدا وقتیلۃ ابنتہ لما جاءت النبی صلعم وانشدت ہذہ الابیات رق لہا وبکی صلعم وقال لو بلغنی من قبل لعفوت عنہ ثم قال لا تقتل قریش صبرا بعد ہذا۔

من صبح خامسۃ وانت موفق	یا راکبا ان الاثیل مظنۃ

نصب راکبا علی انہ منادی غیر معین والاثیل بالثلثۃ مصغرا موضع دفن فیہ النضر والمظنۃ الموضع یقال فلان مظنۃ للخیر ای یظن فیہ وجودہ والخامسۃ نعت لیلۃ ترجمہ ای سوار مقام اثیل جہاں نضر مدفون ہے صبح شب پنجم میں تیرے پہونچنے کی جگہ ہے اور تجکو توفیق پیام رسانی کی یا خبر کی دیگئی ہے۔

ما ان تزال بہا الرکائب تخفق	ابلغ بہ میتا فان تحیۃ
جادت لمائحہا واخری تخنق	منی الیہ وعبرۃ مسفوحۃ

المجرور فی بہ للاثیل ومیتا مفعول اول للتبلیغ ومفعولہ الثانی محذوف ای تحیۃ وسلاما وکلمۃ ان زائدۃ لتاکید النفی والمجرور فی بہا التحیۃ والرکائب الابل وتخفق تضطرب وتتحرک ومنی متعلق بلغ وجملۃ ما ان تزال خبر ان وعبرۃ معطوف علی تحیۃ۔ والمائح من یدخل البیر لیملأ الدلو وذلک لقلۃ الماء وخنقہ اخذ حلقہ

ترجمہ سو تو اُس میت کو جو مقام اثیل میں مدفون ہے میرا سلام پہونچا دے کیونکہ بیشک ہمیشہ شتر سوار میرا سلام لیکر وہاں جاتے ہیں اور میرے اشک ریختہ کی جو اپنے جمع کرنیوالے یعنی متوفی پر کہ جو باعث اشک ریزی ہے برس پڑے ہیں اور دوسرے اشک کے جو گلے میں گرہ ہو کر رہگیا ہے اور بولنے نہیں دیتا اُسکو خبر دے

ان کان یسمع میت او ینطق	فلیسمعن النضر ان نادیتہ

ترجمہ سو بیشک نضر میری آواز سنیگا اور جواب دیگا اگر واسکو پکاریگا اگر مردہ سنتا یا بولتا ہے۔

للہ ارحام ھناک تشقق	ظلت سیوف بنی ابیہ تنوشہ

ناشہ نوشا تناولہ وتشقق الارحام کنایۃ عن عدم الشفقۃ ترجمہ اسکو تلواریں اُسکے جد اعلیٰ کی اولاد کی یعنی بنی ہاشم کی کہانے لگیں سو مجکو اُن قرابتوں پر تعجب آتا ہی جو اسجگہ پارہ پارہ کی گئیں یعنی اسیر رحم نہ کیا گیا۔

من قومہا والفحل فحل معرق	امحمد ولانت ضنوء نجیبۃ
من الفتیٰ وھو المغیظ المحنق	ماکان ضرک لو مننت وربما

الہمزۃ للنداء وتنوین اسمہ صلعم مع کونہ منادیٰ مفرد للضرورۃ والواو للاعتراض الضنو بکسر المعجمۃ فالنون فالہمزۃ الولد والنجیبۃ الحرۃ الکریمۃ والفحل عطف علی الضنو والفحل المعرق بدل منہ والمعرق من الفحول مالہ عرق کریم واصل شریف والمغیظ من غاظہ عدوّہ والمحنق من احنقہ اذا اغضبہ ترجمہ اے محمد صلعم تم بیشک اپنی قوم کے آزاد باعزت عورت کے بیٹے ہو اور بیشک تم ایک نسل دار نر ہو اگر تم نضر کو قتل نہ کرتے اور اُسپر احسان رکہتے تو تمہارا کیا نقصان تھا اور بسا اوقات باہمت مرد اُس شخص پر احسان رکہتا ہے جو اُسکو خشمناک کرے ایسے وقت میں کہ وہ خود خشمناک ہوتا ہے۔

واحقہم ان کان عتق یعتق	والنضر اقرب من اصبت وسیلۃ

کان تامۃ ویعتق مجہول ومتعلقہ محذوف ای انکان عتق یعتق بہ ترجمہ اور جن لوگوں کو آپ نے قتل کیا اُنہیں نضر بلحاظ وسیلہ قریب تر تہا کیونکہ وہ آلِ عبد مناف سے تہا اور رہائی کا سزاوار تہا اگر ایسی رہائی کی ٹہیرے جس سے لوگ آزاد کیئے جاویں۔

ترجمہ اور زمانہ اسی طرح کی تفریق اور تالیف اپنے تصرف میں کیا کرتا ہے اور زمانہ تلک انتقام نہیں پہونچ سکتا یعنے اُس سے کوئی انتقام نہیں لے سکتا۔

وسُوتُمجین تقادم الامر	کنتُ الضنین بمن اُصبت بہ

ترجمہ جس شخص کی میں مصیبت پہونچایا گیا ہوں اُس کے معاملہ میں بخیل تھا یعنی اُس کے ہر وقت ساتھ رہتا تھا جیسا بخیل اپنے مال کے ساتھ مگر جب کہ یہ صدمہ پُرانا ہو گیا تو میں اُسکو بھول گیا یعنی ایسا ہو گیا کہ گویا کہیں ساتھ ہی نہیں رہے تھے۔

یکفاک عند نزولہا الصبرُ	ولخیرُ حظِّک فی المصیبۃ اَن

ترجمہ اور بیشک تیرا عمدہ حصہ مصیبت میں یہ ہی کہ جب وہ مصیبت آوے تو تجھے صبر آملے۔

وقالت میّۃ ابنۃ ضرار الضبیۃ

زینُ المجالس والندیّ قبیصا	لاتبعدن وکلُّ شیءٍ ذاھبٌ

نصب زین المجالس علی النداء۔ والندی المجلس۔ قبیصا ترخیم قبیصۃ وہو عطف بیان ترجمہ اے زینتِ مجالس و محافل قبیصہ خدا تجھے ہلاک نہ کرے پھر سنبھلکر کہتی ہو کہ کیا کیجئے کہ ہر شے ہلاک ہونے والی ہے اس سے احتراز ممکن نہیں۔

بطنا من الزاد الخبیث خمیصا	یطوی اذا ما الشحُّ ابھم قفلہ

طی البطن کنایۃ عن الصبر علی الجوع۔ وابہام القفل ان لایدری کیف یفتح وکنی بہ عن اشتداد البخل الخمیص الخالی نعت لبطنا ترجمہ جب کہ بسبب شدۃ قحط کے قفل بخل مستحکم اور بند ہو جاتا تھا تو میرا بھائی قبیصہ بُرے توشہ سے جو غارتگری دشمنان سے حاصل ہو اپنے شکم کو مسوستا اور لپیٹتا تھا یعنے بھوکا رہتا مگر ایسا توشہ نہ کھاتا۔

وقال عکرشۃ العبسی فی بنیہ

بحاضر قنسرین من سبل القطر	سقی اللہ اجداثا ورائی ترکتہا

حاضر قریۃ بقنسرین من بلاد الشام۔ والسبل المطر ومن متعلقۃ بسقی ترجمہ اُن قبور کو جن کو میں اپنے پیچھے بمقام حاضر قنسرین چھوڑ آیا ہوں خداوند تعالے قطرات باران سے ترکرے تاکہ اُنکے آثار باقی رہیں۔

من الدہر اسبابٌ جرین علی قدر	مضوا لایریدون الرواح وغالہم

غالہم اہلکم۔ والرواح العود الی البیت عشیا ترجمہ میرے بیٹے ایسے گئے کہ شام کو اپنے گھر لوٹنے کا اُن کا ارادہ نہ تھا۔ اور زمانہ کے سببوں نے جو لیک اندازہ پر ظاہر ہوتے ہیں اُن کو ہلاک کیا۔

معی وغدوانی المصلحین علی ظہرا	ولو یستطیعون الرواح تروحوا

تروح القوم اذ استوار واتغا۔ وآصبح الرجل اذا دخل فی الصبح۔ والظہر الرکاب ترجمہ اگر وہ لوگ بوقت شام چلنے کی طاقت رکھتے تو میرے ساتھ چل پڑتے اور جو صبح چلنے کی طاقت رکھتے تو اُن لوگوں کے ساتھ جو صبح کو آئے علی الصباح سوار ہو کر آجاتے ۔

لعمری لقد واریت وسمت قبورہم	اکفا شدادا لقبض بالاسل السمر

ترجمہ اپنی زندگانی کی قسم بیشک اُنکی قبروں نے ملا لیا اور چھپا لیا اُن ہاتھوں کو جو گندم گوں نیزوں کو مضبوط پکڑ نیوالے تھے

یذکرنیہم کل خیر رایتہ	وشر فما انفک منہم علی ذکر

الذکر بضم الذال یکون بالقلب وبکسرہا یکون باللسان ترجمہ بھلائی اور برائی جو میں نے دیکھی ہی مجھکو اُنکی یاد دلاتی ہے سو میں اُن کی یاد سے کبھی جدا نہیں ہوتا یعنی اُن کا یہ حال مجکو ہر وقت یاد رہتا ہے کہ وہ اپنے احباب کے لیئے محض خیر اور دشمنوں کے لیئے محض شر تھے ۔

وقال رجل من بنی اسد

یرثی اخاہ وکان قد مرض فی غربۃ فسالہ الخروج بہ ہربًا من موضعہ فمات فی الطریق ۔

ابعدت من یومک الفرار فما	جاوزت حیث انتہی بک القدر

البعدہ جعلہ بعیدًا۔ ومن متعلق بابعدت ترجمہ تو اپنے یوم معین یعنے موت سے بہت دور بھاگا سو تو اُس مکان سے جہاں تیری موت مقدر ہو چکی تھی ذرہ بھی نہ بڑھا یعنے وہاں ہی مرا

لو کان ینجی من الردی حذر	نجاک مما اصابک الحذر

ترجمہ اگر ہلاکی سے کوئی احتیاط بچاتی ہوتی تو تجکو اُس موت سے جسنے تجھے آلیا تیری احتیاط بچالیتی

یرحمک اللہ من اخی ثقۃ	لم یک فی صفوودہ کدر

ترجمہ خدا تجپر رحمت کرے تو ایسا قابل اعتماد شخص تھا کہ اُسکی صاف محبت میں کدورت کا نام بھی نہ تھا

فہکذا یذہب الزمان ویفنی	العلم فیہ ویدرس الاثر

ترجمہ یو ں زمانہ ایسا ہی چلا جاتا ہی اور علم اہل علم کے فنا سے فنا ہو تا ہی اور علم و فضل کی نشانیاں کہنہ ہوتی ہیں

وقالت ام قیس الضبیہ

من للخصوم اذا جد الضجاج بہم	بعد ابن سعد ومن للضمر القود

جد الشئے اذا بلغ غایتہ۔ والضجاج رفع الصوت۔ والضمر جمع ضامر وہو یابس الجنبین من الخیل والقود جمع اقود وہو الطویل العنق من الفرس۔ ومن لفظ استفہام والمعنے التوجع ترجمہ بعد وفات ابن سعد کے جبکہ جھگڑا جھگڑنے

والوں کا نہایت درجہ کو پہونچیگا اُس کا کون فیصلہ کریگا کیونکہ ایسا ہیچ آدمی اور کوئی نظر نہیں آتا۔ اور
کون تیز رو چھریرے اور دراز گردن گھوڑوں کی قدر کرے گا۔

ومشهدٍ قد كفيتَ الغائبين به	في مجمعٍ من نواصي الناس مشهودِ

كفاه فلان اذا قام مقامه۔ والباء بمعنى في۔ والنواصي الناس اشرافهم ترجمہ اور بہت سی پنچایتیں ہیں
کہ تو نے اُن میں غیر حاضر لوگوں کی کارسازی کی اشراف لوگوں کے مجمع میں جنمیں تمام سردار اشراف موجود تھے

فرّجتَه بلسانٍ غير ملتبسٍ	عند الحفاظ وقلبٍ غيرِ مزؤدِ

الضمير المنصوب للمشهد والملتبس المشتبه۔ والمزؤد المخوف ترجمہ تو نے اپنے کلام فصیح وبیان صاف سے
اور ایسے دل سے جسپر بوقت حفاظت آبرو کسی کی ہیبت نہیں پڑتی تھی اُس مجمع کی دشواریاں اور
جھگڑے دور کر دیئے۔

اذا قناةُ امرءٍ ازرى بها خَوَرٌ	هزّ ابن سعدٍ قناةً صلبةَ العُودِ

القناة قصب الرمح وكنى به عن الاباء والامتناع او عن العز والمجد۔ وازرى به عابه ونقص من عرضه والخور
محركة الضعف والوهن ترجمہ جبکہ کسی مرد کی عزت وشرف وقوت کو ضعف وکمزوری عیب لگا دے
تو ابن سعد اُس کی حمایت کے لیئے ایسا نیزہ ہلا دے جس کی چھڑ سخت ہے۔

وقال النابغة الجعدي

الم تعلمي انّي رُزِيتُ محاربا	فما لكِ منه اليومَ شيءٌ ولا ليا

ترجمہ اپنی زوجہ ام محارب کو خطاب کر کے کہتا ہے کہ کیا تو نہیں جانتی کہ میں اپنے بیٹے محارب کی مصیبت
پہونچایا گیا سو آج نہ تیرے لیئے اُسکی کوئی چیز ہے نہ میرے لیئے یعنے سوائے غم اُسکی یادگار میرے
اور تیرے پاس نہیں ہے۔

ومن قبله ما قد رُزِيتُ بوحوحٍ	وكان ابنَ امّي والخليلَ المصافيا

ترجمہ اور اُس سے پہلے میں وحوح کی مصیبت پہونچایا گیا اور وہ میری ماں کا بیٹا اور خالص دوست تھا

فتىً كملت خيراتُه غيرَ انّه	جوادٌ فما يُبقي من المال باقيا

ترجمہ وہ ایسا جوان مرد تھا کہ اچھی صفات اُس میں کمال کو پہونچ گئی تھیں سوائے اُسکے وہ بیشک
سخی تھا کہ اپنا سارا مال خرچ کر ڈالتا تھا۔

فتىً كان فيه ما يسُرُّ صديقَه	على انّ فيه ما يسوءُ الاعاديا

ترجمہ وہ ایسا جوان مرد تھا کہ اُس میں وہ اوصاف تھے جو اُسکے دوست کو خوش کریں علاوہ اُسکے اسمیں

وہ باتیں تھیں جو اُس کے دشمنوں کو ناراض کریں۔

وقال رجل من بنی ہلال فی ابن عم لہ

ابعد الذی بالنعف من آل ماعز	یرجی بمران القری ابن سبیل

الہمزۃ للانکار والاستبعاد۔ والنعف ما انحدر من الجبل و ارتفع من الوادی فکان فیہ صعود وہبوط و آل ماعز بطن من ہلال ترجمہ کیا اُس شخص کے پیچھے جو اولاد ماعز سے ترائی یا گھاٹی میں دفن ہوا کوئی مسافر بمقام مران ضیافت کی امید کر سکتا ہے یعنی نہیں کر سکتا کیونکہ اب کوئی سخی باقی نہیں رہا۔

لقد کان للسارین ای معرس	وقد کان للغادین ای مقیل

الساری من یسیری لیلاً۔ والغادی من یسیر فے الغداۃ۔ والمعرس موضع التعریس ای النزول عند الصبح و المقیل موضع القیلولۃ ترجمہ بخدا وہ شخص رات کے سفر کرنیوالوں کے لئے بوقت صبح عمدہ فرودگاہ تھا اور صبح کے سفر کرنیوالوں کے واسطے قیلولہ یعنے خواب نیم روز کے لیئے نہایت اچھی جگہ تھا یعنی ان دونوں وقتوں میں مسافر اُس کے ہاں آرام پاتے تھے۔

بنی المحصنات الغر من آل مالک	یربین اولاد الخیر حلیل

نصب علے المدح۔ والمحصنۃ بفتح الصاد الحرۃ العفیفۃ۔ والغر جمع اغر او غرا ء فعلے الاول لغت بنی وہو منصوب و علی الثانی لغت المحصنات وہو مجرور۔ والحلیل الزوج ترجمہ میں تعریف کرتا ہوں آزاد پاکدامن روشن رو عورتوں کی اولاد کی آل مالک سے جو اچھے شوہر کی اولاد کی پرورش کرتی ہیں

وقال کبد الحصاۃ العجلی

الا ہلک المکسر یال بکر	فاودی الباع والحسب التلید

خاطب آل بکر بن وائل لان بنی عجل من بکر۔ واودی اشئے ہلک۔ والباع الکرم مجازاً عن الید۔ والتلید القدیم ترجمہ اے آل بکر خبردار ہو کہ مکسر مر گیا سو اُسکے ساتھ سخاوت اور عزت قدیم ہلاک ہو گئی۔

الا ہلک المکسر فاستراحت	حوافی الخیل والحی الحرید

الحوافی جمع حاف من الحفا وہو رقۃ القدم والخف والحافر۔ والحرید المنفرد منہ کوکب حرید ترجمہ سنو کہ مکسر ہلاک ہو گیا سو اُس کے مرنے سے گھوڑوں کے سم گھسے ہوئے اور رہی ہوئے جو بسبب کثرت سفر و جنگ گھس گئے تھے اور قوم دشمنوں کی جو اپنے مددگاروں سے جدا تھی آسایش میں ہو گئی۔

وقال ابن اہبان الفقعسی فی اخیہ

علےٰ مثلِ ہمّامٍ تشقُّ جیوبہا	وتحلِقُ بالنّوحِ النساءُ الفواقدُ

الفواقد جمع فاقدۃ ہے التی مات زوجہا او ولدہا ترجمہ وہ عورتیں جن کے شوہر یا اولاد مرگئی ہیں ہمّام جیسے شخص کے لیئے اپنے گریبان چاک کرتی ہیں اور آوازِ گریہ بلند کرتی ہیں یعنی اُنپر اُس شخص کا مرنا صدماتِ سابقہ سے بڑھ کر تھا کہ وہ اُن کا مربی تھا۔

فتیً الحیِّ ان تلقاہ فی الحیِّ اویرے	سوی الحیِّ اوضمّ الرجال المشاھدُ

عنی بالمشاہد مشاہد الحرب او الخصومۃ ترجمہ وہ قوم میں جوان مرد تھا خواہ اُس کو تو قوم میں دیکھے یا بدُنسا قوم کے اور جگہ یا جب کہ جمع کریں لوگوں کو لڑائی کے میدان یا پنچایتیں یعنی اُسکی بہادری اور جرأت سب جگہ عام تھی۔

اذا نازع القوم الاحادیث لم یکن	عییًّا ولا ربًّا علی من یقاعدُ

نازعہ القوم نادلوہ ترجمہ جبکہ قوم جھگڑے کی باتیں شروع کریں تو وہ عاجز اور سست بیان نہ تھا اور نہ اپنے ہمنشین پر بھاری اور غالب یعنے نرم خو تھا۔

طویلُ نجادِ السیفِ یصبح بطنُہ	خمیصًا وجادیہ علی الزاد حامدُ

الخمیص الخالی۔ والجادی طالب الجدوی ترجمہ وہ دراز قامت قوی تھا کہ اُس کا شکم کھانے سے خالی رہتا تھا اور اُس کا سائل اور بخشش طلب کرنے والا اُس کے توشہ دینے پر اُس کا ثنا خوان تہا۔ یعنی باوجود اپنی حاجت کے اوروں کو دیتا تھا۔

وقال ابن عمار الاسدی یرثی ابنہ معینًا

ظللت بخسرِ سابورِ مقیمًا	یؤرّقنی انینُک یا معینُ

خسر سابور بلد من بلاد العجم معرب خسرو شاپور وہما ملکان من الفرس والتاریخ الاسہار ترجمہ میں بمقام خسرو شاپور ایسی حالت میں مقیم رہا کہ تیرے کراہنے نے اے معین مجھکو سونے نہیں دیا۔

وناموا عنکَ واستیقظتُ حتّی	دعاکَ الموتُ وانقطع الانینُ

ترجمہ اور تجہ سے غافل ہوکر اور بیماردار سو گئے اور میں جاگتا رہا یہان تلک کہ تجکو موت نے بلالیا اور تیرا کراہنا موقوف ہوگیا۔

وقال طریف بن ابی وہب العبسی یرثی ابنہ

اَرابعَ مہلًا بعض ھذا واجملے	ففی الیاس ناہٍ والعزاءُ جمیلُ

الہمزۃ للنداء وَرابعُ ترخیم رابعۃ۔ ومَہلًا یستوی فیہ المذکر والمونث والمفرد والجمع۔ واجمل اتی بامر جمیل

ابن عمار الاسدی

طریف بن ابی وہب

وغلب فی الصبر الجمیل ترجمہ اے میری زوجہ رابعہ کسیقدر اس غم والم کو چھوڑ اور اچھا صبر کر اور اپنے بیٹے عبداللہ کی ملاقات سے نا امید ہو جا کیونکہ یاس میں رونے سے منع کرنیوالی چیز ہے اور صبر عمدہ شئے ہے

فانّ الذی تبکین قد حال دونہ	تراب وزوراء المقام دحول

الفاء للتعلیل والزوراء المنحرفۃ نعت حضرۃ وکنی بہ عن اللحد والدحول بالمہملتین البیر الضیقۃ الفم الواسعۃ الجوانب ترجمہ کیونکہ وہ شخص جسکو تو روتی ہے اُس سے ورے بہت سی مٹی اور ٹیڑھا مقام موہنہ کا تنگ اور پیچ کا چوڑا یعنے لحد حائل ہوگیا ہے اب ملنا ممکن نہیں ہے۔

نحاہ للحد زبرقان وحارث	وفی الارض للاقوام قبلک غول

نحاہ جعلہ فی ناحیۃ۔ والغول الہلاک والمنیۃ والداہیۃ ترجمہ اُس کو لحد کے کونے میں زبرقان اور حارث نے رکھدیا اور تیرے اس صدمہ سے پہلے زمین پر تمام قوموں کے لئے ہلاکت وموت اور آفت واقع ہوئی ہے یعنے صدمہ خاص تیرے ہی لئے نہیں پس صبر لازم ہے۔

وای فتیً واروہ ثمّت اقبلت	اکفّہم تحثی معًا وتہیل

ہال التراب وحثاہ صبّہ الا ان الحثی لایکون الا مع رفع التراب۔ والاہیل الارسال من غیر رفع ترجمہ اور کیسے عمدہ جوانوں کو لوگوں نے زمین کے تلے چھپا دیا پھر اُنکی ہتھیلیوں نے ایک ساتھ اُسپر اُٹھاکر مٹی ڈالی اور گھسیر ائے۔

وظلّت بی الارض الفضاء کانما	تصعّد بی ارکانہا وتجول

الفضاء الواسع۔ وجملۃ التشبیہ خبر ظلت۔ وکنی بالتصعید والجولان عن الضیق والارکان الاطراف ترجمہ اور میرے لئے فراخ زمین ایسی تنگ ہوگئی کہ گویا اُسکے اطراف مجکو آسمان کی طرف چڑھاتے ہیں اور گھماتے ہیں

وشدّ الی الطرف من کان طرفہ	بعہد عبید اللہ وہو کلیل

ترجمہ اور مجکو سخت نظر سے اُس شخص نے دیکھا جسکی آنکھہ عبداللہ کی زندگی میں درماندہ اور تھکی ہوئی تھی یعنی اب لوگ مجکو کمزور سمجھنے لگے۔

لئن کان عبد اللہ خلّی مکانہ	علے حین شیبی بالشباب بدیل
لقد بقیت منی قناۃ صلیبۃ	وان مسّ جلدی نہکۃ وذبول

النہکۃ الضعف ترجمہ بخدا اگر عبداللہ اپنی جگہہ خالی چھوڑ گیا ایسے وقت میں کہ میری پیری جوانی کے بدلے آگئی ہے تو کیا مضایقہ ہے کیونکہ بیشک اب بھی میرے لئے نیزہ مضبوط یعنی عزت قوی باقی ہے اگرچہ میرے بدن کی جلد کو ضعف اور لاغری آلگی ہے۔

وما حالۃ الا ستصرف حالہا	الی حالۃ اخری وسوف تزول

ترجمہ کوئی ضعف اور قوت کی حالت نہیں ہے مگر وہ ایک حال سے دوسرے حال میں ہوجاتی ہے اور کچھ دیر بعد وہ بھی جاتی رہتی ہے۔

وقال العتبی

ہو محمد بن عبداللہ بن عمرو بن معاویۃ بن عمرو بن عتبۃ بن ابی سفیان بن حرب الاموی فالعتبی منسوب الی جدہ الاعلی عتبۃ بن ابی سفیان شاعر مجید وفاضل ربیب یرثی احد بنیہ وقد ماتوا علی التوالی ۔

وقاسمنی دھر بنیّ مشاطراً	فلما تقضی شطرہ عاد فی شطری

المشاطر من شاطرہ مالہ اذا ناصفہ ایاہ ۔ والتقضی الاستیفاء ترجمہ اور میرے زمانہ نے مجھسے میرے بیٹے نصفا نصف تقسیم کرلیئے سو اُس نے جب اپنا نصف حصہ پورا لے لیا تو میرے نصف حصہ میں لوٹ پڑا

الا لیت امّی لم تلدنی ولیتنی	سبقتک اذ کنّا الی غایۃ نجری

ترجمہ سن اے متوفی کاش میری ماں مجکو نہ جنتی اور اگر جنا تھا تو میں کاش تجھسے پہلے مرجاتا کیونکہ ہم دونوں ایک نہایت کی طرف چلتے تھے ۔

وکنت بہ اُکنی فاصبحت کلما	کُنیت بہ فاضت دموعی علی نحری

ترجمہ اور میں اُس کے ساتھ کنیت کیا جاتا تھا سو اب میں ایسا ہوگیا کہ جب اُسکے ساتھ کنیت کیا جاتا ہوں تو میرے آنسو میری چھاتی پر بہنے لگتے ہیں ۔

وقد کنت ذا ناب وظفر علی العدی	فاصبحت لا یخشون نابی ولا ظفری

کنی بالناب والظفر عن السلاح ترجمہ اور میں دشمنوں پر حربہ والا تھا سو اب میں ایسا ہوگیا کہ دشمن میرے حربہ اور ہتھیار سے نہیں ڈرتے ۔

وقالت امرأۃ ترثی اباہا علیاً

اذا مادعا الداعی علیاً وجدتنی	اراع کما راع العجول مھیب

العجول الناقۃ التی فقدت ولدہا من موت او ذبح وتکون محزونۃ ضعیفۃ القلب ۔ والمھیب من اہاب الراعی بابلہ اذا دعاہا الیہ بارفع صوتہ ثم استعمل فی کل دعوۃ ترجمہ جبکہ کوئی پکارنے والا کسی شخص کو جس کا نام علی ہو پکارتا ہے تو مجکو دیکھیگا کہ میں ایسی ڈرائی جاتی ہوں جیسے اُس ناقہ کو جس کا بچہ مرگیا ہو چرواہا بلند آواز سے پکارنے والا ڈرا دیتا ہے ۔

وکم من سمیٍّ لیس مثل سمیّہ	وان کان یدعیٰ باسمہ فیجیب

ترجمہ اور بہت سے ہمنام اپنے ہمنام کے موافق اخلاق وفضائل میں نہیں ہوتے اگرچہ وہ اُس نام سے پکارے جاتے ہیں اور وہ جواب دیتے ہیں۔

رجل من کلب

وقال رجل من کلب

لحا اللّٰہ دھرًا شرّہ قبل خیرہ	ووجدا بصیفی اتی بعد معبد

وجدا عطف علی دھرا او وجد بہ وعلیہ حزن علیہ ترجمہ خدا برا کرے اس زمانہ کا جسکی برائی بھلائی سے پہلے پہونچتی ہے اور برا کرے صیفے کے غم کا جسنے بعد غم معبد کے مجکو ستایا صیفی اور معبد شاعر کے بھائی تھے۔

بقیۃ اِخوانی اتی الدھر دونہم	فما جزعی ام کیف عنہم تجلّدی

بقیۃ القوم من یبقی منہم وخیارہم واتی علیہ الدہر واتی دونہ الدہر اہلکہ۔ وآم بمعنی الواو وتجلد عنہ اذا اظہر الجلادۃ معرضًا عنہ ترجمہ وہ میرے اُن بھائیوں کا افضل بقیہ تھا جن کو زمانہ نے ہلاک کر دیا سو اُن کے غم کے مقابلہ میں میری اس جزع وفزع کی کیا حقیقت ہے یعنی کچھہ نہیں اور کس طرح ان سے دلیری کر کے صبر کروں

فلو انہا احدی یدیّ رُزئتہا	ولکن یدی بانت علی اثرہا یدی

ترجمہ سو قصہ یہ ہے کہ اگر میں ایک ہاتھ کی مصیبت پہونچایا جاتا تو صبر کرتا مگر کیا کیجئے کہ ایک ہاتھ کے بعد دوسرا ہاتھ جدا ہو گیا۔

فآلیتُ لا آسی علی اثرِ ہالکٍ	قدِی الآن من وجدٍ علی ہالکٍ قدِی

ترجمہ سو میں نے قسم کھائی کہ کسی مرنے والے کے پیچھے غم نہ کروں گا کیونکہ یہ غم اب مجکو تمام غموں سے جو مردہ پر کیا جاوے کافی ہو گیا۔

اعرابی

وقال اعرابی

لحا اللّٰہ دھرًا شرّہ قبل خیرہ	تقاضی فلم یحسن الینا التقاضیا

تقاضے الیہ الدین اذا طلبہ منہ ترجمہ خدا برا کرے اُس زمانہ کا جسکی برائی بھلائی سے پہلے پہونچتی ہے کیونکہ اُسنے اپنے قرض کا ہم پر تقاضا کیا پس راہ سے تقاضا نہ کیا یعنی وقت سے پہلے قرض مانگ بیٹھا یعنی ابھی متوفّی کے مرنے کے دن نہ تھے۔ اور شعر میں اس طرف اشارہ ہے کہ شخص متوفی کی زندگی زمانہ سے بطور مستعار لی گئی تھی۔

فتیً کان لا یطوی علی البخل نفسہ	اذا ایمرت نفسا کان فی السرّ خالیا

طوی علیہ اذا جمعہ علیہ وضمہ۔ وائتمر الرجل اذا شاور۔ والانسان لایکون لہ الا نفس واحدۃ الا ان الذی تیردد

بین ان یفعل وان لایفعل یقال لہ انہ ذو نفسین وخالیا منفرداحال ترجمہ وہ ایسا جوان مرد تھا کہ جبکہ وہ اپنے دوارادے منع واعطا سے خلوت میں مشورہ کرتا تھا تو اُس کی طبیعت بخل پر نہیں جمتی تھی۔

وقال الابیرد الیربوعی

ولما نعی الناعی بُریدًا تغوّلت	بی الارض فرط الحزن وانقطع الظّهرُ

التغول التشبہ بالغول۔ وفرط الحزن مفعول لہ ترجمہ اور جبکہ خبر مرگ پہونچانے والے نے خبر مرگ میرے بھائی برید کی پہونچائی تو بسبب شدۃ غم کے زمین میری نظروں میں غول کی مانند رنگ بدلنے لگی اور غم کے بوجھ سے میری کمر ٹوٹ گئی۔

عساکرُ تغشی النفس حتی کانّنی	اخو سکرۃٍ دارت بھامتہ الخمر

العسکرۃ الشدۃ یجمع علی عساکر فاعل فعل محذوف ای اعترانی ترجمہ مجکو ایسی سختیاں پیش آئیں کہ انہوں نے طبیعت کو بالکل ایسا ڈھانک لیا کہ گویا میں ایک مست ہوں کہ جس کے دماغ کو شراب چڑگئی ہے۔

فتیً ان ھو استغنی تخرّق فی الغنی	وان قلّ مالٌ لم یضع منہ الفقر

تخرق بالمعجمۃ فالمہملۃ فی الغنی ای تکرم فی غناہ وتوسع ترجمہ وہ ایسا جوان مرد تھا کہ اگر مالدار ہوتا تو دل کھول کر بخشش کرتا اور اُس کا مال کم ہوجاتا تو فقر اُسکی کمر کو پست نکرتا یعنی عاجزانہ نہ بیٹھ رہتا بلکہ لوٹ مار کیلئے طیار ہوجاتا۔

وسامی جسیماتِ الامور فنالھا	علی العسر حتی ادرک العُسرَ الیسرُ

المساماۃ المقابلۃ فی السمو۔ وجسیمات الامور عظامہا ترجمہ اُس نے بڑے امور کا بلندی میں مقابلہ کیا تو باوجود اپنی تنگدستی کے اُن تلک پہونچگیا یہاں تلک کہ فراخ دستی نے تنگدستی کو پکڑلیا یعنی وہ تنگدستی جاتی رہی اور فراخ دست ہوگیا۔

فتیً لا یعدّ الرِّسل یقضی ذمامہٗ	اذا نزل الاضیاف او تنحر الجزرُ

الرسل بالکسر اللبن۔ والذمام العہد والحق۔ وا وبمعنی الاان ولذا النصب الفعل المجہول۔ والجزر بالضم جزور وہو البعیر مطلقا اوخاص بالناقۃ ترجمہ وہ ایسا سخی تھا کہ جب مہمان آترین تو اُن کو دودھ پلانا ادائے حق مہمان داری کے لئے کافی نہیں سمجھتا یہاں تلک کہ اُن کی مہمانی کے لئے شتر ذبح کئے جاویں۔

احقا عباد اللہ ان لست لاقیا	بریدا طوال الدھر ما لاءلا العُفر

الطوال کسحاب مدی الدہر۔ والعفر انظبا التی لعلو بیاضہا حمرۃ۔ ولالا انظبی حرک ذنبہ ترجمہ اے خدا کے بندو کیا یہ سچ ہے کہ میں برید سے ملنے والا نہیں ہوں جب تلک کہ سرخ ہرن مائل بسپیدی یعنی بھورے اپنی دمین ہلائیں یعنی ہمیشہ کو۔

وقال سلمة الجعفی یرثی اخاه لامه

لک الویل ما ھذا التجلد والصبر	اقول لنفسی فی الخلاء الومہا

ترجمہ میں اپنی طبیعت سے خلوت میں ملامت کرتا ہوا کہتا ہوں کہ تجھپر افسوس ہے یہ دلیری اور صبر کیسے پیچھل میں یعنی تو کیوں نہیں روتا۔

اخی اذا اتی من دون اوصالہ القبر	الم تعلمی ان لست ما عشت لاقیا

الاوصال الاعضاء التی یتصل بعضہا ببعض ترجمہ کیا تو نہیں جانتی کہ اب میں اپنے بھائی سے ملنے والا نہیں ہوں جبکہ قبر اُس کے اعضا میں اور مجھہ میں حائل ہو گئی ہے۔

فکیف ببین کان میعادہ الحشر	وکنت اری کالموت من بین لیلۃ

من زائدۃ ترجمہ اور میں ایک رات کی جدائی موت کی مانند سمجھتا تھا تو اب اُس جدائی میں کیونکر گزریگی جسکا وعدہ ملاقات روز حشر ہے۔

علی اثرہ یوما وان نفس العمر	وھوّن وجدی اننی سوف اغتدی

التنفس التطویل ترجمہ اور میرے غم کو اس بات نے آسان کر دیا ہے کہ میں کچھہ دیر کے بعد ایک روز اُسکے پیچھے چلا جاؤنگا اگرچہ میری عمر دراز کی جاوے۔

اذا ثوّب الداعی وتشقی بہ الجزر	فتی کان یعطی السیف فی الروع حقہ

ثوب الداعی اذا دعا للاغاثۃ۔ واصل التثویب ان الرجل اذا کان فی مفازۃ وخاف علی نفسہ الہلاک اومیٰ بثوبہ فرتما راٰہ الانسان فیاتیہ وینجیہ۔ وتشقی بہ کرہہ عطف علی یعطی ترجمہ وہ ایسا جوان مرد تھا کہ جب کوئی لڑائی میں اُسے مدد کے لیئے بلاتا تھا تو تلوار کا حق بخوبی ادا کرتا تھا۔ اور شتر و ناقہ اُس کو بسبب کثرت ذبح کے مہمانوں کے لیئے اچھا نہیں جانتے تھے۔

اذا ما ھو استغنی ویبعدہ الفقر	فتی کان یدنیہ الغنی من صدیقہ

ترجمہ وہ ایسا باہمت تھا کہ اُسکی تونگری جب وہ تونگر ہو جاوے اُس کو اُس کے دوست سے نزدیک کرتی تھی یعنی دوستوں کو خوب دیتا تھا اور اُس کی فقیری اُس کو اُس کے دوست سے دور کرتی تھی یعنی ایسے وقت میں اُس کے پاس نہیں پھٹکتا تھا تاکہ اُسپر اُس کا بوجھ نہ پڑے۔

وقالت عمرۃ الخثعمیۃ ترثی ابنیہا

وھل جزع ان قلت وابابا ھما	لقد زعموا انی جزعت علیہما

اصل وابابا ہما وابابی ہما فکلمۃ واللذبۃ وضمیر المثنی مرفوع بابی کما فی قولہم بابی انت وامی ثم ابدلت الیاء الفاً فراراً من الکسرۃ ولبعد ہا یا الی الفتحۃ ترجمہ بخدا لوگوں نے گمان کیا ہے کہ میں نے اپنے دونوں بیٹوں پر بہت جزع وفزع کیا ہے اور کیا یہ میرا کہنا کہ ہائے اُن پر میرا باپ قربان ہو سخت گھبرانا ہے یعنی اسقدر میرا کہنا کچھہ بھی گھبرانا نہیں ہے زیادہ گھبرانا تو دوسری چیز ہے۔

هما اخوا فی الحرب من لا اخا لہ	اذا خاف یوما نبوۃ فدعاھما

اصل الکلام ہما اخوان لاخ لہ فی الحرب ادخل الجار والمجرور بین المضاف والمضاف الیہ ثم ادخلت اللام فی اخا لہ تاکید اللاضافۃ وخبر لا محذوف ای موجود ترجمہ وہ دونوں لڑائی میں برادر اور مددگار اُس شخص کے ہیں جس کا کوئی بھائی اور مددگار نہیں جب کہ وہ اپنی تلوار کے بیکار ہوجانے سے ڈرے اور اُن کو مدد کے لئے بلائے

هما یلبسان المجد احسن لبسۃ	شحیحان ما اسطاعا علیہ کلاھما

ترجمہ وہ دونوں لباس بزرگی عمدہ طرح پہنتے تھے اور جب تلک شرف وبزرگی کو تھام سکتے تھے اُسکے تلف ہونے پر بخیل تھے یعنی بزرگی کو ہاتھ سے نہیں جانے دیتے تھے۔

شہابان منّا اوقدا ثم اخمدا	وکان سنا للمدلجین سناھما

الشہاب الشعلۃ الساطعۃ من النار والسنا الضوء وادلج الرجل اذا سار من اول اللیل ترجمہ وہ دونوں ہم میں دو آگ کے شعلے تھے کہ روشن کیئے گئے پھر بجھائے گئے اور اُن کی روشنی اُن مہمانوں کیواسطے جو اول شب سے چلیں روشنی تھی کہ اُس کو دیکھکر اُس کے ہاں آتے تھے۔

اذا نزلا الارض المخوف بہا الردی	یخفّض من جاشیہما منصلاھما

الجاش اضطراب القلب والمنصل بالضم السیف ترجمہ جبکہ ایسی زمین پر اُترتے تھے جہاں خوف ہلاکت ہوتا تھا اور اُن کو کچھہ خوف ہوتا تھا تو اُن کے دل کے اضطراب کو اُن کی تلواریں ہلکا کردیتی تھیں

اذا استغنیا حبّ الجمیع الیہما	ولم ینأ عن نفع الصدیق غناھما

نای بعد ترجمہ جب کہ وہ مالدار ہوتے تو ساری قوم اُن کو محبوب ہوجاتی اور سب کو دیتے اور دوست کی نفع رسانی سے اُن کی تونگری دور نہیں ہوتی تھی۔

اذا افتقرا لم یجثما خشیۃ الردی	ولم یخش رزءً منہما مولیاھما

جثم الرجل اذا لزم مکانہ والرزء اصابۃ شیٔ من المال والمولی ابن العم والمراد بالتثنیۃ الکثرۃ کقولہم لبیک وسعدیک ترجمہ جب وہ مفلس ہوجاتے تو بسبب خوف ہلاک ایک جگہہ جمے نہیں رہتے بلکہ لوٹ مار کیلئے مستعد ہوجاتے اور اُن کے چچا کے بیٹوں کو اپنے کسیقدر مال کا اُن سے خوف نہوتا تھا یعنی باوجود حاجت اُن کو یہ گوارا نہ ہوتا تھا کہ اپنے رشتہ دار سے کچھہ لے لیویں۔

لقد ساءنی ان عنّست زوجتاهما	وان عُرّیت بعد الوجا فرساهما

عنّست الجاریۃ اذا قعدت فی بیت ابیہا لا تنکح کانہما کاناقد تزوجا امرأتین ولم یحولاہما۔ وعرّی الفرس مجہولاً اذا خلی عن السرج۔ والوجا رقۃ الحافر لکثرۃ السیر۔ والفرس یذکر ویونث ترجمہ بخدا اس امر نے مجکو غمگین کردیا کہ اُن کی بیبیاں اپنے باپون کے گھر بیٹھی رہ گئیں رخصت کی نوبت بھی نہ پہنچی اور بھی اس امر نے کہ اُنکے گھوڑے ننگی پیٹھ رہگئے بعد اُس کے کہ اُنکی کثرت سواری سے اُن کے سم گھسگئے تھے۔

ولن یلبث العرشان یستل منہما	خیار الاواسی ان یمیل غماھما

مالبث فلان ان یفعل اذا اسرع فیہ۔ وعنی بالعرش سقف البیت۔ ویستل مجہول من الاستلال وہو نزع الشیٔ برفق والاواسی الارکان جمع آسیۃ۔ والغمار بالمعجمۃ مافوق السقف من التراب ترجمہ اور دونوں چھتیں نہیں ٹھیرینگی جبکہ اُن کے عمدہ ستون نکال لیئے گئے بے اسکے کہ اُن کے اوپر کا بوجھ گرجاوے۔ یہاں اُن دونوں کو ستون اور اوپر کے بوجھ کو عزت قوم سے تشبیہ دی ہے۔

وقال آخر

صلّی الالہ علی صفیّی مدرکٍ	یوم الحساب ومجمع الاشہادِ

الصفی الحبیب المصافی مضاف الی یاء المتکلم۔ ومدرکٍ بالجر عطف بیان ترجمہ خدا رحم کرے میرے خالص دوست مدرک پر حساب کے دن اور مجمع گواہان میں یعنی بروز قیامت۔

نعم الفتی زعم الرفیق وجارُہ واذا الرکاب تروّحت ثم اغتدت	واذا تصبصب آخر الازوادِ حتی المقیل فلم تعج لحیادِ

تصبصب تفرق وفنی۔ وآخر الازواد بقیتہا۔ تروح سار فی الرواح ای العشی۔ واغتدی سار فی الغدو۔ والمقیل زمان القیلولۃ وعاج عطف ومال واللام بمعنی الی ولحیاد بالمہملۃ الشیٔ القلیل والاعراض عن السیر عند النزول ترجمہ وہ عمدہ جوان تہا جسکو اُس کا رفیق اور ہمسایہ عمدہ سمجہتے تھے اور جبکہ بقیہ توشہ ختم ہوجاوے یعنی قحط پڑجاوے اور جبکہ شتر شام کو سفر کریں پھر صبح کو چلیں وقت خواب نیم روز تلک اور نہ رغبت کریں تھوڑے سے چرنے کی یا ٹھیرنے کی یعنی ان سب اوقات میں وہ اچھا تہا۔

حثوا الرکاب توہّمًا انضاءُہا	فرہا الرکاب مغنیان وحادی

الحث الحمل علی السیر وتوہمًا یتبعہا والانضاء جمع نضو وہو البعیر المہزول وزہاہ استخفہ والحادی السائق بالحدی ترجمہ لوگوں نے اپنے شتروں کو مدرک کی طرف تیز ہنکایا کہ اُن کے پیچھے لاغر شتر چلتے تھے سو شتر دبکو دو گانے والوں نے جو اشعار مدح متوفی پڑھتے تھے اور حدی کہنے والے نے ہلکا کردیا یعنے ایسے مست ہوگئے

کہ اُن کو کچھ سفر نہیں معلوم ہوتا تھا۔

وضعوا اناملھم علی لا کباد	لما راوھم لم یحسوا مدرکا

ترجمہ جب کہ انہوں نے اپنے آپ کو دیکھا کہ اُنھوں نے مدرک کو اسکی موت کے سبب نہیں پایا اور اُن کا مقصود اس سفر سے وہ ہی تھا تو انہوں نے اپنی اونگلیاں یعنی ہاتھ اپنے کلیجوں پر رکھا تاکہ پھٹ نہ جاویں یعنی اُس کے مرنے کا بسبب فوت اپنے مقصود کے بہت غم کیا۔

صفراء عارضھا رعیل جراد	فکانما طارت بلبی بعدہ

الباء للتعدیۃ وصفراء نعت جرادۃ وخصھا بالذکر لکمال خفتھا فی الطیران وعارضھا قابلھا وانما اتی بہ لان غایۃ الطیران انما تتم عند المقابلۃ غالباً والرعیل الجماعۃ ترجمہ متوفی کے بعد گو یا میری عقل کو زرد ٹڈی جس کے مقابلہ میں ایک گروہ ٹڈیوں کا اُڑتا ہوا اور وہ اُن سے تیز پری کے سبب بڑھ گئی ہو اُڑا لے گئی یعنی میں مسلوب الحواس ہو گیا۔

وقال الشماخ یرثی عمر بن الخطاب رض

ید اللہ فی ذاک الادیم الممزق	جزی اللہ خیراً من امیر و بارکت

ورد علیک سلام من امیر و بارکت وہذا جود فان کلمۃ من بیانیۃ برفع الابہام وہی تقتضے سبق ذکر المبہم ولیس من فی روایۃ الکتاب فی ہذہ الروایۃ تبین کاف الخطاب والادیم الجلد والممزق اسم مفعول من مزقہ اذا شقہ وانما قال ذلک لما طعنہ ابو لولوۃ وکان علجاً من الروم او الفارس ترجمہ خدا جزائے خیر دے اُس کو جو امیر المومنین ہے اور خداوند تعالی کا ہاتھ اُس جلد میں جو خنجر سے پارہ پارہ ہو گئی ہے برکت دے۔

لیدرک ما قدمت بالامس یسبق	فمن یسع او یرکب جناحی نعامۃ

یقال فلان رکب جناحی نعامۃ اذا سعی غایۃ السعی والنعامۃ یضرب بہا المثل فی خفۃ العدو ویقال علی من الظلیم ویسبق مجہول والخطاب للمرثی علی الالتفات ترجمہ سو جو شخص مردانہ سفر کرے یا شتر مرغ کے ہر دو بازو پر سوار ہو جاوے یعنے نہایت درجہ کی سعی کرے اس غرض سے کہ اُن اعمال وافعال کو پالے جو تم نے گذشتہ زمانہ میں کئے ہیں تو وہ تجھسے پیچھے رہجاویگا اور تیرے قدم بقدم نہیں چل سکیگا۔

بوائج فی اکمامہا لم تفتق	قضیت اموراً ثم غادرت بعدہا

البوائج بالموحدۃ فالجیم جمع بائجۃ وہی الداہیۃ والامر العظیم والاکمام جمع کم وارادبہ الحجاب فتفقہ کشفہ ترجمہ تُنے اپنے عہد خلافت میں بہت سے امور عظام کا فیصلہ کیا پھر اُن کے بعد اُن کے پردوں اور غلافوں میں ایسی مصیبتیں چھوڑ دیں جو اب تلک ظاہر نہیں ہوئی تھیں۔

له الارض تهتز العضاه باسوق	ابعد قتیل بالمدینة اظلمت

الاهتزاز التحرک بالنشاط والعضاه جمع عضه کعنب وہو اعظم الشجر۔ والاسوق جمع ساق ترجمہ کیا بعد ایسے مقتول کے جو مدینہ میں قتل ہوا اور جس کے لیئے تمام زمین تاریک ہوگئی بڑے بڑے درخت اپنے تنون پر لہلہائیں گے یعنی ایسا نہو گا کیونکہ اُن کا غم سب میں اثر کر گیا ہے ۔

تنا خبر فوق المطی معلق	تظل الحصان البکر یلقی جنینہا

الحصان العفیفة ذات الزوج من النساء والبکر بالکسر من ولدت بطنا واحدا والنثا بتقدیم النون علی المثلثة ما اخبرت بہ وتستعمل فی الخیر والشر مرفوع فاعل یلقی والجملة خبر تظل والمراد بکونہ معلقا فوق المطی انہ یسیر بہ الرکبان من بلد الی بلد ترجمہ پاکدامن شوہر دار حاملہ عورتیں ایسے حال میں ہوگئی ہیں کہ اُن کے حمل کو اُس خبر کی ہیبت نے جسکو شتر سوار شہر بشہر لیئے پھرتے ہیں گرا دیا ہے ۔

بکفی سبنتی ازرق العین مطرق	وما کنت اخشیٰ ان تکون وفاتہ

السبنتی بالمہملة فالموحدة فالنون فالفوقانیة الرجل الجری ویوصف بہ النمر لجرأتہ وزرقة العین لکونہ عبدا رومیا وقیل اصفہانیا فتک بعمر رضی فی الصلوٰة والمطرق الدنی الوضیع ترجمہ اور مجکو یہ خوف نہ تھا کہ اُسکی موت ایک شخص جری اور ڈھیٹھ گربہ چشم کمینہ کم قدر کے دونوں ہاتھوں سے ہوگی کیونکہ اُسکا مرتبہ اُس سے بڑا تھا

وقال صخر بن عمرو

ہو اخو الخنساء الشاعرة جاہلی یرثی اخاہ معاویة بن عمرو وکان قد قتلہ ہاشم ودرید ابنا حرملة بن الاشعر الذبیانی المری فقیل لصخر اہجہم فقال ما بیننا اجل من الہجاء ولم امسک عن ہجائہم الا صونا لنفسی عن الخنا ثم انہ غزاہم وقتل منہم درید بن حرملة وقال ہذہ الابیات ۔

ومالی واہداء الخنا ثم مالیا	وقالوا الا تہجو فوارس ہاشم

الخنا الفحش والاہداء ارسال الہدیة منصوب علی انہ مفعول معہ وثم للتاکید ترجمہ اور لوگوں نے مجھسے کہا کہ تو سواران ہاشم بن حرملہ کی جنہوں نے تیرے بھائی معاویہ کو قتل کیا ہجو کیوں نہیں کرتا اور مجکو فحش بکنے سے کیا فائدہ ہے پھر کیا فائدہ ہے یعنے کچھ فائدہ نہیں ۔

وان لیس اہداء الخنا من شمالیا	ابی الہجو انی قد اصابوا کریمتی

الکریمة الکریم والتاء للمبالغة او الاسمیة والشمال الخصلة یجمع علی شمائل ترجمہ ہجو کرنے کو یہ امر انکار کرتا ہے کہ انہوں نے میرے عمدہ اور بلند قدر شخص کو مار ڈالا ہے اب صرف ہجو سے کار برآری نہیں ہوسکتی اور دوسرا امر باعث انکار ہجو یہ ہے کہ ہجو کا تحفہ بھیجنا میری عادت نہیں ہے یعنی یہ اُن لوگوں کا کام ہے جن کو انتقام

لینے کی قدرت نہو صرف زبانی جمع خرچ کرنا چاہتے ہوں اور میں ایسا نہیں ہوں۔

اذا ما امرءٌ اهدیٰ لمیتٍ تحیةً
فحیّاک ربّ الناسِ عنی معاویا

ہو نرخیم معاویہ ترجمہ جب کہ کوئی مرد کسی مردہ کو تحفہ بھیجے تو خدا میری طرف سے تجکو اے معاویہ تحفہ بھیجے یعنی تو اس سے بڑا ہے کہ کسی آدمی کے ہاتھ تیرے پاس تحفہ بھیجوں۔

لنعم الفتیٰ ادّیٰ ابن صرمة بزّہٗ
اذا راح فحل الشّوَلِ احدب عاریا

عنےٰ بابن صرمة ہاشم بن حرملة فانہ کان قدر دعلی صخر فرس معاویة وسلاحہ لما اتی صخر ہاشما ودریدًا وسالہما عمّن قتل اخاہ وعن فرسہ الشّماء۔ والبزّ السلاح وہو اذا ظرف لما یستفاد من نعم الفتیٰ والشول جمع شائلة وہی من الابل ما اتی علیہا من حملہا او وضعہا سبعة اشہر فجف لبنہا۔ وفحلہا یکون اقوی الفحول لامتناعہ عن الضراب فی الاحدب من خرج ظہرہ ودخل بطنہ ویکنی بہ عن الجوعان والعاری العاری من اللحم ترجمہ البتہ وہ عمدہ شخص تھا جسکے ہتھیار ابن صرمہ نے مجکو واپس دیئے اور اُس کی عمدگی اُس حالت میں تھی جب کہ اُس ناقہ کا نر جس کو حاملہ ہوئے سات ماہ گزر گئے ہوں بسبب کثرت فاقوں کے کج پشت لاغر لگا ہوا گوشت سے خالی یعنے دُبلا ہو جاوے۔

خلاصہ یہ کہ اُسکی عمدگی ایام قحط سالی میں تھی کہ وہ لوگوں کی پرورش کرتا تھا ایسے ناقہ کا نر جسکو حاملہ ہوئے سات ماہ گزر گئے ہوں اس لیئے کہا کہ ایسا نر چونکہ ناقہ سے جفت نہیں ہوتا قوی اور زور آور ہوتا ہے جبکہ ایسا قوی نر بسبب قحط ضعیف ہوگیا تو اور نروں کا حال بہت سقیم ہوگا۔

اذا ذکر الاخوانُ رقرقت عبرةً
وحیّیتُ رمسا عند لیّة ثاویا

رقرق الماء اذا صبہ رقیقاً۔ والرمس القبر ولیّة موضع والثاوی المقیم ترجمہ جب کہ لوگوں میں بھائیوں کا ذکر کیا جاتا ہے تو میں اُس کو یاد کرکے آنسو بہانے لگتا ہوں اور اس صاحب قبر کو سلام کرتا ہوں جو بمقام لیہ مقیم ہے۔

وطیّبَ نفسی انّنی لم اقل لہ
کذبت ولم ابخل علیہ بمالیا

ترجمہ اور میری طبیعت کو اس خیال نے خوش کر دیا ہے کہ میں نے کبھی اُس سے یہ نہیں کہا کہ تو جھوٹا ہے اور اس خیال نے کہ میں نے اُس سے اپنے مال کا بخل نہیں کیا۔

وذی اخوةٍ قطّعتُ اقران بینہم
کما ترکونی واحدًا لا اخا لیا

الاقران جمع قرن محرکة وہو الحبل الذی یشد بہ البعیران والاضافة الی البین علی التوسع ترجمہ اور بہت سے بھائیوں والے ہیں کہ میں نے اُن کے آپس کے رستے کاٹ ڈالے یعنی ایک کو دوسرے سے بذریعۂ قتل جدا کر دیا جیسا اُنہوں نے مجکو اکیلا بے بھائی چھوڑ دیا ہے اور یہ اشارہ ہے درید بن حرملہ کے قتل کیطرف۔

وقالت اخت المفصص الباہلیة

ہی میسوان الباہلیۃ ترثی اخاہا مقصصا قتلہ ہلال اخو سمال بن عوف وکان مصدقا فی ایام فتنۃ ابن الزبیر رض۔

شمس الظہیرۃ تتقی بحجاب	یا طول یومی بالقلیب فلم تکد

نصب الطول علی انہ مفعول فعل محذوف او علی النداء والقلیب موضع وتتقی معناہ تستر مجہول ترجمہ اے لوگو میرے دن کی درازی کو بمقام قلیب دیکھو سو قریب نہیں ہے کہ آفتاب نیم روز پردہ میں چھپایا جاوے یعنی آج آفتاب غروب ہوتا معلوم نہیں ہوتا۔

ورائک قبل تامل المرتاب	ومرجم عنک الظنون رأیتہ
قد عدن مثل علائف المقضاب	فافات ادما کالہضاب وجاملا

الواؤ بمعنی رب۔ ورجم الظن بہ رماہ وافاءت من الفیٔ الغنیمۃ والادماء بالدال المہملۃ الناقۃ لونہا مخلوط بالبیاض تجمع علی ادم والہضاب جمع ہضبۃ وہو الجبل الطویل والجامل اسم جمع للجمل کالباقر للبقر والضمیر لجامل والعلائف جمع علوفۃ وہی ما یسمن فی البیوت ولا ترسل الی المرعی من الغنم والابل والمقضاب المزرعۃ التی تنبت القضب وہو نوع من النبت یعلف بہ الدواب ترجمہ اور بہت سے تیری طرف اپنا گمان پھینکنے والے ہیں یعنی اُن کو خبر تیری لڑائی کے لیئے نکلنے کی ملی اور یہ گمان کرلیا کہ تو اُن سے بہت دور ہے سو اس سے پہلے کہ اُن کا شک رفع ہو دفعۃً تو نے اسکو آدیکھا اور اُسنے تجھے دیکھ لیا اور تو نے اُنپر لوٹ ڈالی اور مائل بسفیدی اونٹنیاں پہاڑوں کی مانند اونچی اور گلہ شتر جو ایسے طیار اور فربہ ہوگئے تھے جیسے تھان پر بندھے اور گیاہ قضب چرے ہوئے تو نے لوٹ لیئے۔

لم یاتکم قوم ذوو احساب	لکم المقصص لا لنا ان انتم

ترجمہ اگر تم سے ایک قوم بڑی عزت والی آکر مقصص کا بدلہ نہ لے تو وہ تم سے شمار ہوگا نہ ہم سے کیونکہ ہمارے مقتول کا بدلہ ضرور لیا جاتا ہے۔

نکباء تقلع ثابت الاطناب	فکہ الی جنب الخوان اذا غدت

الفکہ ککتف الحسن الخلق الضحوک۔ والخوان معرب خوان والنکباء الریح الشدیدۃ التی تنکب وتعدل عن کل مہب من المہاب الاربعۃ ویکنی بہا عن شدۃ القحط ترجمہ وہ ہنس مکھ اچھی خلق کا آدمی خوان کے پہلو میں تہا جبکہ چوبائی ہوائیں ایسی بزور چلیں کہ مضبوط رسیوں والے خیموں کو اکھاڑدیں یعنی وہ ایام قحط میں بطیب خاطر مہمانداری کرتا تھا

نبت الفراخ بکالئ معشاب	وابو الیتامی ینبتون ببابہ

الفراخ جمع فرخ وہو کل صغیر من النبات والکالی والمکان الکثیر الکلاء والمعشاب الکثیر العشب ترجمہ وہ ان یتیموں کا باپ تھا جو اُس کے دروازہ پر ایسے اکٹھے ہوتے تھے جیسے چھوٹا سبزہ زیادہ گیاہ دار زمین اور سبزہ زار میں

وقالت عمرۃ بنت مرداس ترثی اخاہا عباسا

ابی الدھر والایام ان اتصبرا	اعینیّ لم اختلکما بخیانۃٍ

ختلہ خدعہ ولم اختلکما ای لم اخدعکما والمراد بالخیانۃ خلاف ما اضمر فی النفس ترجمہ اے میری دونو آنکھو میں براہ فریب تم پر الزام خیانت نہیں لگاتی یعنی تم جو روتی ہو اسپر تم سے یہ نہیں کہتی کہ تم نے میری خیانت کی کیونکہ میں خود روتی ہوں اس لیئے کہ زمانہ میری صبر دہی سے انکار کرتا ہی یس میں تم سے اس بات میں مدد چاہتی ہوں یا یوں کہو کہ اے میری دونوں آنکھو میں نے جو تمہیں رونے کو کہا تو میں نے تم کو ایسے کام کے لیئے نہیں کہا کہ جو میرے دل میں نہیں ہی بلکہ میں واقعی مغموم ہوں اور تم سے اُس میں مدد چاہتی ہوں کہ میری طرح خوب روؤ کیونکہ اب زمانہ بسبب نزولِ مصائب میرے صبر کو مانع ہے ۔

بعیرٍ اذا یُنعی اُخیَّ تحسّرا	وما کنتُ اخشی ان اکون کانّنی

تصغیر اخی علی الرحمۃ او علی الحقیقۃ وتحسّر البعیر اذا سقط کلالاً ترجمہ اور مجکو یہ خوف نہ تھا کہ جب میرے چھوٹے بھائی کی خبر مرگ پہونچائی جاویگی تو میں اُس شتر کی مانند ہو جاؤنگی جو تھک کر زمین پر گر پڑے یعنی مجکو اپنے صبر کا بھروسہ تھا مگر غلط نکلا ۔

ولیس الجلیس عن اُخیَّ بازورا	تری الخصم زورا عن اخیَّ مہابۃً

الزور جمع ازور وہو المنحرف ومہابۃً مفعول لہ ترجمہ اے مخاطب تو دشمن کو میرے بھائی سے براہ خوف کنارہ کش دیکھتا اور میرے بھائی کا دوست اور ہمنشین اُس سے کنارہ کش نہ تھا ۔

وقالت رابطۃ بنت عاصم

علی رُزئھنّ الباکیات الحواسرُ	وقفتُ فابکتنی بدار عشیرتی

الرزء بالضم المصیبۃ والحواسر الکاشفات الوجوہ والرؤس ترجمہ میں اپنے کنبہ کے گھر پر کھڑی ہوئی تو مجکو اُن رونے والیوں نے جو سر برہنہ اور کھلے منہ روتی تھیں اپنی مصیبت پر رولا دیا ۔

من الموت اعیا وردھنّ المصادرُ	غدوا کسیوف الھند ورّاد حومۃٍ

الوراد جمع وارد حال فی حومۃ الشئ معظمہ واراد بالموت الحرب فی الورد بالکسر الورود علی الماء و یراد بہ مطلقا والمصادر جمع مصدر بمعنی الصدور ای الرجوع وضمیر وردہن راجع الی حومۃ علی ان یراد بہ الجمع او للسیوف لما شبہوا بہن ترجمہ ہندی شمشیروں کی طرح وہ متوفی لوگ چلے گئے ایسے حال میں کہ موت کے بڑے ہنگامہ میں گھسنے والے تھے کہ اُن کے ہنگامہ میں آنے کو لوٹنے نے عاجز کر دیا یعنے لوٹنا اُن کو نصیب نہوا یا اُن تلواروں کی مانند چلے گئے کہ بہادروں پر گریں اور نہ لوٹیں ۔

بدار المنایا والقنا متشاجرُ	فوارسُ حاموا عن حریمٍ وحافظوا

رابطہ بنت عاصم

الحریم الموضع الذی تلزمهم حمایته ودار المنایا الحرب والمتشاجر المتداخل ترجمہ وہ ایسے سوار تھے کہ انہوں نے میرے واجب الحمایۃ جگہہ کی موت کے گھر یعنی لڑائی میں حمایت اور حفاظت اُس حال میں کی کہ نیزے باہم پیچ در پیچ اور متداخل تھے۔

لہدت ولکن تحمل الرزء عامرُ	ولو ان سلمی نالہا مثل رُزئنا

سلمےٰ احد جبلی طی وہدت کسرت شدیدۃ ترجمہ اور اگر کوہ سلمیٰ کو مثل ہمارے مصیبت پہونچتی تو بالکل ڈھجاتا اور پارہ پارہ ہوجاتا یعنی اس مصیبت کا صدمہ باین صلابت نہ اُٹھا سکتا مگر میری قوم بنی عامر اس مصیبت کو اُٹھا رہی ہے یعنے بڑی صابر قوم ہے۔

الی الموت اسد الغابتین الہواصر	کانہم تحت الخوافق ذغدوا

الخوافق الرایات جمع خافق سمی بہ لخفقانہ وحرکتہ۔ والغابۃ الاجمۃ والتثنیۃ علی الحقیقۃ او المراد بہا جانبی الغابۃ والہواصر جمع ہاصر من ہصرہ اذا کسرہ ودفعہ یوصف بہ الاسد حتے غلب علیہ ترجمہ گویا وہ ہلتے نیزوں کے نیچے جب کہ بوقت صبح موت کیطرف گئے شیران درندہ ہر دو طرف بیشہ یعنے بن کے تھے۔

وقالت عاتکہ بنت زید بن عمرو بن نفیل

ہے القرشیۃ العدویۃ صحابیۃ جلیلۃ ترثی زوجہا عبد اللہ بن ابی بکر الصدیق رض وکان قد استشہد یوم الطائف رماہ ابو محجن الثقفی۔

علیک ولا ینفک جلدی اغبرا	آلیت لا تنفک عینی حزینۃ

ترجمہ میں نے قسم کھائی کہ میری آنکھ تجھپر ہمیشہ روتی رہیگی اور ہمیشہ میرا بدن غبار آلودہ رہے گا یعنے چارپائی پر نہ سوؤں گی اور نہ غسل کروں گی۔

اکر واحمی فی الہیاج واصبرا	فللہ عینا من رای مثلہ فتیً

یقال للہ عملہ ودرہ اذا التعجب منہ وہم فی تعظیم الشئے ینسبونہ الے اللہ تعالیٰ وان کانت الاشیاء کلہا للہ والہیاج الحرب ترجمہ سو میں تعجب کرتی ہوں دو آنکھوں اُس شخص سے جسنے ایسا جوان دوبارہ حملہ کرنیوالا اور لڑائی میں محافظ عہد اور صابر دیکھا ہو۔ کیونکہ وہ عدیم النظیر تھا۔

الی الموت حتی یترک الموت احمرا	اذا اشرعت فیہ الاسنۃ خاضہا

الاشراع ہز الرماح وتحریکہا والفعل مجہول والمجرور للہیاج والمنصوب للاسنۃ والاحمر یکنی بہ عن الشدید ترجمہ جب کہ لڑائی میں نیزے ہلائے جاتے تھے تو یہ شخص اُن میں گھُسکر موت تلک پہونچ جاتا تھا یہاں تلک کہ دشمنوں پر موت سخت ڈالتا تھا۔

وقالت امرأة من طی

تاوّبَ عینی نصبُہا واکتیابُہا — ودرجّیتُ نفسا رات عنا ایابُہا

التاوب سیر النہار کلہ حتی تیصل باللیل والنصب الداء والبلاء والحزن والکربۃ المکث الطویل ترجمہ میری آنکھہ کے پاس اُسکا رنج وبیچینی دن سے لیکر رات تک آئے اور میں نے اپنی امید اُس دل سے لگائی جو عرصہ دراز سے میرے پاس لوٹ کر نہیں آیا یعنی اُس دلکے رجوع کی امید کی جو ایک عرصہ سے غائب ہے اور اُس کا حال معلوم نہیں ہے۔ آنکھہ کی تخصیص اس واسطے کی کہ وہ محل رونے کی ہے ۔

اُعلِّلُ نفسی بالمرُجّم عیبُہ — وکاذبتُہا حتے ابان کِذابُہا

عللہ اذا شغلہ بمالیس فی الواقع والمترجم غیبہ ای من غیبہ مرجم نظن بہ الظنون یقال رجم الرجل بالغیب اذا تکلم بمالا یعلم واراد بالغیب الخبر والکذاب المکاذبۃ ہہنا ای ظہر کذابہا ترجمہ اُس شخص کے معاملہ میں جس کی خبر کچھہ معلوم نہیں ہے لپنے دل کو بہلاتی ہوں اور کہتی ہوں کہ وہ عنقریب آجادیگا اور لپنے ناامید دل کو جھٹلاتی رہی یہاں تک کہ میرا جھوٹ اُسپر ظاہر ہو گیا کیونکہ وہ غائب شخص واپس نہ آیا یعنی میں نے اپنے دل کو بہت بہلایا مگر آخر میرا جھوٹ اُسپر ظاہر ہو گیا ۔

اَلہفے علیک ابن الاشدّ لبُہمۃ — اَضرَّ الکماۃ طعنہا وضرابہا

الہمزۃ للنداء ۔ والبہمۃ الشجاع الذی لایُہتدیٰ من این یوتی والجیش العظیم ترجمہ اے ابن الاشد مجکو تجہپر یعنی تیرے مرجانے پر افسوس آتا ہے بسبب ہجوم لشکر اعداء کے جن کو تو دفع کرتا تھا اور جنکی نیزہ بازی وشمشیر زنی دلیروں کو نقصان پہونچاتی ہے ۔

متی یدعُ الداعی الیہ فانّہ — سمیعٌ اذا الاذانُ صَمّ جوابُہا

الضمیران المنصوبان لابن الاشد والمجرور الاول للداعی والثانی للآذان واسناد الصمّ الی الجواب علی التجوز وکنت لصم الآذان عن عدم النصرۃ ترجمہ جسوقت طالبِ مدد اُس کو اپنی طرف بلاتا ہے تو وہ خوب سنتا ہے اور فریاد رسی کرتا ہے جب کہ اور کانوں کے جواب بہرے ہو جاویں یعنی جبکہ اور لوگ اُسکی فریاد سنیں اور کچھہ جواب نہ دیں تو یہ شخص فریاد رسی کرتا ہے ۔

ہو الابیض الوضّاح لو رُمیتْ بہٖ — ضواحٍ من الرّیّان زالت ہضابُہا

ترید بالابیض الوضاح خلوص النسب واشتہار الذکر ورماہ بہ اصابہ والضواحی النواحی والریان جبل معروف والہضاب مادون المرتفع من الجبال ترجمہ وہ شخص خالص النسب ور ایسا مشہور ہے کہ اگر اُسکا صدمہ اطراف کوہ ریان پر پہونچایا جاوے تو اُس کی پہاڑیاں اپنی جگہ سے ہٹ جادیں یعنے لوگوں کا تو کیا ذکر ہے ۔

وقالت العوراء بنت سبیع

حشت قبیل الصبح ناره	ابکی لعبد الله اذ

حشت ناره اوقدت وهذا مثل ارادت انه قتل قبیل الصبح فضربت لقتله مثلا بایقاد النار والعرب تقول اوقدت نار الحرب اذا هاجت ترجمہ میں عبد اللہ کے لیئے روتی ہوں جب کہ صبح سے کچھ پہلے اُس لڑائی کی آگ جس میں وہ مقتول ہوا بھڑکائی گئی ۔

یُرخی المظلمة اذا ما	طیّان طاوی الکشح لا

الطیان الجائع ویستعیر بہہنا الضامر البطن وطاوی الکشح ای لیس بفخم الجنبین والمظلمة بضم المیم وکسر اللام من ظلم اذا دخل فی الظلمة نعت امرأة وکان من عادتہم اذا خلوا علی امرأة فقضوا وطرہم من الفاحشة فاذا خرجوا ارخوا ازارہم لینجر علی الاثر فلا یتبین فہو مدح بالعفة او المظلمة بفتح المیم وارخاء الازار کنایة عن الخوف فان الخائف یسترخی ازارہ فہو مدح لہ بالشجاعة ترجمہ وہ چھریرہ پتلے شکم کا پٹخی کو کین تھا کہ جو عورت اندھیری میں بیٹھی ہوئی ہو اُس کے پاس بدکاری کیلیئے جا کر اپنا تہمد واسطے مٹانے اپنے نشان قدم کے نہیں لٹکا تا جاتا تھا یعنی جاتا ہی نہیں جو لٹکاوے یعنے عفیف و پرہیز گار ہے یا مصیبت کیوقت اُس کا تہمد ڈھیلا نہیں ہوتا جیسا کہ دستور ہیکہ بزدل آدمی کا خوف کیوقت جوتا ہی ڈھیلا ہو جاتا ہے اور پاؤں سے نکل پڑتا ہے یعنی بہادر ہے

دالمجد مخلوعا عذاره	یعصی البخیل اذا اراد

الخالع النزع ومخلوعا عذاره مثل یعنی انہ لا یطیع العاذل کما ان الفرس اذا لم یکن علیہ رسن مر حیث شاء ولم یطع ترجمہ وہ شخص جب زندگی اور سخاوت کے کام کرتا ہی تو بخیل کا کہنا نہیں مانتا اور مثل اسپ بے لگام کے خوب دل کھولکر سخاوت کرتا ہے ۔

وقالت عاتکة بنت زید بن عمرو

ہی عاتکة المذکورة تزوج امیر المؤمنین عمر بن الخطاب رض وکانت قد تزوجت بہ بعد عبد اللہ بن ابی بکر رض

ولعین شفّہا طول السہد م	من لنفس عادہا احزانہا

شفہا اضرہا ترجمہ کون اُس طبیعت کی غمخواری کرے جسکے غم اُسپر دوبارہ ٹوٹ پڑے اور اُس آنکھ کا کون علاج کرے جسکو درازی بیداری نے نہایت تکلیف دی ہے دوبارہ غم کا لوٹنا اشارہ ہے صدمہ اول شہادت عبد اللہ رض زوج اول کیطرف ۔

رحمة اللہ علی ذاک الجسد	جسد لُفّف فی اکفانہ

ترجمہ وہ ایک جسم ہے جو اپنے کفنوں میں لپیٹا گیا خدا رحم کرے اس جسم پر یہ کلام بطور تحسر وتلہف کے ہے۔

فیہ تفجیع لمولی غارمٍ ... لم یدع عند اللہ شیئًا بسبد

الضمیر المجرور للجسد والتفجیع الایلام والایجاع والمولے ابن العم والغارم من یلزمہ الغریم والسبد محرکۃ الشیء القلیل من الشعر یقال مالہ سبد ولا لبد ای لا قلیل ولا کثیر واللبدۃ الصوف والمراد افقرہ اللہ ترجمہ اُس جسم میں اس برادر عمزاد تاوان زدہ کی ضرر رسانی ہے جن کے پاس خدا نے کچھ نہیں چھوڑا کیونکہ وہ جسد اُن کے تاوان ادا کرتا تھا۔

وقالت امرأۃ من بنی الحارث

فارسٌ ما غادروہ مُلحمًا ... غیر زمیلٍ ولا نکسٍ وکل

ملحما طعمۃ لعوافی السباع والطیر والزمیل الجبان الضعیف والنکس بالکسر الضعیف المقصر عن ادراک الشرف والوکل محرکۃ من تیکل علی غیرہ ترجمہ وہ شہسوار کامل ہے کہ اُس کو پرندوں درندوں کا طُعمہ بنا دیا ہے حالانکہ وہ ضعیف اور کوتاہ ہمت اوروں پر بھروسہ رکھنے والا نہ تھا۔

لو یشاء طار بہ ذو میعۃ ... لاحق الاطال نہدٌ ذو خُصَل

المیعۃ نشاط الفرس والاطال جمع اطل بالکسر وہو الخاصرۃ والمراد بلاحق الاطال ضامر الجنبین والنہد القوی والخصلۃ مجمع من الشعر یجمع علی خصل ترجمہ گر سوار مذکور اپنے خلاصی ہلاک سے چاہتا تو اُس کو ایک گھوڑا نا چتا کودتا پتلی کمر کا قوی بڑی عیال والا لے اُڑتا۔

غیر ان الباس منہ شیمۃ ... وصروف الدھر تجری بالاجل

ترجمہ مگر یہ بات ہے کہ بیشک لڑائی اُسکی عادت قدیم ہے اور حوادث زمانہ ایک وقت مقرر پر ظاہر ہوتے ہیں اس لیئے وہ نجات نہ پا سکا۔

وقال جریر یرثی قیس بن ضرار

ہو جریر بن عطیۃ التمیمی الحنظلی الیربوعی شاعر اسلامی فصیح معروف یرثی قیس بن ضرار التمیمی۔

وباکیۃٍ من نأی قیسٍ قد غدت ... بقیس نوی بینٍ طویلٌ بعادُھا

الواو بمعنی رب وجوابہا محذوف ای تبکی والنائی البعد وطویل مرفوع نعت نوی والضمیر المجرور لہ ترجمہ اور بہت سی رونے والیاں قیس کی جدائی سے روتی ہیں اور حال یہ ہے کہ قیس کو ایسی جدائی نے علیحدہ کر دیا جس کی مدت دراز ہے۔

أظنُّ انهمالُ الدمعِ ليس بمنتهٍ ۔۔۔ عن العين حتى يضمحلَّ سوادُها

ترجمہ میں گمان کرتا ہوں کہ آنسوؤں کا بہنا آنکھ سے منقطع نہو گا جب تلک کہ سواد چشم سب پگھل نہ جاویگی۔

وحق لقیس ان یُباح له الحمی ۔۔۔ وان تعقر الوجناءُ ان خفّ زادُها

الاصل فی الحمی الکلاء والماء وکان العزیز منهم یستبیح الاحمیة ویحفظ حمی لنفسه یمنع منه کل احد واذا قال احمیت المکان کان تجتنب ویتحامی اجلالاً له وخوفاً منه استعیر من بعد للقلب فی قال کثیر فی الحب یصف امرأة شعر اباحت حمی لم یرعه الناس قبلها ۔ وحلت تلاعاً لم یکن قبل حلت ۔ ای اباحة قلباً لم یحل فیه حزن ولا هم وقوله وان تعقر الوجناء ان خف زادها کان الواحد منهم اذا مر بقبر رئیس کریم نحر الناقة له اشعاراً بان جوده جار بعده ۔ والعقر الجرح فی قوائم الفرس والابل والفعل مجهول ۔ والوجناء الناقة القویة وان بالفتح مصدریة بتقدیر اللام وبالکسر شرطیة ترجمہ قیس کو یہ امر ثابت وسزاوار کیا گیا کہ اُس کے لیئے وہ دل جو مثل رمنہ واحاطہ کے محفوظ ہے مباح کیا جاوے کہ اُس کا غم اُس دل میں آجاوے اور یہ کہ قوی ناقہ اُس کے لیئے اور اُسکی تعظیم کیواسطے زخمی اور ذبح کیجاوے اس لیئے کہ اُسکا توشہ ہلکا ہوگیا ہی اور اُسپر سامان ضیافت موجود نہیں ہی اسلیئے خود اُس کا ذبح کرنا چاہیئے تاکہ تعظیم متوفی ادا ہوجاوے۔

وقال آخر

اِنَّ المساءة للمسرة موعدٌ ۔۔۔ اختان رهن للعشیّة او غد

ترجمہ بیشک غم خوشی کے لیئے جائے ملاقات ہی وہ دونوں بہنیں ہیں جو ایک دوسرے کے بعد آتی ہیں اور تو اُن کے ساتھ گرو ہے آج کی شام یا کل تلک یعنی تو ہمیشہ کو نہیں رہسکتا۔

فاذا سمعت لهالکٍ فتیقّنن ۔۔۔ اِنَّ السبیل سبیله وتزوّد

ترجمہ تو جب کسی مرنیوالے کا حال سُنے تو یقین کرلے کہ میری راہ بھی یہی ہے اور توشہ آخرت طیار کرلے

وقال آخر یرثی اخاه

اخٌ وابٌ برٌّ وامٌّ شفیقةٌ ۔۔۔ تفرّق فی الابرار ما هو جامعُه

البر بالفتح الکثیر الاحسان یجمع علی ابرار ترجمہ وہ میرے لیئے برادر مہربان اور پدر محسن اور مادر شفیق تھا تمام عمدہ لوگوں میں وہ اوصاف متفرق موجود ہیں جن کا وہ جامع تھا یعنی وہ خوبیاں جو اوروں میں متفرق موجود ہیں اُس میں اکھٹی موجود تھین۔

سلوت به عن کلّ من کان قبله ۔۔۔ واذهلنی عن کلّ من هو تابعُه

ترجمہ اُس کے سبب میں سب پہلوں کو بھولگیا اور جب وہ مرگیا تو اُسنے مجکو ہر باقی ماندہ سے غافل کر دیا۔

وقال آخر یرثی ابنہ

ذهبتَ علی حینَ اَعجبتنی ۔۔۔ وولّی الشباب وجاء الکبر

ترجمہ تو اُس وقت چلدیا جب تو مجکو اچھا معلوم ہونے لگا اور جبکہ میری جوانی نے منہ پھیرا اور بڑھاپا آگیا

فان ابكِ ابكِ علی فاجع ۔۔۔ وان یكُ صبرٌ فمثلی صبر

الفاجع من یفجع القوم لغمہ وکان تامۃ ترجمہ سو اگر میں اُس کو روؤں تو ایسے شخص پر روؤں جس نے تمام لوگوں کو غمگین کر دیا ہے یعنی وہ اس بات کے لائق ہی کہ اُسپر رویا جاوے اور اگر مجھسے صبر ہو سکے تو مجھہ جیسے صبر بھی کر بیٹھتے ہیں ۔

بابُ الادب

الادب محرکۃ الظرف وحسن التناول وفی الفارسیۃ فرہنگ و دانش و شگفت و نگاہ داشت حد ہر چیز ۔

قال المسکین الدارمی

ہو ربیعۃ بن عامر الدارمی الملقب بالمسکین شاعر اسلامی معاصر للفرزدق ۔

وفتیانِ صدقٍ لستُ مُطلعَ بعضهم ۔۔۔ علی سرِّ بعضٍ غیر انّی جماعُها

الصدق اذا اضیف الیہ موصوفہ کما تقول زید صدقٍ یراد بہ الاحکام فی الافعال والکرم والمطلع المخبر والجماع کالوام ما یجمع بہ الشئی والمجرور للفتیان بتاویل الجماعۃ ترجمہ اور بہت سے عمدہ اور بھلے مانس جوان ہیں کہ میں اُن کے ایک کے بھید پر دوسرے کو مطلع نہیں کرتا ہاں میں اُن کے ایک جگہہ بیٹھنے کا باعث ہوں اپنی رازداری کی تعریف کرتا ہے ۔

لکلِّ امرءٍ شعبٌ من القلب فارغ ۔۔۔ وموضعُ نجویٰ لا یُرامُ اطّلاعُها

الشعب الطریق فی الجبل واستعیر ہہنا للمکان الصعب والفارغ الخالی والاطلاع مصدر اطلع الجبل اذا صعد فیہ والضمیر المجرور للموضع من حیث اکتسابہ التانیث من المضاف الیہ او النجوی ترجمہ ہر شخص کے لیئے اپنے دل میں ارادوں کیواسطے ایک جگہہ خالی رہتی ہے اور بھید کی جگہہ پر چڑہنے کا قصد نہیں کیا جاتا یعنی وہ دشوار گزار ہے ۔

یُظلّون شتّی فی البلاد وسرُّهم ۔۔۔ الی صخرۃٍ اعیا الرجالَ انصداعُها

الضمیر للفتیان او الناس ترجمہ وہ جوان یا لوگ دن بھر شہروں میں پھرتے ہیں اور اُن کے بھید دل کے

سپر دہیں جو مضبوطی میں سخت پتھر کی مانند ہیں جسکے شگاف دینے نے مردوں کو عاجز کر دیا ہے دل سے مراد جوانوں کے دل ہیں یا شاعر اپنے دل کو کہتا ہے اور اپنی رازداری کی تعریف کرتا ہے ۔

وقال یحییٰ بن زیاد الحارثی

ولما رایت الشیب لاح بیاضہ	بمفرق راسی قلت للشیب مرحبا

ترجمہ اور جبکہ میں نے بڑھاپے کو دیکھا کہ اُس کی سفیدی میرے سر کی مانگ میں ظاہر ہوئی تو میں نے بڑھاپے سے کہا کہ آپ نے کرم کیجئے ۔

ولو خفت انی ان کففت تحیتی	تنکب عنی رمت ان یتنکبا

اراد بالخوف العلم لما انہ سببہ او الرجاء والکف المنع وتنکب اعرض والروم القصد ۔ ترجمہ اور اگر مجکو یہ امید ہوتی کہ جو میں اُسکو مرحبا نہ کہوں گا تو وہ مجھ سے اعراض کر جاویگا تو اس امر کا قصد کرتا کہ وہ مجھ سے اعراض کر جاوے یعنی میں اُس کو مرحبا نہ کہتا مگر وہ کب ٹلنے والا تھا ناچار ظاہری آؤ بھگت کی ۔

ولکن اذا ما حل کرہ فسامحت	بہ النفس یوما کان للکرہ اذھب

الکرہ المکروہ وسامح بہ لازلہ وخضع ترجمہ مگر جب کوئی امر مکروہ سر آ پڑے اور اُس کو طبیعت کسی روز گوارا کرلے تو وہ امر مکروہ بہت جلد گزر جاتا ہی اور اُس کا تحمل آسان ہو جاتا ہی سو در باب بڑھاپے کے میں نے ایسا ہی کیا

وقال المرار بن سعید

اذا شئت یوما ان تسود عشیرۃ	فبالحلم سد لا بالتسرع والشتم

التسرع العجلۃ الی الشر وسد امر من ساد ہم اذا صار سیدہم ترجمہ جب تو کسی روز کسی قوم کا سردار بننا چاہی تو بذریعہ بردباری سرداری کر نہ برائی کی طرف جلد بازی کرنے اور گالی گلوج سے ۔

وللحلم خیر فاعلمن مغبۃ	من الجہل الا ان تشمس من ظلم

المغبۃ العاقبۃ وتشمس بسطہ فی الشمس والفعل مجہول والمراد بہ غایۃ الایلام ترجمہ اور یہ بات معلوم کرلے کہ بردباری کا انجام جلد بازی سے بیشک اچھا ہوتا ہے مگر اُس صورت میں کہ تم کو براہ ظلم دھوپ میں بٹھایا جاوے یعنی تم پر نہایت ظلم کیا جاوے تو حلم اچھا نہیں ہے ۔

وقال عصام بن عبید الزمانی

نسبتہ الی زمان بن مالک البکری لعاتب ابا مسمع من بکر وکان قد دخل علیہ قوم ودکث عصام الی بابہ وانما عاتبہ

لانہما کانا من بکر

وفی العتاب حیوۃ بین اقوام	اَبلغ اَبا مَسمَعٍ عنیّ مغلغلۃً

رسالۃ مغلغلۃ اذا کانت محمولۃ من بلد الی بلد ترجمہ میری طرف سے ابومسمع کو بطور ایک خط کے کہ ایک شہر سے دوسرے شہر کو جاوے یعنی بسبیل ڈاک وہ پیام جو دوسرے شعر میں مذکور ہے پہونچا دے اور حال یہ ہے کہ دوستوں کی عمدہ زندگی عتاب کے ذریعہ سے ہے۔ خلاصہ یہ کہ اگر احباب میں باہمی شکایت ہو کر صفائی نہ ہو جاوے تو ان کی زندگی تلخ ہو جاوے۔ پس میرا عتاب اسی خیال سے ہے۔

فی الحق ان یدخلوا الابواب قبلی	ادخلت قبلی قوماً لم یکن لھم

ترجمہ وہ پیام یہ ہے کہ تو نے مجھ سے پہلے اپنے پاس ایسی قوم کو بلالیا جن کو انصاف سے یہ اختیار حاصل نہ تھا کہ عمدہ لوگوں کے دروازوں میں مجھ سے پہلے داخل ہوسکیں۔

میتاً وابعدھم من منزل الذام	لو عد قبر وقبر کنت اکرمھم

اراد بتکرار القبر الکثرۃ والذام الذم والعیب ترجمہ اگر ایک قبر بعد دوسری قبر کے شمار کیجاوے تو میں ان سے حالت ممات میں عمدہ ہوں گا اور حالت حیات میں مکان عیب اور مذمت سے ان سب کی بہ نسبت دور تر۔

بباب دارک ادلوھا باقوام	فقد جعلت اذا ما حاجتی نزلت

ادلو متکلم من ولا الدلو اذا ارسلھا فی البیر واستعیر لعرض الحاجۃ والبار للاستغاثۃ ترجمہ سو اب میں نے یہ عادت کرلی ہو کہ جب میری کوئی حاجت تیرے دروازہ سے متعلق ہو تو میں اس کو باعانت وسفارش دوسری قوم کے پیش کردوں گا حالانکہ میں انکی نسبت تجھسے قریب اور تیرا ہمقوم ہوں یہ مضمون بطور طنز ہے۔

وقال شبیب بن البرصاء المری

ہو شاعر اسلامی نسب الی امہ قرصافۃ او حمیرۃ بنت الحارث بن عوف الملقبۃ بالبرصاء لبیاضھا لا للبرص قالوا ان النبی صلی اللہ علیہ وسلم کان خطبہا فقال ابوہا الا رضا بالک یا رسول اللہ فانہا برصاء فرجع ابوہا فاذا ہی قد برصت ومن حدیث ہذہ الابیات انہ کان قد خطب الی یزید بن ہاشم بن حرملۃ بنتہا فقال ہی صغیرۃ قال لا ولکن ترید ان تردنی خائبًا قال فانظرنی ہذا العام فازوجک فرجع شبیب مغضبا ثم قال الناس لیزید بئس ما فعلت فندم وارسل لے شبیب وقال ع لعمری لقد اشرفت یوم عنیزۃ الخ

تراھا من الموالی فلا استثیرھا	وانی لتراک الضغینۃ قد بدا

الضغینۃ الحقد والبغض والثری الندی واراد بہ الاثر والاستثارۃ الاثارۃ ترجمہ اور میں بیشک اس کینہ سے برادر گزر کرنے والا ہوں جس کا اثر میرے چچازاد بھائی سے ظاہر ہوا ہو سو میں اس کو نہیں کریدتا۔

مخافة ان تجنى على وانما — يهيج كبيرات الامور صغيرها

جنے علیہ اذا فعل بہ ما یکرہ و یسوءہ و فاعل تجنی الضغینۃ ترجمہ میں اُس کینہ کو اس خوف سے نہیں کریدتا تاکہ وہ کینہ مجھ پر کوئی واردات نکرے کیونکہ بڑے امور کو چھوٹے امور پیدا اور ظاہر کردیتے ہیں۔

لعمری لقد اشرفت یوم عنیزة — علی رغبة لو شد نفسی مریرها

اشرف علیہ اذا مال الیہ طامعا فیہ و عنیزۃ موضع خطب فیہ الی یزید ابنۃ وآراد بالرغبۃ المرغوب فیہ والمریر الحبل الذی فتل شدیدا ترجمہ اپنی زندگی کی قسم بروز مقام عنیزہ میں نے ایک شے مرغوب کی طمع کی کاش میری طبیعت کو اُس کی مضبوط رسی جکڑ بند کر لیتی کہ وہ ایسی طمع نکرتی۔

تبین اعقاب الامور اذا مضت — وتقبل اشباها علیک صدورها

اعقاب الامور اواخرہا وصدورہا اوائلہا والاشباہ جمع شبیہ و علی متعلقۃ بتقبل ترجمہ امور جب گزر جاتے ہیں تو اُن کے انجام ظاہر ہوجاتے ہیں اور اُن کے آغاز تیری طرف مشتبہ و مخفی پیش آتے ہیں۔ اسمیں یزید کی طرف تعریض ہے کہ اُس نے اول بے سمجھے انکار کردیا آخر کو پشیمان ہوا اپنی طرف کا بے سوچے پیام دیا اور پچھتانا پڑا

اذا افتخرت سعد بن ذبیان لم تجد — سوی ما ابتنینا ما یعد فخورها

الفخور مبالغة الفاخر وہو فاعل یعد ترجمہ جبکہ قوم سعد بن ذبیان فخر کرے تو سوائے اُن عمدہ باتوں کے جن کی بنیاد ہم نے ڈالدی ہو اُن کو ایسی چیز نہ ملے گی جس کو وہ اپنے لیئے باعث زیادہ فخر کا سمجھیں۔

فلا خیر فی العیدان الا صلابها — ولا ناهضات الطیر الا صقورها

الفاء للتعلیل والعیدان جمع عود وہو الخشب والناہضات من نہض الطیر اذا بسط جناحیہ للطیران و الناہض فرخ الطیر الذی وفر جناحہ و استعد للطیران عطف علی العیدان ترجمہ کیونکہ لکڑیوں میں بہتر نہیں ہوتی مگر جو اُن میں سخت ہو اور پرندوں میں بہتر نہیں ہوتے مگر اُن کے چرغ۔ یعنی ہم لکڑیوں میں مثل کاٹھ کے ہیں اور اور لوگ کو کاٹھ اور پرندوں میں مثل چرغ کے ہیں جو نہایت زور آور پرندہ ہیں۔

الم تر انا نور قوم وانما — یبین فی الظلماء للناس نورها

یقال ہو نور قومہ ای ینتفعون برائہ وجاہہ والظلماء الظلمۃ واللیلۃ الشدیدۃ الظلمۃ ترجمہ اے مخاطب کیا تو نے نہیں دیکھا کہ ہم بنی مرہ عمدہ قوم کے گھر کے اجالے ہیں۔ اور سوائے اس کے نہیں ہے کہ اور لوگوں کو اُس قوم کا نور اندھیری یا کالی رات میں معلوم ہوتا ہے۔

وقال معن بن اوس المزنی

معن بن اوس

ومن حدیثہ انہ کان تزوج باخت صدیق لہ ثم طلقہا فاقسم لا یکلم معنا ابدا فقال یستعطفہ۔

لعمرک ما ادری وانی لاوجل	علی اینا تغدو المنیۃ اول

الاوجل صفۃ مشبہۃ من الوجل وہو الخوف وغدا علیہ بالمعجمۃ اذا اتاہ بکرۃ وبالمہملۃ اذا وثب علیہ **ترجمہ** تیری زندگی کی قسم مجکو معلوم نہیں ہی اور میں بیشک ترساں ہوں کہ ہم دونوں میں سے پہلے موت صبح کو کسپر آدھمکے گی یا چڑھ آویگی پس باہمی نارضامندی نامناسب ہے ۔

وانی اخوک الدائم العہد لم اخن	ان ابزاک خصم او نبا بک منزل

ابزی بہ بطش بہ فالکاف منصوب بنزع الخافض ونبا بہ المنزل اذا لم یوافقہ **ترجمہ** اور میں بیشک تیرا بھائی عہد کا پائدار ہوں اگر تجکو دشمن نے سخت آپکڑا ہے یا کوئی جگہہ تجکو ناموافق آگئی ہے تو میں نے تیری خیانت نہیں کی یعنے تجکو چھوڑا نہیں ۔

احارب من حاربت من ذی عداوۃ	واحبس مالی ان غرمت فاعقل

اکثر ما یطلق المال فی عرفہم علی الابل وغرم الرجل اصابہ غرم وعقل عنہ اذا ادی الدیۃ عنہ **ترجمہ** جس دشمن سے تو لڑے اُس سے میں لڑتا ہوں اور میں تیرے نفع کے لیئے اپنا مال وشتر روک رکھتا ہوں کہ اگر تجکو تاوان دینا پڑے تو میں تیرے بدلے ادا کر دوں ۔

وان سؤتنی یوما صفحت الی غد	لیعقب یوما منک آخر مقبل

السلسلان بکسر المهملتین موضع ۔ وضع علی صیغۃ المثنّٰی کاجنادین فاربعاء ابہ النعف المکان المرتفع فی الجملۃ واللویٰ موضع ترجمہ اے میرے دوستو جو درمیان مقام سلسلین کے ہو یا میں درمیان سلسلین کے ہوں بیشک اگر میں مقام لویٰ کی اونچی جگہہ میں ہوتا جہاں میرا وطن ہے یا جہاں میرے احباب ہیں تو جو تم نے مجکو کہا میں اُس سے انکار کرتا اور تمہارے کہے کا بدلہ دیتا ۔

ولاكنّني لم آنس ما قال منّي	نصيبك من ذلٍّ إذا كنت خاليا

نصیبک منصوب بفعل محذوف ای خذ وخالیا منفرداً ترجمہ مگر میں اُس بات کو نہیں بھولا جو مجھہ سے میرے دوست نے کہی کہ تو ذلت سے اپنا حصہ لے جب تو تنہا اور بے یار و مددگار ہو ۔

وقال قيس بن الخطيم

وما بعضُ الإقامة في ديارٍ	يُهان بها الفتى إلّا بلاءُ

ترجمہ اُس دیار میں کچھہ بھی ٹھیرنا جہاں جوان ذلیل کیا جاوے سوای آفت و بلا کے کچھہ اور چیز نہیں ہے

كداءِ البطنِ ليس له دواءُ	وبعضُ خلائقِ الاقوامِ داءٌ

الخليقة ما خلق عليها الانسان من السجية وداء البطن يراد به الاسهال والاستسقاء ويضرب به المثل فی الصعوبة ترجمہ اور قوموں کی بعض خصلتیں سخت مرض ہیں مثل مرض شکم کے جس کی کوئی دوا نہیں ہے ۔

كمخضِ الماءِ ليس له اِتاءُ	وبعضُ القولِ ليس له عِناجٌ

العناج بالمهملة فالنون فالجيم ككتاب مِلاک الامر وقول لا عناج له اُرسل بلا فکر وروية والاتاء ككتاب ما يخرج من اكال الشجر والاتوا العطاء ويقال للسقاء اذا مخض وجاء بزبده جاء بالوة ترجمہ اور کوئی کوئی قول بے سمجھے بولا جاتا ہے اور اس لیئے بیفائدہ ہوتا ہے جیسا خالص پانی کہ اُس کے بلونیسے مسکہ حاصل نہیں ہوتا

ويابَى اللّٰهُ اِلّا ما يشاءُ	يُريدُ المرءُ ان يُعطى مُناهُ

ترجمہ مرد یہ چاہتا ہے کہ اُسکی آرزوئیں اُس کو دیجائیں اور خداوند تعالیٰ منظور نہیں فرماتا مگر جس چیز کو چاہیے

سَيَاتی بعدَ شدّتها رَخاءُ	وكلُّ شديدةٍ نزلت بقومٍ

ترجمہ اور جو سختی کسی قوم پر آوے اُس کی سختی کے بعد عنقریب نرمی آجاتی ہے ۔

وقد يَنمي على الجُودِ الثَّراءُ	ولا يُعطي الحريصُ غنىً لحرصٍ

يعطى المجهول والثراء كثرة المال ترجمہ حریص آدمی کو بسبب حرص کے تونگری نہیں دیجاتی اور کبھی باوجود بخشش کے مال کثیر ہوتا ہے اور اور بڑھتا ہے یعنی بخشش بظاہر سبب کمی مال ہو مگر باین ہمہ کبھی اس سے اور زیادہ افزایش مال ہوتی ہے ۔

وفقرُ النفسِ ما عَمَرت شقاءُ	غِنَى النفسِ ما عَمَرتْ غِنىً

المستكن فی عمرت الاولی للنفس او يغنی النفس علی الكتساب التانيث من المضاف اليه وفی عمرت الثانية للنفس المضاف اليها وحدها والشقاء الشدة والعسر ترجمہ جس کا دل تونگر ہے حقیقت میں وہی غنی ہے جب تلک اُس کا دل وطبیعت یا وہ غناء نفس باقی وزندہ ہے اور دلکی فقیری ایک بلا ہے جب تلک وہ باقی وزندہ ہے ۔

ولا مُزرٍ بصاحبه السَّخاءُ	وليس بنافعٍ ذا البُخلِ مالٌ

ترجمہ اور بخیل کو کوئی مال مفید نہیں ہے اور سخی کو سخاوت اُس کی کچھ عیب لگانے والی نہیں ہے ۔

وداءُ النُّوكِ ليس له شفاءُ	وبعضُ الدّاءِ ملتمسٌ شِفاهُ

ملتمس اسم مفعول من التمسه اذا طلبه والنوک الحمق ترجمہ اور بعض درد کی شفا مطلوب ہے یعنے وہ ممکن الشفاء ہے اور درد حمق کے لئے شفا ہی نہیں ہے ۔

وقال یزید بن الحکم الثقفی یعظ ابنہ بدرًا

یا بدر والامثال یضربھا	الذی اللب الحکیم

ترجمہ اے میرے بیٹے بدر اور حال یہ ہو کہ دانا شخص مثلونکو عقلمند کے لئے بیان کرتا ہے کیونکہ بے سمجھہ کو اُن سے کچھہ فائدہ نہیں ہوتا۔ جواب ندا آگے آتا ہو۔

دُم للخلیل بوُدِّہ	ما خیرُ وُدٍّ لا یدوُم

الباء للملابسۃ وما استفہامیۃ نافیۃ ولا یدوم لغت ودٍ ترجمہ اپنے دوست سے ہمیشہ دوستی کے ساتھ رہ کیونکہ اُس دوستی میں جو ہمیشہ نہیں رہتی کچھہ بھلائی نہیں۔

واعرِف الجار حقہ والحق یعرفہ الکریم

ترجمہ اپنے ہمسایہ اور ہم عہد کے حق کو پہچان۔ اور لوگوں کے حق کو عمدہ شخص جانا کرتا ہے۔

واعلم بانّ الضیف یوماً	سوف یحمدُ او یلوم

ترجمہ اور جان لے کہ بیشک مہمان کسی نہ کسی دن کچھہ دیر بعد درصورت احسان مہماندار کی تعریف کریگا اور درصورت عدم احسان اُس کو ملامت کرے گا۔

والناس مبتنیان محمو	د البنایۃ او ذمیم

ترجمہ اور لوگ دو قسم کے بنا کرنیوالے ہیں بعض اچھے بنا اپنے لئے کرتے ہیں اور بعض بُری۔

واعلم بُنَیَّ فانّہٗ	بالعلم ینتفع العلیم
انّ الامور دقیقُھا	مما یھیج لہ العظیم

ترجمہ اور جان اے میرے چھوٹے بیٹے کیونکہ بات یہ ہی علم سے دانا کو فائدہ ہوتا ہو کہ بیشک چھوٹے امور ایسے ہوتے ہیں کہ اُن کے سبب سے بڑے خرخشے اُٹھ کھڑے ہوتے ہیں۔

والتبل مثل الدین تقضا	ہ وقد یُلوی الغریم

التبل بتقدیم الفوقانیۃ علی الموحدۃ الثار وطلب الدم وقضی الغریم دینہ اذا اداہ الیہ یتعدی الی مفعولین۔ فتقضاہ علے بناء المجہول اسند الی المفعول والضمیر المنصوب مفعولہ الثانی ویلوی مجہول من لواہ دینہ اذا مطلہ والغریم من لہ الدین وردی یلوی معروفا ای یمطل فرح ہو من علیہ الدین فہو مشترک بینہما ترجمہ اور انتقام قرض کے مانند ہو جس کا تو تقاضا کیا جاتا ہے اور وہ ادا کیا جاتا ہو اور کبھی قرضخواہ کو دیر میں دیا جاتا ہے یا کبھی قرضدار ادائے قرض میں دیر کرتا ہے مگر آخر کو دینا پڑتا ہے۔

والبغی یصرع اھلہ	والظلم مرتعہ وخیم

الوخیم الطعام الغیر الموافق ترجمہ اور سرکشی سرکش کو ہلاک کرتی ہے اور ظلم کی چراگاہ بدہضمی لاتی ہے۔

ولقد یکون لک الغریب	اخاً و یقطعک الحمیم

ترجمہ اور کبھی تیرے لیئے مسافر برادر ہوجاتا ہے اور تیرا قریب رشتہ دار تجھسے قطع محبت کرتا ہے۔

والمرء یکرم للغنیٰ	ویُہانُ للعدم العدیمُ

العدم الفقر والعدیم الفقیر ترجمہ اور مرد بسبب تونگری کے تعظیم کیا جاتا ہے اور فقیر بسبب فقر کے اہانت کیا جاتا ہے

قد یقترُ الحول التقیُّ	و یکثرُ الحمق الاثیمُ

اقتر الرجل اذا ضاق رزقہ وقل مالہ واکثر اذا صار ذا مال کثیر والحول شدید الاحتیال والحمق کثیف الاحمق والاثیم ضد التقی ترجمہ کبھی مدبر پرہیزگار مفلس ہوجاتا ہے اور احمق گنہگار کثیر المال ہوجاتا ہے۔

یُملا لذاک و یبتلیٰ	ھذا فایھما المضیمُ

املی لہ امہلہ وذاک اشارۃ الی الاثیم وہذا الی التقی والمضیم المضرور المذلل ترجمہ اُس گنہگار کو مہلت دیجاتی ہے تاکہ اُس سے ایک ہی دفعہ انتقام لیا جاوے اور یہ پرہیزگار مصائب سے امتحان کیا جاتا ہے تاکہ اُسکو جزائے خیر دیجاوے سوال دونوں میں کون ذلیل و خوار ہو۔ خلاصہ یہ کہ گنہگار ہی ذلیل و خوار ہے۔

والمرء یبخلُ فی الحقوقِ	وللکلالۃ ما یسیمُ

اراد بالکلالۃ من یرث المیت ولا یکون بینہما نسبۃ الولادۃ وما موصولۃ واسام الابل رعاہا وضمیر المفعول محذوف ویجوز ان یکون مصدریۃ ترجمہ اور انسان حقوق واجب میں بخل کرتا ہے اور حال یہ ہے کہ وہ شتر جنکو وہ چراتا ہے ایسے وارثوں کو پہونچ جاتے ہیں جو نسب میں اُسکے شریک نہوں یعنی حقدار کو محروم کرتا ہے اور اغیار کو غیر مستحق کو دیجاتے ہیں

ما بخل من ھو للمنون	وریبھا غرضٌ رجیمُ

ما استفہامیۃ والغرض منہ النفی والمنون الدہر وریب المنون صروفہ والغرض محرکۃ الہدف والرجیم المرجوم ترجمہ کسقدر نکما بخل ہے اُس شخص کا جو زمانہ اور اُس کے انقلاب کا ٹھیک نشانہ ہے۔

و یری القرون امامہ	ھمدوا کما ھمد الھشیمُ

القرون کل امۃ ہلکت ہلا کا استاصلا والہمود الموت والہشیم النبت الیابس المنکسر ترجمہ اور حال یہ ہے کہ وہ اُن قوموں کو جو بالکل جاتی رہیں اپنے آگے دیکھتا ہے کہ وہ ایسی مرگئیں جیسے خشک گھاس جو پکر بھُس کے موافق ہوگئی ہے۔

وتخربُ الدنیا فلا	بؤسٌ یدوم ولا نعیمُ

تخرب اصلہ تتخرب حذفت احدی التائین ترجمہ اور دنیا خراب ہوتی جاتی ہے سو نہ سختی ہمیشہ رہی اور نہ نعمت

کل امرءٍ ستئیمُ منہ العرسُ او منھا یئیمُ

الایم من لازوج لہ ذکراکان اوانثی والفعل آم ییئم ترجمہ ہر مرد عنقریب اُس کی بیوی اُس کے مرنے سے رانڈ ہوجاویگی یا وہ مرد بیوی کے مرنے سے رنڈوا ہوجاویگا خلاصہ یہ کہ موت ہر شخص کیلئے ہے صرف تقدم و تاخر کا فرق ہے

ما علم ذی ولد ایثکلہ	ام الولد الینیئم

الثکل فقدان الحبیب و المستکن فی الفعل لذی ولد والمنصوب للولد ترجمہ فرزند کے والد کو اس بات کا علم نہیں ہے کہ کیا وہ اپنے فرزند کو گم کرے گا یا اُس کا فرزند یتیم اُس کو گم کریگا یعنی والد پہلے مریگا یا بیٹا۔

والحرب صاحبہا الصلیب	علی تلاتلہا العزوم
من لا یملّ ضراسہا	ولدی الحقیقۃ لا یخیم

الحرب مبتدا، وصاحبہا مرفوع علی الابتدا، والصلیب الصلب القوی لغتہا الاول وتلاتل الحرب شدائدہا والعزوم مبالغۃ العازم لغتہا الثانی والموصول خبر صاحبہا والجملۃ خبر الحرب وضراس الحرب عضہا والحقیقۃ مایحق علیک حفظہ ویخام نکص وتولے ترجمہ اور مرد جنگی ارادہ کا پورا شائد جنگ میں قوی و مضبوط وہ ہے جو جنگ کی نیش زنی سے دل تنگ نہو اور بوقت حمایت امر واجب کھیت نچھوڑے۔

واعلم بان الحرب لا یستطیعہا المرح السؤوم

المرح کلتف النشیط المتبختر والسؤوم من لسیئم من المکارہ ترجمہ اور اس بات کو سمجھ لے کہ لڑائی کی طاقت و توانائی چھچھورے بیصبرے کم ہمت کو نہیں ہوتی۔

والخیل اجودہا المناہب	عند کبتہا الازوم

المناہبۃ المقابلۃ فی العدو والرکض والکبۃ الدفعۃ فی الجری السریع واوائل الخیل والازوم بالمعجمۃ العضوض علی حدیدۃ اللجام ترجمہ اور گھوڑوں میں عمدہ وہ گھوڑا ہے جو گھوڑوں کا دوڑ میں مقابلہ کرے اور لگام کو خوب چباوے

وقال منقذ الہلالی

أیُّ عیش عیشی اذکنت منہ	بین حلّ وبین وشک رحیل

الحل الحلول والوشک القرب ترجمہ میری زندگی کیا خراب زندگی ہے جب کہ میں اُس میں درمیان مقام اور قرب کوچ کے ہوں یعنے ہمیشہ کا کوچ و مقام باعث تلخی زندگانی ہے۔

کلّ فجّ من البلاد کانی	طالبٌ بعض اہلہ بذحول

الفج الطریق الواسع والضمیر المجرور لہ والذحول بضم الذال المعجمۃ وبعدہا حاء جمع ذخل وہو الثار ترجمہ شہروں کی ہر سڑک مجکو ایسی ہے کہ گویا کسی وہاں کے رہنے والے سے مجکو انتقام لینا ہے یعنی شہروں کی سڑکوں پر میں گھبرایا ہوا اور تیز ایسا پھرتا ہوں جیسا طالب انتقام۔

كفك النفس عن طلاب الفضول	ما ادري الفضل والتكرم الا

ترجمہ میں بزرگی اور شرافت سوائے اس کے نہیں جانتا کہ تو اپنی طبیعت کو فضول چیزوں کی طلب سے روکے

وبلاء حمل الایادی وان تسمع منا ان تولی به من منیل

المنیل المنعم ترجمہ اور زیر بار احسان ہونا ایک بلاء عظیم ہے اور یہ کہ تو سنے کہ کوئی احسان تجکو کسی دینے والے کی طرف سے دیا گیا ہے۔

وقال محمد بن ابی شجاع الضبی

بفضل الغنی الفیت مالك حامد	اذا انت اعطیت الغنی ثم لم تجد

ترجمہ جب کہ تو خوشحالی عنایت کیا جاوے پھر تو اپنی حاجت سے زائد لوگوں کو نہ بخشے تو تو ایسے حال میں پایا جاویگا کہ کوئی تیری تعریف کرنے والا نہ ہوگا۔

یریبك من الادنی رماك الاباعد	اذا انت لم تعرك بجنبك بعض ما

عرکہ دلکہ وحکہ ورابہ اوہمہ وآذاہ والادنی الاقرب ترجمہ جب کہ تو اپنے پہلو سے موذی اور مشتبہ شخص کا جو تیرے پاس بیٹھا ہی مقابلہ نہ کریگا تو دور والے تیرے تیر مارینگے یعنی خودداری سے رہنا چاہئے

علیك بروق جمة ورواعد	اذا الحلم لم یغلب لك الجهل لم تزل

لك حال من المبتدا والجم الکثیر وکنی بالبرق والرعد عن تهدید الناس ترجمہ جب کہ تیرا حلم تیرے جہل پر غالب نہ رہیگا تو تجپر بہت سی بجلیاں اور رعد ہمیشہ چمکا اور کڑکا کرینگی یعنی تجکو تیرے بدخواہ ستایا کرینگے پس حلم کا استعمال ضرور ہے۔

جنیبا کما استتلی الجنیبة قائد	اذا العزم لم یفرج لك الشك لم تزل

العزم التصمیم فی الامر والجنیب المجنوب من جنبه اذا قاده الی جنب ویکنی به عن المطیع واستتلی استتبع والجنیبة ما یقاد بالجنب من الناقة والقائد نقیض السائق ترجمہ جبکہ ارادہ کی پختگی تیرے شک اور تردد کو کھول نہ دیگی تو تو ہمیشہ اوروں کا تابع رہیگا جیسا کہ اس ناقہ کو جسکی مہار لیکر آگے آگے چلتے ہیں ان کا کھینچنے والا تابع کرلیتا ہے۔

اذا صار میراثا وواراك لاحد	وقل غناء عنك مال جمعته

الغناء بالمعجمة مفتوحا مصدر اغنی عنه اذا دفع عنه واللاحد دفنه ترجمہ جو مال تونے جمع کیا ہے تجکو کچہ مفید نہوگا جبکہ اوروں پر بطور میراث تقسیم ہوگیا اور تجکو دفن کرنے والے نے دفن کردیا۔

لا مقعدا تدعی الیه ولا بعد سباب الرجال نثرهم والقصائد	اذا انت لم تترك طعاما تحبه تجللت عارا لا یزال یشبه

الولائد الاماء وکنی بہ عن المجلس الکریم وتخللہ لبس کالجل وشب النار اوقدہا والمراد الاطہار ترجمہ جب کہ تو اپنے
محبوب ومرغوب کھانیکو اپنے مہمان کے لیئے نہیں چھوڑیگا اور نہ اس کو عمدہ مقام بیٹھنے کے لیئے دیگا تو تو ایسے
عار وننگ کا لباس پہنے گا جس کو مردوں کے دشنام اور ہجو اُن کی نثر اور قصیدوں میں بخوبی ظاہر کریں گے ۔

وقال آخر

ویُلمّ لذاتِ الشباب معیشۃً ۔۔۔ مع الکثر یُعطاہُ الفتیٰ المتلفُ الندی

یقال ویل امہ اذا دعی علیہ ویستعمل تارۃ فی موضع المدح ومنہ قولہ علیہ السلام ویلمہ مسعر حرب ہٰہنا کذلک فانہ
یمدح الشباب ومعیشۃً حال اوتمیز والکثر بالضم المال الکثیر والمتلف کنایۃ عن السخی والندی الجواد ترجمہ کیا
عمدہ ہیں جوانی کے مزے جب کہ وہ اچھی زندگی دولتمندی کیساتھ ہو جو خرچ کرنیوالے مرد سخی کو دیجائے
یعنی جوانی تونگری اور سخاوت کے ساتھ نہایت عمدہ ہے ۔

وقد یعقل القُلُّ الفتیٰ دون ہمّہ ۔۔۔ وقد کان لولا القُلُّ طلّاع انجُد

العقل الحبس والقل بالضم قلۃ المال والہم القصد والانجد جمع نجد وہو المکان المرتفع یستعار للمجد ترجمہ اور
کبھی افلاس جوان مرد کو اُس کے قصد اور ہمت کے ورے روک لیتا ہے اور وہ جوان مرد ایسا تھا کہ اگر
اس کو عذر افلاس نہ ہوتا تو بڑے بڑے امور کا قصد کرتا اور ان کو پورا کرتا ۔

وقالت حرقۃ بنت النعمان

حرقۃ بضم الاولے وفتح الثانیۃ اسمہا ہند بنت النعمان بن منذر اللخمی ملک الحیرۃ وانشدت ہذین البیتین
بین یدی سعد بن وقاص رضی اللہ تعالے عنہ ۔

بینا نسوس الناس والامر امرنا ۔۔۔ اذا نحن فیہم سوقۃ نتنصّف

بینا کلمۃ تستعمل فی المفاجاۃ وہے من ظروف الزمان واذا للمفاجاۃ وساس الناس اصلحہم ودبر امرہم
والسوقۃ من دون الملک یسوق حیث یشاء والناصف الخادم ترجمہ ایسے حال میں کہ ہم لوگوں کے معاملات
درست کرتے تھے اور حکم اور اختیار ہمارا تھا ناگاہ ہم اُن میں رعیت بن گئے کہ اُن کی خدمت کرتے ہیں ۔

فاُفٍّ لدنیا لا یدوم نعیمُہا ۔۔۔ تقلّبُ تاراتٍ بنا وتصرّفُ

معنے اف التحقیر ترجمہ سو دنیا کا برا ہو جسکی نعمتوں کو قیام نہیں ہے اور ہمارے حالات کو لوٹ پوٹ کرتی
ہے اور ہم پر زبردستی کرتی ہے ۔

وقال الحکم بن عبد الاسدی

اطلبُ ما یطلبُ الکریمُ من الرزق | لنفسی واُجمل الطلبا

ترجمہ میں اپنے لئے ایسی روزی طلب کرتا ہوں جیسا بھلا مانس طلب کرتا ہو اور طلب عمدہ کرتا ہوں یعنی جس میں اپنی اہانت نہو۔

واحلُب الثرّة الصفیّ ولا | اجهد اخلافَ غیرها حلبا

الثرة الغزیرة اللبن من النوق والشاء۔ والصفی مثله وجهد الدابة اذا بلغ جهدها وجهد اللبن اذا اخرج زبده کله وکل منها یصح ههنا مستعارا والاخلاف جمع خلف وهو حلمة ضرع الناقة ونصب حلبا علی التمیز ترجمہ میں دودھیل ناقہ کو دوہتا ہوں اور سوا اس کے اور ناقہ کے سر ہائے پستان کو دوہنے کی تکلیف نہیں دیتا ہوں یعنی میرا معاملہ اسخیائے باہمت سے رہتا ہے اور انہیں سے اپنی کاروائی کرتا ہوں ناکس بخیل سے سروکار نہیں رکھتا۔

انّی رأیت الفتی الکریم اذا | رغّبتہ فی صنیعۃ رغبا

ترجمہ میں نے سخی جوان مرد کو ایسے حال میں دیکھا کہ جب تو اس کو احسان کرنے کی طرف رغبت دلائے تو فوراً اس طرف راغب ہو جاوے۔

والعبدُ لا یطلبُ العلاءَ ولا | یُعطیك شیئاً الّا اذا رهبا

ترجمہ اور غلام کمینہ بلند نامی کی خواہش نہیں رکھتا اور تجکو کچھ بھی نہ دیگا مگر جب تجھ سے ڈر جاوے۔

مثل الحمار الموقّع السوء لا | یحسن مشیاً الّا اذا ضُربا

الموقع الذی فی ظهره آثار۔ والسوء مصدر وصف به مبالغة ترجمہ جیسا برا کمر لگا ذلیل گدھا اچھا نہیں چلتا مگر جبکہ پیٹا جاوے۔

ولم اجد عروة الخلائق الّا الدّ | ین لمّا اعتبرت والحسبا

العروة من الدلو والکوز ما یقبض به والمراد به ملاك الشئ والخلائق العادات والاعتبار التأمل ترجمہ اور جبکہ میں نے تامل کیا تو عمدہ عادتوں کا مدار اور موقوف علیہ سوائے دین اور حسب یعنی نیکوکاری کے اور کوئی چیز نہیں پائی

قد یُرزق الخافضُ المقیمُ وما | شدّ بعنسٍ رحلاً ولا قتبا

العنس الناقة القویة والرحل مرکب البعیر والقتب الاکاف علی قدر سنام الجمل ترجمہ کبھی شخص آرام طلب مقیم کو روزی پہونچائی جاتی ہے حال اینکہ اس نے کبھی اونٹنی پر پالان اور عرق گیر نہیں کسا۔

ویحرم المال ذو المطیة والرّ | حل ومن لا یزال مغتربا

ترجمہ اور کبھی مال سے محروم کیا جاتا ہے اونٹنی اور کجاوہ والا اور وہ شخص جو ہمیشہ سفر کرتا ہے۔

وقال آخر

انت الفداء لذکر عام او لا	یا ایہا العالم الذی قد رابنی

رابنی آذانی واحوجنی وادلی نعت عام والالف للاشباع ترجمہ اے سال عال کہ جسنے مجکو تکلیف دی اور محتاج کردیا تو سال گزشتہ کے ذکر پر فدا ہو جیوکیونکہ وہ تجھسے بہت اچھا تھا۔

انت الفداء لذکر عام لم یکن	تحسنا ولا بین الاحبۃ زیلا

زیل فرق ترجمہ تو قربان ہو اُس برس کے ذکر پر جو منحوس نہ تھا اور نہ اُس نے دوستوں میں تفریق کی تھی۔

وقال الفرزدق

اذا ما الدھر جر علی اناس	کلاکلہ اناخ باخرینا

الکلاکل جمع کلکل وھو صدر البعیر واناخ الجمل برک لازم ترجمہ جبکہ زمانہ اپنے سینوں کو ایک قوم پر کھینچے یعنی اُن کو دبا دے اور تکلیف دے تو اور قوموں پر بیٹھ ہی جاتا ہو اور بالکل دبا لیتا ہو۔ خلاصہ یہ کہ جب زمانہ ایک کو ستاتا ہے اور اُن کے عیش کو مکدر کرتا ہے تو اُس کی عادت مقررہ سے یہ ہو کہ اوروں کے ساتھ زیادہ برائی سے پیش آتا ہے۔

فقل للشامتین بنا افیقوا	سیلقی الشامتون کما لقینا

ترجمہ سو تو اُن لوگوں سے جو ہماری مصیبت سے خوش ہوتے ہیں کہدے کہ ہوش میں آؤ عنقریب خوش ہونیوالے بھی اُن جیسے مصائب سے ملیں گے جیسے ہم اُن سے ملے۔

وقال الصلتان العبدی

اشاب الصغیر وافنی الکبیر	کر الغداۃ ومر العشی

ترجمہ صبح کے بار بار آنے اور شام کے گزر جانے نے بچے کو جوان اور بوڑھے کو فنا کر دیا۔

اذا لیلۃ ہرمت یومہا	اتی بعد ذلک یوم فتی

ہرمہ جعلہ ہرما والفتے الشاب ترجمہ جبکہ ایک رات اپنے دن کو بوڑھا اور قریب الفنا کر دیتی ہے تو اُس کے بعد ایک روز جوان آجاتا ہے۔

نروح ونغدو لحاجاتنا	وحاجۃ من عاش لا تنقضی

ترجمہ ہم اپنے کاموں کے لئے شام و صبح چلتے پھرتے ہیں اور زندہ کے کام پورے نہیں ہو چکتے یعنی ہمیشہ رہتے ہیں۔

وسیلبہ الموت اثوابہ	ویمنعہ الموت ما یشتہی

ترجمہ اور موت اُس کے کپڑے اُتار لیتی ہے اور موت اسکو اُسکی خواہشوں سے روکتی ہے۔

تموتُ معَ المرءِ حاجاتہ	وتبقیٰ لہ حاجۃٌ ما بقے

ترجمہ مرد کے ساتھ اُسکی حاجتیں بھی مرجاتی ہیں اور جب تلک وہ زندہ رہتا ہے اُسکی کوئی نہ کوئی حاجت باقی رہتی ہے۔

اذا قلت یوماً لمن قد ترے	اروُنی السّرےّ اروك الغنی

من ہہنا مفرد لفظا مجموع معنے و السری السید الکریم ترجمہ جبکہ تو کسی روز اُن لوگوں نے جنکو تو دیکھتا ہے کہے کہ تم مجکو سخی سردار کو دکھاؤ تو وہ کہتا ہے کہ میں تجکو مالدار دکھاتا ہوں یعنی مالدار بھتیری ہیں مگر سردار سخی کوئی نہ رہا۔

الم تر لقمان اوصے ابنہ	واوصیتُ عمرً وانعم الوصے

ترجمہ کیا تونے دیکھا نہیں کہ لقمان نے اپنے بیٹے کو وصیت کی اور ایسی ہی میں نے اپنے بیٹے عمرو کو وصیت کی سو میں عمدہ وصیت کرنے والا ہوں۔

بُنَیَّ بدا خِبُّ نجوی الرّجالِ	فکن عند سرّك خبّ النجے

الجب بالکسر المکر و بالفتح المکار و النجوی الشوری و النجی المشاور ترجمہ اے میرے چھوٹے بیٹے لوگوں کے مشورہ کا فریب ظاہر ہوگیا ہے سو تو اپنے بھید میں اپنے مشورہ کرنیوالے سے مکر کرنیوالا رہ کیونکہ مکّار سے مکر کرنا بیموقع نہیں ہے۔

وسرّك ما كان عند امرءٍ	وسرّ الثلثۃ غیرُ الخفی

ترجمہ اور تیرا بھید وہ ہے جو ایک مرد کے پاس یعنی صرف تیرے پاس ہو اور جبکہ تیرا بھید تیرے دو ہونٹوں سے نکلا اور تیسرے شخص کے پاس پہونچا تو وہ چھپا نہیں رہتا۔

کما الصّمت ادنی لبعض الرشاد	فبعض التکلّم ادنے لغے

ترجمہ جیسے خاموشی بعض رہنمائی کے قریب ہے ایسے ہی بعض گفتگو کرنا گمراہی کے قریب ہے یعنی بعض محل میں خاموشی بمنزلہ رہنمائی کے ہوتی ہے اور بعض گفتگو گمراہی ہوتی ہے۔

وقال حسان بن ثابت رضی اللہ تعالی عنہ

ہو حسان بن ثابت بن منذر بن حرام الانصاری الخزرجی البخاری رضی اللہ تعالی عنہ شاعر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

اَصُون عرضے بمالٍ لا اُدنّسہ	لا بارك اللہ بعد العرض فی المال

تدنیس المال کنایۃ عن عدم تطہیرہ بما یخرج عنہ ولذا یقال للزکوۃ تطہیر المال ولا بارك انشاء ترجمہ میں اپنی آبرو کو ایسے مال کے ذریعہ سے بچاتا ہوں جسکو نجاست بخل سے ناپاک نہیں کرتا ہوں خداوند تعالی مال میں

حسان بن ثابت

برکت نہ دے بعد جانے آبرو کے ۔

احتال للمال ان اودی فاکسبہ	ولست للعرض ان اودی بمحتال

اودی ہلک ترجمہ اگر مال ہلاک ہو جاوے تو اسکے حاصل کرنیکی میں تدبیر کرتا ہوں اور اسکو حاصل کر لیتا ہوں اور اگر آبرو جاتی رہے تو اسکے حاصل کرنیکی کوئی تدبیر نہیں کرتا کیونکہ وہ جا کر پھر نہیں آتی ۔

تمّ باب الادب

باب النسیب

النسیب ذکر الشاعر المرءۃ بالحسن والاخبار عن تصرف ہواہا بہ ولیس ہو الغزل وانما الغزل الاشتہار بمودات النساء والثبوت الیہن والنسیب ذکر ذلک فی الخبر عنہ ۔

قال الصمۃ بن عبد اللہ القشیری

ومن حدیث ہذہ الابیات انہ ہوی بنت عم لہ یقال لہا ریا فخطبہا الی عمہ فزوجہا ایاہا علی خمسین من الابل فجاء الی ابیہ فسالہ ذلک فساق عنہ تسعا واربعین فساقہا الی عمہ فابی ان یقبلہا الا کملا فلج ابوہ ولج عمہ فقال واللہ ما رایت الام منکما جمیعا وانی لالام ان اقمت معکما فرحل الی الشام فتتبعہا نفسہ فقال ۔

حننت الی ریا ونفسک باعدت	مزارک من ریا وشعباکما معا

الحنین تالم الشوق دواد نفسک للحال ومعنے باعدت بعدت والشعب الرہط ومعا مرفوع المحل علی الخبریۃ ومعنی قولہ معا مجتمعان ترجمہ تو اے صمۃ ریا کی طرف مشتاق ہو گیا حالانکہ خود تیری طبیعت نے جائے ملاقات ریا کو تجھسے دور کر دیا ایسی صورت میں کہ تمہاری دونوں کی قوم ایک جگہ مجتمع تھی ۔ خلاصہ یہ کہ آپ کو ملامت کرتا ہے ۔

فما حسن ان تاتی الامر طائعا	وتجزع ان داعی الصبابۃ اسمعا

ترجمہ سو یہ بات اچھی نہیں ہے کہ تو امر محبت کو برغبت تمام قبول کرے اور تو گھبرا جاوے اس امر سے کہ طالب عشق تجکو اپنی آواز سنا دے اور ڈرا دے یعنی جب تو فراق محبوبہ کا اپنے اختیار سے مرتکب ہوا ہے تو اب تجکو گھبرانا نہ چاہیئے ۔

قفا ودعا نجدا ومن حل بالحمی	وقل لنجد عندنا ان یودعا

ترجمہ اے میرے دوستو ٹھیرو اور نجد کو اور ان لوگوں کو جو مکان حمی میں اترے ہوئے ہیں رخصت کرو اور ہمارے ہاں تو یہ دستور کم ہے کہ نجد رخصت کیا جاوے ۔

بنفسی تلک الارض ما اطیب الربا	وما احسن المصطاف والمتربعا

اصطاف الرجل اذا اقام بمکان فی الصیف والمصطاف موضعه والمتربع مکان الاقامة فی الربیع ترجمہ میری جان اُس زمین پر قربان کیا عمدہ اسکے ٹیلے ہیں اور کیا اچھی اسکی قیامگاہ ایام گرما اور موسم بہار کے ہیں

الیکَ ولٰکن خلِّ عینیکَ تدمعا	فلیست عشیّاتُ الحمیٰ برواجعٍ

ترجمہ اور شامیں مقام حمیٰ کی تیری طرف واپس آنے والی نہیں ہیں مگر تو اپنی دونوں آنکھوں کو چھوڑ کہ بہتی رہیں اور اس ذریعہ سے تجکو کچھ راحت پہونچے۔

وجالتْ بناتُ الشوقِ یحننَّ نزّعا	ولما رایتُ البِشرَ اعرضَ دوننا

البشر بالکسر جبل بالجزیرة واعرض بمعنی عرض وجالت من الجولان وبنات الشوق ما یولد منه من الکرب و البکاء وحنّ حنینا اذا بکی ونزّع جمع نازع یقال ناقة نازعة اذا حنت الی مرعاها واوطانها ترجمہ اور جبکہ میں نے دیکھا کہ کوہ بشر ہمارے آگے آڑ ہو گیا اور شوق کی بیٹیاں یعنی کرب واضطراب ورونا بیچین اور مضطرب ہوئیں کہ بحالت اشتیاق وطن روتے ہیں۔

عن الجهلِ بعدَ الحلمِ اسبلتا معا	بکتْ عینیَ الیسریٰ فلما زجرتُها

الجملة جواب لما فی البیت السابق وخص الیسری لما انها فی جانب القلب ولانه کان اعور والعین العوراء لا تدمع واسبلت العین سالت ترجمہ میری بائیں آنکھ روئی سو جب میں نے اُسکو بعد حلم وبردباری کے براہ جہل ونادانی باوجود علم اس بات کے کہ وہ رونے سے نہیں رُکے گی رُونے سے روکا تو دونوں بہنیں رونے لگیں

وجعتُ من الاصغاء لیتاً واخدعا	تلفّتُ نحوَ الحیّ حتی وجدتُنی

تلفت التفت ووجعت ساد مسد المفعول الثانی لوجدتنی والاصغاء الامالة واللیت صفحة العنق والاخدع عرق غلیظ فی الرقبة منصوبان علی التمیز ترجمہ جبکہ اپنی قوم سے میں جدا ہوا تو مڑ مڑ کر میں نے اسکی طرف دیکھا تاکہ جلد واپس آنا ہو یہانتک کہ میں نے اپنے آپ کو ایسے حال میں پایا کہ بار بار مڑنے سے میرا کنارہ گردن اور رگ گردن درد کرنے لگے اور یہ اسلیئے کہا کہ جلد واپس آنے کے لئے یہ شگون ہے کہ بعد روانگی مڑ کر دیکھیں اور یہ اُمید رجوع بسبب عشق کے تھی۔

علی کبدی من خشیةٍ ان تصدّعا	واذکرُ ایامَ الحمیٰ ثم انثنی

ترجمہ اور میں اُن دنوں کو یاد کرتا ہوں کہ مقام حمیٰ میں معشوقہ اور میں ایک جا بیٹھتے تھے اور پھر اپنے جگر کی طرف رجوع کرتا ہوں اس خوف سے کہ کہیں اس صدمہ فراق سے پارہ پارہ نہو جاوے

وقال آخر

الیّ فهلّا نفسُ لیلیٰ شفیعُها	ونبّئتُ لیلیٰ ارسلتْ بشفاعةٍ

ترجمہ میں خبر دیا گیا ہوں کہ لیلی نے میرے پاس کسی شخص کو اپنی سفارش اور معافی تقصیرات کیلئے بھیجا ہے سو خود لیلے ہی اپنی سفارش کیوں نہوئی ۔

به الجاه ام کنت امرء الا طیعها	اأکرم من لیلی علیّ فتبتغی

ترجمہ کیا وہ شخص سفارشی میرے نزدیک لیلی سے زیادہ قابلِ تکریم ہے کہ لیلے اسکے ذریعہ سے میرے روبرو اپنا رتبہ بڑھانا چاہتی ہے ۔ یا میں ایسا شخص ہوں کہ اسکی اطاعت نہیں کرنا ۔ خلاصہ یہ کہ لیلی کو اس امر پر توبیخ کرنا ہے ۔

وقال ابن الدمینة

توهّم صیفٍ من سعاد و مربع	اما یستفیق القلب الا نبری له

الہمزة للاستفہام و ما نافیة وانبری اشی عرض والتوہم التصور و اراد بالصیف المصیف ترجمہ کیا میرا یہ حال ہے کہ دل محبت کے نشہ سے افاقہ نہیں پاتا مگر تصور قیام گاہ ایام گرما و ایام بہار سعاد کا پیش آتا ہے یعنے اُن معاملات کا تصور جو اُن مقامات پر گزرے بوقت افاقہ بند ہو جاتا ہے خلاصہ یہ کہ دل ہمیشہ ان ہی خیالات میں ڈوبا رہتا ہے سو ایسا نہیں ہونا چاہیے ۔

متے تعرف الا طلال عینک تدمع	أخادع عن اطلالها العین انه

انخداع المنع والاخفا روالاطلال لاہل المدر آثار الحیطان والمساجد ولاہل الوبر الماکل والمشارب المراقد ترجمہ میں اپنی آنکھ کو سعاد کے کھنڈروں سے چھپاتا ہوں کیونکہ بیشک یہ بات ہے کہ جب تیری آنکھ اسکے کھنڈروں کو دیکھے گی رونے لگے گی خطاب بطور التفات ہے ۔

وهذی وحوشٌ اصبحت لم تبرقع	عهدتُ بها وحشًا علیها براقعٌ

ترجمہ میں نے اُن کھنڈروں میں سابق ایسی عورتوں کو دیکھا تھا جو نفرت اور صفائی اور حسن میں مثل وحشی جانوروں کے تھیں کہ اُنکے منھ پر برقع تھے اور یہ جنگلی جانور جو اب وہیں رہتے ہیں برقع پوش نہیں ہیں ۔

وقال آخر

بلیلی امُتْ لا قبر اعطش من قبری	فیارب ان اهلِکْ ولم تروِ هامتی

الہامة الراس وخصہا بالعطش لانہا محلہ عندہم واراد بری الہامة شفاء غلیلہ ترجمہ سوائے خدا اگر میں ایسے حال میں مرگیا کہ تونے میری کھوپری کو جس سے پیاس پیدا ہوتی ہے آب وصال لیلے سے تر نہ کیا تو میں ایسے حال میں مرونگا کہ کوئی قبر میری قبر سے یا مجھہ سے زیادہ پیاسی نہوگی ۔

وان آکُ عن لیلےٰ سلوت فانما	تسلّیت عن یاسٍ ولم اسل عن صبر

ترجمہ اور اگر میں لیلےٰ کو بھول گیا تو بیشک بسبب نا امیدی کے بھول گیا نہ بسبب صبر کے۔

وان یکُ عن لیلےٰ غنےٰ وتجلّدُ	فربّ غنےٰ نفسٍ قریبٌ من الفقر

ترجمہ اور اگر لیلےٰ سے کسی قسم کی بے پروائی اور دلیری ہے سو بہت بار نفس کی بے پروائی محتاجگی سے قریب ہوتی ہے یعنے اگر میں کسی اور معشوقہ سے ملکر تم سے بے پروائی ظاہر کرتا تو وہ عین احتیاج میری ہوتی کیونکہ وہ تیری قائمقام نہیں ہوسکتی۔

وقال آخر

یوم ارتحلت برحلے قبل برذعتے	والعقل متلہٌ والقلب مشغولُ

یوم منصوب بفعل مضمر والارتحال شد الرحل علے البعیر والبرذعۃ کساء یلقی علے ظہر البعیر تحت الرحل لئلا ینضر بالرحل والمتلہ من الولہ وہو ذہاب العقل ترجمہ وہ دن یاد کر کہ بسبب بیہوشی کے جو فراق کے خوف سے تھی اپنی سواری کا کجاوہ قبل رکھنے عرق گیر کے کس لیا اور حال یہ تھا کہ عقل زائل تھی اور دل بٹا ہوا یا لگا ہوا بسبب شدت غم کے۔

ثم انصرفتُ الی نضوی لابعثہ	اثر الحدوج الغوادی وہو معقولُ

النضو البعیر المہزول وبعثہ حملہ علی السیر والاثر الخلف والحدج مرکب للنساء کالمحفۃ وغدا سار فی الغداۃ والمعقول المشدود بالعقال ترجمہ پھر میں اپنے دُبلے شتر کی طرف متوجہ ہوا اس غرض سے کہ اسکو ان سواریوں کے پیچھے جو صبح کو روانہ ہوئی ہیں ہنکاؤں ایسے وقت میں کہ وہ اسکیل لگا ہوا تھا خلاصہ یہ کہ اپنی بیہوشی کا بیان کرتا ہے جسکے سبب اسکیل کھولنی بھول گیا جیسا کہ اردو کے شاعر نے اپنی مدہوشی کے بیان میں کہا ہے ؎ گر جنا سر پر ملی ناسخ تو چندن زیر پا۔

وقال جران العود

ہو عامر بن الحارث النمری ولقب بہ لقولہ یخاطب امرأتیہ ؎ خذا حذرا یا جارتی فانّنی :: رایت جران العود قد کاد یصلح یعنے انہ کان اتخذ من جلد العود سوطا لیضرب بہ نساءہ والعود المسن من الابل والجران باطن عنق البعیر والدابۃ

ایا کبدًا کادت عشیّۃ غرّبٍ	من الشوق اثر الظاعنین تصدّعُ

ایا حرف النداء والمنادی محذوف ای یا قومی انظر واکبدا وجملۃ کادت نعتہ واراد بہ کبدہ وغرب جبل بالشام کانوا مجتمعین فیہ فتحزبوا احزابہن فانتجع احدہما وصاحبتہ معہم واقام احدہما للاستعداد وہو فیہم فشکے الحالۃ الواقعۃ

فی اثناء ذلک وہو مع ذلک بحن ویشتاق ترجمہ اے میری قوم اس میری جگر کو دیکھو کہ بوقت شام مقام
غرب جہان سے میرا محبوب مجکو چھوڑ کر روانہ ہوگیا شوق سے ہوجانیوالوں کے پیچھے تھا قریب تھا کہ پارہ پارہ ہوجاوے

مقامٌ ولا فیمن مضٰے متسرّعُ	عشیّۃَ مافیمن اقام بغرّبٍ

ترجمہ اُس شام کو کہ ان لوگوں میں جو بمقام غرب ٹھیرے ہوئے تھے باارادہ جلد ملجانے قافلہ سابق کے قیام نہ
تھا اور نہ اُن لوگوں میں جو پہلے چلے گئے تھے بانتظار ملجانے پچھلے قافلہ کے یعنی ہماری جلدی تھی --

وقال الحسین بن مطیر

علے کبدی جمّا بطیئًا خمودُھا	لقد کنت جلدًا قبل اَن توقدَ النوٰے

الجلد الشدید القوی والجمر جمع جمرۃ وہی النار الموقدۃ والضمیر فی خمودہا ترجمہ تحقیق میں ایک مضبوط قوی شخص تھا اس
سے پہلے کہ میرے جگر پر فراق ایک بھڑکتی آگ جو بہت دیر میں بجھتی ہے روشن کرے مگر اب تو بہت کمزور ہوں۔

اذا قیل متٰ ایامُھا وعھودُھا	وقد کنت ارجوان تموت صبابتی

ترجمہ اور مجکو اُمید تھی کہ میرا عشق جاتا رہے گا اور مرجاوے گا جبکہ اُسکے مرنیکے دن اور زمانے آوینگے یا جبکہ
اس کے دن اور زمانے پرانے ہوجاویں گے مگر افسوس ایسا ظہور میں نہ آیا۔

عھادَ الھوےٰ تولی بشوق یعیدُھا	فقد جعلت فی حبۃ القلب والحشا

حبۃ القلب ہی العلقۃ السوداء فی جوف والعہاد جمع عہدۃ وہے مطر اول السنۃ اول مفعولی جعلت وتولی
مجہول من اولیتہ ہکذا اذا مدونہ بہ ویحتمل ان یکون تمطر الولی وہو المطرۃ الثانیۃ وہو فی موضع المفعول الثانی
والسکن فی یعید ہاللشوق والمنصوب للعہاد ترجمہ سو اُس عشق نے میرے سویدائے قلب وراعضائے باطنی
میں باران محبت برسادیا جو بسبب شوق عظیم کے کہ جو اسکو لوٹا لاتا ہے مدد کیا جاتا ہے یا دوبارہ برسایا جاتا ہے۔

وصفرٍ تراقیھا وبیض خدودُھا	بسودٍ نواصیھا وحمرٍ اکفُّھا

الظرف متعلق بقولہ بموت او بجعلت وانما جاز ان یجمع سود وحمر وغیرہا مع کونہم مسندۃ الی الظاہر لکونہ علی وزن
المفرد بخلاف الجمع السالم اذ لانظیر لہ فی الاسماء المفردۃ فلا یجوز مررت برجل قاعدین غلمانہ وارادبالناصیۃ شعر
جمیع الراس وصفرۃ التراقی کنایۃ عن التخلی بحلی الذہب الصفر ترجمہ میرے دل میں محبت کا باران برسادیا
بمدد معشوقوں موئے سیاہ کے اور انکی سرخ اور حنائی ہتھیلیوں اور انکی زرد چھاتیوں کے کہ جو بسبب پہنے
زیور کے ہیں اور اُنکے سفید اور گورے رخساروں کی۔

باحسن ممّا زیّنتھا عقودُھا	مخصّرۃُ الاوساط زانت عقودَھا

ترجمہ وہ عورتیں باریک کمریں ہیں کہ انہوں نے اپنے ہاروں کو اُس سے زیادہ زینت دی ہے کہ جتنی انکے

ہارون نے انکو زینت دی ہے۔

رفیف الخزامی باتَ طلٌّ یجودُھا	یُمَنِّیْنَنا حتّٰی تُرِفَّ قُلُوبُنا

مناہ اذا وعدہٗ ترف ترتام وتفرح والخزامی گسکاری خیری البر والطل المطر الخفیف وجاد ہا سقاہا ترجمہ وہ عورتیں ہم کو اُمید وار وصال کرتی ہیں یہاں تلک کہ ہمارے دل اہتزاز حاصل کرتے ہیں جیسے وہ جنگلی خیری جس کو ہلکا مینہ تر کرے۔

وقال ابو صخر الہذلی

اَمَاتَ واَحیا والذی امرہ الامرُ	اما والذی اَبکیٰ واَضحکَ والذی
الیفین منہا لا یروعھما الذعرُ	لقد ترکتنی احسُدُ الوحشَ ان اریٰ

اما حرف تنبیہ والواو للقسم وراعہ افزعہ ترجمہ آگاہ ہو قسم ہے اُس ذات پاک کی کہ وہ جسکو چاہتا ہے رُلاتا ہے اور جس کو چاہتا ہے ہنساتا ہے اور قسم اُسکی کہ وہ جسکو چاہتا ہے مارتا ہے اور جسکو چاہتا ہے جلاتا ہے اور قسم ہے اسکی کہ جس کا کہ حکم واجب التسلیم ہے بیشک میری محبوبہ نے مجکو ایسے حال میں کر چھوڑا ہے کہ میں وحشی جانوروں پر اس بات کے حسد کرتا ہوں کہ میں اُنکو باہم مانوس دیکھتا ہوں کہ انکو خوف نہیں ستاتا یعنی میں تنہا اور ہر وقت خوفناک رہتا ہوں۔

ویا سلوۃ الایام موعدک الحشرُ	فیا حُبّہا زدنی جوًی کل لیلۃٍ

الجوی مرض الجوف والسلوۃ مصدر سلی عنہ اذا صبر عنہ ونسیہ والاضافۃ الی الایام من اضافۃ المصدر الی السبب ترجمہ پس اے معشوقہ کی محبت میری سوزش درونی کو ہر شب بڑھا اور اے محبوبہ کی فراموشی جو بسبب گذرنے زمانہ کے حسب دستور عشاق کو ہو جاتی ہے تیری ملاقات کی جگہ حشر ہے یعنی اس دنیا میں تو ممکن ہی نہیں ہے کہ میں محبوبہ کو بھول جاؤں۔

فلما انقضیٰ ما بیننا سکن الدھرُ	عجبتُ لسعی الدھر بینی وبینہا

ترجمہ زمانہ کی سعی اور درانداذی سے مجھ میں اور اس میں مجکو تعجب ہی سو جب وہ معاملہ جو مجھ میں اور اُس میں تھا گذر گیا تو زمانہ بھی چین سے بیٹھ رہا یعنے ایام وصال میں زمانہ مو شگ دوانی اور تفرقہ اندازی میں سعی کرتا رہا جبکہ فراق ہو گیا زمانہ کو آرام ہو گیا۔

فاُبْہَتُ لا عُرفٌ لدیّ ولا نُکْرُ	وما ہو الا ان اراہا فجاءۃً

الضمیر لما ہو المنظور والمطلوب وبہت تحیر وابہت منصوب عطفا علی اری ترجمہ اور مقصود میرا سوائے اسکے نہیں ہی کہ معشوقہ کو دفعۃً دیکھ لوں اور ششدر و حیران کھڑا رہ جاؤں کہ مجکو قدرت بھلا برا کہنے کی یا اقرار انکار کی نہو۔

ابو صخر الہذلی

العشاق

وقال ایضاً

بید الذی شغف الفواد بکم ۔۔۔ تفریج ما القی من الھم

ترجمہ جس ذات پاک نے میرے دل کو تمہیر فریفتہ کردیا ہی اسی کے اختیار میں اُس غم کا کھولنا ہی جس سے میں دست وگریبان ہوں۔

ویقر عینی وھی نازحۃ ۔۔۔ مالا یقر بعین ذی الحلم

النازحۃ من نزحت البیر اذا اخرجت ماءہا حتی ینفد والباء زائدۃ والحلم بالکسر العقل وبالضم النوم ترجمہ میری آنکھ جس کا تمام پانی بسبب کثرۃ گریہ کے نکل گیا ہی اس شغل میں اسقدر خنک ہی کہ ایسے عاقل کی آنکھ خنک نہیں ہوتی یعنے عشق کا کارخانہ عقل سے جدا ہے۔

انی اری واظن ان سنری ۔۔۔ وضح النھار وعالی النجم

الوضح محرکۃ البیاض وعالی النجم من قبیل جرد قطیفۃ والعرب تصف الیوم الشدید بظہور النجم فیہ ترجمہ میں بسبب شدۃ صدمہ محبت کے روشنی روز وستارہ بلند ایک جا دیکھتا ہوں یعنی دن کو تارے نظر آرہے ہیں اور مجکو گمان غالب ہی کہ محبوبہ بھی عنقریب یہ حالت دیکھے خلاصہ یہ کہ میرا عشق صادق ہی امید ہی کہ معشوقہ آخر کو میری عاشق ہوجاوی اور جو صدمہ مجہپر گزر رہا ہے بعینہ اُس پر بھی گزرے علامہ تبریزی لکھتا ہی کہ شاعر محبوبہ کی قوم کو ڈراتا ہی کہ عنقریب صدمہ خونریزی نسبت محبوبہ تم دیکھوگے اور میں تو اسکا انجام خوب دیکھ رہا ہوں

وللیلۃ منھا تعود لنا ۔۔۔ من غیر مارفث ولا اثم

اشھی الی نفسی ولو نزحت ۔۔۔ مما ملکت ومن بنی سھم

الرفث محرکۃ الفحش ونزح بعد والمستکن فی نزحت للنفس وبنو سھم بطن من ہذیل رہط الشاعر ترجمہ اور بیشک ایک رات جو محبوبہ کی طرف سے بے فحش اور گناہ ہماری طرف لوٹ آئے وہ میرے جی کو زیادہ پسند ہے اگرچہ اسکے سبب میرا جی اپنی تمام اشیاء مملوکہ سے اور بنی سھم سے جو میری قوم ہے جدا ہوجاوے

قد کان صرم فی الممات لنا ۔۔۔ فعجلت قبل الموت بالصرم

ترجمہ ای محبوبہ موت میں میرا اور تیرا انقطاع کلی مقرر تھا سو تو مرنیسے پہلے انقطاع باہمی میں شتابی کر بیٹھی۔

ولما بقیت لیبقین جوی ۔۔۔ بین الجوانح مضرع جسمی

الجوانح الضلوع واضرع اذل ترجمہ بخدا میں جب تک زندہ ہوں میری پسلیوں میں سوزش جو میری جسم کو زار و نزار کردے باقی رہے گی۔

فتعلمی ان قد کلفت بکم ۔۔۔ ثم افعلی ما شئت عن علم

ترجمہ سو تو جان کہ میں تیرا عاشق ہوں پھر بعد علم حال واقفی کے جو چاہے سو کر یعنی مہربانی کیطرف راغب کرتا ہے

قال ابن اُذینہ

خُلِقتُ هواك كما خُلِقت هویٰ لها	انّ التی زعمت فوادك ملّها

الھوی بمعنی المھوی ترجمہ اپنے آپ کو خطاب کر کے کہتا ہے کہ اس محبوبہ نے جو خیال کیا ہے کہ تیرا دل اس سے ملول ہے سو اُسنے غلطی کھائی کیونکہ وہ تیرے لئے محبوبہ پیدا کی گئی ہے جیسا تو اسکے لئے محبوب پیدا کیا گیا ہے پس ایسے خیال کی گنجایش نہیں ہے۔

بلُبانةٍ فادقّها واجلّها	بیضاء باکرها النعیم فصاغها

یقال باکرہ اذا اتاہ بکرة والنعیم النعمة وصاغ الشئ صنعہ علی صورة مستقیمة واللباقة بالضم الحذاقة فی العمل والدقیق ضد الجلیل ترجمہ وہ گورے رنگ والی ہے کہ خوشحالی اُسکے پاس سویرے آگئی یعنی وہ پونٹروں کی ابری اور اسکے چہرہ پر تازگی و نزاکت امارت موجود ہے سو اسکی خوشحالی نے خوبصورتی کے سانچے میں ڈھالدیا بلحاظ باریک اور موٹی چیز ونکے یعنی جو چیز باریک ہونی چاہیئے وہ باریک ہے جیسے کمر اور ناک اور بال اور جو موٹے ہونی چاہیئے وہ موٹی ہے مثل ساق و بازو و سیرین کے۔

فاکان اکثرها لنا واقلّها	حجبت تحیتها فقلت لصاحبی

ترجمہ اُس نے اپنی صاحب سلامت کو ہم سے روکا تو میں نے اپنے ہمراہی سے کہا کہ اس سے پہلے اسکی صاحب سلامت کسقدر زیادہ تھی اور اب کسقدر کم ہے۔

شفع الضمیرُ الی الفؤاد فسلّها	واذا وجدتُ لها وساوس سلوةٍ

ترجمہ اور جبکہ مجکو اسکی فراموشی کے وسوسے آتے ہیں تو پوشیدہ محبت میرے دل سے اسکی سفارش کرتی ہے اور اس فراموشی کو دل سے بالکل نکال ڈالتی ہے۔

وقال آخر

لمرضاته شعثٌ طویلٌ ذمیلها علی ام عمرو دولة لا اُقیلها	اما والذی حجت له العیس ترتمی لئن نائبات الدهر یوما ادلن لی

الحج القصد والعیس الابل البیض والارتماء مطاوع الرمی لازم والمراد بہ السیر السریع والشعث جمع شعثاء وهی مغبرة الراس والذمیل السیر السریع والادالة الید علی عدوه جعل له دولة علیه وامکنه منه والاقالة ازالة العثرة وعفو الذنب والضمیر للنائبات او للمرة ولا اقیلها جواب القسم ترجمہ خبردار ہو قسم ہے اُس ذات پاک کی جسکا سفید شتر

قصد کرتے ہیں جبکہ اسکی خوشنودی حاصل کرنیکو نیز سر غبار آلودہ چلتے ہیں اور انکا سفر اور تیز روی دراز
ہوتی ہے البتہ اگر حوادث زمانہ نے کسی روز مجکو ام عمرو پر قدرت اور قابو دیا تو میں حوادث مذکورہ کی
قصور معاف نہیں کرونگا کیونکہ بسبب حصول وصال آلام فراق کے مزے چلتے رہے یا یہ کہ زمانہ نے مجکو
ایام فراق میں جسقدر ستایا ہے زمانہ وصال میں اُس کا اُس سے انتقام لونگا اور اگر ضمیر اقیلہا کی عورت کیطرف
راجع ہو تو یہ معنی ہوئے کہ اُس محبوبہ نے مجہپر جسقدر ایام فراق میں جور کئے ہیں انکا اس سے بخوبی انتقام لونگا۔

وقال آخر

وکنت اذا ارسلت طرفک رائدًا	لقلبک یومًا اتعبتک المناظر

رائد القوم من تبیق مہم لطلب الماء والکلاء واتعبہ اوقعہ فی التعب والمناظر جمع منظر موضع النظر کالوجہ ترجمہ
اپنے آپ کو خطاب کر کے کہتا ہے کہ تو ایسے حال میں تہا کہ جب تو کسی روز اپنی نظر کو واسطے طلب غذائے
دل یعنی تلاش معشوقوں کو بہیجتا تہا تو اچھی صورتیں تجکو رنج و قلق میں ڈالتی تھیں یعنی نہ وہاں تک
پہنچ سکتا تہا اور نہ انکو چھوڑ سکتا تہا۔ چنانچہ اسکی تفصیل شعر آیندہ میں کرتا ہے۔

رایت الذی لاکلہ انت قادر	علیہ ولا عن بعضہ انت صابر

ترجمہ تو وہ چیز دیکھتا تہا جسکے کل پر تجکو قدرت نہ تھی اور نہ اسکے بعض سے تو صبر کر سکتا تہا کل سے صبر کرنا تو بڑی مشکل بات ہے

وقال آخر

اقول لصاحبی والعیس تھوی	بنا بین المنیفۃ فالضمار

ہوی العقاب اذا وقع علی الصید و استعیر للسیر السریع والباء للتعدیۃ والمنیفۃ اسم ماء والضمار موضع ترجمہ
میں اپنے ہمراہی سے اسوقت کہتا ہوں جبکہ شتران سفید رنگ ہمکو درمیان آب منیفہ و موضع ضمار کے تیز لئے جاتے ہیں

تمتع من شمیم عرار نجد	فما بعد العشیۃ من عرار

العرار بالمہملات گسحاب بہار البر وھو نبت طیب الریح ترجمہ میں اُس سے کہتا ہوں کہ ٹھیر اور بہار نجد کی خوشبو
سے مستفید ہو کیونکہ آج کی شام کے بعد بہار کا کچھ پتہ بھی نہیں ملنے کا۔

الا یا حبذا نفحات نجد	وریا روضہ بعد القطار
واھلک اذ یحل الحی نجدا	وانت علی زمانک غیر زار

یا حرف الندا والمنادی محذوف ای یا نفسی والریا الریح الطیبۃ والروض جمع روضۃ والمجرور بنجد وزری
علیہ عابہ ان تفع الملک لانہ عطف علی ریاہا جمیعا معطوفان علی نفحات ترجمہ اے میرے جی سن کہ نجد کی
خوشبوئیں اور اسکے باغوں کی خوشبوئیں بعد بارش کیا اچھی تھیں اور کیا اچھا تہا تیری قوم کا زمانہ جبکہ وہ نجد میں

فروکش ہوتے تھے اور تو اپنے زمانہ پر عیب نہیں لگاتا تھا یعنی وصال محبوبہ کو کامیاب ہونیکے سبب تو زمانہ سے خوش تھا

بانصاف لہن ولا بسرار	شہور ینقضین وما شعرنا

السرار آخر الشہر ترجمہ وہ مہینے گذرتے تھے اور بسبب اشتغال لہو و لعب کے نہ ہمکو انکے اوسط کی خبر ہوئی اور نہ اواخر کی

وقال آخر

تولت وماء العین فی الجفن حائر	ومما شجانی انہا یوم اعرضت

اعرضت بمعنی عرضت اذا ابدت عرضہا والحائر من حار الدمع اذا سکن فی موضعہ وقد ملاہ وکاد ان ینصب ترجمہ اور منجملہ اُن چیزوں کے جنہوں نے مجکو غمگین کیا ایک یہ ہے کہ جب وہ وداع کیلئے سامنے آئی تو وہ ایسی حالت میں واپس گئی کہ اسکی آنکھوں کے آنسو پلکوں میں بھرے ہوئے تھے یعنے محبوب کو آبدیدہ دیکھکر مجپر سخت صدمہ ہوا کیونکہ رونا میرا کام تھا نہ اُس کا اور اشکوں کا تھام لینا بخوف رقبا کے تھا۔

الی التفاتا اسلمتہ المحاجر	فلما اعادت من بعید بنظرۃ

التفاتا مفعول اعادت والی متعلق بنظرۃ والمنصوب لماء العین واسلمتہ فوضتہ والمحاجر جمع محجر وہو ما یبدو من برقع المرءۃ اذا انتقبت وما حول حدقۃ العین ترجمہ سو جبکہ اسنے دوبارہ مجکو مڑکر دیکھا تو اُس سے ضبط نہو سکا اور آب چشم کو برقع یا آنکھ کے گوشوں سے زمین کے حوالے کر دیا خلاصہ یہ ہے کہ بوقت وداع رونا مجکو زیبا تھا مگر معشوقہ کے رونے نے مجکو بیچین کر رکھا ہے اور یہ امر تجربہ کار خوب جانتا ہے۔

وقال آخر

ہو العرجی عبد اللہ بن عمرو بن امیر المومنین عثمان بن عفان رضی اللہ تعالیٰ عنہ ولقب بالعرجی لانہ کان یسکن عرج الطائف وہو موضع وقیل کان لہ روی انہ لما مات عمر بن ابی ربیعۃ الشاعر رئیت جاریۃ تبکی وتلطم وجہہا وتقول من لمکۃ وذکر شعابہا وسناہا فقیل لہا طیبی نفساً فقد نشأ من آل عثمان بن عفان رضی اللہ تعالیٰ عنہ فتی یقال لہ العرجی یحذو حذوہ فقالت فانشدونی بعض ما قال فانشدوہا ہبتین الآتیتین فمسحت عینہا و رفعت یدیہا الی السماء وقالت الحمد للہ الذی لم یضع حرمہ۔

هوانا وابدوا دوننا نظرا شزرا	ولما رأیت الکاشحین تتبعوا
اثر و سرکم یوما واهجرکم شہرا	جعلت وما بی من جفاء ولا قلی

الکاشح العدو والذی یضمر العداوۃ فی کشحہ والنظر الشزر ان ینظر بموخر العین غضباً وجعلت بمعنی طفقت جواب لما والجفاء البعد وسوء الخلق والقلی البغض ترجمہ اور جبکہ میں نے دیکھا کہ دشمنان جانی ہماری محبت کا حال تلاش کرتے ہیں اور ہمارے پیچھے ہمکو سخت اور ترچھی نگاہ سے دیکھتے ہیں تو ایسی صورت ہیں کہ مجکو دوست سے کچھ

بغض اور عداوت نہ تھی یہ معمول رکھا کہ ایک روز تم سے ملوں اور مہینہ بھر تم سے جدا رہوں

وقال بعض القریشیین

ہو ابو بکر بن عبد الرحمن الزہری وکان قد خرج الی الشام فذکر امرئتہ صالحۃ بنت ابی عبیدۃ الاسدی و کان یہواہا فضرب وجوہ رواحلہ الی المدینۃ فلما رأت رجوعہ من اجلہا وسمعت الشعر قالت لاجرم واللہ لااستاثر علیک بشئ فشاطرتہ مالہا وکانت تصن علیہ بمالہا۔

بینما نحن بالبلاکث فالقاع ✽ سراعا والعیس تھوی ھُویّا
خطرتْ خطرۃٌ علی القلب من ذ ✽ کراکِ وھنا فما استطعتُ مُضیّا

البلاکث والقاع موضعان والہوی وقوع الطیر علی الصید واستعیر للسیر السریع والوہن نحو من نصف اللیل او بعد ساعۃ ظرف لخطرت وکاف الخطاب مکسورۃ ترجمہ اپنی زوجہ کو خطاب کرکے کہتا ہے کہ اس درمیان میں کہ ہم بمقام بلاکث اور رقاع کے شام کیطرف تیز جاتے تھے اور شتر خوب جلد چل رہے تھے کہ ناگاہ تیری یاد کا خیال آدہی رات کے قریب یا بعد ایک ساعت کے دلمیں گزرا سو میں شام کیطرف چل نہ سکا۔

قلت لبّیکَ اذ دعانی لکَ الشّو ✽ ق وللحادیین حُثّا المطیّا

الکاف فی لبیک مفتوحۃ خطابا للشوق والذکر واللام بمعنی الی والحاوی من یحدو الابل ای یسوقہا بصوتہ وحث الابل خصہا علی السیر السریع والمطی جمع مطیۃ ترجمہ سو جب مجکو تیری یاد نے تیری طرف بلایا تو میں نے اس سے کہا کہ میں حاضر ہون اور دونوں حدی خوانوں سے کہا کہ حجاز کی طرف اونٹنیوں کو تیز ہنکاؤ اب ہم سمت شام نہیں جاتے۔

وقال ابن ہرمۃ

استبق دمعکَ لا یودُ البکاءُ بہٖ ✽ واکفف مدامع من عینیکَ تستبق

اودی بہ اہلکہ وافناہ والفعل مجزوم علی انہ جواب الامر والاستباق المسابقۃ والجملۃ حال ترجمہ اپنے اشک کو باقی رکھ کہ رونا اسکو بالکل فنا نہ کردے کہ اس صورت میں یہ تیرا شغل جاتا رہیگا اور تو نکما رہجاویگا اور اپنی دونوں آنکھونکے اشکوں کی جگہ کو روک ایسے حال میں کہ اشک ایکدوسرے سے بہنے میں بڑہے جاتے ہیں۔

لیس الشؤون وان جادت بباقیۃ ✽ ولا الجفونُ علی ھذا ولا الحدق

الشان مجری الدمع الی العین وان وصلیۃ وجادت امطرت وہذا اشارۃ الی البکاء الکثیر والحدقہ سواد العین ترجمہ اشکوں کے بہنے کی جگہ اگرچہ اب تہوڑی تہوڑی برسیں بعد اسقدر کثرت بکا کے باقی نہیں رہنے کی اور نہ پلکیں اس شدت گریہ میں باقی رہیں گی اور نہ ڈہیلے اور سیاہی چشم کے سوا اب رونا بالکل بند کرنا چاہیے۔

وقال آخر

قد کنتُ اعلو الحبّ حیناً فلم یزل — بی النقضُ والابرامُ حتیٰ علانیا

النقض نقیض الابرام وہو الاحکام ترجمہ میں ایک زمانہ تلک محبت پر غالب آتا رہا سو محبت کی ادھیڑ بن برابر بنی رہی یہاں تلک کہ محبت مجھپر غالب آگئی جسکو میں نے بُنا محبت نے اُدھیڑ ڈالا اور جسکو میں نے ادھیڑا اُس کو بُن دیا آخر کو وہ مجھپر غالب آگئی۔

ولم ار مثلینا خلیلی جنابۃٍ — اشدّ علیٰ رغم العدوّ تصافیا

الجنابۃ ضد القرابۃ ومنہ الاجانب والمراد بہا الغربۃ والرغم خلاف المراد مجاز من الرغام وہو التراب یقال ارغم اللہ انفہ ای اذلہ وتصافیا منصوب علی التمیز ترجمہ میں نے اپنی اور معشوقہ کی مانند ایسے دو دوست عالم غربت اور اجنبیت میں نہیں دیکھے کہ خلاف مراد دشمن کے بلحاظ دوستی نہایت مضبوط ہوں۔

خلیلین لا نرجو اللقاءَ ولا نریٰ — خلیلین الا یرجوان التلاقیا

بدل من الاول ترجمہ میں نے دو دوست اپنی مانند نہیں دیکھے کہ ہم امید ملاقات کی بھی نہیں رکھتے کیونکہ دونوں پر یاس چھا گئی ہے اور تو ایسے دو دوست جو باہم امید ملاقات نہ رکھتے ہوں سوائے ہم دونوں کے کہیں نہیں دیکھیگا۔

یقولون من طول اعتدالک بالعدیٰ — بخدلک وما تلقی لعینیک شافیا

الاعتدال المساواۃ وبجدک من الوجدان مرفوع فی الاصل اسکن للضرورۃ وجملۃ النفی حال سدت مسد المفعول الثانی ترجمہ لوگ کہتے ہیں کہ اس سبب سے کہ تو نے اپنے دشمنوں سے ایک عرصہ دراز تلک اعتدال اخلاق کا برتاؤ رکھا ہے باوجودیکہ وہ لوگ طالب وصل ہیں ہم تجکو ایسے حال میں پاتے ہیں کہ تجکو ایسا شخص نہیں ملیگا جو تیری آنکھوں کو مرض گریہ سے شفا بخشے۔

بلیٰ ان بالجزع الذی ینبت الغضیٰ — الیّ وان لم القہ لمداویا

الجزع منعطف الوادی والغضا نوع من الشجر والی بمعنی اللام ومداویا اسم ان ترجمہ میں نے ان سے کہا کہ کیوں نہیں ملیگا بیشک اُس گھاٹی کے نکڑ پر جو جانڈ کا درخت اُگاتا ہے میرا دوا کرنیوالا موجود ہے اگرچہ میں اُس سے نہیں ملا۔

وقال آخر

اقول ہو قیس ابن ذریح اللیثی رضیع سیدنا الحسین بن علی رضی اللہ تعالے عنہما وکان یہوی لبنیٰ بنت حباب الکعبیۃ وکانت زوجتہ ومن حدیث ہذہ الابیات ان اباہ عزم علیہ ان یطلق لبنیٰ فکاد یموت ثم اقسم ابوہ لئن اقامت لا یساکن قیساً فطلقت فقال قیس ابیاتاً کثیرۃ منہا ہذہ۔

وکلُّ مصیباتِ الزمان وجدتہا — سویٰ فرقۃ الاحباب ہینۃ الخطب

الهین السہل والخطب الشان ترجمہ سوا دوستوں کی فرقت کے تمام زمانہ کی مصیبتیں تو کار آسان پاویگا۔

وقلت لقلبی حین لجّ بہ الھوے	وکلفنی مالا اطیق من الحب
الا ایھا القلب الذی قادہ الھوے	افق لا اقرّ اللہ عینک من قلب

لج بہ اشئے لزمہ وقادہ جذبہ من قدام ومن قلب بیان المکاف وجملۃ النفی دعاء علیہ ترجمہ اور میں نے اپنے دل سے کہا جبکہ اُس کو محبت آچمٹی اور جبکہ اُسنے مجکو ایسے عشق کی تکلیف دی جسکو میں اٹھا نہیں سکتا تھا کہ اے وہ دل جسکو عشق نے کھینچ لیا ہے ہوش میں آ نہ خنک کرے خدا تیری آنکھ اے دل۔ اسکو کوسنا ہے۔

وقال الحسین بن مطیر الاسدی

فیا عجبا للناس یستشرفوننی	کان لم یروا بعدی محبًا ولا قبلی

استشرفہ رفع الیہ بصرہ ترجمہ اے میری قوم تعجب ہے اُن لوگوں سے کہ جو مجکو نظر اٹھا اٹھا کر دیکھتے ہیں گویا انہوں نے میرے دیکھنے کے بعد کوئی عاشق نہیں دیکھا اور نہ میرے دیکھنے سے پہلے یعنی کبھی نہیں دیکھا۔

یقولون لی اصرم یرجع العقل کلہ	وصرم حبیب النفس اذھب للعقل

ترجمہ لوگ کہتے ہیں کہ یار سے قطع کر دے تو تیری ساری عقل واپس آجاوے گی اور حال یہ ہے کہ دلی دوست سے کٹ کرنا عقل کو زیادہ کھو دیتا ہے۔

ویا عجبا من حبّ من ھو قاتلی	کانی اجزیہ المودّۃ من قتلی

ترجمہ سوائے میری قوم تعجب ہے میرے اُس شخص کے دوست رکھنے سے جو میرا قاتل ہے گویا کہ میں اس کو اپنے قتل کے عوض دوستی کا بدلہ دیتا ہوں۔

ومن بیّنات الحبّ ان کان اھلھا	احبّ الی قلبی وعینیّ من اھلی

ان بالفتح مصدریۃ ترجمہ محبت کے دلائل سے ایک یہ ہے کہ اُسکا کنبہ میرے دل اور چشم میں میرے کنبہ سے زیادہ پیارا ہے

وقال عمر بن ابی ربیعۃ

ولمّا تفاوضنا الحدیث واسفرت	وجوہ زھاھا الحسن ان تتقنّعا

التفاوض الاشتراک فی شیٔ کالمفاوضۃ والاسفار الانکشاف لازم وزہاہ استخفہ ترجمہ اور جبکہ ہمنے باہم بات چیت کی اور خوبصورت چہرے جنکو حسن نے نقنعہ سے چھپانا سبک وخفیف کام سمجھا تھا ظاہر ہوئے یعنی وہ چہرے ایسے تاباں تھے کہ برقعہ سے چھپ سکتے تھے

تبالھن بالعرفان لما عرفننی	وقلن امرءٌ باغ اکل واوضعا

تبالہ اظہر البلاھۃ وتجاھل عن عمد والباغی الطالب واکل الرجل اذا کل بعیرہ واوضع اسرع والاصل اوضع فاکل

وسقوط الترتیب بضرورۃ الشعر ترجمہ تو میری شناخت سے انہوں نے تجاہل عارفانہ کیا جبکہ انہوں نے مجکو پہچان لیا اور انہوں نے کہا کہ یہ مرد کسی چیز کا طالب ہے کہ اُسنے اپنے شتر کو تیز ہنکایا ہے اسلیئے وہ تھک گیا ہے۔

وقربن اسباب الهوى لمتيّم	يقيس ذراعا كلما قسن اصبعا

فاسن قرب ترجمہ اور اُن عورتوں نے سامان از دیاد محبت یعنی بات چیت اور لگاوٹ کو ایسے عاشق زار سے قریب کر دیا کہ وہ بقدر ایک گز کے اسنے قریب ہو جاوے جبکہ وہ عورتیں انگشت بھر قریب ہوں یعنی اسکی محبت انکی محبت سے زیادہ تھی

وقلتُ لمطريهن ويحك انّما	ضررتَ فهل تستطيع نفعا فتنفعا

اطری فلان فلانا اذا مدحه باحسن ماقدر علیه وتستطیع منقوص عن تستطیع وویحک کلمۃ ترحم وانتصب فتنفعا بان مضمرۃ وهو جواب الاستفهام بالفا ترجمہ اور میں نے انکے مداح سے کہا کہ تجھپر افسوس تو نے ضرر پہونچایا سو کیا تجکو قدرت نفع رسانی کی ہے کہ تو نفع پہنچاوے یعنے تیری تعریف انکے حسن سے کم ہے اب کیا تو انکی ایسی تعریف کرسکتا ہے جس سے آنکی حقیقی خوبی ظاہر ہو یا یہ کہ تیری تعریف سبب زیادتی میرے عشق کا ہوئی ہی یا وہ بسبب تعریف مغرور ہو گئے ہیں اور اسلیئے مجکو نقصان پہونچا اب تو کوئی صورت فائدہ رسانی کی یعنی وصل کی بھی پیدا کرسکتا ہے۔

وقال ابو الربیس التغلبی

هل تُبلغنّي امّ حربٍ وتقذفن	على طربٍ بيوتَهم اقاتلُه
مبينة عتقٍ حسن خدٍّ ومرفقا	به جنفٌ ان يعرك الدَّفّ شاغله

ام حرب مفعول ثان لتبلغن وتقذفن بالنون الخفيفة وقذفه عليه رماه به ففي البيت قلب والاصل تقذفن طربا على بيوت هم والمراد بالطرب الفرح ويحتمل ان يكون مفعول القذف محذوفا والطرب بمعنى الحزن اى تقذفن سرورا على حزن والبيوت كحروب لام الذى يبيت له صاحبه جهتما والاضافة الى الهم للبيان واقاتله نعت هم و المبنية من ابان اللازم مرفوع على انه فاعل تبلغن وتقذفن والعتق ههنا الكرم وخلوص الاصل وحسن خد منصوب على التمييز ومرفقا عطف عليه والمجرور فى به لمرفقا والجنف محركة الميلان وان يعرك بتقدير المضاف اى مخافة ان يعرك والعرك الحك والدف الجنب والمجرور فى شاغله للمرفق والاد بالشاغل المشغول ترجمہ شاعر بطور تمنی کہتا ہے کہ کیا مجکو ام حرب کے پاس پہونچا ویگی اور اُس غم پر جو میرا انکو لازم رہتا ہے اور میرا پیچھا نہیں چھوڑتا ہے اور جس سے میرا جنگ رہتا ہے خوشی کو پھینک مارےگی وہ ناقہ جسکی اصالت ظاہر ہے بلحاظ خوبی چہرہ و مہرہ و گھٹنے دوست کے جسمیں بہ نسبت پہلو کے ایک قسم کی کجی ہے اس خوف سے کہ بوقت تیز رفتاری اپنے گھٹنے کو جو رفتار میں مشغول ہو نہ کھجانے لگے۔ کجی دست ناقہ کا عمدہ وصف ہے۔ خلاصہ یہ کہ کیا ایسا زمانہ بھی مجکو نصیب ہو گا کہ ناقہ مجکو

محبوبہ کے پاس پہونچاوے اور غم کو بسبب خوشی کے شکست دے۔

بسُلّمٍ غمر فی مناخ تعاجله	مُطارة قلبٍ ان ثنیٰ الرجل ربّها

مطارۃ القلب کنایۃ عن ذکیۃ الفواد کان بہا جنونا للنشاطہا و ثنی الرجل صرفہا والمجرور فی ربہا للناقۃ والسلم المرقاۃ و غرز الناقۃ رکابہا۔ ترجمہ وہ ناقہ دل اڑی ہوئی اور تیزروی کے لئے ایسی بیچین ہو کہ اگر اس کا مالک اپنا پاؤں اس کی رکاب میں جو بمنزلہ زینہ کے ہے اسکی نشستگاہ یعنی تھان میں سواری کیوقت پھیرے اور ہلاوے تو وہ ناقہ اپنے مالک سے جلد بازی کرتی ہے یعنی اس سی پہلے کہ وہ اچھی طرح اسپر سوار ہو بسبب تیزی کے فوراً کھڑی ہو جاتی ہے۔

قلیلُ للنزولِ غیدا لخلق عاطله	یباری بہا الفود النوافخ فی البُرے

المباراۃ المقابلۃ والمعارضۃ والفود ا النافۃ الشدیدۃ الطویلۃ الظہر والعنق والبری جمع برۃ وہی الحلقۃ من صفر او نحاس تکون فی انف البعیر والنوافخ المتنفسات نفخاً لنشاطہا و اراد بقلیل النزول نفسہ وہو فاعل یباری والاغید الناعم وکنی بناعم الخلق عن السید الکریم المترفہ او عن الناعس لکثرۃ السفر باللیل وعاطل الخلق البعید عن الحلی ای عن التشبہ بالنساء۔ ترجمہ اس ناقہ کے ذریعہ سے مقابلہ کرتا ہے یعنی گردن ودراز پشت تیزرو اونٹنیوں کا جو اپنی نکیلوں میں بسبب تیزی کے فراٹے بھرتی ہیں وہ شخص جو برابر سفر کرتا ہے اور سواری سے کمتر اترتا ہے اور بسبب اپنی خوشحالی کے یا بسبب راتوں کے سفر اور اونگھنے کے نرم اور ڈھیلے عضا والا ہے اور بسبب اپنے مرد ہونیکے زیور سے اسکے اعضا خالی ہیں۔ شخص سے مراد خود شاعر ہے یعنی میں اس ناقہ تیزرو سے بڑی بڑی تیزرو ناقون کا مقابلہ کرتا ہون۔

مُطلِقُ بُصریٍ اصمع القلب حافله	مراجع نجدٍ بعد فرکٍ و بغضۃ

المراجع ضد المطلق والفرک البغض واکثر ما یستعمل فی بغض النساء و بصری قریۃ من قری الشام والاصمع الحدید الذکی وحافلہ مسرعہ۔ ترجمہ وہ شخص مقام نجد سے اسکے بغض و عداوت و طلاق دینے کے بعد رجعت کرنیوالا اور اس کو اپنے نکاح میں رکھنے والا اور مقام بصری کو طلاق دینے والا ہے اور دل کا قوی اور تیز اور جلد باز ہے۔ شاعر نے نجد اور بصرے کو دو عورتوں سے تشبیہ دی ہے جن میں سے ایک کو طلاق دی ہے اور دوسرے سے رجعت کی ہے۔

وقال عبداللہ بن عجلان

ہو نہدی جاہلی احد من قتلہ الحب۔

شبابی و کاسٍ باکرتنی شمولُها	وحقۃ مسکٍ من نساء لبستها

الواؤ بمعنے رب و لبس المراۃ تمتع بہا و شبابی منصوب علے الظرفیۃ ای فی شبابی و باکرہ اتاہ بکرۃ والشمول

الخمر التی ہبت علیہا ریح الشمال والضمیر المجرور للکاس ترجمہ اور بہت سی عورتیں پاکیزہ وخوشبو مثل مشک کی ڈبی کے عمدہ عمدہ عورتوں میں سے تھیں جنسے میں اپنی جوانی بھر منتفع رہا اور بہت سے ساغر تھے جنکی شراب بادشمال رسیدہ علے الصباح میرے استعمال میں آئی۔

سقیۃٌ بردیٍّ نمتہا غیولہا	جدیدۃٍ سربال لشباب کانہا

بالجر علی انہ صفۃ حقفۃ والسربال الدرع وکل ملبوس والسقیۃ فعیلۃ بمعنی المفعول والبردی بنت لین تتخلخل شبہ بہ العضو اللین ونماہا انبتہا والغیل کل واد یسیل فیہ العیون والضمیر المجرور للسقیۃ ترجمہ ایسا حقفہ مشک یا ایسی عورتیں جن کالباس جوانی بنا تھا اور ایسی نرم و نازک کہ گویا وہ پانی دیا ہوا پیپرہ ہے جس کو اُن نالوں نے جن میں پانی کے چشمے جاری ہیں اپنی طرف منسوب کیا ہے یعنے ایک عرصہ تلک اُن کو سیراب رکھاہے خلاصہ یہ کہ بشدت تر و تازہ ہیں۔

تطول القصار والطوال تطولہا	ومُحْمَلۃٍ باللحم من دون ثوبہا

الواو عاطفۃ عطف الصفۃ علی الصفۃ اسم مفعول من احمل القطیعۃ اذا انسجہا ذات حمل ای ذات اہداب ومعنے محملۃ باللحم انہا جعل اللحم علیہا کالہدب من وفور السمن وتطول من طالہ اذا غلبہ فی الطول یقال طاولہ فطالہ ترجمہ اور وہ عورت گوشت سے ڈھکی ہوئی اور سلوٹیں پڑی ہوئی ہو اپنے کپڑوں سے علیحدہ یعنی یہ بات نہیں ہو کہ لباس پہنکر موٹی معلوم ہو بلکہ لباس سے علیحدہ پر گوشت اور گداز ہے وہ ٹھنگنی اور نوخیز عورتوں سے طول میں زیادہ ہو اور لمبے قد کی عورتیں اس سے درازی میں زیادہ ہیں خلاصہ یہ کہ وہ عورت پُر گوشت اور میانہ قد ہے اور سوکھی اور لمبی نہیں ہے اور یہ دونوں وصف عورات کے لئے محمود ہیں۔

علے متنہا حیث استقر جدیلہا	کان دمقسا او فروع غمامۃ

الدمقس الحریر الابیض وفرع کل شئ اعلاہ وطرفہ والغمامۃ السحابۃ البیضاء والمتن الظہر والجدیل الوشاح ترجمہ گویا سفید ابریشم یا ابر سفید کا کنارہ اس کی پشت پر ہے جہاں اسکی بدھی ٹھیری ہوئی ہے اُسکی پشت کی سفیدی وصفائی و چمک کی تعریف کرتا ہے۔

وصہباءَ فی بیضاءَ بادٍ حجولہا کمیتٌ یلذُّ الشاربین قلیلہا	وابیض منقوفٍ وزقٍ وقینۃٍ اذا صبّ فی الراؤق منہا تضوعت

الواو واو رب والمنقوف الرجل القلیل اللحم واستعیر للابریق الصافی والزق السقار والقینۃ الامۃ المغنیۃ والصہباء الخمرۃ القلیلۃ الحمرۃ وبیضاء نعت کاس والحجول بتقدیم المہملۃ علے الجیم البیاض والمجرور لبیضاء والراؤق المصفاۃ والکاس والکمیت الحمرۃ التی فیہا سواد وبیاض وجواب رب محذوف ای زاولتہا ترجمہ اور میں نے اشیاء مفصلہ ذیل مدتوں استعمال کی ہیں بہت سی سفید اور شفاف اور پتلی صراحی اور مشکیزہ شراب

گانیوالی چھوکری اور دھوئیں رنگ کی شراب سفید اور صاف ساغر ہیں جسکی سفیدی خوب ظاہر ہے جبکہ اسمیں سے کچھ ساغر میں ڈالی جاوے تو مشک کی خوشبو پھیل جاوے وہ ایسی شراب ہے کہ تھوڑی ہی استعمال کی جاوے تو پینے والوں کو نہایت لذت بخشے۔

وقال عبداللہ بن الدمینۃ الخثعمی

ولما لحقنا بالحمول ودونہا	خمیص الحشا توہی القمیص عواتقہ

الحمول بالضم الہوادج والابل التی علیہا الہوادج خمیص الحشا رجل یابس البطن واراد بہ زوج التی یشبب بہا واوہاہ ارخاہ والعاتق موضع الرداء من المنکب وکنی برفادۃ القمیص عن ہزالہ ترجمہ اور جب کہ ہم ان سواریوں سے ملے جنپر محبوبہ سوار تھی ایسے وقت میں کہ انکے ورے ایک شخص دبلا پتلا تھا کہ بسبب لاغری کے اسکے مونڈھے اسکے کرتہ کو ڈھیلا اور ڈھلا چھوڑ رہے تھے۔

قلیل قذی العینین یعلم انہ	ہو الموت ان لم تصر عنا بوائقہ

اراد بالقلۃ العدم وصراہ دفعہ والفعل مجہول والبوائق الآفات ترجمہ وہ ایسا تھا کہ اسکی دو آنکھوں میں میل نہ تھا جو دیکھنے سے روکے یعنے صاحب نظر تھا یہ معلوم ہوتا تھا کہ یہی موت ہے اگر اسکے آفات اور حملے ہمسے نہ روکے جاویں

عرضنا فسلمنا فسلم کارہا	علینا وتبریح من الغیظ خانقہ

عرضنا جواب لما وکل ما بینہا حال والتبریح مصدر برح بہ الامر اذا آذاہ شدیداً۔ والغیظ شدۃ الغضب وخنقہ اخذ حلقومہ ترجمہ ہم اسکے سامنے ہوئے اور اسکو سلام کیا تو برے جی سے جواب سلام دیا ایسے حال میں کہ ایک بڑے موذی جیز شدۃ غضب سے اس کا گلا گھونٹنے والی تھی یعنی اپنی عورتوں کے پاس ہمارے آنیسے غیرت کرتا تھا

فسایرتہ مقدار میل ولیتنی	بکرہ لہ مادام حیا ارافقہ

ترجمہ سو میں بقدر ایک میل اسکے ساتھ چلا اور کاش میں باوجود اس سے اپنی نفرت کے جب تلک وہ زندہ ہے اسکے ساتھ رہتا کہ دیدار محبوبہ سے مسرور رہتا۔

فلما رأت ان لا وصال وانہ	لدی الصرم مضروب علینا سرادقہ

الضمیر فی انہ للشان ومدی الشئ غایتہ وامتدادہ مرفوع علی الابتداء والصرم انقطع وضمیر سرادقہ للمبتدا ترجمہ سو جب محبوبہ نے دیکھا کہ مجھ میں اور اسمیں وصل کی کوئی صورت نہیں ہے اور یہ کہ غایۃ انقطاع کے ڈیرے ہمپر تنی ہوئی ہیں یعنی انقطاع دائمی ہے

رمتنی بطرف لو کمیا رمت بہ	لبل نجیعا نحرہ وبنائقہ

الالف اسم فاعل من الف اذا استانس بہ ترجمہ اور میں اپنے دلکو لیلی کے پیچھے بھیجتا ہوں جہان وہ جاوے اور دوستونکو رخصت کرے اور لوگ نہیں ہیں مگر دو قسم کے ایک اس سے مانوس بسبب ہمسفری کے اور دوسرے وہ جو اس سے رخصت ہو کر جدا ہوئے مگر میں ان دونوں سے جدا ہوں کہ کسی حال مین لیلی سے جدا نہیں ہوتا چنانچہ اگلے شعر میں ہے

تقود بہ حیث استمرت واتبع	کان زماما فی الفواد معلقا

الاستمرار المرور ترجمہ گو یا ایک باگ میرے دلمیں بندھی ہوئی ہے کہ لیلی اسکے ذریعہ سے دل کو کھینچتی ہے جہاں جاتی ہے اور میں اسکے پیچھے جاتا ہون۔

قال ورد الجعدی

وان لم تکن ہند لارضکما قصدا	خلیلے عوجا بارک اللہ فیکما

علاج نزل ووقف۔ والقصد الاستواء ترجمہ اے میرے دو دوستو ہند کے پاس اترو خدا تم میں برکت کرے اگرچہ ہند تمہارے وطن کی سیدھی راہ پر نہیں ہی بلکہ وہاں جانیمیں کچھ چکر ہے۔

ولکننا جرنا لنلقاکم عمدا	وقولا لہا لیس لضلال جارنا

ضل الطریق اخطاۂ۔ وجار عن الطریق مال عنہ ترجمہ اور ہند سے کہو کہ راہ بھولنے نے ہمکو تیری طرف چکر نہیں دیا مگر ہم خود راہ راست سے مڑ آئے تاکہ تجسے قصداً ملاقات کرین۔

وقال آخر

وما في الارض اشقى من محب	وان وجد الهوىٰ حلو المذاق

ترجمہ اور تمام زمین پر عاشق سے زیادہ کوئی کمبخت نہیں ہی اگرچہ وہ محبت کا ذائقہ شیرین پاتا ہے۔

تراہ باکیا فی کل حین	مخافۃ فرقۃ او لاشتیاق

ترجمہ تو اُس کو ہر وقت روتا دیکھے گا وصل میں بسبب خوف جدائی کے اور ہجر میں بسبب اشتیاق ملاقات کے چنانچہ یہی مضمون اگلے شعر میں ہے۔

فیبکی ان نأوا شوقا الیھم	ویبکی ان دنوا خوف الفراق

ترجمہ سو وہ معشوق لوگ اگر اس سے جدا ہوں تو انکے اشتیاق میں روتا ہے اور اگر وہ لوگ اسکے پاس ہیں تو بسبب خوف ہجر کے روتا ہے۔

فتسخن عینہ عند التنائی	وتسخن عینہ عند التلاقی

سخونۃ العین کنایۃ عن البکاء والکرب ترجمہ سو اسلئے اسکی آنکھیں فراق میں بھی گرم رہتی ہیں اور وصل میں بھی پس اس سے زیادہ اور کیا کمبختی ہوگی۔

وقال ابن الطثریۃ

اسمہ یزید بن المنتشر والطثریۃ امہ من حی من قضاعۃ یقال لھم طثر۔

عُقیلیۃ اما ملاث ازارھا	فدعص واما خصرھا فبتیل

العقیلیۃ نسبۃ الی بنی عقیل بطن من ھوازن۔ والملاث بالمثلثۃ الموضع الذی یلاث ای یدار علیہ الشئ کالرأس للعمامۃ فالمراد بملاث الازار ھھنا العجز والردف والدعص ھو الرمل المجتمع شبھھا بہ لکثرۃ اللحم علیھا والخصر الوسط والبتیل بتقدیم الباء الھضیم الدقیق ترجمہ وہ معشوقہ بنی عقیل میں سے ہے اسکے تہبند کے لپیٹنے کی جگہ یعنی اسکے سرین تو مثل تودہ ریگ کے موٹے اور نرم و گداز ہیں اور کمر اسکی سو باریک و نپلی ہے۔

تقیظ اکناف الحمیٰ ویظلھا	بنعمان من وادی الاراک مقیل

اصل تقیظ تتقیظ حذف احدی التائین من تقیظ الرجل اذا اقام فی مکان قیظا ای صیفا ونعمان واد معروف یقال لہ وادی الاراک والمقیل موضع القیلولۃ فاعل یظل ترجمہ وہ محبوبہ ایام گرما اطراف حمی میں گزارتی ہی اور مقام نعمان جو منجملہ وادی اراک ہی اسکو خوابگاہ نیمروز سایہ میں رکھتی ہے۔

الیس قلیلا نظرۃ ان نظرتھا	الیک وکلا لیس منک قلیل

الاستفہام للتقریر والضمیر المنصوب للنظرۃ۔ وکلا حرف ردع۔ وقلیل اسم لیس ومنک خبرھا ترجمہ کیا ایک نظر

جو میں تجکو دیکھوں کم نہیں ہے یعنی کم ہے پھر کہتا ہے کہ ہرگز کم نہیں ہے تیری طرف سے جو چیز ہے وہ کم نہیں شمار ہوتی بلکہ بہت ہی

فیا خُلّۃَ النفس التی لیس دونہا	لنا من اخلاء الصفاء خلیلُ

الخلۃ الخلیل ترجمہ سو اے دلی دوست کے سوائے اُسکے ہمارے لئے سچے دوستوں میں سے ویسا کوئی دوست نہیں ہے

ویا من کتمنا حُبّہ لم یُطع بہ	عدُوٌّ ولم یؤمن علیہ دخیلُ

الدخیل الصدیق الباطنی ترجمہ اور اے وہ شخص کہ ہمنے اسکی محبت لوگونسے چھپائی اور اسکے معاملہ میں کسی دشمن بدگو کا کہنا نہیں مانا گیا اور کوئی ہمراز دوست اسکے معاملہ میں قابل اطمینان نہیں سمجھا گیا یعنی اسکا حال ہمنے سب سے چھپایا ہے

اَمَا من مَقامٍ اَشتکی غُربۃَ النوی	وخوفَ العِدیٰ فیہ الیکَ سبیلُ

ہو جواب النداء من قبلہ۔ وما نافیۃ اسمہا سبیل والیک متعلق بہ۔ وجملۃ اشتکی نعت مقام ترجمہ کیا تجکو ایسا موقع و محل نہیں ملتا کہ اسمیں مجکو ایسی راہ ملے کہ تجھسے غربت فراق اور دشمنوں کے خوف کی شکایت کروں۔

فدیتُکَ اعدائی کثیرٌ وشُقّتی	بعیدٌ واشیاعی لدیکَ قلیلُ

الشقۃ السفر والاشیاع الانصار ترجمہ میں تجپر قربان میرے دشمن بہت ہیں اور میرا سفر دراز ہی اور میں یہان مسافر ہوں اور میرے مددگار اور سفارش کرنیوالے تیرے پاس کم ہیں یعنی بہرحال قابل رحم ہوں۔

وکنتُ اذا ما جئتُ جئتُ بعِلّۃٍ	فافنیتُ عِلّاتی فکیف اقولُ

ترجمہ اور پہلے میری عادت یہ تھی کہ جب میں تیرے پاس آتا تھا تو کسی بہانہ اور حیلہ سے آتا تھا سو اب تونے میرے تمام حیلے یا میں نے اپنے تمام بہانے ختم کر دئے اب لوگوں سے آنے کا بہانہ کیا کہوں۔

فما کلَّ یومٍ لی بارضکَ حاجۃٌ	ولا کلَّ یومٍ لی الیکَ رسولُ

ترجمہ سو ہر روز مجکو تیرے وطن میں کام نہیں پڑتا کہ اسکے بہانہ سے آتا رہوں اور نہ ہر روز میں تیری پاس قاصد بھیج سکتا ہوں تو پھر ملنے کی کیا صورت ہو سکے۔

صحائفُ عندی لِلعتابِ طَوَیتُہا	ستُنشَرُ یوماً والعتابُ طویلُ

ترجمہ میرے پاس شکایت دوستانہ کی کتابیں اور دفتر ہیں کہ انکو میں نے لپیٹ رکھا ہے عنقریب ایک روز بوقت ملاقات کھولے جاوینگے اور شکایت بڑی لمبی چوڑی ہے۔

فلا تحملی ذنبی وانت ضعیفۃٌ	فحملُ دمی یومَ الحسابِ ثقیلُ

ترجمہ سو تو میرا خون اپنی گردن پر نہ لے ایسے حالمیں کہ تو نازک و ناتوان ہے کیونکہ میرے خون کا اٹھانا قیامت کے روز بھاری پڑیگا

وقال آخر

أبعد الذی بالجد لجّ تتخذینی ۔۔۔ عدوًّا وقد جرّعتنی السمّ منقعا

لج بہ لزمہ والمنقع السم الثابت الراسخ ترجمہ کیا بعد ایسی محبت کے جو میرے گلے کا ہار ہو گئی ہی تو مجکو اپنا دشمن قرار دیتی ہے اور حال یہ ہے کہ تو نے مجکو محبت کا ایسا زہر پلا دیا جو تاثیر کا مستحکم اور ثابت ہی۔

وشفّعت من یبغی علیّ ولم اکن ۔۔۔ لارجع من یبغی علیک مشفّعا

شفعہ قبل شفاعتہ وبغی علیہ ظلمہ وارجع من الرجع المتعدی ترجمہ اور تو نے میرے معاملہ میں اس شخص کا کہنا مانا جو مجھپر ظلم کرتا ہے۔ اور مین ایسا نہیں کہ اس شخص کو جو تجھپر زیادتی کرے اسکی بات مانکر رخصت کرون

فقالت وما همّت برجع جوابنا ۔۔۔ بل انت ابیت الدهر الا تضرّعا

رجع الجواب ردہ۔ والتضرع۔ التذلل ترجمہ سو اس نے کہا اور ہمارے جواب دینے کا قصد نہیں کیا کہ بلکہ تو نے ہمیشہ ہر چیز سے انکار کیا۔ مگر ذلت وخواری سے یعنی سیدھا جواب ہمارے لیے یہ تھا کہ وہ یہ کہتے کہ تو ذلیل وخوار ہے مگر اسنے یون نہ کہا بلکہ بطور مبالغہ کہا تو نے ہمیشہ سوائے ذلت کے کوئی اور چیز اختیار نہیں کی کہ ہمیشہ فریاد وفغان کرتا رہتا ہے اور آنکھوں مین ذلیل رہتا ہے۔

فقلت لها ما کنت اوّل ذی هوی ۔۔۔ تحمّل حملًا فادحًا فتوجّعا

الحمل بالکسر ما یحمل والفادح الثقیل یقال دین فادح۔ والجملۃ نعت ذی ہوی ترجمہ میں نے اس سے کہا کہ میں پہلا ایسا عاشق نہیں ہوں جس نے بہت بھاری بوجھ محبت کا اٹھالیا پھر اظہار دردمندی کیا یعنی عاشق لوگ فریاد کرتے آئے ہیں یہ میرا ایجاد نہیں ہے۔

وقال ابو الاسود الدؤلی

ابی القلب الّا امّ عمرو وحبّها ۔۔۔ عجوزًا ومن یحبب عجوزًا یفنّد

فندہ تفنیدًا کذبہ وعجزہ وخطّاء ہ ترجمہ میرا دل سب معشوقوں کی محبت سے انکار کرتا ہے سوائے محبت ام عمرو کے اسکی پیری کی حالت مین اور جو بڑھیا کو دوست رکھتا ہے وہ سست رائے اور سٹھیا ہوا بتلایا جاتا ہے۔

کثوب الیمانی قد تقادم عهده ۔۔۔ ورقعته ما شئت فی العین والید

الیمانی صفۃ الرجل او الثوب من اضافۃ الموصوف الی الصفۃ۔ ورقعتہ مبتدا وما الموصول خبرہ والرقعۃ ما یصلح بہ الثوب المتمزق وکنی بہ عن قطعۃ من الثوب ترجمہ وہ ام عمرو مثل ایسے تھان یمنی تاجر کے ہے یا مثل ایسے تھان یمانی کے ہی کہ اس کو طیار کئے بہت زمانہ گزر گیا ہے اور وہ کہنہ ہو گیا ہے مگر اسکا کپڑا ایسا ہو جیسا تو چاہے کہ آنکھ کو بلحاظ خوبصورتی اور ہاتھ کو باعتبار نرمی وصفائی اچھا معلوم ہو۔ ایسا ہی حال ام عمرو کا ہے کہ گو وہ بڈھیا ہو گئی مگر اسکا جسم ویسا ہی قابل تعریف ہی۔

وقال آخر

علی هجر ابلمی بذی الغمر نادم	هجرتك ایاما بذی الغمر انّنی

ذوالغمر بالمعجمۃ موضع ترجمہ میں نے چندروز تجھے بمقام ذوالغمر جدائی اختیار کی سو میں بیشک تجکو چندروز بمقام ذوالغمر چھوڑنے سے پشیمان ہوں ۔

کعازبۃ عن طفلها وهی رائمُ	وانی وذالك الهجر لو تعلمینه

الواؤ بمعنی مع ولو بمعنے لیت والعازبۃ الغائبۃ والرائم العطوف الرؤف ترجمہ اور میں بیشک اس جدائی میں (کاش تو اُس کی سختی معلوم کرے) مثل اُس عورت کے تھا جو اپنے بچہ سے جدا ہو جاوے اور وہ اُسپر مہربان ہو کہ وہ باوجود جدائی کے ہر وقت اُس کا خیال رکھتی ہے ۔

وقال آخر

سُلُوًّا ولاطُولُ اجتماعٍ تقالِیا	فما احدث النائی المفرّق بیننا

ترجمہ جدائی تفرقہ انداز نے ہم میں فراموشی پیدا نہ کی اور نہ درازی ایام وصال نے کوئی رنج وبغض پیدا کیا یعنے ہمارا عشق حالت فراق و وصال میں برابر یکساں ہے ۔

ولاکثرۃُ الناهین الاتمادیا	ولازادنی الواشون الاصبابۃ

ترجمہ اور چغلخوروں نے مجکو نہ بڑھائی مگر اُس کی محبت اور نہ کثرت عشق سے منع کرنیوالوں نے مجکو زیادہ کیا مگر مبالغہ اُس کے عشق میں ۔

یری نضوما ابقیت او رثی لیا	وانت التی ما من صدیق ولاعدی

الصدیق یعم الواحد والجمع ۔ والنضو بالکسر الجمل المهزول واراد بہ نفسہ دعنی بما ابقیت جهاترجمہ اور تو وہ ہی کہ تو نے مجکو ایسے حال میں کر دیا ہی کہ کوئی دوست اور دشمن ایسا نہیں جو مجکو ایسے حال میں دیکھے کہ میں ضعیف ولاغر کیا ہوا اُس محبت کا ہوں جو تو نے میرے لیئے باقی رکھ چھوڑی ہی مگر وہ میرے حال پر رحم کرتا ہی ۔

خلیلاً اذا افنیتُ دمعی بکی لیا	خلیلیّ الاتبکیانی استعن

ترجمہ اے میرے دونوں دوستو اگر تم میرے حال زار پر نہ روؤ تو میں طالب مدد ہوں گا ایسے دوست سے کہ جب میں اپنے تمام آنسو رو کر تمام کر دوں تو وہ میرے لیئے روے یعنی جب تم رحم نکرو تو وہ مجپر رحم کرے

تلاقٍ ولکن لااخالُ التلاقیا	کان لم یکن بینٌ اذا کان بعدہ

ترجمہ جبکہ ہجر کے بعد وصال ہو تو وہ ایسی ہی کہ گویا ہجر ہی نہیں ہوئی مگر وصال تو میرے تصور میں بھی نہیں آتا ۔

وقال جمیل وحارب الفخذ الذی منهم بثینۃ

الفخذ حی الرجل اذا کان من اقرب عشیرتہ وبثینۃ محبوبۃ وهی بنت حیی بن ثعلبۃ العذریۃ ۔

تفرق اهلونا بثين فمنهم ۔ فريق اقام واستقل فريق

بثین ترخیم بثینہ واستقل الرجل حمل متاعہ **ترجمہ** اے بثینہ میرے اور تیرے کنبہ کے لوگ متفرق ہوگئے سو
اُن میں سے ایک فریق تو ٹھہر گیا اور دوسرا فریق اپنا اسباب اُٹھا کر چلتا ہوا۔

فلو كنت خوار القد باخ ميسمي ۔ ولكنني صلب القناة عتيق

الخوار الضعیف وباخ اللحم تغیر واستعیر لتغیر المیسم ای الجمال وصلب القناۃ کنایۃ عن الجلید والعتیق النجیب الشریف
ترجمہ سو اگر میں ضعیف ہوتا تو میری آبرو میں فرق پڑ جاتا یعنی میں قید ہو جاتا مگر میں بہادر و شریف ہوں۔
مجھ سے ذلت نہیں اُٹھائی جاتی۔ اور شارح تبریزی لکھتا ہے باخت النار ای خمدت یعنی میں اگر ضعیف ہوتا
تو میرے عشق کی حرارت سرد ہو جاتی۔

كان لم نحارب يا بثين لو انها ۔ تكشف غماها وانت صديق

الضمیر المنصوب للحرب والغمی الامر المظلم المشتبہ **ترجمہ** اگر لڑائی کا جھمیلا جاتا رہے اور تو میری دوست بنی
رہے تو اے بثینہ یہ صورت ایسی ہو جاوے کہ گویا میری اور تیری قوم میں کچھ لڑائی ہی نہیں ہوئی

وقال آخر

شيب ايام الفراق مفارقي ۔ وانشزن نفسي فوق حيث تكون

مفارق الراس اوساطہ وانشزہ رفعہ وکنی بہ عن قرب الموت قال تعالیٰ اذا بلغت التراقی **ترجمہ** شدت ایام
فراق نے میرے سر کی ہڈیوں کو عین جوانی میں بوڑھا کر دیا اور میرے دم کو اُس جگہہ سے جہاں وہ رہتا تھا اوپر
لیگئے یعنی میرا ناک میں دم آگیا ہے اور قریب الموت ہوں۔

وقد كان ايام اللوى ثم لم يكد ۔ من العيش شئ بعدهن يلين

لان لہ اذا اطاعہ۔ واللوی موضع **ترجمہ** بیشک وہ زمانہ جو بمقام لوی گزرا وہ مجھ سے موافق تھا کہ ہر وقت
وصل رہتا تھا پھر بعد اُس زمانے کے کچھ بھی زندگی حسب دلخواہ نہ گزری۔

يقولون ما ابلاك والمال غامر ۔ لديك وضاحي الجلد منك كنين

فقلت لهم لا تعذلوني وانظروا ۔ الى النازع المقصور كيف يكون

ابلاہ جعلہ بالیا خلقا والغامر بالمعجمۃ الکثیر وضاحی الجلد ظاہرہ والکنین المستور والمراد بہ اللباس الساتر والنازع
الغریب والمقصور المحبوس **ترجمہ** لوگ مجھ سے کہتے ہیں کہ کس چیز نے تجکو بوڑھا اور ضعیف کر دیا ہے اور حال یہ ہے
کہ تجھ پاس مال بہت ہے اور تیرا جسم ظاہر لباس سے ڈھکا ہوا ہے یا خوشی سے سو میں نے اُن سے کہا کہ تم
مجکو ملامت مت کرو اور مجکو کہ میں غریب الوطن اور محبوس ہوں دیکھو اور رحم کرو یعنے اگرچہ میں اپنے وطن میں

بڑا دولت مند ہوں مگر ایسے حال میں ملامت بیموقع ہے۔

وقال ابو دہبل الجمحی

الصحیح انہا لمحمد بن بشیر الخارجی من قصیدۃ اولہا ٥ یا احسن الناس الا ان نائلہا + قدماً لمن یرتجی معروفہا عسر + وانما دلہا سحر تصید بہ + وانما قلبہا للمشتکی حجر + ہل تذکرین ولما انس عہد کم + وقد یدوم لعہد الخلۃ الذکر +

اقول والرکب قد مالت عمائمہم	وقد سقی القوم کاس النعسۃ السہر

ترجمہ میں ایسے وقت میں کہتا ہوں کہ شتر سواروں کی پگڑیاں نیند کے زور سے جھک گئی ہیں اور قوم کو کثرت بیداری نے اونگھنے کا پیالہ پلا دیا ہے۔

یا لیت انی باثوابی وراحلتی	عبد لاہلک ہذا الشہر موتجر

اراد بالاثواب النفس کما فی قولہ تعالیٰ وثیابک فطہر اوالزاد والمتاع والموتجر المواجر اسم مفعول ترجمہ اے کاش میں اپنے دل یا اسباب اور سواری سمیت لے معشوقہ تیرے اہل کا اس مہینہ بھر ایک غلام کرایہ دار ہو جاؤں کہ اس تقریب سے تیرے ساتھ رہوں۔

ان کان ذا قدر یعطیک نافلۃ	منا ویحرمنا ما انصف القدر

جواب الشرط قولہ ما انصف القدر۔ وقولہ یعطیک نافلۃ منا فی موضع صفۃ لقدر۔ والنافلۃ العطیۃ ترجمہ اگر تقدیر میں یہ ہے کہ وہ تجکو ہمسے فائدہ پہنچوائے اور ہم کو تجھ سے منتفع نہونے دے تو اسصورت میں تقدیر غیر منصف ہوگی

جنیۃ اولہا جن یعلمہا	رمی القلوب بقوس مالہا وتر

ترجمہ معشوقہ حقیقت میں پری ہے یا اُس کو کوئی جن کمان بے چلہ سے دلوں پر تیر مارنے سکھاتا ہے یعنی تیر نگاہ

وقال توبۃ بن الحمیر

یقول اناس لا یضیرک نایہا	بلیٰ کل ما شق النفوس یضیرہا

الضیر الضر ترجمہ لوگ مجھ سے کہتے ہیں کہ تجکو لیلیٰ کا فراق نقصان نہیں پہونچا دیگا میں نے کہا کیوں نہیں نقصان پہونچاویگا اسلئے کہ جو چیز طبیعتوں کو ضعیف کر دیتی ہے وہ ضرور نقصان پہونچاتی ہے۔

الیس یضیر العین ان تکثر البکا	ویمنع منہا نومہا وسرورہا

ترجمہ کیا کثرت گریہ اور آنکھ کو اُس کے خواب و خوشی سے روکا جانا مضر نہیں ہے یعنی بیشک مضر ہے اور فراق اُن کے سوا اور کیا ہوتا ہے۔

وقال ابن ابی دباکل الخزاعی

ویومٌ نلتقی فیہ قصیرُ	یطولُ الیومُ لا القاکِ فیہ

ترجمہ جس روز تجھہ سے نہیں ملتا ہوں وہ دراز ہوجاتا ہے اور وہ روز جسمیں تجھہ سے ملاقات ہوتی ہی کوتاہ معلوم ہوتا ہی

فقلت نصاحبی فمن یضیرُ	وقالوا لا یضیرک نای شہر

ترجمہ اور لوگوں نے کہا کہ تجکو تیری محبوبہ سے ایک مہینہ کی جُدائی کچھہ نقصان نہیں کریگی سومیں نے اپنے دونوں دوستوں سے کہا کہ اگر مجکو وہ نقصان نہیں کرتی توکسکو نقصان کریگی یعنی میری سوائے کسی کو نقصان نہیں کرے گی ۔

وقال عبید اللہ بن عبد اللہ بن عتبہ بن مسعود

هوالیہ فلیمُ فالتامُ الفطورُ	شققتِ القلب ثم ذررت فیہ

الذر النشر ولیم مجہول من لامہ اذا اصلحہ والالتیام مطاوعہ والفطور الشقوق ترجمہ اے محبوبہ تونے میرے دل کو چیرا پھر اُسمیں تونے اپنی محبت کو پھیلا دیا پھر وہ زخم درست و اصلاح کیا گیا سو وہ زخم درست اور اچھے ہوگئے اور تیری محبت اُسمیں موجود ہے اب نکل نہیں سکتی ۔

فبادیہ مع الخافی یسیرُ	تغلغل حبُّ عثمۃ فی فوادے

ترجمہ عثمہ کی محبت میرے دلمیں خوب بزور بیٹھ گئی سو محبت ظاہر بمقابلہ محبت باطنی کے نہایت کم ہے ۔

ولا حزنٌ ولم یبلغ سرورُ	تغلغل حیث لم یبلغ شرابٌ

ترجمہ اُس کی محبت اُس جگہہ بزور داخل ہوگئی جہاں شراب یا پانی کا اثر نہیں پہونچتا اور نہ غم اور خوشی کی تاثیر پہونچتی ہے ۔

وقال ابن میّادہ

وادمعہا یذرین حشو المکاحل	وما انس م الاشیاء لا انس قولہا

ما شرطیۃ جازمۃ دمِل اشیاء اصلہ من الاشیاء وادمعہا م فوع علی الابتداء ویذرین خبرہ والجملۃ حال واذراہ اطارہ والحشو ما یحشی والمکاحل جمع مکحل بالکسر ترجمہ اور اگر میں چیزوں میں سے کوئی چیز بھولجاؤں تو ممکن ہے مگر اُس کے کہنے کو جب کہ اُس کے آنسو سرمہ دان کی باطنی چیز یعنے سرمہ کو بکھیرتی تھی یعنے جبکہ وہ سرگیں چشم سے آنسو بہاتی تھی اور سرمہ اُن کے ساتھ نکلتا تھا ہرگز نہ بھولونگا اور اُس کے کہنے کا بیان اگلے شعر میں ہے ۔

رہینٌ بایام الشہور الاطاول	تمتع بذا الیوم القصیر فانہ

الجملۃ مفعول القول ترجمہ وہ مجھہ سے یہ کہتی تھی کہ اس یوم وصال سے جو چھوٹا ہے منتفع ہو کیونکہ یہ روز مہینوں کے بڑے دنوں پر یعنی ایسے دنوں پر جو بسبب صدمات فراق دراز معلوم ہوں گے گرو ہے ۔ خلاصہ یہ کہ ایسا دن

پھر مہینوں میں نصیب ہوگا۔

وقال آخر

قمرٌ توسّط جنح لیل مُبردِ	بیضاءُ آنسۃٌ الحدیث کانّہا

الآنسۃ المانوسۃ والجنح من اللیل طائفۃ منہ۔ والمبرد الداخل فی البرد فابرد و ترجمہ وہ معشوقہ گورے رنگ کی ہے جس کی باتوں میں دل لگتا ہے۔ گویا وہ ایک چاند ہے جو پارہ شب سرد میں جسمیں غبار نہیں ہوتا کھلا ہوا ہے۔

انّ الحسان مظنّۃٌ للحسّد	موسومۃٌ بالحسن ذات حواسدٍ

ترجمہ وہ حسن میں نشانمند و مشہور ہے جسپر بہت سی عورتیں حسد کرتی ہیں کیونکہ خوبصورت عورتیں حاسدوں کا خاص موقع ہے

لتحیّ الحیاءِ وان تکلّم تقصدِ	خودٌ اذا کثر الحدیث تعوّذت

ترجمہ وہ زن نازک اندام ہے جبکہ اُس کے روبرو گفتگو زیادہ ہوتی ہے تو وہ حیا و شرم کی پناہ لیتی ہے اور اگر وہ خود گفتگو کرتی ہے تو اعتدال کے ساتھ یعنی نہ زیادہ نہ کم۔

سوداءُ ترغب عن سواد الاثمدِ	وترے مدا معہا ترقرق مقلۃٌ

رقرق الدمع صبّہ واسالہ واسالۃ المقلۃ کنایۃ عن کثرۃ البکاء ترجمہ اور بوقت رخصت تو اُسکے کو یوں یعنی آنسو بہنے کی جگہوں کو دیکھے گا کہ آنکھ کے ایسے سیاہ ڈھیلے کو بہاتی ہیں جو سرمہ کی سیاہی سے بسبب ذاتی سیاہی کے بے پروائی کرتے ہیں یعنی ایسے بیغولہ چشم سے روتی ہے۔

قال آخر

نزف الحیاءُ بہا رواعُ سقیمِ	صفراءُ من بقر الجواءِ کانّما

الصفرۃ توصف بہا البقرۃ۔ قال تعالےٰ صفراء فاقع لونہا تسرّ الناظرین۔ والجواء بالجیم کلکتاب موضع ینسب الیہ البقرات۔ والرواع بالضم النکس ترجمہ وہ معشوقہ سنہرے رنگ کی وحشی الطبع مثل گاوان مقام جوا کے ہے اور بباعث حیا کے قلیل الحرکات بھاری بھرکم ہے گویا کہ حیا نے اُسپر سرنگونی مریض کی ڈالدی ہے۔ یعنی حیا کے سبب ایسی سرنگوں رہتی ہے جیسا مریض سرنگوں رہتا ہے۔

بدلال غانیۃٍ ومقلۃ ریمِ	من محذیات اخی الہوی جرع الاسیٰ

احذاہ شیئاً اعطاہ ایاہ۔ والجرع جمع جرعۃ مفعول ثان۔ والاسیٰ الحزن والغانیۃ الجمیلۃ التی غنیت بجمالہا اوالتی تُطلُب ولا تطلُب۔ والریم الغزالۃ ترجمہ وہ معشوقہ اُن طرحدار عورتوں سے ہے جو عاشقوں کو اپنے ناز معشوقانہ و چشم آہوانہ کے ذریعہ سے غم کے گھونٹ پلاتی ہیں۔

لو نال مجلسہا بفقد حمیمِ	وقصیرۃٌ الایّام ودّ جلیسُہا

ترجمہ اور اُس معشوقہ کے ایام وصل بسبب کمال خوشی کے چھوٹے معلوم ہوتے ہیں اُس کا ہمنشیں اس امر کو

دوست رکھتا ہو کہ کاش اُس کی ہمنشینی بعوض جاتے رہنے پیارے رشتہ دار کے ملجاوے۔

وقال آخر

معاللیل ھَبّاتُ الریاح الصوادر	ونارٍ کسحر العودِ ترفع ضوءھا

الواو بمعنی رب۔ والسحر بالفتح الریۃ والعود بالفتح الجمل المسن۔ والھبات جمع ہبۃ مرۃ من ھبّت الریح اذا تحرکت وثارت فاعل ترفع۔ والصوادر جمع صادرٍ من صدر اذا وجد البرد سریعًا ویحتمل ان یکون بمعنی السہم النافذ ترجمہ اور کتنے ہی شعلے مثل پھیپھڑے شتر پیر کے سُرخ تھے کہ اُنکی روشنی کو سرد ہواؤں کے جھونکے یا ایسی ہواؤں کے جھونکے جو تیروں کی مانند بدنوں میں گھُسے جاتے تھے رات میں بلند کرتی تھی۔

وقلبی الیہا بالمودّۃِ قاصدُ	اُصُدُّ بایدی العیس عن قصد اھلہا

ترجمہ کہ روکا میں نے شتروں کے اگلے پاؤں کو اُس آگ والوں کے پاس جانیسے اور حال یہ تھا کہ میرا دل اُس آگ کا بباعث محبت کے قصد کرتا تھا کیونکہ وہ آگ قوم محبوبہ کی تھی۔ مگر بخوف رقیبوں کے نہ گیا۔

وقال الحسین بن مطیر

فقد وردت ما کنتُ عنہ اذودھا	وکنتُ اذودُ العین ان ترد البکا

ترجمہ اور میں اپنی آنکھہ کو روکتا تھا کہ رونے کے پاس مت جا سو وہ کمبخت اُسجگہ جا اُتری جسجگہ سے میں اُسکو روکتا تھا

وجدنا لایام الحمی من یُعیدُھا	خلیلیّ ما بالعیش عتبٌ لو اننا

العتب الکدورۃ ترجمہ اے میرے دونوں دوستو ہماری زندگی میں کچھہ کدورت نہ رہی اگر ہم ایسے شخص کو پالیویں جو زمانۂ وصال حمی کو ہمارے پاس لوٹا لاوے مگر ایسا شخص کہاں ملتا ہے۔

کنظرۃ ثکلیٰ قد اصیب ولیدھا	ولی نظرۃٌ بعد الصدود من الجوی

الجوی حرقۃ الجوف ترجمہ جبکہ معشوقہ مجھہ سے روگردانی کرکے جاتی رہے تو میں اُسکو بسبب سوزش عشق کے ایسی نگاہ حسرت آلود سے دیکھتا ہوں جیسے وہ زن جس کا بچہ مرگیا ہو اپنے فرزند مردہ کو حسرتناک دیکھتی ہے۔

اما اللہ ان لم یعفُ عنہا یعیدھا	ھل اللہ عافٍ عن ذنوبٍ تسلّفت

ترجمہ کیا خدا ان گناہوں سے جو میں نے پہلے ایام وصال میں کیئے ہیں درگزر کریگا یا خدا اگر اُن سے درگزر نہ کریگا تو ویسے ہی گناہ اور مجھہ سے دوبارہ کرادیگا یعنی پھر وصال کرادیگا کہ ویسے ہی گناہ مجھہ سے ظہور میں آوینگے کاش ایسا ہی ہو

وقال سوّار بن المُضرّب

یا ایہا القلب ہل تنہاک موعظة	او یحدثن لک طول الدہر نسیانا

ترجمہ اے میرے دل کیا تجکو عشقبازی سے ناصح کی نصیحت روکدے گی یا درازی ایام فراق تجھے یار کو بھلا دیگی یعنے کاش ان دونوں صورتوں میں سے کوئی صورت ظہور میں آوے ۔

انی ساستر ما ذو العقل ساترہ	من حاجة وامیت السر کتمانا

ترجمہ بیشک میں اب اس حاجت کو چھپاؤں گا جس کو عاقل چھپاتا ہے اور بھید کو مار ڈالوں گا چھپاکر یعنی ایسا پوشید کروں گا کہ گویا اس کو مار ڈالا ہے ۔

وحاجة دون اخری قد سنحت بہا	جعلتہا للتی اخفیت عنوانا

سنح بہ اظہرہ ۔ والمجرور للحاجة الاولی ۔ والجملة نعت ثان لہا وجعلتہا جواب رب ترجمہ اور بعض مطلب غیر مقصود جن کو میں لوگوں پر ظاہر کرتا ہوں ایسے ہوتے ہیں کہ ان کو دوسرے مطلب مقصود کا جس کو ان سے پوشید کرتا ہوں عنواں وتمہید کرتا ہوں ۔ اپنے بھید چھپانے کی تعریف کرتا ہے ۔

انی کانی اری من لا حیاء لہ	ولا امانة بین القوم عریانا

ترجمہ میں بیشک ایسے حال میں ہوں کہ گویا اس شخص کو جس کو نہ شرم ہے اور نہ وصف امانت تمام مجمع کے درمیان علی الاعلان برہنہ دیکھتا ہوں ۔ یعنی جبکہ لوگوں سے حیا اور امانت جاتی رہی تو اب حفظ سر ضرور ہوا ۔

وقال آخر

اہابک اجلالا وما بک قدرة	علی ولکن ملأ عین حبیبہا

ہاب نافہ ترجمہ اے معشوقہ میں تجھ سے تیری عظمت وشان کے سبب ڈرتا ہوں ورنہ بظاہر تجکو مجھ پر کچھ اختیار نہیں ہے مگر کیا کیجئے تجکو خوب دیکھنا میری آنکھ کو پسند ہے ۔ ناچار تجھکو دیکھتا اور تجھ سے ڈرتا رہتا ہوں ۔

وما ہجرتک النفس انک عندہا	قلیل ولکن قل منک نصیبہا

انک بالفتح بتقدیر اللام وقلاہ البغضة ترجمہ اور تجھکو میری طبیعت نے اس لئے نہیں چھوڑ دیا کہ تو اس کے نزدیک ایک چیز قلیل وحقیر ہے یا تو اس کے بغض کی شے ہے ہاں اسکا حصہ ور نفع تجھ میں کم رہگیا ہے ناچار تجھ سے جدا رہتی ہے ۔

وقال ابن الدمینة

الا لا ارے وادی المیاہ یثیب	ولا النفس عن وادی المیاہ تطیب

الاثابة المجازاة ۔ وطاب عنہ اعرض عنہ ترجمہ سن اے مخاطب میں نہیں خیال کرتا کہ مقام وادی میاہ یعنی وہاں کے رہنے والے کے جانے والوں کو نیک بدلا دیویں اور نہ میں خیال کرتا ہوں کہ میری طبیعت مقام وادی میاہ سے بے پروا ہو جاوے ۔

اُحِبُّ هُبُوطَ الوادِ يينِ وانّني	لمشتهر بالواديين غريبُ

اراد بالوادیین جانبی الوادی المذکور ترجمہ میں ہر دو کنارے وادی مذکور میں اُترنے کو دوست رکھتا ہوں اور میں ہر دو کنارے وادی مذکور کے چاہنے والوں میں مشہور مسافر ہوں۔

اَحقّاً عبادَ اللهِ اَن لستُ وارداً	ولا صادراً الّا علےّ رقیبُ

ترجمہ اے بندگانِ خدا کیا یہ امر راست ہو کہ میں محبوبہ کے پاس یا وادی مذکورہ میں نہیں جا سکتا ہوں اور نہ وہاں سے لوٹ سکتا ہوں مگر ایسے حال میں کہ میری اور اُس کی کیفیت کا کوئی رقیب و نگہبان ہوگا شکایت کثرت رقیبوں کی کرتا ہے

ولا زائراً فرداً ولا فی جماعةٍ	من الناس الا قیل انت مریبُ

المریب بفتح المیم المتہم ترجمہ اور کیا یہ بھی راست ہو کہ میں اُس سے تنہا اور لوگوں کے مجمع میں ملاقات نہ کروں گا مگر لوگ مجکو کہیں گے کہ تو ہمارے نزدیک متہم ہے ۔

وهل ریبةٌ فی ان تحنّ نجیبةٌ	الی الفها او ان یحنّ نجیبُ

الاستفہام للانکار والحنین الاشتیاق ترجمہ اور کیا تہمت ہے اس امر میں کہ شریف عورت اپنے دوست کی طرف مشتاق ہو یا شریف مرد شریف عورت کی طرف ۔

وانّ الکثیبَ الفردَ من جانبِ الحمٰی	الیّ وان لم اٰتِہ لحبیبُ

الکثیب التلّ من الرمل ترجمہ اور بیشک اکیلا ریتے کا ٹیلہ رمنہ کے کنارے کا جسپر محبوبہ مقیم ہے اگرچہ میں وہاں بسبب رقیبوں کے خوف کے جا نہیں سکتا۔ مگر وہ مجکو بہت پیارا ہے ۔

لکِ اللهُ انّی واصلٌ ما وصلتِنی	ومُثنٍ بما اولیتِنہ ومُثیبُ

کاف الخطاب مکسورۃ ومعناہ لک اللہ مقسماً بہ ۔ ای اقسم لک باللہ ۔ واولاہ اعطاہ ترجمہ میں تیرے لئے خدا کی قسم کھاتا ہوں کہ میں تجھ سے ملوں گا جب تک تو مجھ سے ملیگی ۔ اور تیری تعریف کروں گا اُس چیز کی بابت جو تو مجھکو دیگی اور اُس عوض تجکو دوں گا۔

واٰخذُ ما اعطیتِ عفواً وانّنی	لاَزوَرُ عمّا تکرهین هیوبُ

العفو ما زاد عن الحاجة ۔ والازور من بہ اعوجاج الزور ای جانب الصدر ویکنی بہ عن المنحرف المعرض ۔ والہیوب مبالغۃ الہائب ترجمہ اور جو تو مجکو اپنی حاجت سے زیادہ چیز دیتی ہے اُس کو لے لیتا ہوں اور میں بیشک اس چیز سے جسکو تو بُرا جانتی ہے ۔ اعراض کرنے والا اور تجھسے بہت ترساں ہوں ۔

فلا تترکی نفسی شعاعاً فانّها	من الوجد قد کادت علیک تذوبُ

الشعاع کالسحاب النفس المتفرقة الہموم ترجمہ سو تو میری جان کو حالت پریشانی میں مت چھوڑ کیونکہ وہ تیرے عشق سے گلجانے کے قریب ہے اس لئے وہ قابل رحم ہے ۔

علیٰ بظہر الغیب منک رقیب	وانی لاستحییک حتی کانما

ترجمہ اور میں بیشک تجھہ سے شرم کرتا ہوں اور اس لیئے تیرے سوا کسی خوبرو کو نہیں دیکھتا ہوں یہاں تک کہ گویا تیری غیبت میں تیری طرف سے مجھپر نگہبان مقرر ہے کہ میں کسی معشوق کو نہ دیکھوں ۔

وقال آخر

وللناس اشجان ولی شجن وحدی	تحمل اصحابی ولم یجد واوجدی

ترجمہ میرے یاروں نے اپنے غم کا بوجھہ اُٹھالیا کیونکہ اُن کا غم میرے غم کی مانند بھاری نہ تھا اور نہ اُٹھا نہ سکتے اور لوگوں کے بہت سے غم ہیں اور میرے لیئے صرف ایک غم ہے اور باین ہمہ وہ سارے غم میرے غم کی برابر نہیں ہیں ۔

فوا کبدا ممن یحبکم بعدی	أحبکم ما دمت حیًّا فان امت

ترجمہ میں تم کو جب تلک زندہ ہوں دوست رکھوں گا سو اگر میں مرگیا تو اُس شخص کے جگر پر مجھکو افسوس آتا ہے جو تم کو میرے بعد چاہیگا کیونکہ تو سنگدل سفاک ہے سو دیکھیئے کہ اُس جگر پر تیری ہاتھوں سے کیا کیا گذرے ۔

وقال ابو حیۃ النمیری

نؤوم الضحی فی ماتم ای ماتم	رمتنہ اناۃ من ربیعۃ عامر

الضمیر المنصوب لنفسہ ۔ وامرأۃ اناۃ اذا کانت بطیئۃ القیام والقعود والمشی من الونی وہو الکسل وربیعۃ عامر بطن من ہوازن ترجمہ اُس کے یعنے میرے تیر نگاہ مارا ایک آرام طلب و کاہل عورت نے جو قبیلہ ربیعہ عامر سے تھی اور جو بطور خوشحالوں کے چاشت کیوقت زیادہ سونیوالی تھی اور وہ ایک عمدہ مجمع عورتوں میں تھی ۔

ولا کن بسیما ذی وقار ومبسم	فجاء کخوط البان لا متتابع

الخوط الغصن الطری الرطب ۔ والبان شجر معروف لین الاغصان والتتابع التساقط ولا یعنی غیر والمیسم الجمال ترجمہ پس وہ زخمی اس کی طرف مثل شاخ تر و تازہ بان کے درخت کے سیدھا آیا اور اُسکے سوا کسی طرف متوجہ نہوا اور چھچھوروں کی طرح نہ آیا بلکہ بعلامت وقر دار اور صاحب جمال لوگوں کے ۔

صحیحًا وان لم تقتلیہ فالمم	فقلن لہا سرًّا فدیناک لا یرح

لا یرح امر غائب من راح اذا ذہب ۔ والمم الرجل ذا اتی الصغیرۃ ترجمہ سو اُس کے ساتھ والیوں نے اُس سے آہستہ کہا کہ ہم تجھپر قربان یہ زخمی سلامت بچانے پاوے یعنی اُس کو قتل کر ڈال اور اگر تو اُس کو قتل نہ کرے اُس کو کچھہ ستا گالی دیکر یار و گردانی سے ۔ خلاصہ یہ کہ اگر تو کبیرہ فعل سے بچے تو صغیر یعنی سب و شتم و اعراض سے تو اچھو تا نجانے دے ۔

فالقت قناعا دونہ الشمس وانقت ۔۔۔ باحسن موصولین کف و معصم

ترجمہ سو اُسنے منہ پر برقع ڈال لیا کہ اُس برقع سے ورے اُس کا چہرہ آفتاب کی مانند تاباں تہا اور اُس نے اپنے روئے روشن کو مجہہ سے بذریعہ ایک عضو کے منجملہ دو عضو متصل ہتیلی اور پہونچے کے نہایت خوبصورت تہا چہپا لیا خلاصہ یہ کہ اُسنے اپنے چہرے کو کلائی رکھکر مجہہ سے چہپا لیا اور اس کی کلائی اُس کی ہتیلی سی خوبصورت تہی

وقالت فلما افرغت فی فوادہ ۔۔۔ وعینیہ منہا السحر قلن لہ قم

الافراغ الصب ۔ وقلن امر للنساء الحاضرات مفعول القول ترجمہ سو جب اُس معشوقہ نے اپنا جادو زخمی کے دل اور اُس کی دونوں آنکہوں میں خوب ڈالدیا تو اُسنے اپنی ساتہنوں سے کہا کہ تم اس زخمی کو کہدو کہ یہاں سے چلا جاوے

فود بجدع الانف لو ان صحبہ ۔۔۔ تنادوا وقالوا فی المناخ لہ نم

ترجمہ سو اُس زخمی نے بعوض اپنی ناک کٹنے کے اس امر کی آرزو کی کہ کاش اُس کے ساتہی اُسے پکاریں اور کہیں کہ تو اُسی مقام پر سو رہ جب تلک چاہے ۔ بعوض ناک کٹنے کے یہ معنی کہ گو اس صورت میں میری ناک کٹ جاوے تب بہی یہ امر مجکو گوارا ہے ۔

فراح وما یدری الی ساعۃ الضحی ۔۔۔ تروح امد اج من اللیل مظلم

تروح الرجل ذہب فی الرواح وہہنا جرد عن معنے الرواح ترجمہ سو جب اُس کو اُٹہنے کو کہا تو وہ زخمی ناچار وہاں سے چل پڑا مگر شدت غم سے ایسے حال میں کہ وہ نہیں جانتا تہا کہ چاشت کیوقت چلا ہے یا کالی رات میں

وقال آخر

نظرت کانی من وراء زجاجۃ ۔۔۔ الی الدار من فرط الصبابۃ انظر

ترجمہ میں نے عشق کے جوش میں بحالت گریہ محبوبہ کے گہر کو دیکہا تو اُس وقت بسبب اشکہای چشم مجکو ایسا معلوم ہوتا تہا کہ گویا میں شیشہ کے پیچہے سے دیکہہ رہا ہوں یعنی آنکہیں بسبب ڈبڈبانیکے شیشہ کی مانند ہو رہی تہیں ۔

فعینای طورا تغرقان من البکا ۔۔۔ فاعشی وطورا تحسران فابصر

عشی الرجل ساء بصرہ وحسر انکشف ترجمہ سو میری دونوں آنکہیں کبہی بسبب کثرت گریہ کے آنسوؤں میں ڈوب جاتی ہیں اور میں چندہا اور ضعیف البصر ہو جاتا ہوں اور کبہی اشک سے صاف ہو جاتی ہیں اور میں صاف دیکہنے لگتا ہوں

وقال آخر

وما شنتا خرقاء واہیتا الکلی
باضیع من عینیک للدمع کلما

سقی بہما ساق فلم یتبللا
توہمت ربعا او تذکرت منزلا

الشن والشنۃ الزق البالی ۔ والخرقاء الامرأۃ التی لا یکون لہا البصیرۃ فی الامور ۔ والوہی الوہن ۔ والکلیۃ الرقعۃ

المستدیرة بجز تحت عروة الزق - والتبلل لا ابتلال ترجمہ اور دو پرانی مشکیں ناتجربہ کار عورت کی جن کے گول چمڑے کے چاند (کہ مشک کے علاقہ یعنی اُس کی جوتی کے نیچے دونوں طرف بخیال مضبوطی ورو کنے پانی کے سی دیتی ہیں) ڈھیلے ہوگئے ہوں اور جن کو پانی پلانے والے نے پانی پلاکر یوں ہی رکھدیا ہو اور اُس کو پانی سے تر نہ کیا ہو تیری دونوں آنکھوں سے زیادہ تر پانی ضائع نہیں کرتیں جب کہ تو محبوبہ کی فرودگاہ اور اُسکے مقام کا خیال اور اُس کی یاد کرتا ہو یعنی اسقدر پانی اُن مشکیزوں سے بھی ضائع نہیں جاتا جسقدر ایسے وقت میں تیری آنکھوں سے ناتجربہ کار عورت جو مشک کا سینا اور رکھونا اور باندھنا نہ جانتی ہو خصوصاً جبکہ اُس کی مشک کہنہ وخشک ہو اور اُس کے چاند کے ٹانکے ڈھیلے ہوگئے ہوں - بیشک پانی زیادہ ضائع کرے گی -

وقال ابو الشیص الخزاعی

وقف الهوى بي حيث انت فليس لي	متاخر عنه ولا متقدم

الباء للتعدیة - والمتاخر والمتقدم کلاهما اسم ظرف او مصدران ترجمہ محبت نے مجکو وہاں لیجاکر کھڑا کر دیا جہاں اے معشوقہ تو ہو سو اب میرے لیئے نہ پیچھے ہٹنے کی جگہ ہے اور نہ آگے بڑہنے کی یعنی حیران وبیحواس کھڑا ہوں -

اجد الملامة في هواك لذيذة	حبا لذكرك فليلمني اللوم

ترجمہ میں تیری محبت میں ملامت گروں کی ملامت کو مزے دار پاتا ہوں بسبب محبت تیری ذکر کے کیونکہ ملامتگر آخر تیرا ذکر کرتے ہیں سو اب مناسب ہے کہ ملامتگر مجکو دل کھول کر ملامت کریں -

اشبهت اعدائي فصرت احبهم	اذ كان حظي منك حظي منهم

ترجمہ تو میرے دشمنوں کے ہمرنگ ہوگئی اس لیئے کہ مجھکو تجھ سے ویسا ہی عداوت اور ستانے کا حصہ ملتا ہی جیسا کہ مجھکو دشمنوں سے تکالیف کا حصہ ملتا ہو اور جب تو دشمنوں کی مشابہ ہوگئی تو بوجہ تیری مشابہت کے میں دشمنوں کو چاہنے لگا -

واهنتني فاهنت نفسي صاغرا	ما من يهون عليك ممن يكرم

ترجمہ اور تو نے مجکو ذلیل کیا سو میں نے اپنے نفس کو بہت شدت سے ذلیل کر دیا کیونکہ جو تیرے نزدیک ذلیل ہو وہ قابل تعظیم نہیں ہے یعنی ہر طرح میں تیری مرضی کا تابع ہوں -

وقال آخر

ہو حمید بن ثور الهلالی رضی الله عنه مخضرم صحابی وکان یکنی بالسرحة وهی الشجرة التی لاشوک فیها عن المحبوبة بعد ما منع عن التشبیب بها -

ولا غرو الا ما يخبر سالم	بان بني استاهها نذروا دمي

سالم مولی الشاعر و بنوا الاستاہ سبٌ عندہم معناہ انہم وُلدوا من استاہ امہاتہم فہم کالبراز والمجرور فی استاہہا لامہاتہم ۔ والدم القتل ترجمہ کوئی تعجب کی بات نہیں ہو مگر وہ خبر جو میرے مولیٰ سالم نے بیان کی وہ یہ ہے کہ اپنی مادروں کے یاخانوں نے میرے قتل کی منت مانی ہے ۔

وَمَالی من ذنبٍ الیہم علمتُہ	سوی اننی قد قلت للسرحۃ سلمی

ترجمہ اور میں نے اُن کا کوئی قصور جو مجھکو معلوم ہو نہیں کیا سوا اس امر کے کہ میں نے اپنی محبوبہ سرحہ سے کہا کہ سلامت رہ

نعم فاسلمی ثم اسلمی ثمّت اسلمی	ثلاث تحیّاتٍ وان لم تکلمی

ثمت لعطف الجملۃ علی الجملۃ اخص من ثم فانہا اعم منہ ۔ وثلث منصوب علی المصدریۃ ترجمہ ہاں کہا میں نے اور پھر کہتا ہوں کہ تو بنی رہ پھر بنی رہ ۔ پھر بنی رہ ۔ تجھکو تین تحفہ سلام کے بھیجتا ہوں اگرچہ تو مجھ سے کلام نہیں کرتی ہے

وقال خلیدٌ مولی العباس بن محمد

ونسب فی الاغانی الی عبداللہ بن الدمینۃ وکان یہوی امرأۃ من قومہ فارسلت الیہ ان اہلی قد نہونی عنک فارسل الیہا

اَما والراقصاتِ بذات عرقٍ	ومَن صلّی بنعمان الاراکِ

الرقص محرکۃ السیر السریع للابل ۔ وذات عرق میقات اہل العراق وہو موضع بالبادیۃ ونعمان واد علی قرب مکۃ اضیف الی الاراک لکثرتہا بہا ترجمہ خبردار ہوائے معشوقہ میں قسم کھاتا ہوں اُن شتروں کی جو بمقام ذات عرق تیز چلتے ہیں اور قسم ہے اُن حاجیوں کی جنہوں نے بمقام نعمان جہاں پیلو کے درخت زیادہ ہیں نماز پڑھی جواب قسم اگلے شعر میں ہے ۔

لقد اَضمرتُ حبّکِ فی فوادی	وما اضمرتُ حبًّا من سواکِ

ترجمہ بخدا میں نے تیری محبت اپنے دل میں چھپا رکھی ہو اور تیرے سوا کسی اور کی محبت اپنے دل میں نہیں چھپائی

اطعتِ لآمریکِ بصرم حبلی	مُریہم فی احبّتہم بذاکِ

ترجمہ جو لوگ مجھ سے القطع کرنے کا تجھکو حکم کرتے ہیں اُن کی تو نے اطاعت کی اب تو اُن کو اُن کے دوستوں سے القطع کرنے کا حکم کر ۔

فَاِن ہم طاوعوکِ فطاوعیہم	وان عاصوکِ فاعصِی من عصاکِ

ترجمہ سو اگر وہ لوگ اپنے دوستوں سے القطع کرنے میں تیرا کہنا مانیں تو تو بھی مجھ سے القطع کرنے میں ان کا کہنا مان لے اور اگر اس باب میں وہ لوگ تیرا کہنا نہ مانیں تو تو بھی اُس کا کہنا نہ مان جس نے تیرا کہنا نہ مانا ۔

رعاکِ اللہ یا سلمی رعاکِ	ودارکِ بالمُکی ذاتِ الاراکِ

ترجمہ اے سلمی خدا تیری حفاظت کرے اور تیرے گھر کی جو بمقام لوی ہے پیلو کے درختوں والا۔

قتلت بفاحم وبذی غروب	اخاقوم وما قتلوا اخاک

الفاحم الشعر الاسود۔ والغروب جمع غرب وہو الحدۃ واللمعان ترجمہ تو اپنے سیاہ بالوں اور چمکدار دانتوں سے قوم کے بھائی یعنی مجکو مار ڈالا حالانکہ قوم نے تیرے بھائی کو قتل نہیں کیا یعنی وہ بے قصور ہے۔

وقال ابو القمقام الاسدی

اقرء علی الوشل لسلام وقل لہ	کل المشارب مذ ہجرت ذمیم

الوشل محرکۃ جبل بتہامۃ وہجرت مجہول ترجمہ کوہ وشل سے میرا سلام کہہ اور اُسے میری طرف سے یہ کہدے کہ تمام پانی کے گھاٹ جب سے تو مجھ سے جدا کیا گیا ہے مجھکو بُرے معلوم ہوتے ہیں۔

سقیا لظلک بالعشی وبالضحی	ولبرد ماءک والمیاہ حمیم

ترجمہ خدا تیرے سایہ کو تر وتازہ وبنا رکھے آخر روز میں اور چاشت میں اور تیرے پانی کی خنکی کو جب کہ اور تمام پانی گرم ہوتے ہیں۔

لوکنت املک منع ماءک لم یذق	ما فی قلاتک ما حییت لئیم

القلت النقرۃ فی الجبل یجمع علی القلات ترجمہ اگر مجھکو تیرے پانی کے لوگوں سے روکنے کا اختیار ہوتا تو جبتک میں زندہ رہتا اُس آب قلیل کو جو تیرے گڑھوں میں جمع ہو جاتا ہے کوئی ناکس وبخیل نہ چکھ سکتا

وقال ابن الدمینۃ

ہوی امرأۃ من قومہ یقال لہا اُمامۃ فہام بہا مدۃ فلما وصلتہ جعل ینقطع عنہا ثم زارہا یوما فتعاتبا طویلا فانشد۔

وانت التی کلفتنی دلج السری	وجون القطا بالجلہتین جثوم

الدلج محرکۃ سیر اول اللیل والسری اعم منہ۔ والجون بالضم جمع جون بالفتح یقال للابیض والاحمر والاسود او جمع جونی والجلہۃ بالجیم ناحیۃ الوادی۔ وجثم الطائر اذا الصق صدرہ بالارض ترجمہ اے محبوبہ تو وہ ہے کہ شب گردی میں تو نے مجھے اول رات سے چلنے کی تکلیف دی ہے ایسے آرام کے وقت یا ایسے صحرائے لق ودق میں کہ وہاں رنگ برنگ کی قطا کھالی کے دونوں طرفوں میں بسبب نہونے خوف گزر کسی صیاد کے اپنے سینوں کو زمین سے لگائے آسائش سے بیٹھی ہیں۔

وانت التی قطعت قلبی حزازۃ	وقرفت قرح القلب فہو کلیم

الحزازۃ وجع القلب۔ وقرف القرح اخذ عنہ القشر ترجمہ اور تو وہ ہے کہ بسبب درد کے میرے دل کو تو نے

پارہ پارہ کردیا ہو اور تونے میرے دل کے زخم کا کھرنڈ اُتار دیا ہے سو اب وہ سخت زخمی ہے۔

وانت التی احفظت قومی فکلہم	بعید الرضا دانی الصدر کظیم

ترجمہ اور تو وہ ہے کہ تونے میری قوم کو مجھپر غضبناک کردیا ہے اب وہ سب ایسے ہیں کہ اُن کی خوشنودی مجھ سے دور ہے اور اُن کا اعراض مجھ سے قریب ہے اور اپنے غصہ کو مجھپر ضبط کئے ہوئے ہیں۔

فاجابتہ اُمامۃ علی وزنہا ورویہا

وانت الذی اخلفتنی ما وعدتنی	واشمت بی من کان فیک یلوم

ترجمہ اور تو وہ ہی کہ تونے جو مجھ سے وعدے کیئے تھے اُن کا خلاف کیا اور تونے اُن لوگوں کو میرے معاملہ میں خوش کیا جو مجکو تیرے باب میں ملامت کرتے تھے۔

وابرزتنی للناس ثم ترکتنی	لہم غرضا اُرمی وانت سلیم

ترجمہ اور تونے مجکو لوگوں کے روبرو ظاہر کردیا۔ یعنی پردہ فاش کردیا پھر تونے مجکو اُن کی ملامت کا نشانہ کر چھوڑ کہ مجھپر ہر دم ملامت کے تیر لگائے جاتے ہیں اور تو تمام آفتوں سے بچا ہوا ہے۔

فلو ان قولا یکلم الجسم قد بدا	بجسمی من قول الوشاۃ کلوم

ترجمہ سو اگر کوئی بات جسم کو زخمی کرے یعنی دلکے ساتھ تو میرے جسم میں چغلخوروں کے قول سے بہت سے زخم ظاہر ہیں

وقال المعلوط بن بدل السعدی

ان الظعائن یوم جو سویقۃ	ابکین عند فراقہن عیونا

الجو الارض المطمئنۃ. سویقۃ کجہینۃ موضع. ترجمہ بیشک ہودج نشین عورتوں نے بروز میدان یا کھاد رمقام سویقہ کے یعنی بروز رخصت مقام مذکور اپنے فراق کے وقت بہت سی آنکھوں کو رُلایا۔

غیّضن من عبراتہن وقلن لی	ماذا لقیت من الہوی ولقینا

ترجمہ وہ کسیقدر اپنے آنسوؤں کو پی گئیں تاکہ راز عشق فاش نہو اور مجھ سے کہا کہ تونے اور ہم نے عشق سے سوائے اندوہ فراق اور کیا حاصل کیا۔

بل لو یساعفنا الغیور بدارۃ	یوما لقضات الہوی وحیینا

بل ہہنا للانتقال من غرض الی آخر و ساعفہ وافقہ وقضی حاجتہ ترجمہ اب مطلب یہ ہی کہ اگر محبوب غیرتمند کسی روز اپنے گھر میں ہم سے ملجاوے اور مطلب براری کرے تو بیشک ہمارا عشق مرجاوے اور ہم جی جاویں کیونکہ وصل کے بعد حرارت عشق طبعاً سرد ہو جاتی ہے۔

وقال جميل

سوى ان يقولوا انني لك عاشق	وماذا عسے الواشون ان يتحدثوا

ترجمہ اور کونسی بات چغلخوراب ذکر کریں گے سوائے اس امر کے کہ وہ تجھ سے کہیں کہ میں تیرا بلاشک عاشق ہوں

الىّ وان لم تصف منك الخلائق	نعم صدق الواشون انت حبيبة

ترجمہ ہاں غماز سچ بولے کیونکہ تو میری محبوبہ ہو اگرچہ تیری عادتیں صاف وشیریں نہیں ہیں بلکہ مکدر و تلخ ہین ۔

وقال آخر

بالليل مختلس الرقاد سليم	واذا عتبت على بت كانني

اختلس الشئی اخذہ بسرعۃ ۔ والسليم اللديغ ۔ ترجمہ اور جب تو مجھ پر خفا ہوتی ہے تو میں ایسے اضطراب میں شب گزارتا ہوں کہ گویا رات کو میری نیند اچک لیگئی ہے اور میرے بچھو نے کاٹ لیا ہے

علق بقلبي من هواك قديم	ولقد اردت الصبر عنك فعاقني

العلق محركة الحب اللازم ترجمہ اور میں نے بیشک تجھ سے صبر کرنے کا ارادہ کیا سو صبر کرنے سے میری محبت کے قدیم رابطہ نے جو میرے دل میں ہے روک لیا ہے ۔

وعلى جفائك انه لكريم	يبقى على حدث الزمان وريبه

ترجمہ وہ رابطہ عشق باوجود حوادث وانقلاب زمانہ اور تیری جفا کے باقی رہیگا کیونکہ وہ رابطہ اور علاقہ نہایت عمدہ ہے ۔

وقال آخر

بالجزع واستلب الزمان جمالها	المم على دمن تقادم عهدها

الدمن جمع دمنة وہے رسم الدار ۔ والجزع موضع ترجمہ بمقام جزع محبوبہ کے مکان کے کھنڈر و نپر جنپر بہت زمانہ گزر گیا اور روزگار نے اُس کا جمال اور اُس کی رونق چھین لی ہے تو فروکش ہو ۔

الا الوحوش خلت له وخلالها	ربهم لقاتلة الغرانق ما بها

الغرانق بفتح المعجمة جمع غرانق بضمها وهو الشاب الناعم ترجمہ یہ کھنڈر اس محبوبہ کے گھر کے نشان ہیں جو جوانان نازک اندام کو ناز و ادا سے قتل کرتی تھی اب اُسمیں سوائے وحشی جانوروں کے کچھہ نہیں ہے وہ وحشی اُس گھر کے مستقل مالک ہیں اور وہ گھر خاص اُن کے لیئے ہو گیا ہے ۔

وهي التي فعلت به افعالها	ظلت تسائل بالمتيم اهله

الباء بمعنی عن ترجمہ اُس محبوبہ نے عاشق کا حال اُس کے کُنبے سے پوچھنا شروع کیا کہ کس نے اُس کو ہلاک و

تباہ کر ڈالا اور حال یہ ہے کہ اُس محبوبہ نے ہی اُس عاشق کے ساتھ اپنے کام کئے ہیں یعنی یہ ہلاک کرنا اُسی کا کام ہے تجاہل کرتی ہے

وقال آخر

وما برح الواشون حتّٰی ارتموابنا	وحتّٰی قلوبٌ عن قلوبٍ صوادفُ

خبر ما برح محذوف ای یسعون بیننا۔ وصدف عنہ اذا مال عنہ ترجمہ اور ہمیشہ چغلخور ہمارے درمیان غمازی کرتے رہے یہاں تلک کہ ہمارے دور سے تیر مارے اور یہاں تلک کہ معشوقوں کے دل عاشقوں سے اعراض کرنے لگے

وحتّٰی رأینا احسن الوصل بیننا	مسالمۃً لایقرف الشرَّ قارفُ

المسالمۃ المشارکۃ فی السکوت ای سکوت المحب والمحبوب وقرف الشر کسبہ ترجمہ اور یہاں تلک کہ برابر خاموش رہنے کو ہم نے عمدہ وصل سمجھا تاکہ غماز کچھ کہہ نسکیں اور برائی کمانیوالے یعنی غماز ہمارے لئے برائی نہ اکٹھا کریں۔

وقال آخر

فان ترجع الایامُ بینی وبینہا	بذی الاثل صیفا مثل صیفی ومربعی

ذوالاثل موضع۔ والمربع الربیع ترجمہ سو اگر زمانہ مجھ میں اور اُسمیں زمانہ صیف مثل میری صیف گزشتہ کے اور ربیع مثل میری ربیع گزشتہ کے جیسے بمقام ذی الاثل عیش میں گذرے ہیں لوٹا لاوے۔

اشدُّ باعناق النوی بعد ہٰذہٖ	مرائرَ ان جاذبتہا لم تقطّعِ

المرائر جمع مریرۃ وہوالحبل المحکم ترجمہ تو جدائی کی گردنوں میں اس کے بعد ایسی مضبوط رسیاں باندھوں گا کہ اے محبوبہ یا اے مخاطب اگر تو اُس کو کھینچے تو نہ ٹوٹیں۔ پس فراق قید رہیگا اور محبوبہ اور عشاق کیطرف نہ جاسکیگا

وقال کلثوم بن صعب

دعادا عیا بین فمن کان باکیا	معی من فراق الحیّ فلیأتنی غدا

ثنی الداعی علی عادتہم کقولہ نعی ناعیا عمرو الخ ترجمہ محبوبہ کو فراق کے دو پکارنے والوں نے پکارا سو وہ مجھسے ضرور جدا ہوگی تو اب فراق قوم محبوبہ میں جو میرے ساتھ رونا چاہے صبح کو میرے پاس آجاوے تاکہ ہم ملکر رو دیں

فلیت غداً یومٌ سواہٗ وما بقے	من الدہر لیلٌ یحبس الناس سرمدا

ترجمہ جب اُس کا سفر کل صبح کو ٹھیرا ہو تو کاش کل کوئی اور دن ہو جاوے اور کاش جو زمانہ سے باقی رہا ہی وہ سب ایک رات ہو جاوے کہ لوگوں کو ہمیشہ روکے رکھے تاکہ صبح نہو کہ معشوق جاوے۔

لتبک غراثیق الشباب فانّنی	اخال غدا من فرقۃ الحیّ موعدا

الغرانیق جمع غرنوق وہو الشباب الجمیل والشباب جمع شباب ترجمہ مناسب ہے کہ وصعدا رجوان روویں کیونکہ میں سمجھتاہوں کہ کل قوم کی جدائی کا (جن میں محبوبہ بھی ہے) وقت ہو یا قوم کی جدائی سے قیامت برپا ہوگی۔

وقال زیاد بن جمل بن سعد بن عمیرۃ بن حریث

زیاد بن جمل

التیمی العدوی واتی الیمن فلم یوافقہ فنزع لے وطنہ ببطن الزمتہ وہو واد بنجد بتشدید المیم وتخفیفہا۔

الاحبّذا انت یا صنعاء من بلد ۔۔۔ ولا شعوب ہوی منّی ولا نقم

ذا فاعل حب بمعنی شئی۔ وصنعاء بلد معروف من بلاد الیمن۔ وشعوب ونقم موضعان بالیمن۔ والہوی بمعنی المہوی
ترجمہ تو اچھا شہر نہیں ہی اے صنعاء اور نہ مقام شعوب مجھکو محبوب ہے اور نہ مقام نقم۔

ولن احبّ بلادًا قد رأیت بہا ۔۔۔ عنسًا ولا بلدًا حلّت بہ قُدُم

عنس وقدم حیان من الیمن ترجمہ اور میں ہرگز دوست نہیں رکھتاہوں ان شہروں کو جہاں میں نے قبیلہ عنس کو دیکھا اور نہ اُس شہر کو جہاں قوم قدم فروکش ہے۔

اذا سقی اللہ ارضًا صوب غادیۃ ۔۔۔ فلا سقاہن الّا النار تضطرم

الصوب المطر۔ والغادیۃ السحابۃ التی تغدو بہا را ترجمہ جبکہ خداوند تعالی کسی زمین کو باران صبح سے تروتازہ کرے تو اُن شہروں کو سوائے آتش شعلہ زن کے کچھ اور نہ پلاوے۔ اُن شہروں کو کوستا ہے۔

وحبّذا حین تمسی الریح باردۃ ۔۔۔ وادی المشیّ وفتیان بہ ہُضُم

بدرت الریح اذا ہبت شدیدۃً ووادی المشی موضع۔ والہضم بضمتین جمع ہضوم وہو من ینفق مالہ غیر مبال بہ
ترجمہ اور جس وقت شام کو تیز ہوا چلے یعنی قحط ہو تو وادی المشی اور جو جوانمرد سخی لوگ اس میں رہتے ہیں نہایت عمدہ اور اچھے ہیں۔

الواسعون اذا ما جرّ غیرہم ۔۔۔ علی العشیرۃ والکافون ما جرموا

الواسع من لہ الوسع والقدرۃ مرفوع علی الخبریۃ او نعت لفتیان ترجمہ وہ جوان مرد مقدور والے ہیں جبکہ اور لوگ قوم پر ظلم کریں یعنے اُن کی طرف سے تاوان ادا کر دیتے ہیں اور جبکہ وہ خود آپ اور ونپر زیادتی کریں اور اس سبب سے تا اُن کو تاوان و دیت دینی پڑے تو اپنا بوجھ اوروں پر نہیں ڈالتے بلکہ آپ ادا کر دیتے ہیں۔

والمطعمون اذا ہبّت شآمیۃ ۔۔۔ وباکر الحیّ من صُرّادہا صِرَم

شآمیۃ منصوب علی الحال وکنی بہبوب الریح الشامیۃ عن القحط فانہا تکون باردۃ وباکرہ اذا اتاہ بکرۃ والصراد کرمان السحاب الرقیق الذی لاماء فیہ والصرم کعنب جمع صرمۃ وہو القطعۃ من السحاب ترجمہ وہ لوگ مہمانوں اور مساکین کو کھانا کھلانیوالے ہیں جبکہ شامی ہوا چلنے لگے یعنی قحط ہو جاوے اور جب کہ قوم پر ابر رقیق بے آب کا

کوئی ٹکڑا علی الصباح آجاوے جیساکہ ایام قحط میں ہوا کرتا ہے ۔

عنہم اذا کلحت انیابہا الازم	وشتوۃ فلّلوا انیاب لزبتہا

الشتوۃ سنۃ القحط واللزبۃ الشدۃ ۔ والکلوح بدوّ الاسنان عند العبوس ۔ والازم جمع ازوم وہو شدید العض ترجمہ اور بہت سے قحط ہیں کہ ان لوگوں نے اُسکی شدت کے دانت قوم سے دفع کرنے کو توڑ ڈالے ہیں جبکہ اُس قحط کی کچلیاں سخت کاٹنے والی بسبب ترشروئی کے باہر نکل آئیں ۔ قحط کو درندہ ٹھیرایا ہے ۔

بنجوۃ من حذار الشر معتصم	حتی انجلی حدّہا عنہم وجارہم

حتی غایۃ التقلیل ۔ وانجلی انکشف ۔ والنجوۃ ما ارتفع من الارض والمراد بہ العصو المنعۃ ترجمہ قحط کے دانت یہاں تلک توڑے کہ اُس کے دانتوں کی تیزی اُن سے دور ہوگئی ایسے وقت میں کہ اُن کا ہمسایہ بسبب خوف تکلیف کے ایک اونچی جگہہ پر جنگل مارنے والا یعنے پناہ گزیں تھا اُن کی حمایت میں ۔

وفی اللقاء اذا تلقی بہم بُہَم	ہم البحور عطاءً حین تسألہم

البہم جمع بہمۃ وہو الشجاع والجیش العظیم ترجمہ جبکہ تو اُن سے سوال کرے تو عطا کے لحاظ سے وہی لوگ دریاؤں کی مانند ہیں اور لڑائی میں جب تو اُن سے مقابلہ کرے تو وہ لوگ بہادر یا بجائے خود ایک لشکر ہیں ۔

فوارس الخیل لا میل ولا قزم	وہم اذا الخیل جالوا فی کواثبہا

جال الرجل اذا استوی علی ظہر الفرس ۔ والکواثب جمع کاثبۃ اعلی ظہر الفرس ۔ والمیل بالکسر جمع امیل وہو من یمیل عن السرج الی جانب ولا یستقیم علی ظہر الفرس ۔ والقزم محرکۃ صغار الناس وارازلہم ترجمہ اور وہی لوگ گھوڑوں کے شہسوار ہیں جب کہ ان کی پشتوں پر سوار ہوجاتے ہیں تو نہ کسی طرف کو جھکتے ہیں اور نہ بسبب میدان سے بھاگنے کے کمینے اور رذیل بنتے ہیں ۔

الا یزید ہم حبًّا الیّ ہم	لم الق بعدہم حیا فاخبرہم

اخبرہ امتحنہ والمضارع بمعنی الماضی ۔ ویروی فاخبرہم بالرفع علی الانقطاع عن الاول وبالنصب علی اضمار ان وہم الاخیر فاعل یزید وہو للممدوحین وضع الضمیر المنفصل موضع المتصل اذحق العبارۃ ان یقول الا یزیدون ہم حبًّا الیّ ترجمہ میں ممدوحین کے فراق کے بعد کسی قوم سے نہیں ملا اور اُن کو آزمایا مگر ممدوحین باعتبار محبت میرے نزدیک سب سے زیادہ بڑھ گئے کیونکہ اُن کی صفات حسنہ اوروں میں نہ ملیں ۔

جم الرماد اذا ما اخمد البرم	کم من فتی فیہم حلو شمائلہ

الجم الکثیر وکثیر الرماد کنایۃ عن الجواد ۔ واخمد الرجل اذا سکن وسکت واخمد النار اطفاہا والبرم من لا یدخل مع القوم فی القمار ویکنی بہ عن البخیل ترجمہ اُن ممدوحین میں بہت سے جوان مرد شیریں اخلاق سخی ہیں ایسے وقت میں کہ بخیل اپنی آگ بخوف مہمانان بجھادے ۔

تحبُّ زوجاتُ اقوامٍ حلائلهُ ۔۔۔ اذا الانوف امترى مكنونها الشبمُ

الحلائل جمع حلیلۃ زوج الرجل ۔ وامتری استخرج ۔ والشبم البرد الشدید وکنی بہ عن القحط واراد بالمکنون ماخرج من المخاط عند شدۃ البرد ترجمہ اقوام ہمسایہ کی بیبیاں اُسکی بیبیوں کو اُسوقت دوست رکھتی ہیں جبکہ ناکوں کی پوشیدہ چیز یعنی رطوبت کو سرمائے سخت نکالڈالے یعنی ایام شدت سرما میں جنہیں قحط ہوتا ہو ۔ خلاصہ یہ کہ وہ جوانمرد کشادہ دست اپنے عیال کو نفقہ بکثرت دیتا ہو اور اُس کے عیال اُس کے ہمسایہ کی بیبیوں کو کھلاتی ہیں اسلیئے وہ محبوب ہیں

ترى الارامل والهُلّاكَ تتبعهُ ۔۔۔ يستنُّ منه عليهم وابلٌ رذمُ

الاستنان الانصباب ۔ والوابل المطر الکثیر ۔ والرذم السائل ترجمہ اے مخاطب تو رانڈ عورتوں اور مساکین کو جو بسبب فاقہ کے قریب ہلاکت ہیں اُس کے پیچھے لگا ہوا دیکھے گا ایسے حال میں کہ اُنپر اُس کی طرف سے باران کثیر بہنے والا ابر برستا ہو گا ۔

كانّ اصحابهُ بالقفر يمطرهم ۔۔۔ من مستحيرٍ غزيرٍ صوبهُ ديمُ

القفر الارض الخالیۃ عن الماء والکلاء ۔ واستحار السحاب اذا قام علی مکانٍ لثقلہ من الماء کانہ حیران ۔ والغزیر الکثیر والصوب الانصباب فاعل غزیر والدیمۃ المطر الدائم جمعہ دِیَمٌ فاعل یمطر ترجمہ گویا اُس کے یاروں پر جبکہ وہ چٹیل میدان میں ایک بھاری ابر سے جو بہت برسنے والا ہے ہمیشہ بارانِ سخاوت برستا ہے ۔

غمر الندى لا يبيتُ الحقُّ يثمدهُ ۔۔۔ الا غدا وهو سامي الطرف يبتسمُ

ثمدہ نقصہ واراد بالحق ما یلزمہ من قری الاضیاف او حمل الدیات ترجمہ وہ کثیر العطا ہو فکر امور واجب یعنے ضیافت مہمانان و ادای تاوانات مجرمان اُس کو بوقت شب نہیں ستاتی مگر کہ وہ صبح کو بلند نظر اور مسکراتا اُٹھتا ہے یعنی باوجود ان تفکرات شب کے ملول نہیں ہوتا بلکہ خندہ پیشانی رہتا ہے ۔

الى المكارم يبنيها ويعمرها ۔۔۔ حتى ينال امورًا دونها قحمُ

الجار والمجرور متعلق بسامی الطرف او یبتسم ۔ والقحم جمع قحمۃٍ وہی الشدۃ ترجمہ وہ شخص بلند نظر ہے اچھے کاموں کی طرف کہ انکی بنیاد ڈالتا ہے اور اُن کو آباد یعنے درست کرتا ہے یہاں تلک کہ اُن امور دشوار پر کامیاب ہوتا ہے کہ ہلاکی اُسکے پہلے ہے ۔

تشقى به كلّ مرباعٍ مودّعةٍ ۔۔۔ عرفاءُ يشبو عليها تامكٌ سنمُ

شقی بہ شام بہ والمرباع الناقۃ التی تلد فی الربیع وہے عزیزۃ عندہم ۔ والمودّعۃ المترکۃ عن الحمل والرکوب والعرفاء التی یکون علی عنقہا کعرف الفرس ۔ وشبا علیہ بالمعجمۃ فالموحدۃ علاہ ۔ والتامک السنام المرتفع ۔ والسنم ککتف العالی یقال لعیرٍ سَنِمٌ اے مشرف السنام ترجمہ اُس جوانمرد کے سبب سے ایسی ہر ناقہ کی کمبختی لگتی ہے جو ایام بہار میں بیائے اور جسپر بسبب نفاست کے سواری اور باربرداری نہ کیجاوے اور جو ایسی ایالدار ہو کہ بسبب

فربہی کے اس کو ہان اٹھا ہوا اور بلند ہو یعنے وہ ایسی قیمتی شتر مادہ مہمانوں کے لیئے ذبح کرتا ہے۔

اِنَّ العقائلَ لا یدعو المسیرَھا	ولا یشحُّ علیھا حین یقتسمُ

العقیلۃ کریمۃ الابل و اُدخلتِ اللام علی المضاف للاضافۃ اللفظیۃ و لیت شعری ما ضرورۃ ادخال اللام علی مسیرھا فان الوزن مستقیم بدون اللام ترجمہ وہ شخص عمدہ شتر اُن کے چرانے والے کو چراگاہ کی طرف نہیں لیجانے دیتا بلکہ مہمانوں کے لیئے گھر بندھے رکھتا ہے اور جب عمدہ شتر لوگوں کو دیتا ہی تو اُنہیں کچھ بخل نہیں کرتا۔

تری الجفان من الشیزی مکللۃً	قدام قبۃ انھا للتشریف والکرمُ

الجفنۃ القدحُ العظیم۔ والشیزی خشب اسود یتخذ منہ الجفان ترجمہ تو اُس کے کٹھرے چوب شیزی پر (جو مثل آبنوس سیاہ ہوتی ہے) گوشت کے بڑے بڑے بُچّے مثل تاج کے رکھے ہوئے دیکھتا ہی جن کو تواضع و تعظیم یعنے آؤ بھگت مہمانوں نے زینت دے رکھی ہے یعنی وہ کھلاتا ہے اور تعظیم کرتا ہے۔

ینوبھا الناسُ فواجاً اذا نھلوا	علوا کما علَّ بعد النھلۃ النعمُ

النہل الشرب الاول والعلّ الشرب الثانی والنعم الابلُ او الدوابُّ ترجمہ اُن کٹھرونکے پاس کھانا کھانیکو لوگ باری باری آتے ہیں جبکہ اول دفعہ کھاجاتے ہیں تو دوسری بار آتے ہیں جیسے کہ چوپائے اول بار پانی پینے کے بعد دوسری بار پیتے ہیں۔

ببین رندۃ فی طخیاء داجیۃٍ	حیث التقی من عالی بیتھا الھضمُ

البین الوسط و رُندۃ بضم المہملۃ وسکون النون فالمہملۃ حصنٌ بالاندلس و الطخیاء بالمہملۃ فالمعجمۃ والتحتانیۃ اللیلۃ المظلمۃ والداجیۃ تاکید۔ والضمیر المجرور لرندۃ و الھضم بطن الوادی ترجمہ لوگ باری باری آتے ہیں درمیان قلعہ رندہ کے شب تاریک میں جہاں اُس قلعہ کے اونچے گھروں سے نالے آملے ہیں۔

زارت رُوَیقۃ شُعثاً بعد ما ھجعوا	لدی نواحلَ فی ارساغھا الخذمُ

رویقۃ علم المحبوبۃ والشعث جمع اشعث وھو مغبّر الراس والناحلۃ الناقۃ التی ہزلت من شدۃ المرض او السفر۔ والرسغ ما فوق الخفِ والخذم بالذال المعجمۃ جمع خذمۃ محرکۃ وھو السیر المحکم الغلیظ یشد فی رسغ البعیر ثم یشد الیہ النعل من الجلد الغلیظ و یفعل ذلک اذا رقّ خف البعیر فی السفر ترجمہ رویقہ محبوبہ کے خیال نے مردمان غبار آلودہ سر کی زیارت کی یعنی اُس کا خیال آیا بعد اس کے کہ وہ لوگ لاغر اونٹنیوں کے پاس جنکی کلائیوں پر تسمے بندھے ہوئے تھے سو رہے تھے۔ دستور ہے کہ جب پائے شتر بسبب سفر فرسودہ ہو جاتے ہیں تو اُن کی کلائیوں پر تسمے باندھکر اُن کے ذریعہ سے موٹے چمڑے کے موزے اُن کو پہنا دیتے ہیں

وقمتُ للزورِ مرتاعاً فارّقنی	فقلتُ اھیَ سرت ام عادنی حلمُ

الزور الزیارۃ۔ والارتیاع الفزع والحلم الرؤیا ترجمہ اور میں اس کے خیال سے ڈرتا ہوا ملنے کھڑا ہوا سو میرے

خوف نے مجکو جگا دیا اب میں نے اپنے دلمیں کہا کیا رویقہ آپ آگئی یا اُس کا خواب مجکو آگیا ۔

وکان عہدی بہا والمشی یہظہا	من القریب ومنہا النوم والسأم

الواؤ للحال من سرب وعہد بہ لقیہ وبہظہ بالموحدۃ فالہاء فالمعجمۃ غلبہ والسام الملال ترجمہ اور کیونکر وہ رات کو میرے پاس آئی حالانکہ جب میری ملاقات اُس سے ہوئی تھی تو اُسپر چلنا قریب سے بھی بھاری اور دشوار تھا بسبب نزاکت وفربہی کے اور ایسی حالت میں خواب اور کھڑے ہونے سے ملال پیدا ہوتا ہے تو پھر کسطرح اُس نے اس قدر مسافت طے کی ۔

وبالتکالیف تاتی بیت جارتہا	تمشی الہوینا وما تبدو لہا قدم

الہوینا تصغیر الہوی لغت للمشیۃ والہونی تانیث الاہون ترجمہ اُس کی نزاکت کا یہ حال تھا کہ اپنے ہمسایہ کے گھر تلک بڑی مشقتوں سے آتی اور ایسی آہستہ چلتی کہ اُن کا نشانِ قدم یا آوازِ پا ظاہر ہوتی تھی ۔

سودٌ ذوائبہا بیضٌ ترائبہا	درمٌ مرافقہا فی خلقہا عمم

الترائب ما فوق الصدر والجمع باعتبار الاجزاء ۔ والادرم الغلیظ السمین والعمم الطول ترجمہ اس کے سر کے بالوں کی پٹیاں سیاہ ہیں اور چھاتی اُس کی گوری ہے اور پہونچے اور کہنیاں گداز ہیں اور اُسکی سرشت اور جسم میں گونہ درازی ہے

رویق انی وما حج الحجیج لہ	وما اہل بجنبی نخلۃ الحرم
لم ینسنی ذکرکم مذ لم الاقکم	عیش سلوت بہ عنکم ولا قدم
ولم تشارک عندی بعد غانیۃ	لا والذی اصبحت عندی لہ نعم

رویق تصغیر ترخیم رویقۃ ۔ والاہلال رفع الصوت بالتلبیۃ ونخلۃ موضع بقرب طیبۃ ۔ والحرم المحرمون والقدم طول العہد والغانیۃ الجمیلۃ ترجمہ اے رویقہ قسم ہے اُس ذات پاک کی جس کی عبادت کے لئے حاجی لوگ حج کرتے ہیں اور قسم ہے بمقام نخلہ محرموں کے لبیک کہنے کی) کہ تمہاری یاد کو جب سے کہ میں تم سے نہیں ملا کسی عیش و عشرت نے اور نہ ملاقات کے پُرانے ہوجانے نے مجھکو ایسا نہیں بھلایا کہ اُس کے سبب میں تم سے بے پرواہ ہوگیا ہوں اور میرے نزدیک (یعنے میرے دلمیں) اب تلک کوئی محبوبہ جمیلہ محبت میں تیری شریک نہیں ہوئی قسم ہے اُس خدا کی جس کی مجھپر ہزاروں نعمتیں ہیں ۔

متی امر علی الشقراء معتسفًا	خل النقا بمروح لحمہا زیم

متے للاستبعاد والاستعجال لما یتمناہ من العود الیٰ ہذہ الاماکن المذکورۃ ۔ والشقراء قریۃ او اسم فرسہ وعلی ہذا تکون الشقراء والمروح فرسًا واحدۃً والاعتساف العدول عن الطریق والضلال والخل بالمعجمۃ الطریق فی الرمل منصوبٌ بنزع الخافض ۔ والنقا قطعۃ الرمل والمروح الفرس الذی یمرح فی سیرہ والباء متعلقۃ بامر حال والزیم اللحم المتفرق علی البدن الکثرۃ ترجمہ دیکھئے میں کب گزروں شقر پر سوار ہوکر یا بمقام شقرا ریتی

کی راہ سے بہک کر ایسے گھوڑے کے ذریعہ سے جو آپ کو بنا کر چلنے اور جس کا گوشت بسبب تیاری کے تمام بدن پر پھیلا ہو۔

من الثنایا التی لم اقلہا ثرم	والوشم قد خرجت منہ وقابلہا

والوشم بلد منصوب علی انہ عطف علی محل الشفر او ثرم جبل بالیمامۃ والمستکن فی خرجت للمروح والثنیۃ العقبۃ جمع علی الثنایا وقلاہ البغضۃ ترجمہ اور دیکھئے کب گزروں مقام وشم پر جبکہ وہ گھوڑا بنا کر چلنے والا اس مقام سے نکلگیا ہو اور ان گھاٹیوں میں سے جن کو میں برا نہیں جانتا کوہ ثرم سامنے آجاوے۔

وحیث تبنی من الحناءۃ الاطم	یالیت شعری عن جنبی مکسحۃ

یا حرف الندا والمنادیٰ محذوف وشعری اسم لیت وخبرہ مضمر لا لظہر ومفعول شعری قولہ لبعد البیت ہل زالت مخارمہا۔ والمکسحۃ موضع والحناءۃ رمل والاطم الحصن وکل بناء مرتفع ترجمہ اے قوم کاش مجکو علم حاصل ہو ہر دو طرف مقام مکسحہ کا اور اس مکان کا جہاں حناءۃ کی ریتی سے قلعے اور اونچے مقام بنائے جاتے ہیں۔

وہل تغیر من آرامہا ارم	عن الاشاءۃ ہل زالت مخارمہا

یحتمل ان یکون بدلا عن مکسحۃ باعادۃ الجار وان یکون العاطف محذوفا والاشاءۃ موضع والمخارم فی الفارسیۃ وہانہائے راہ کوہ۔ والارام جمع ارم وہو علم الطریق ترجمہ کاش مجکو خبر ہو حال مقام اشاءۃ کی کہ کیا اسکی ہٹیاں اور پگ ڈنڈیاں محو ہوگئیں یا باقی ہیں اور کیا اس کے راستوں کے نشانوں میں سے کوئی نشان جاتا رہا۔

جبارہا بالندی والحمل محتزم	وجنۃ ما یذم الدہر حاضرہا

الجبار من النخل ما فات الید طولا والندی الرطوبۃ او الخیر والحمل الثمر والمتحزم من حتزم الفرس اذا شد حزامہ ترجمہ اور کاش اس باغ کے حال سے خبر ہو جسکے رہنے والے زمانہ کی مذمت کبھی نہیں کرتے یعنی وہ لوگ زمانہ سے خوش رہتے ہیں کہ اس نے رہنے کے لیئے ایسا عمدہ مقام دیا اس کا خرما کا بلند درخت تر و تازگی و خیر اور بار ثمر کے ساتھ کمر بستہ د نیا رہے۔

لم یغذہن شقاعیش ولا یتم	فیہا عقایل امثال الدمی خرد

العقیلۃ الکریمۃ من النساء وغیرہا والدمیۃ الصورۃ المصنوعۃ من الرخام او مطلقا والخرد کعنق جمع خریدۃ وہی البکر من النساء والشقا الشدۃ ترجمہ اس باغ میں عمدہ عمدہ عورتیں خوبصورت بتوں کی مانند باکرہ موجود ہیں جنکو سختی عیش اور بے پدری نے غذا نہیں دی بلکہ ہمیشہ خوشحال رہی ہیں۔

جار غریب ولا یوذی لہم حشم	ینتابہن کرام ما یذمہم

ترجمہ ان عورتوں کے پاس ان کی قوم کے عمدہ لوگ باری باری آتے ہیں جو مہمان نواز ہیں اور اسلیئے کوئی مسافر ان کی برائی بیان نہیں کرتا اور ان کے خادم ستائے نہیں جاتے یعنی ان کو کوئی ستا نہیں سکتا۔

مُحَنَّمُونَ ثِقَالٌ فی مجالِسِہم — وفی الرِّحالِ اِذا صاحَبتَہُم خَدَمُ

قوم محذمون اذا کان لہم خدام کثیرۃ واراد بالثقل الوقار والحلم ترجمہ وہ لوگ کثیر الخدام ہیں اور اپنی مجالس میں حلم ووقار سے رہتے ہیں اور جب کہ تو اُن کے پاس اُن کی فرودگاہوں میں جاوے تو ایسی تعظیم کریں کہ گویا وہ تیرے خادم ہیں۔

بل لیت شعری متیٰ اغدو وتعارضنی — جرداءُ ساحبۃٌ او سابحٌ قُدُمُ

بل للاضراب والترقی۔ وغدا الرجل اذا سار غدوۃ وجرداء قصیرۃ الشعر وہو فی الخیل محمود۔ والسابح اللین السیر کانہا تسبح فی جریہا والقدم السابق ترجمہ بلکہ کاش مجھکو اس امر کی اطلاع ہو کہ میں کب صبح کو ایسے حال میں چلونگا کہ مجھ سے لگام کی کھینچا تانی کریگی گھوڑی چھوٹے بالوں والی نرم رفتار یا گھوڑا نرم وتیز رفتار کھینچا تانی لگام کی یہ کہ گھوڑا تیز رفتاری کے لیئے منہ زوری کرے۔ اور سوار اُس کو روکے۔

نحو الامیلح او سمنان مُبتکراً — بِفِتیۃٍ فیہم المرّارُ والحکمُ

الامیلح ماء لبنی ربیعۃ وسمنان بالفتح دیارہم والمرار اخوالشاعر والحکم ابن عمہ ترجمہ کب چلوں گا طرف آب امیلح و دیار سمنان کے علے الصباح ایسے جوانوں کیساتھ جسمیں میرا بھائی مرار اور میرا چچیرا بھائی حکم ہوگا۔

لیست علیہم اذا یغدون اردیۃ — الا جیادُ قسیِّ النَّبعِ واللُّجُمُ

یصفہم بکمال الفروسیۃ ترجمہ جب کہ وہ لوگ شکار کے لیئے صبح کو سوار ہوں تو ان کے بدنوں پر سوائے عمدہ کمانوں درخت نبع اور لگاموں کے نہیں ہوتیں۔ عرب کی عادت تھی کہ بوقت سواری شایستہ گھوڑے کا لگام اور چادریں اُتار کر کمر سے باندہ لیتے یا بطور بدّھی کے پہن لیتے۔

من غیر عُدمٍ ولکن من تبذّلہم — للصید حین یصیح القانص اللحمُ

ترجمہ یہ اُن کا چادروں کا نہ پہننا افلاس کے سبب سے نہیں ہے مگر اُن کی سادگی اور آمادگی سے شکار کے لیئے جبکہ غل مچاتا ہے شکاری شائق گوشتخواری کہ یہ شکار آیا یعنی ایسی سرعت کے وقت کبھی حفاظت لباس مانع چستی و چالاکی کی ہوتی ہے اس لئے وہ لوگ بوقت قصد شکار لباس نہیں پہنتے۔

فیفزعون الی جُردٍ مسوّمۃٍ — افنیٰ دوابرہنّ الرکض والاکمُ

یفزعون ای یلتجئون والدوابر جمع دابر وہو موخر الحافر ویکون صلباً ترجمہ سو ایسے وقت میں وہ لوگ گھبرا کر طرف ایسے کوتاہ مولشا ممند گھوڑوں کے جاتے ہیں جن کے سموں کے پچھلے حصوں کو سواروں کے ہنکانے اور ریتوں کے ٹیلوں نے گھسا کر فنا کر دیئے ہیں۔ عمدہ گھوڑوں پر نشان عمدگی کر دیا جاتا ہے اُن کو مسوّمہ کہتے ہیں۔

یرضخن صُمّ الحصا فی کلّ ہاجرۃٍ — کما تطایح عن مرضاخہ العجمُ

الرضخ بالمہملۃ فالمعجمتین الرمی۔ والتطایح التطایر۔ والمرضاخ الحجر الذی یکسر علیہ النوی والعجم النواۃ ترجمہ وہ

گھوڑے سخت پتھروں کو ہر دوپہر میں اپنی رفتار سے اس طرح پھینکتے ہیں جیسے کہ کہنی اس پتھر پر سے جبیر اُس کو توڑتے ہیں اوڑجاتی ہیں بسبب صدمہ ضرب کے۔ وہ پہر کو چلنا نشان محنت کشی ہے۔

طَلاَّعُ انجِدَاۃٍ فِی کَشحِہٖ ھَضَمُ	یَغدُ وا اَمامَہم فِی کُلِّ مَرْبَأۃٍ

یغدو بالمعجمۃ او بالمہملۃ من عدا الرجل ذا سعی۔ والمربأۃ اسم ظرف من ربأ بہم مہموزاً اذا صار ربیئۃ ای طلیعۃ لہم والانجد جمع نجد کفرخ وافرخۃ ویکنی بطلوع النجد عن علو الہمۃ والہضم دقۃ الکشح ویکنی بہ عن انہ لیس بطین او عن اطعام الاضیاف حیث یُطعِمُ ولا یَطعَمُ ترجمہ ہر جگہ پر جہاں دیدبان واسطے حفاظت اور خبر رکہنے دشمن کے بیٹھتا ہے اُن کے آگے ایسا شخص دوڑتا ہے جو عالی ہمت ہو اور مہمانوں کو کہلاتا ہے اور خود نہیں کھاتا اس لیئے باریک کمر اور جسم کا چھریرہ ہے۔

وقال عمرو بن ضبیعۃ الرقاشی

فتسمحہا بعد التجلد والصبر	تضیق جفون العین عن عبراتہا

ترجمہ میری آنکھوں کی پلکیں بسبب کثرت آنسوؤں کے اُس کے اشکوں سے تنگ ہوجاتی ہیں اور اُن کو اُٹھا نہیں سکتی سو ناچار بعد اظہار اپنی بہادری اور صبر کے اُن کو گرادیتی ہیں۔

حزازۃ حرّ فی الجوانح والصدر	وغصّۃ صدر اظہرتہا فرفّہت

المستکن فی اظہرتہا للغصۃ والمنصوب للعبرات والجملۃ جواب رب والترفیہ التسکین والمستکن للعبرات والحزازۃ وجع القلب والایلام والجوانح الضلوع ترجمہ اور بہت سی گرفتگی سینہ کی ہیں کہ اُس گرفتگی نے اُن اشکوں کو ظاہر کیا سو اُن اشکوں نے حرارت کی تیزی کو جو پہلوؤں اور سینہ میں تھی تسکین دیدی گرفتگی سینہ سے مراد دل کا روکاؤ ہے۔

یُلام الفتی فیما استطاع من الامر	اَلا لیقل من شاء ما شاء انما

ترجمہ سو جس کا جی چاہے جو چاہے میرے عشق کے معاملہ میں کہے مرد ملامت نہیں کیا جاتا مگر اُس امر میں جو اس کے مقدور میں ہو اور مجکو ترک عشق پر قدرت ہی نہیں پس ملامت بیجا ہے۔

علیہ فقد تجری الامور علی قدر	قضی اللہ حبّ المالکیۃ فاصطبر

ترجمہ خداوند تعالی نے میرے حق میں اُس محبوبہ کے عشق کا جو بنی مالک سے ہے حکم کردیا اب تو اس پر صبر کر کیونکہ امور تقدیر کے موافق ظاہر ہوتے ہیں۔

وقالت وجیہۃ بنت اوس الضبیۃ

علی الشوق لم تمح الصبابۃ من قلبی	وعاذلۃ تغدو علیّ تلومنی

ترجمہ اور بہت سی ملامت گر عورتیں مجھپر درباب اشتیاق اپنے کنبے کی ملامت کرتی ہوئی مجھپر چڑھی آتی ہیں سو وہ اس ملامت سے میری قوم کا عشق میرے سینہ سے محو نہیں کر سکتیں۔

وابغضت طرفاء القصیبۃ من ذنب	فما لی ان احببت ارض عشیرتی

ما نافیۃ اسمہا من ذنب۔ والطرفاء شجر معروف والقصیبۃ کجہینۃ موضع بالیمامۃ ترجمہ سو میرا کیا گناہ ہے اگر میں اپنی قوم کی سرزمین کو دوست رکھوں اور مقام قصیبہ کے جھاؤ کے درختوں کو ناپسند کروں۔

حفی لنا جئت الجنوب علی النقب	فلو ان ریحا بلغت وحی مرسل

الوحی الرسالۃ والکتاب والحفی العطوف والملح والنقب الطریقۃ بین جبلین ترجمہ سو اگر کوئی ہوا ہمارے کسی مہربان پیام بھیجنے والے کا پیام پہونچاوے تو میں باد جنوبی کے پاس جو میری قوم کے سمت دو پہاڑوں کی گھاٹیوں میں ہو کر جاتی ہے جا کھڑی ہوں۔

واذ تخلطیہا طال سعدک بالترب	فقلت لہا ادی الیہم رسالتی

عطف علی جئت والخلط بالتراب کنایۃ عن الاضاعۃ وطال سعدک دعاء للریح ترجمہ اور میں باد جنوبی سے کہوں کہ میرا پیام میری قوم تلک پہونچاوے اور اس کو مٹی میں ملا یعنے ضائع نکر لے ہوا تیری سعادتمندی بنی رہے

ہل ازداد صداح النمیرۃ من قرب	فانی اذا ہبت شمالا سألتہا

نصب شمالا علی انہ یرفع الابہام من المستکن فی ہبت والصدح الصوت یقال صدح الدیک والغراب والنمیرۃ کجہینۃ جبل او ہضبۃ ترجمہ کیونکہ میں بیشک جب ہوا شمال کی جانب سے چلے گی یعنی میری قوم کی جانب سے آویگی تو میں اس سے پوچھوں گی کہ مقام نمیرہ کی بلند آواز کرنے والے یعنے کوچ کے لئے ندا کرنے والے مجھ سے کچھ پاس آ گئے ہیں یا نہیں۔

وقال مرداس بن ہمام الطائی

وزرتک حتی لامنی کل صاحب	ہویتک حتی کاد یقتلنی الہوی
علیہم ولولا انت لا لان جانبی	وحتی رأوا منی اذا نبک رقۃ

الادانی الاقارب والاتیان بضمیر الجمع لہ وہو فاعل ظاہر مبنی علی انہ بدل من الضمیر کما قالوا فی اسروا النجوی الذین ظلموا ورق علیہ ہان علیہ ولین الجانب کنایۃ عن الانقیاد والذل ترجمہ میں نے تجکو چاہا یہاں تلک کہ قریب تھا کہ محبت مجھکو مار ڈالے اور تجھ سے ملا یہاں تلک کہ اس معاملہ میں ہر دوست نے مجھے ملامت کی اور یہاں تلک کہ تیرے قریب رشتہ داروں نے میری ذلت اور تابعداری اپنی نسبت دیکھی اور اگر تیرا بیچ نہوتا تو میں ان کی تابعداری اختیار نکرتا

منحت الہوی ما لیس بالمتقارب	الا حبذا لوما الحیاء وربما

المخصوص بالمدح محذوف ای التہتک فی الہوی ومنحہ اعطاہ ترجمہ اے محبوبہ عشق کی رسوائی عمدہ چیز ہے

اگر حیا و شرم نہ ہوں اور میں نے بسا اوقات اپنی محبت ایسی شئے پر صرف کی ہے جس کا حصول قریب العقل نہیں ہے یعنے محبوبہ پر جس کا وصل مشکل ہے۔

باَهْلِی ظباءٌ من ربیعۃ عامرٍ	عِذابُ الثنایا مُشرفاتُ الحقائبِ

الثنایا الاسنان الاربعۃ فی مقدم الفم یعنے الرباعیۃ وعذوبتہن عذوبۃ ریقہن والحقائب جمع حقیبۃ وہو مایشد خلف الرجل من وعاء الثیاب ونحوہا ویکنی بہ عن الردف ترجمہ میرے کنبے کے لوگ اُن آہوؤں پر قربان جو قبیلۂ بنی عامر سے شیریں دنداں اور بلند سرین ہیں۔ آہوؤں سے مراد عورتیں مثل آہو ہیں۔

وقال بعض بنی اسد

تَبعتُ الہویٰ یا طیبُ حتیٰ کانّنی	من اَجلِک مضروس الجریر قوُودُ

الضرس العض والجریر حبل البعیر ومعنی ضرسہ ان یلوی علیہ سیرا و وترم یشق انف البعیر ویوضع فیہ لئلا یعصے والقود دقعول بمعنی المفعول وطیب مرخم طیبۃ علم المحبوبۃ ترجمہ اے طیبہ میں تیرے عشق کا تابع ہو گیا جہاں لیجاتا ہے ساتھ جاتا ہوں اب میں تیری محبت کے سبب گویا ناک چھدا ہوا شتر ہوں جو آگے سے کھینچا جاتا ہو اور سرتابی نہیں کر سکتا

تعجرّفُ دہراً ثم طاوع اَہلہٗ	فصرّفہ الرُّوّادُ حیثُ تُرِیدُ

تعجرف الجمل اذا صعب ورجع والمستکن فیہ للمضروس والرواد جمع رائد وہو من یتقدم القوم لطلب الماء والکلاء۔ والضمیر فی تریدلہ وہو بمعنی الماضی وتانیثہ لجمعیۃ الرواد ترجمہ اُس ناک چھدے شتر نے ایک عرصہ تک سرکشی کی ہو پھر اپنے مالکوں کا مطیع ہو گیا ہو پس اُس کو قافلہ سے آگے جانے والوں نے جدہر چاہا موڑ دیا سو ایسا ہی حال میرا ہے

وانّ ذیادالحبِّ عنکِ وقد بدتْ	لعینیَّ آیاتُ الہوی لَشدیدُ

الذیاد المنع ترجمہ اور بیشک مجکو اپنا عشق تم سے روکنا البتہ بہت سخت ہے حالانکہ میری آنکہہ کیسامنے علاماتِ عشق ظاہر ہو گئی ہیں پس ایسی صورت میں کیونکر رُک سکتا ہوں۔

وما کُلّ مافی النفس منکِ مُظہرٌ	ولا کلُّ مالا نستطیع نَذودُ

ترجمہ اور جسقدر عشق تیرا میرے دل میں ہی وہ سب ظاہر نہیں کیا جا سکتا ہے اور نہ وہ تمام باتیں جن کے چھپانے پر مجھکو قدرت نہیں ہے ظاہر ہونے سے روکتا ہوں۔

وانی لارجو الوصل منکِ کما رجا	صدی الجوف مُرتادٌ کُدَاہ صلودُ

الصدی بکسر الدال العطشان والمرتاد من یطلب الماء رحال والکدی جمع کدیۃ وہو الحجر الذی یعرض فی البیر دون الماء۔ والصلود الصلب ترجمہ اور میں بیشک تجہ سے وصل کی ایسی امید رکھتا ہوں جیسا پانی کی امید پیاسا پانی کا طالب کرے اور اُس کو کنوئے کھودتے وقت پانی سے ورے سخت پتھر کی سل آجاوے جس کو وہ

بعض بنی اسد

نہ توڑ سکے اور نہ اُس میں شگاف دیسکے - اسی طرح کی امید دور از کار میری ہے

قذی العین لم یُطلِبْ وذاک زهیدُ	وکیف طِلابی وصلَ من لو سالتُہ

القذی ما یقع فی العین واطلبہ اعطاہ ما طلبہ والزہید القلیل ترجمہ اور میرا طالب ہونا اُس شخص سے کیونکر درست ہوسکتا ہے جس سے اگر میں یہ کہوں کہ میری آنکھ کا کنک نکالدے یا میری آنکھ میں کنک ڈالدے تو اسقدر بھی میرا کہنا نہ کرے حالانکہ بہت چھوٹی بات ہے پس بڑی درخواست کب وہ پوری کریگا -

اراک صحیحًا والفوادُ جلیدُ	ومن لو رای نفسی تسیلُ لقال لی

عطف علی الموصول الاول وسالت لفسہ اذا قرب ان یموت والجلید القوی ترجمہ اور کیونکر درست ہوسکتا ہے میرا طالب وصال ہونا اُس شخص سے کہ اگر وہ میری جان نکلتی دیکھے تو بیشک یہ کہے کہ میں تجھکو تندرست دیکھتا ہوں اور تیرا دل قوی ہے یعنی وہ بڑی بدگمان ہے -

بکرمَین کرملی فِضّۃٍ وفریدُ	فیا ایُّھا الریمُ المحلّی لبانُہٗ
وعضور الاقیال ین تُریدُ	اَجِدّی لا امشی بِرُمّان خالیًا

الریم ولد الغزال وہ استعیر للمحبوبۃ واللبان الصدر - والکرم بالفتح القلادۃ - والفرید الدر الیتیم والاصل فیہ الجر عطفًا علی فضۃ ولکن رفع ضرورۃ ولک ان ترفع بالابتداء والخبر محذوف کانہ قال وفرید فیہما کذا فی التبریزی - وجدی منصوب علی المصدریۃ والعامل محذوف والہمزۃ للانکار ورمان جبل لطئ وعضور کجعفر ماء لہم وخالیًا حال معناہ منفردًا ترجمہ سوائے آہو بچہ کی مانند محبوبہ جس کے سینہ پر چاندی اور دریکدانہ کے دو ہار پڑے ہوئے ہیں کیا میں خود اپنے اختیار سے کوشش کرتا ہوں کہ بمقام رُمان وعضور تنہا صبح سے شام تک نہ چلوں پھروں مگر ایسے حال میں کہ مجھہ سے کہا جاوے یعنی لوگ پوچھیں کہ لے سرگشتہ وحیران تو کہاں جاتا ہے اور ایسے ہو گئے مقام میں تنہا کیوں پھرتا ہی خلاصہ یہ ہے کہ اس عالم حیرانی وپریشانی میں مجھکو تو نے ڈال رکھا ہی میں محض بے اختیار ہوں

وقال رجل من بنی الحارث

والا فقد عشنا بہا زمنًا رغدا	مُنًی ان تکن حقًا تکن احسن المُنٰی

المنٰی جمع منیۃ وہو ما تمناہ الانسان فی نفسہ والرغد بالفتح والتحریک الطیب الحسن ترجمہ میرے دل میں بہت سی آرزوئیں ہیں اگر وہ درست اور قابل پوری ہونے کے ہیں تو وہ آرزوئیں سب آرزوؤں سے عمدہ ہیں اور اگر وہ دور از حصول ہیں تو کچھ مضائقہ نہیں کیونکہ اُن کے تصورات اور شغل میں ایک زمانہ عمدہ اور دراز تلک ہماری زندگی بسر ہو گئی یہ بھی فائدہ سے خالی نہیں ہے کیا خوب کہا ہے - ۵

دل ہرا صرف تمنا ہی سہی — شغل تو ہے چلو بیجا ہی سہی

سقتك بها سعدى على ظماءٍ بردا	اماني من سعدى رواءٌ كانها

الرواء جمع ريّا وريان من روی کرضی ریا والظماء العطش والبرد الماء البارد ترجمہ وہ آرزوئیں سعدی سے علاقہ رکھتی ہیں اور جب اُن کا تصور دلمیں آوے تو ایسی سیری اور تازگی بخشیں کہ گویا سعدی نے اُن آرزؤں کے سبب جو تیرے دل میں ہیں پیاس شدید میں تجھکو ٹھنڈا پانی پلادیا ہے۔

وقال آخر

ومن خبرہ ہذہ الابیات ان امراۃ سوداء کلف بہا عوام بن عقبۃ المزنی ثم خرج الی مصر فبلغہ انہا مریضۃ فرجع نحوہا منشدا۔

فاقبلت من مصرٍ الیہا اعودُھا	وخُبّرتُ سوداءُ القلوبِ مریضۃً

الصواب سوداء الغمیم کزبیر واد فی بلاد تمیم مسکن المحبوبۃ ترجمہ مجکو خبر دی گئی کہ مقام غمیم کی سبزہ رنگ معشوقہ بیمار ہے سو میں مصر سے بقصد عیادت اُس کی طرف متوجہ ہوا قال التبریزی یجوز انیکون سمہا سوداء واضافہا الی القلب کما قال ابن الدمینۃ ٥ فقی یا امیم القلب نقضی تحیۃ ؞ ونشکو الہوی ثم افعلی ما بدا لک ؞ او انہا تحل من القلوب محل السویداء معہا کان القلوب علی اختلافہا تمیل الیہا اس صورت میں ترجمہ یہ ہوگا کہ مجکو خبر دی گئی کہ مسماۃ سوداء محبوب القلوب بیمار ہے۔

الابرءُھا من دائہا ام ازیدھا	فواللہ ما ادری اذا انا جئتہا

ترجمہ سو بخدا مجھکو معلوم نہیں کہ جب میں اُسکے پاس آؤنگا تو کیا میں اُس کو اُس کے مرض سے شفا دوں گا یا اُس کا مرض زیادہ کردوں گا یعنی مجھکو معلوم نہیں کہ وہ میری عیادت سے خوش ہوگی اور تندرست ہوجاویگی یا ناراض ہوگی اور زیادہ بیمار ہوجاویگی۔

وقال آخر

نہلا ودونہ ھوۃ یخشی بہا التلفا	انی وایاک کالصادی رایٰ

الصادی العطشان۔ والنہل ما ینہل بہ من الماء والہوۃ الحفرۃ العمیقۃ ترجمہ میرا اور تیرا حال اے محبوبہ اُس تشنہ کا سا ہے جس نے بقدر ایک پیاس کے پانی دیکھا اور اُس سے ورے ایک گہرا گڑھا ہے جس کے سبب وہ تشنہ اپنی ہلاکت کا خوف رکھتا ہے اور اسلیئے پانی تلک نہیں پہونچ سکتا ہے۔

ولیس یملک دون الماء منصرفا	رایٰ بعینیہ ماءً عزّ موردہ

ترجمہ اُس تشنہ نے اپنی دونوں آنکھوں سے ایسا پانی دیکھا جس کے گھاٹ تلک پہونچنا دشوار ہے اور پانی سے ورے یعنے بے پیئے وہاں سے لوٹ بھی نہیں سکتا۔ اب وہ نہ آگے جاسکتا ہے اور نہ واپس آسکتا ہے یہی حال میرا اور تیرا ہے۔

وقال آخر

نقول اذا ھیجاء سارلوائھا	الا بابینا جعفر وبامنا

ترجمہ سن جبکہ لڑائی کا جھنڈا لڑائی کے میدان میں جاتا ہے تو ہم کہتے ہیں کہ جعفر پر ہمارے باپ اور ماں قربان ہوں یعنی اُس کی سلامتی کی دعا مانگتے ہیں۔

علی نفسہ ان لا یطول بقاءھا	ولا فیھا عیب فیہ غیر ما خوف قومہ

ما زائدۃ وضمیر المونث للنفس ترجمہ اور اس جعفر میں کوئی عیب نہیں سوائے اس کے کہ اُسکی قوم اس کی جان کا یہ خوف رکھتی ہے کہ کہیں اس کی عمر کم نہو یعنی اس کے مرنے کا اُس کی قوم کو ڈر ہی کیونکہ وہ اُن کا پیارا سردار ہے

وقال آخر

رأی نھلاً ریّا ولیس بناھل	وانی علی ھجران بیتک کالذی

الری مصدر وصف بہ النھل وھو الماء الذی ینھل بہ او بدل من نھلاً والمراد بہ ما یروی والناھل العطشان والریان ضد وارادبہ الثانی ترجمہ اور میں بیشک تیرے گھر کے چھوڑنے سے اُس شخص کی مانند ہوں جس نے بقدر ایک پیاس سیرابی بخش پانی دیکھا اور وہ سیراب نہوا ہو۔ بلکہ پیاسا رہا ہو۔

برود الضحی فینانۃ بالاصائل	یری برد ماءٍ ذید عنہ وروضۃً

برد ماء من اضافۃ الصفۃ الی الموصوف وذید عنہ مجہول من ذادہ اذا منعہ واراد بالضحی الظل الذی یکون فی الضحی فانہ یقال برود الظل الفینانۃ کثیرۃ الاغصان واراد بہ ممدود الظل وکثیفہ والاصیل العشی ترجمہ وہ آب سرد دیکھ رہا ہے جس سے روکا گیا اور ایک باغ دیکھ رہا ہے جس کے درختوں کا سایہ ٹھنڈا اور دراز ہے اور آخر روز میں سایہ کا گھرا ہے ایسا ہی حال میرا ہے۔

وقال آخر

رقارق لا زرق العیون ولا رمد	مررن علی اھل الغضا ان بالغضا

الغضا واد بنجد والرقارق جمع رقراقۃ وھی الجمیلۃ التی کان الماء یجری فی وجھھا ترجمہ اے میرے دو دوستو مقام وادی غضا پر گزر کرو کیونکہ وہاں معشوقان نازک اندام بستے ہیں کہ دو آنکھوں کے کانڑے یعنی گربہ چشم اور چوندھے نہیں ہیں بلکہ سیاہ وصاف چشم ہیں۔

وقد کنت غلاب الھوی ماضیا جلد	اکا دغداۃ الجزع ابدی صبابۃ

ترجمہ جب صبح کو وہ معشوق لوگ مقام جزع سے روانہ ہوئے قریب تھا کہ بسبب کثرت جزع وفزع اپنا عشق کا بھید ظاہر کردوں اور اُن سے پہلے تو میں اپنے عشق پر بڑا غالب اور ارادہ کا پورا اور دل کا قوی تھا مگر اس روز یہ سب بہادریاں جاتی رہیں۔

نظرت وابدی العیس قد نکبت رقدا	فللّٰہ دری ای نظرۃ ناظر

نکب النصرف ۔ والرقد جبل ترجمہ سو میری خوبی عمل کا کیا کہنا ہے کہ میں نے کس مشتاقانہ نظر سے محبوبہ کو دیکھا جبکہ سفید شتروں کے اگلے قدم کوہ رقد سے پھرے جو رخصت کا مقام تھا

یقربن ما قدّا امنا من تنوفۃٍ	ویزددن ممن خلفهن بنا بعدا

الضمیر للعیس و التنوفۃ المفازۃ ۔ والباء للتعدیۃ ترجمہ وہ شتر اُس جنگل کو جو ہمارے آگے تھا ہم سے قریب کرتے تھے اور اُن معشوقوں سے جو اُن سے پیچھے تھے ہماری دوری بڑھاتے تھے ۔

وقال ابن ہرم الکلابی

انی علی طول التجنب والھوی	وواشی تاھابی وواش لھا عندی
لاُحسن مرّم الوصل من امّ جعفر	بحذ القوافی والمنوقۃ الجرادِ

الوشی النمیمۃ والرم الاصلاح والخدم جمع خدار بالمہملۃ فالمعجمۃ وہی القصیدۃ السائرۃ التی لا عیب فیہا وارادبالقوافی الاشعار والقصائد والمنوقۃ من نوق الفرس اذا جعلہ کالناقۃ المذللۃ الجرد الخیل قصیرۃ الشعر ترجمہ میں بیشک باوجود طول فراق وقدامت محبت اور اپنے چغلخور کے اُس کے پاس اور اُس کے چغلخور کے اپنے پاس ہونے کی اصلاح وصل ام جعفر خوب کرتا ہوں بذریعہ اشعار و قصائد بے عیب کے جن میں اُس کی تعریف ہوتی ہے وبذریعہ مہذب و مطیع وکم مو گھوڑوں کے کہ اُن پر سوار ہو کر اُس کے دشمنوں سے لڑتا ہوں ۔

واستخبر الاخبار من نحو ارضہا	واسأل عنہا الرکب عہدھم عہدی

ترجمہ اور اُس کے وطن کی طرف کے اخبار پوچھتا رہتا ہوں اور اُس کی خیر و عافیت قافلوں سے دریافت کرتا ہوں اور حال یہ ہے کہ اُن قافلوں کو محبوبہ سے ملے ہوئے اتنی ہی مدت دراز گزری ہے جس قدر مجکو پس وہ کیا چیز بتائیں گے مگر میں حالتِ اضطرار میں پوچھتا رہتا ہوں ۔

فان ذُکرت فاضت من العین عبرۃ	علی الحیتی نثر الجمان من العقدِ

ترجمہ سو اگر محبوبہ کا ذکر اُن سے آجاتا ہے تو میری آنکھوں سے اشک میری ڈاڑھی پر نکل پڑتے ہیں جیسے موتی لڑی کے بکھر جادیں ۔

وقال عمرو بن حکیم

خلیلیّ امسی حب خرقاء عامدی	ففی القلب منہ وقرۃ وصدوع

خرقاء اسم المحبوبۃ وعمدۂ بمنزلہ واوجعہ والوقرۃ الاثر والجرح والصدوع جمع صدع وہو الشق ترجمہ اے میرے دو دوستو خرقاء کا عشق میرا ستایا ہوا ہو گیا سو میرے دل میں عشق سے داغ اور بہت سے زخم پڑ گئے ہیں ۔

ابن ہرم الکلابی

عمرو بن حکیم

ولو جاورتنا العام خرقاء لم نبل ۔۔۔ علٰی جدبہا ان لا یصوب ربیع

لم نبل مخفف لم نبال وصاب الربیع اذا مطر ترجمہ اور اگر اگلی سال خرقاء ہماری ہمسایہ ہو جاوے تو باوجود قحط کے جو ہم پر گزر رہا ہے ہم ربیع کی بارش کی کچھ پروا نہ کریں خود اُس کی ہمسائگی ہزار نعمت سمجھیں ۔

وقال آخر

الِمّا علی الدار التی لو وجدتہا ۔۔۔ بہا اہلہا ما کان وحشا مقیلہا

الالمام النزول والوحش الخالی والمقیل موضع القیلولۃ ترجمہ اے میرے دونوں دوستو اُس حویلی پر ٹھیرو کہ اگر میں اُس کو ایسے حال میں پاتا کہ اُس کے مالک اُسمیں آباد ہیں تو اُس کی خواب گاہ خالی اور ہو کا مقام نہوتی شاعر اُن دوستوں سے کہتا ہے جن کے ساتھ خود بھی ہے اور مقصود اپنا ٹھیرنا ہے ۔

وان لم یکن الا معرّج ساعۃٍ ۔۔۔ قلیلاً فانی نافعٌ لی قلیلہا

المعرج مصدر کالتعریج وہو الاقامۃ وحبس المطیۃ ۔ والمجرور فی قلیلہا الالمام فان المصدر یذکر و یونث ترجمہ اگرچہ قیام تھوڑے لمحہ کا ہو کیونکہ میرا یہ حال ہے کہ وہاں تھوڑا ٹھیرنا بھی مجکو بہت مفید ہے ۔

وقال آخر

ماذا علیک اذا خُبّرتنی دنفًا ۔۔۔ رہن المنیّۃ یومًا ان تعودینا

ماذا علیہ ای لا یضرہ وخبرتنی مجہول ترجمہ جب کہ تجھکو یہ خبر دیجائے کہ میں قریب الموت ہلاکت کے ہاتھ گرو ہوں تو تجھکو کسی روز میری عیادت کرنا اور بیمار پرسی کے لیئے آنا کیا نقصان کرتا ہے یعنی کچھہ نہیں ۔

او تجعلی نطفۃً فی القعب باردۃً ۔۔۔ وتغمسی فاکِ فیہا ثم تسقینا

عطف علی تعودی والنطفۃ الماء القلیل الصافی والقعب القدح علی قدر الری ترجمہ یا تھوڑا سا صاف و سرد پانی پیالہ میں لے اور اُس میں اپنا منہ ڈوبادے اور پھر اُسکو مجھکو پلادے یعنی اسمیں بھی تیرا کچھہ نقصان نہیں ہی

وقال جمیلٌ

بُثینۃُ ما فیہا اذا ما تُبُصِّرَت ۔۔۔ معابٌ ولا فیہا اذا نسبت اَشَبُ

الاشب الخلط فی النسب ونسِبَ الرجل مجہولاً اذا شرح نسبہ ترجمہ جبکہ تأمل کیا جاوے اور دیکھا جاوے تو میری محبوبہ بثینہ میں کوئی عیب کا موقع نہیں ہی اور جبکہ اُس کے نسب کی شرح کیجاوے تو اُسمیں کچھہ دوغلاپن نہیں ہے

لہا النظرۃ الاولی علیہم وبسطۃٌ ۔۔۔ وان کرّتِ الابصار کان لہا العقبُ

البسطۃ الفضیلۃ والعقب فی الاصل جریُ الفرس بعد جری وہہنا استعارۃ ترجمہ وہ اُن کو پہلی دفعہ دیکھتی ہی اور پھر اُنپر نگاہوں کا احسان کرتی ہی اور اگر وہ مکرر دیکھے جاوے تو وہ بھی اس کے بعد دیکھتی ہے حاصل

یہ ہے کہ مغرور نہیں ہے خلیق ہے

اذا ابتذلت لم یُزرِہا ترکُ زینۃٍ ۔۔۔ وفیہا اذا ازدانت لذی لبیقۃ حسبُ

الابتذال لبس ثیاب البذلۃ۔ والازدیانُ التزینُ ۔ واللبیقۃ المبالغۃ فی اجادۃ الفعل ترجمہ وہ جبکہ مستعمل اور میلے کپڑے پہنے تو بناؤ سنگار کا چھوڑنا اُس کو کچھ نقصان نہیں کرتا ہی کیونکہ وہ خود خوبصورت ہے زینت مستعار کی اسکو کچھ حاجت نہیں ہے اور اگر بناؤ سنگار کرے تو تعریف میں مبالغہ کرنیوالوں کو اُس کی خوبی کفایت کرتی ہی یعنی اُن کو اور کام کی فرصت نہوگی ۔

وقال الحارثی

سلبتِ عظامی لحمہا فترکتِہا ۔۔۔ مجرّدۃً تضحی الیکِ وتخصرُ

ضحی کرضی اذا اصابہ الشمس۔ وخصر بالمعجمۃ فالمہملتین اذا برد ترجمہ تونے میرے استخوانوں سے اُن کا گوشت چھین لیا اور اُن کو گوشت سے خالی کردیا ایسے حال ہیں کہ گوشت نہونیسے اُن استخوانوں کو گرمی اور سردی پہونچتی ہی کیونکہ گرمی اور سردی لاغر کو زیادہ ستاتی ہی اور ان دونوں حالوں میں وہ تیری طرف راغب ہے ۔

واخلیتِہا من مخّہا فترکتِہا ۔۔۔ انابیب فی اجوافہا الریح تصفرُ

ترجمہ اور تونے اُن استخوانوں کو اُن کے مغز سے خالی کردیا اور اُن کو خالی نلکیوں کے موافق کردیا کہ اُن کے اندر ہوا گونج رہی ہے ۔

اذا سمعتْ باسم الفراق تقعقعتْ ۔۔۔ مفاصلُہا من ہولِ ما تنتظرُ

التقعقع ان یصوت الشیٔ صوت السلاح وتنظرہ انتظرہ ترجمہ جب وہ استخوان ہجر کا نام سنتی ہیں تو اُن کے جوڑ بند اُس خوف سے جس کا اُن کو انتظار ہوتا ہے آپسمیں کھڑکھڑانے لگتی ہیں۔ یعنی بسبب آفات فراق کے ۔

خذی بیدی ثم ارفعی الثوب فانظری ۔۔۔ بیَ الضُرّ الّا انّنی اتستّرُ

الضُرّ المرض ترجمہ میرا ہاتھ پکڑ یعنے مجھپر رحم کر اور میرے جسم سے کپڑا اُٹھا اور میرا مرض دیکھ کہ کسقدر سخت ہے مگر میں لوگوں سے اُس کو چھپاتا ہوں۔ اُنکی عادت تھی کہ بوقت عیادت مریض کے جسم کو دیکھتے تھے ۔

فما حیلتی ان لم تکن لکِ رحمۃٌ ۔۔۔ علیّ ولا لی عنکِ صبرٌ فاصبرُ

ترجمہ سواب میں کیا تدبیر کرسکتا ہوں اگر تجھکو مجھپر رحم نہ آوے اور نہ مجھکو تجھہ سے صبر و تسلی ہوسکے کہ میں صبر کر بیٹھوں

فواللہِ ما قصّرتُ فیما ظننتُہ ۔۔۔ رضاکِ ولا کنّی محبٌّ مکفّرُ

رضاک مفعولٌ للظنّ۔ والمکفّر اسم مفعول مجحود النعمۃ ترجمہ سو بخدا میں نے اُس کام کرنے میں کوتاہی نہیں کی جس میں تیری خوشنودی سمجھی ہے مگر کیا کیجئے کہ میں ایسا عاشق ہوں جس کا احسان مانا نہیں جاتا ۔

باب الهجاء

وقال موسے بن جابر الحنفی

کانت حنیفۃ لا ابالک مرۃ	عند اللقاء اسنۃ لا تنکل

لا ابا لک خطاب لامرأتہ وہذہ الکلمۃ تستعمل فی الذم والمدح اعتراض والاسنۃ جمع سنان وہو المعروف والرجل الشجاع الماضی فی الامور ونکل انصرف ترجمہ اپنی زوجہ کو خطاب کرکے اپنی قوم بنی حنیفہ کی ہجو کرتا ہے کہ اے میری زوجہ خدا تجھکو اپنے باپ سے بے پرواہ رکھے یا تیرا باپ مر جاوے بنی حنیفہ میری قوم کبھی لڑائی میں تیز مثل اُن نیزوں کے تھی جو منہ نہ موڑیں۔

فرأت حنیفۃ مارأت اشیاعھا	والریح احیانا کذاک تحول

ترجمہ سو اب بنی حنیفہ کی رائے جنگ سے بھاگنے میں ایسی ہوگئی جیسے اُن کے یاروں کی تھی اور ہوا کبھی کبھی اسی طرح پلٹ جایا کرتی ہے۔

وقال قراد بن حنش الصاردی لحد بنی صارد

لقومی ادعی للعلی من عصابۃ	من الناس یا حار بن عمرو تسودھا

دحار مرخم حارث ترجمہ اے حارث بن عمرو بیشک میری قوم بہ نسبت اُن لوگوں کے گروہ کے جن کا تو سردار ہے اچھے کاموں کی زیادہ خواہشمند ہے۔

وانتم سماء یعجب الناس رزھا	بآبدۃ تنحی شدید وئیدھا

اراد بالسماء السحاب والرز بتقدیم المہملہ صوت السحاب والآبدۃ الآفۃ التی یبقی ذکرہا ابدا۔ وتنحی معروف من انحاہ اذا ابعدہ۔ والوئید الصوت الشدید ترجمہ اور تم لوگ ایسے ابر ہو کہ جسکی گرج لوگوں کو تعجب میں ڈالتی ہے اور وہ ایسی بلائے عام شدید الصوت سے ملی ہوئی ہے جس کا ذکر لوگوں میں ہمیشہ رہے گا اور جو بسبب اپنی ہولناکی کے لوگوں کو اپنے سے دور بھگاتی ہے۔

تقطع اطناب البیوت بحاصب	واکذب شیء برقھا ورعودھا

المستکن فی تقطع للسماء والحاصب الریح الشدیدۃ التی ترمی الحصا ترجمہ وہ ابر بد ایسی سخت ہوا کے جو سنگریزوں کو اُڑائے رسیاں خیموں کی کاٹتا ہی مگر برستا نہیں ہے اور سب چیزوں سے جھوٹی زیادہ اسکی

بجلی اور اس کی گرجیں ہیں خلاصہ یہ ہے کہ تم بھی ایسے ہی ابر کی مانند ہو صورتوں میں بہادروں کی مانند اور سیرتوں میں نامردوں کی مثال ہو۔

فویلمّہا خیلاً بہاءً وشارۃً ۔۔۔ اذا لاقت الاعداء لولا صدودُہا

ویل اُمہا دعاء وقد یستعمل فی موضع المدح کما فی قولہ علیہ السلام ویلمِّہ مسعر حربٍ وخیلاً منصوب علی التمییز یرفع ابہام الضمیر۔ والبہاء الحسن فی الشارۃ الجمال منصوبان علی التمییز ترجمہ سو تمہارے سوار ونکی مادریں بلحاظ اُن کے حسن و جمال کے بوقت مقابلہ دشمنان مستحق آفریں ہوتیں اگر وہ دشمنوں سے نہ رکتیں اور نہ بھاگتیں مگر اب تو لایق نفریں ہیں۔

وقال عُملّسُ بن عقیل بن عُلَّفۃَ

الصواب انہا لعلفۃ بن عقیل بن علفۃ وکان عملس اخاہ لامہ۔ ومن حدیث ہذہ الابیات ان عقیل بن علفۃ غضب علی بنیہ لامر فشد علی عملس فعدل عنہ ثم شد علی علفۃ بالسیف وحال عملس بینہما فشد عقیل علی عملس وترک علفۃ فرماہ عملس بسہم فاصاب رکبتہ حتی سقط علی الارض ثم اقسم لا یساکن معہم وخرج الی الشام فکتب علفۃ الیہ حتی رضی عنہ

فمن مُبلغٌ عنّی عقیلاً رسالۃً ۔۔۔ فانّک من حربٍ علیَّ کریم

اراد بحرب آل حرب بن معاویۃ المرّی وکرم علیہ عزّ عندہ ترجمہ کون عقیل کو میرا پیام پہونچاوے کہ تو ہم سے دور مت ہو کیونکہ تو آل حرب بن معاویہ سے میرا پیارا ہے۔

الا یعلم الاقوامُ اذ انت واحدٌ ۔۔۔ واذ کلُّ ذی قربی الیک مُلیمُ

الیک متعلق بقربی والام الرجل اذا اتی بما یلام علیہ ترجمہ کیا سب لوگ نہیں جانتے اُس حال کو کہ تو اکیلا بے مددگار تھا اور اُس حال کو کہ تیرا ہر قریب رشتہ دار تجھسے ایسا معاملہ کرتا تھا جسپر وہ قابل ملامت ہو یعنے تجھ سے ہر رشتہ دار جدا ہوتا تھا اور تیری مدد نہیں کرتا تھا۔

واذ لا یقیک الناسُ شیئاً تخافُہ ۔۔۔ بانفسہم الا الذین تضیمُ

ترجمہ اور کیا لوگ اُس حال کو نہیں جانتے کہ بعض لوگ تجھکو اُس چیز سے جس سے تو ڈرتا ہے یعنے ذلت وخواری سے اپنی ضمانت کرکے نہیں بچاتے تھے مگر وہ اشخاص جنپر تو اب ظلم کرتا ہے یعنی ہم۔

اترقع وہی الابعدین ولم یقم ۔۔۔ لوہیک بین الاقربین ادیمُ

الہمزۃ للانکار والتعجب۔ والرقع الاصلاح۔ والوہی الوہن والضعف وکنی بالادیم الانسان ترجمہ کیا تو بیگانوں کے ضعف کی اصلاح کرتا ہے اور اُن کا کام مضبوط کرتا ہے کیونکہ تو اُن میں رہتا ہے اور حال یہ ہے کہ اس ضعف کی درستی کے لیئے جو تیری دوری سے ہم کو پیش آیا ہے یا اُس ضعف کی درستی کے لیئے جو ہماری دوری سے تجھکو پیش آیا ہے بیگانوں میں کوئی شخص کھڑا نہیں ہوا۔

عملس بن عقیل

فَانَّکَ مَعْطُوْفٌ عَلَیْکَ رَحِیْمٌ	فَاَمَّا اِذَا عَضَّتْ بِکَ الْحَرْبُ عَضَّۃً

ترجمہ سو اگر تجھکو لڑائی ایک دفعہ کاٹے تو تو اس قابل ہوگا کہ تجھپر مہربانی اور رحم کیا جاوے۔

فَاِنَّکَ لِلْقُرْبَی الدُّ خَصِیْمٌ	وَاَمَّا اِذَا اٰنَسْتَ اَمْنًا وَرُخْوَۃً

آنس شیئاً راٰہ من بعید۔ والالد دشدۃ الخصومۃ ترجمہ اور جب کہ تو امن اور صلح کے آثار دیکھے تو تو قریب یگانوں کے حق میں جھگڑالو دشمن ہوجاتا ہے۔

وقال ارطاۃ بن سہیۃ المریّ

سَنَامٌ وَلَا فِیْ ذِرْوَۃِ الْمَجْدِ غَارِبُ	یَقُوْلُوْنَ اَبْنَاءُ الْبَعِیْرِ وَمَا لَہُمْ

الغارب مابین السنام والعنق ترجمہ ہلال بن البعیر محاربی کی ہجو کرتا ہے کہ لوگ اُس کی قوم کو بعیر محاربی کی بیٹی کہتے ہیں اور حال یہ ہے کہ رفعت بزرگی میں نہ اُن کے لیئے کوہان ہے اور نہ دوش یعنی اُن میں بعیر کی کوئی بات نہیں پائی جاتی۔

لَاَہْجُوْہَا لَمَّا ہَجَتْنِیْ مُحَارِبُ	تَمَنَّتْ وَذَاکُمْ مِنْ سَفَاہَۃِ رَاْیِہَا

تانیث الفعل والضمیر علی ارادۃ المحارب القبیلۃ۔ ترجمہ بنی محارب نے جب میری ہجو کی تو اپنی جہالت اور نادانی سے یہ آرزو کی کہ میں بھی اُن کی ہجو کہوں۔ نادانی اس لیئے کہی کہ وہ لوگ کم مرتبہ ہیں میری ہجو کی لیاقت نہیں رکھتے۔

وَنَفْسِیْ عَنْ ذَاکَ الْمَقَامِ لَرَاغِبُ	مَعَاذَ الْاِلٰہِ اَنَّنِیْ بِقَبِیْلَتِیْ

ترجمہ خدا کی پناہ مانگتا ہوں اُن کی ہجو کرنے سے کیونکہ میں مع اپنی قوم کے اُن کی ہجو کے مقام سے رو گرداں ہوں اور یہ اس لیئے کہا کہ عرب میں بنی محارب مثل بنی باہلہ کے کم قدر شمار کیئے جاتے ہیں۔

وقال زُہَیل بن زُبَیر

اِذَا اَثَّرَتْ فِیْ اَخْدَعَیْکَ الْاَنَامِلُ	اِنِّیْ امْرُءٌ اَطْوِیْ لِمَوْلَایَ شِرَّتِیْ

المولے ابن العم وطوی الشر لفہ والشرۃ الشر والاخدعان عرقان فی العنق ترجمہ میں ایسا مرد ہوں کہ جب چچازاد بھائی کی اُنگلیاں تیری ہر دو رگہائے گردن میں بیٹھ جاویں تو اپنے فساد اور جنگجوئی کی عادت کو اُس کی مدد سے روکتا ہوں یعنی اُس کی مدد کو نہیں جاتا تاکہ تیری صورت مکروہ نظر نہ پڑے خلاصہ یہ کہ مجھکو تجھہ سے سخت نفرت ہے اور یہ بھی معنی ہو سکتے ہیں کہ جب مجھہ میں اور میرے ابن عم میں کچھہ شر و فساد ہووے اور میرا ابن عم تجھہ سے لڑتا ہو تو مجھکو اُسوقت تیری مدد کرنی چاہیئے تھی کیونکہ دشمن کا دشمن دوست ہوتا ہے مگر اس سبب سے

کہ مجھ کو تجھ سے سخت نفرت ہے ایسی ذلت میں بھی تیری مدد نہیں کرتا ۔

خُلِقتُ علی خُلقِ الرجالِ باعظمٍ ۔۔۔ خِفافٍ تَطوّیٰ بینھنّ المفاصِلُ

ترجمہ میں مردوں کی عمدہ سرشت پر پیدا کیا گیا ہوں ہلکی استخوانوں کے ساتھ جو گوشت سے خالی ہیں جن کے درمیان میرے اعضا کے جوڑ لپٹے ہیں یعنی میں تجھسا بھدا اور موٹا نہیں ہوں بلکہ چھریرا و چست و چالاک ہوں ۔

وقلبٍ جلَتْ عنہ الشؤونُ ان تشاء ۔۔۔ یُخبِّرکَ ظہرَ الغیبِ ما انتَ فاعلُ

جلا عنہ کشف عنہ وظہر الغیب منصوب بنزع الخافض ترجمہ اور میں ایسے قوی دل کے ساتھ مخلوق ہوں کہ بڑے بڑے ہولناک صدمات بہ سبب اُس کی قوت کے اُس سے دور ہو جاتے ہیں اور ایسا بیدار دل ہوں کہ اگر تو چاہے تو وہ دل تجھکو وہ باتیں بتاوے جو اُس سے غائب ہو کر تو کرنیوالا ہے ۔

ولستُ بِرَبلٍ مثلکَ احتملتْ بہ ۔۔۔ عوانٌ ثاتٌ عن فحلہا وھی حافلُ

الربل اللحیم الشحیم ۔ والعوان النصف من النساء والحافل فی الاصل الشاۃ التی اجتمع اللبن فی ضرعہا واستعیر للتی اجتمع فیتہا ترجمہ اور میں تیری مانند فربہ اندام اور بلید نہیں ہوں کہ ایسی عورت جوان کے حمل میں رہا ہوں جو اپنے شوہر سے جدا ہوا اور منی سے پر یعنے تو ایسا ہی نطفہ حرام ہے ۔

فجئتَ ابنَ احلامِ النیامِ ولم تجِدْ ۔۔۔ لِطُہرکَ الا نفسہا من تُبَاعِلُ

نصب ابن احلام علی الحالیۃ واضافۃ الطہر لادنی ملابستہ وباعلت المرأۃ اتخذت بعلاً ای زوجاً ترجمہ سو تو ایسے حال میں پیدا ہوا کہ تو سونے والوں کے احتلام کا بیٹا ہی یعنے بے باپ کے اور تیری مادر نے اُس طہر کے لیئے جسمیں تجھ سے حاملہ ہوئی کوئی شوہر نہیں پایا مگر خود اپنے نفس کو یعنی تو صرف خاکی انڈے کے موافق اپنی مادر کی کارگزاری ہے اور تیرا باپ معین نہیں ہے اور تو حرامی ہے ۔

وقال خارجۃ بن ضرار المری

خارجۃ بن ضرار المری

اخالدُ ھلّا اذ سفِہتَ عشیرۃً ۔۔۔ کففتَ لسانَ السُّوءِ ان یتدعّرا

وروی اخارج علی انہ ترخیم خارجۃ فعلی ہذا ہو قول زمیل لخارجۃ بن ضرار وسفہہ کسمعہ نسبہ الی السفاہۃ والتدعّر الفساد والخبث ترجمہ اے خالد جبکہ تو نے ہمارے کنبے کو نسبت کمینگی اور نادانی کیا تو تو نے اپنی بدزبان کو فساد اور خباثت سے کیوں نہیں روکا ۔

وھل کنتُ الّا حوتکیّاً الاقہٗ ۔۔۔ بنو عمّہ حتیٰ بغیٰ وتجبّرا

الحوتکی الصغیر الضعیف کالحوتک والاقہ اصلحہ والاقہ بنفسہ ضمہ الیہ والزقہ ترجمہ اور تو نہ تھا مگر ایک حقیر ضعیف کہ اس کے چچا کے بیٹوں نے اُس کی درستی کی اور اپنے شامل کر لیا یہانتک کہ وہ باغی اور زبردست ہو گیا

فانّکَ واستبضاعکَ الشعرَ نحونا ۔۔۔ کمستبضِعٍ تمراً الی ارضِ خیبرا

الاستبضاع حبل التمی بضاعۃ اور رسالہ بضاعۃ والواو بمعنی مع ترجمہ سو تو اور تیرا شعر کو سرمایہ بنا کر ہماری طرف بھیجنا اُس شخص کی مانند ہے کہ سرمایہ خرما کا خیبر کے علاقہ میں بھیجے جہاں خرما بہ کثرت ہوتے ہیں۔

وقال عمارۃ بن عقیل

وزادکم ذُلًّا ورِقَّۃَ جانبِ	بنی منقذ لا امن اللہ خوفکم

رقۃ الجانب کنایۃ عن الذل ترجمہ اے بنی منقذ خدا تمہارے خوف کو مبدل با من نہ کرے یعنی تم ہمیشہ اپنی کمزوری کے سبب اپنے دشمنوں سے خوفناک رہو اور خدا تمہاری ذلت وخواری کو زیادہ کرے۔

دعت ویلہا لما رات ثار غالب	فمن یرتجیکم بعد نائلۃ التی

نائلۃ علم امرأۃ منہم کان قد قتل ابوہا غالب ثم زوجت بقاتل غالب فالشاعر یعیرہم بانکم ترکتم ثار غالب وزوجتم بنتہ قائلۃ ترجمہ سو کون تمہاری خیر کی امید کرے بعد معاملہ مسماۃ نائلہ کے جس نے اپنے افسوس کو یا ویلاہ کہہ کر پکارا جب اُس نے اپنے باپ غالب کا بدلہ اپنے شوہر پر دیکھا جو اُس کا قاتل تھا اور تم ایسے غیر تمند ہو کہ انتقام لینا تو درکنار تم نے الٹی اُس کی بیٹی اُس کے قاتل سے بیاہ دی۔

خلیط دم من ثوبہ غیر ذاہب	دعتہ وفی اثوابہ من دمائہا

الضمیر المنصوب للویل والمجرور للزوج وغیر ذاہب نعت دم ترجمہ نائلہ نے اپنے افسوس کو ایسے حال میں پکارا کہ اُس کے شوہر کے کپڑوں پر اس مسماۃ کے خونوں سے دو خون مخلوط تھے جو اُس کے کپڑوں سے نہیں جانیوالے تھے دو خونوں سے مراد ایک خون ازالہ بکارت ہے اور دوسرا خون اُس کے مقتول باپ کا

وقال طرفۃ بن العبد

ہو شاعر بکری معروف صاحب المعلقۃ الثانیۃ من السبع وکان عبد بن عمرو نیم طرفۃ عند عمرو بن ہند ولیقول ان طرفۃ یہجوک فقال طرفۃ یہجو عبد بن عمرو۔

وعمروا وعوفا ما تشی وتقول	فرق عن بیتیک سعد بن مالک

عنی بالبیتین بیت الاعمام وبیت الاخوال وما مصدریۃ فاعل فرق ترجمہ شاعر عبد عمرو بن بشر اپنے بہنوئی کو خطاب کر کے کہتا ہے کہ تیری غمازی اور سخن سازی نے گروہ سعد بن مالک اور عمرو بن ہند اور عوف بن محلم کو تیرے چچاؤں اور ماموؤں کو ہر دو خاندان سے جدا کر دیا اور یہ اس لئے کہا کہ عبد بن عمرو طرفہ کی غمازی عمرو بن ہند سے اس طرح کرتا تھا کہ طرفہ تیری ہجو کرتا ہے۔

شآمیۃ تزوی الوجوہ بلیل	وانت علی الادنی شمال عریۃ

الادنی الاقرب والعریۃ الباردۃ والشام من البلاد الباردۃ فالریح التی یاتی منہا تسمی شامیۃ ویکون باردۃ۔

والهمزة قد تحذف من لفظ الشام وزواه جمعه وقبضه والبليل الريح الباردة مع نوع من النداوة **ترجمہ** اور تو اپنے اقارب کے حق میں بادشمالی سرد شامی نمناک ہے جو بسبب سردی کے مونہوں کو ٹھٹھرا دے یعنی موذی ہے۔

تذأب منها مزرع ومسيل	وانت على الاقصى صبا غير قرة

الاقصى الابعد والقرة بالفتح الباردة والذاب بالذال المعجمة مجيئ الريح من كل وجه على ضعف واستعير ههنا لمجيئ السحاب **ترجمہ** اور تو بعید رشتہ داروں کے حق میں پوروا ہوا ہے جو خنک نہیں ہے اور جس سے ابر زراعت پیدا کرنیوالا اور سیل بہانے والا آتا ہے یعنے اُن کو نافع ہے۔

اذا ذل مولى المرء فهو ذليل	واعلم علماً ليس بالظن انه

ترجمہ اور میں بطور علم ویقین کے نہ بطور ظن کے اس امر کو جانتا ہوں کہ جب کسی شخص کے چچا کا بیٹا خوار و ذلیل ہوا تو وہ شخص خود ذلیل وخوار ہے۔

حصاة على عوراته لدليل	وان لسان المرء مالم تكن له

الحصاة العقل وعلى عوراته متعلق بدليل **ترجمہ** اور یہ بات یقیناً جانتا ہوں کہ مرد کی زبان اُس کے عیبوں کی بیشک دلیل ہے جبتک اُس کو عقل نہو جو اُس کو بدگفتاری سے روکے۔

وقال بشير بن ابى العبسى

وهل يستطيع القرد للخطران	اتخطر للاشراف يا قرد حذيم

الخطران تحريك الذنب ويكنى به عن البطر والقرد حيوان معروف وهو المراد فى المصراع الثانى. واما فى المصرع الاول فالمراد به بنو قرد وهم من حذيم بالمهملة فالمعجمة فالتحتانية كزبرج بطن من عبس **ترجمہ** کیا تم اے بنی قرد جو قبیلہ حذیم سے ہو اشراف لوگوں کے روبرو دُمیں ہلاتے ہو یعنے تکبر کرتے ہو اور حال یہ ہے کہ بندر دُم ہلانے کے لئے طیار نہیں ہوسکتا کیونکہ اُس کی دُم چھوٹی ہوتی ہے جس کو وہ ہلا نہیں سکتا خلاصہ یہ ہے کہ تمہارے لئے عزت و شرافت ہی نہیں ہے جسپر تم تکبر کرو۔

ولوم بنى قرد بكل مكان	ابى قصر الاذناب ان تخطروا بها

القصر كعنب نقيض الطول والضمير المجرور للاذناب **ترجمہ** تمہاری دُمونکا چھوٹا ہونا اور بنی قرد کی خست کا ہر جگہہ مشہور ہونا اس بات سے منع کرتا ہے کہ تم اسپر غرور کرو اور دم ہلاؤ۔

واجسامكم فى الحى غير سمان	لقد سمنت قعدانكم آل حذيم

القعدان جمع قعود وهى الناقة التى تتخذ ركباً ومقعداً وسمنها كناية عن البخل او عن التبلد وترك السفر **ترجمہ** اے آل حذیم تمہارے سواری کی اونٹنیاں خوب موٹی و طیار ہیں کیونکہ تم اُن کو دودھ پلاتے ہو اور مہمانوں کو نہیں

بشیر بن ابی العبسی

دیتے اس لئے کہ تم خسیس وبخیل ہویا اس لئے موٹی ہیں کہ تم انپر سوار ہوکر سفر نہیں کرتے پس تم بلید وکاہل ہو اور باایں ہمہ تمہاری صفات حسنہ قوم میں موٹی نہیں ہیں یعنی ضعیف وحقیر ہیں۔ صفات کو موٹا کہنا بطور مشاکلت کے ہے۔

وقال فرعان بن الاعرف فے ابنہ منازل

جزت رحم بینی وبین منازل	جزاءً کما یستنزل الدین طالبہ

اراد بالرحم القرابۃ **ترجمہ** وہ قرابت جو مجھ میں اور میرے بیٹے منازل میں ہو اُس کو ایسی جزادے جیسا قرض کا طالب اپنا قرض مدیون سے طلب کرکے لے لیتا ہے اور اُسپر چھوڑتا نہیں ہے۔

وان کنت اخشیٰ ان یکون منازل	عدوی وادنی شاھد انا راھبہ

ان نافیۃ والادنی الاقرب والشاہد الحاضر وانا راہبہ نعتہ **ترجمہ** اور میں اس بات سے نہیں ڈرتا تھا کہ منازل میرا دشمن اور اُس حاضر شخص سے جس سے میں ڈرتا ہوں قریب تر ہوگا یعنی اُس کا حامی اور مددگار ہوگا۔

حملت علی نحرے فقد بت صاحبے	صغیرا الی ان امکن الطر شاربہ

الطر الاصل طلوع النبت **ترجمہ** میں نے اُس کو اپنے سینہ پر اُٹھایا اور اپنے صاحب یعنی منازل پر فدا ہوا جب کہ وہ چھوٹا تھا یہاں تک کہ اُس کی مسین بھیگنے لگیں یعنے مونچھیں نکلنے لگیں۔

لربیتہ حتے اذا آض شیظما	یکاد یساوی غارب الفحل غاربہ

اللام للقسم والشیظم الطویل والغارب الکاہل وجواب الشرط محذوف **ترجمہ** بخدا اُس کو میں نے پرورش کیا یہاں تک کہ جب وہ لمبا جوان ہوگیا اور اُس کا کاندھا شتر نر کے کاندھے کی برابر ہوجانے کے قریب ہوگیا تو اُس نے میری حق تلفی کی۔

فلما رأی ابصر الشخص شخصا	قریبا وذا الشخص البعید اقاربہ
تغمد حقی ظالما ولوی یدے	لوی یدہ اللہ الذی ھو غالبہ

قاربہ طلبہ قریبا وتغمدہ سترہ والّتی الطی **ترجمہ** سو جب اُس نے مجھے دیکھا کہ میں بسبب فساد بینائی کے ایک شخص کو قریب سے بہت اشخاص دیکھنے لگا اور شخص بعید کو پاس بلانے لگا کیونکہ وہ دور سے بخوبی معلوم نہیں ہوتا تھا تو ایسی حالت میں اُس نے میرا حق زبردستی چھپا لیا اور میرا ہاتھ مروڑ ڈالا اب وہ خدا جو اُسپر غالب ہے اُس کا ہاتھ مروڑ دو یعنی اُس کو کوستا ہے۔

وکان لہ عندے اذا جاع او بکا	من الزاد احلی زادنا واطایبہ

الاطائب جمع اطیب **ترجمہ** اور جب کہ وہ بھوکا ہوتا یا روتا تو اُس کے لئے میرے پاس قسم توشہ سے ہماری توشہ کا عمدہ وپاکیزہ حصہ لگا رہتا تھا۔

وربیتہ حتی اذا ما ترکتہ	اخا القوم واستغنی عن المسح شاربہ

المسح القطع والمشط ترجمہ اور میں نے اسکی پرورش کی یہاں تک کہ جب میں نے اُن کی قوم کا بھائی اس کو کرچھوڑا یعنی ایسا جوان ہوگیا کہ قوم میں شمار کیا جانے لگا اور اُس کی مونچھیں قطع اور شانہ سے بے پرواہ ہوگئیں یعنے چھوٹی چھوٹی نکل آئیں۔

وجمعتہا دھماً جلاداً کانہا	اشاء نخیل لم تقطع جوانبہ

الضمیر المنصوب للخیل۔ ودُہماً جمع ادہم تمیز یرفع ابہام الضمیر والجلاد جمع جلید وہو القوی الشدید والاشاء صغار النخل والمجرور للنخیل ترجمہ اور یہاں تک کہ میں نے اسکے لیئے ایسے مشکی گھوڑے تیز ومضبوط جمع کر دیئے گویا کہ وہ چھوٹے چھوٹے درخت خرما کے ہیں جن کی شاخیں کاٹی نہیں گئیں اس میں گھوڑوں کی قدآوری اور طیاری کی تعریف ہے۔

فاخرجنی منہا سلیبًا کانّنی	حسام یمان فارقتہ مضاربہ

ترجمہ سو ایسے وقت میں مجھہ سے سب چیزیں چھینکر گھر سے نکالدیا گویا میں ہی کی تلوار ہوں کہ اس کے کاٹنے کے مقام اُس سے جدا ہو گئے ہیں اور صرف لکڑی کی مانند رہگئی ہے۔

ان ارعشت کفّا ابیک واصبحت	یداک یدی لیث فانّک ضاربہ

ان بتقدیر اللام ترجمہ کیا اس لئے کہ تیرے باپ کے دونوں ہاتھ رعشہ میں مبتلا کئے گئے اور تیرے دونوں ہاتھ مثل شیر کے دونوں ہاتھوں کے قوت میں ہوگئے ہیں تو اپنے باپ کو مارنے والا ہی یعنی یہ ہر دو وجہ مقتضی رحم ہیں۔ نہ باعث غضب۔

وقال عارق الطائی یہجو المناذرۃ

عارق الطائی

المناذرۃ آل منذر بن ماء السماء والصواب ان ہذہ الابیات لترملۃ بن شہاب الطائی ابن عم العارق فانہ قالہا ونسبہا الیہ ومن خبرہا ان عمرو بن ہند وہو عمرو بن منذر بن ماء السماء اغار علی الطی واصاب منہم ابلاً ونسوۃ فقال عارق ع الا حی قبل البین من انت عاشقہ۔؛ کما یاتی فقال عمرو لترملۃ ان ابن عمک ہجانی واوعدنی فقال ما ہجاک ولکن قال ع واللہ لو کان ابن جفنۃ الخ

واللہ لو کان ابن جفنۃ جارکم	لکسا الوجوہ غضاضۃ وہوانا

اراد بابن جفنۃ عمرو بن الحارث الغسانی فانہ من آل جفنۃ بن عمرو بن عامر بن ماء السماء۔ والصحیح علی ما فی الاغانی ع ما ان کساکم غضۃ وہوانا۔؛ ان مولدۃ لما النافیۃ۔ والغضۃ بالمعجمتین بالضم الذلۃ والمنقصۃ کالغضاضۃ ترجمہ اپنی قوم کو خطاب اور عمرو بن ہند پر تعریض کرتا ہے اور کہتا ہے کہ بخدا اگر ابن جفنۃ تمہارا ہمسایہ اور ہم عہد ہوتا تو تم کو لباس ذلت وخواری نہ پہنا تا یعنی تمہاری مدد کرتا مگر روایت اغانی کے موافق یہ اشعار ابن جفنۃ کی ہجو ہونگے

بلکہ مدح ہوں گے ۔

واذ القطع منکم الا قرانا	وسلاسل یتبین فی اعناقکم

عطف علی غضفۃ یتبین مجھول من تناہ اذا صرفہ ولواہ واذ ا بالتنوین حرف الشرط والاقران جمع قرن وھو الحبل الذی یشد بہ الاُسارٰی ترجمہ اور بیشک وہ رسیاں جو تمہاری گردنوں میں لپٹی ہوئی ہیں نہ پہناتا اور جبکہ وہ تمہارا ہمعہد ہوتا تو بیشک تمہاری رسیاں جن میں جکڑے ہوئے ہو کاٹ ڈالتا ۔

مسکا وریطا ردع او جفانا	ولکان عادتہ علی جاراتہ

وروی غارتہ وہذا النسب بالمقام والمراد بالغارۃ معناہ المجازی وھو الاعطائر ویجوزان یکون لعادۃ من عاد علیہ اذا انعم علیہ والریط الثوب الرقیق ۔ والرادع الثوب المصبوغ بالزعفران والجفان جمع جفنۃ وھو القدح الکبیر ترجمہ اور البتہ اُس کا انعام اُس کے ہمعہد ہمسایوں پر مشک وجامہ باریک زعفران سے رنگا ہوا اور بڑے بڑے کٹھرے جن میں اقسام طعام بھرے ہوں ہوتا ۔

وقال مساور بن ہند یہجو بنی اسد

لھم الف ولیس لکم الاف	زعمتم ان اخوتکم قریش

الالف والالاف والایلاف العہد ۔ واول من اخذہ ہاشم من ملک الشام ترجمہ تم خیال کرتے ہو کہ قریش تمہارے بھائی ہیں سو یہ خیال تمہارا غلط ہی کیونکہ قریش کا شاہان اطراف وجوانب سے قول وقرار امن کا ہی اور تمہارے لیئے یہ عہد نہیں ہی یعنے یہ لوگ اپنے سفروں میں امن سے رہتے ہیں کوئی اُن کو ستا نہیں سکتا اور لوگ ستائے جاتے ہیں جبکہ قریش کو جاڑوں یا گرمی کے سفر میں کوئی ستانے کا ارادہ کرتا تھا تو یہ لوگ کہدیتے تھے کہ ہم ساکنان حرم اللہ ہیں سو کوئی اُن کو نہیں لوٹتا تھا ۔ ہاشم شام کی طرف اور عبد شمس حبشہ کی طرف اور مطلب یمن کو اور نوفل فارس کو تجارت کے لیئے سفر کرتے تھے اور ہر ایک نے اُس طرف کے بادشاہ سے عہد امن لے لیا تھا کذا فی القاموس ۔

وقد جاعت بنو اسد وخافوا	اولٰئک اومنوا جوعا وخوفا

ترجمہ قریش لوگ بھوک اور خوف سے امن میں کیئے گئے ہیں اور حال یہ ہی کہ بنی اسد بھوک کے رہتے ہیں اور لوگوں سے ڈرتے ہیں پس قریش سے کیونکر ہوسکتے ہیں اس شعر میں اشارہ ہی اس آیت کیطرف اطعمھم من جوع وآمنھم من خوف ۔

وقال قعنب بن ضمرۃ

منی وما سمعوا من صالح دفنوا	ان یسمعوا ریبۃ طاروا بھا فرحا

مساور بن ہند

قعنب بن ضمرۃ

المریبة التہمة ومن متعلق بہ ترجمہ اگر وہ لوگ مجہپر کوئی تہمت سنیں تو اُس کے سبب خوشی کے مارے اڑنے لگیں اور جو میرے نیک کام سنیں تو اُن کو چھپا ڈالیں ۔ اور ظاہر نہونے دیں ۔

صُمٌّ اذا سمعوا خیراً ذکرتُ بہ	وان ذُکرتُ بشرٍّ عندھم اُذُنٌ

ترجمہ وہ لوگ بہرے ہوجاتے ہیں جبکہ کوئی اچھا کام میری نسبت مذکور ہوتا ہے اور اگر میرا ذکر اُن کے پاس بدی کے ساتھ کیا جاوے تو وہ لوگ ہمہ تن گوش بنجاتے ہین ۔

جہلاً علینا وجُبناً عن عدُوّھم	لبئست الخُلّتانِ الجہلُ والجُبنُ

ترجمہ وہ لوگ ہم سے بجہالت پیش آتے ہیں اور اپنے دشمنوں سے نامردی کرتے ہیں سو جہالت و نامردی دونوں خصلتیں بیشک بُری ہیں ۔

وقال منصور بن مسجاح الضّبّیُّ

ثارتُ رکاب العیر منہم بہجمۃٍ	صفایا ولا بُقیا لمن ھو ثائرُ

الثار فی الاصل طلب الدم واستعمل فی اخذ العوض والرکاب الابل والعیر بالفتح السیّد والضمیر لبنی تمیم ۔ والبا للبدلیۃ ۔ والہجمۃ المائۃ من الابل والصفایا جمع صفی وہی الناقۃ الکثیرۃ اللبن ۔ والبقیا الرحمۃ ترجمہ میں نے اُن کے سردار کے شتر بعوض اپنے بہت دودہ دینے والی سو اونٹنیوں کے جو مجہہ سے چھین لیگئی تھیں چھین لئے اور یہ امر تو ظاہر ہے کہ عوض لینے والے کو کچھہ رحم طرف ثانی پر نہیں ہوتا یعنی میں نے اُنپر رحم نہیں کیا ۔

من الصُّہبِ اثناءٌ وجذعًا کانّہا	عذاریٰ علیہا شارۃٌ ومعاصرُ

الصہب جمع صہباء وہی الناقۃ التی لاتکون شدیدۃ البیاض والجار والمجرور واثناءٌ وجذعًا کلہا حالات من رکاب العیر والاثناء جمع ثنی وہے الناقۃ التی ولدت ثانیاً ۔ والجذع جمع جذعۃ وہی مادون الثنی والشارۃ الحُسن والجمال و المعاصر جمع مُعصِر من اعصرتِ الجاریۃ اذا بلغت شابہا ترجمہ ایسے حال میں کہ وہ شتر سفیدی میں مانند یعنے رنگ کے بھوسلے اور دوسری بار بنیائی ہوئی اونٹنیاں اور اُس سے عمر میں کم اور جوان تھیں اور ایسی خوبصورت کہ گویا وہ عورات پاکیزہ جمیلہ ہیں ۔

فان نلق من سعدٍ ہناتٍ فانّنا	نکاثرُ اقواماً بہم ونفاخرُ

اراد بسعد بنی سعد بن عوف بن مالکٍ من تمیم والہناتُ الامور المکروہۃ وکاثرہ بہ غالبہ بہ فی الکثرۃ ترجمہ سو اگر ہم نے بنی سعد کی جانب سے امور مکروہہ منکرہ دیکھے تو کیا مضایقہ ہے کیونکہ وہ ہمارے ہم جد ہیں اس لئے اُن کے سبب ہم اور قوموں پر کثرت میں غالب آتے ہیں اور ہم اُنپر فخر کرتے ہیں ۔

لقد کان فیکم لو وفیتم بجارکم	لحاورقاب عروۃٌ ومناخرُ

اللحیٰ جمع لحیۃ والعروۃ الشدیدۃ والمناخر الانوف وتلی بالکل عن العز والشرف ترجمہ اے بنی سعد اگر تم اپنے ہمسایہ اور ہمعہد سے ایفاءِ عہد کرو تو کیا تعجب ہے کیونکہ آخر تمہارے منھ پر داڑھیاں ہیں اور تمہاری گردنیں موٹی اور تمہاری بڑی ناکیں ہیں یعنی عزت کا دعویٰ رکھتے ہو۔

وان کان عقدٌ بینھم متظاھرٗ	فبھزءً المن غرّت کفالۃ منقرٍ

یقال بھزاً لہم وبُعداً اذا دُعی علیہم ومعناہ البعد وغرہ خدعہ ومنقر بن عبید بن مقاعس بطن من تمیم والتظاہر التعاون ترجمہ سو برا ہو اُس شخص کا جس کو فریفتہ کیا ہے بنی منقر کے کفیل اور ضامن ہونے نے کیونکہ وہ لوگ ایفائے عہد نہیں کرتے اگرچہ اُن کا ایسا قول ہو جس کے ایفا میں وہ باہم معاون و مددگار ہوں۔

وقالت امراۃ من عائذۃ لجواش الضبی

یقل لک ھل تخشی علیّ حکیما	متی تلق جواشا وان کان محرما

احرم الرجل اذا دخل فی الحرم او فی الاشہر الحرم وحکیم علم رجل ترجمہ جبکہ تو جواش سے ملے اگرچہ وہ حرم مکہ معظمہ میں یا اُن مہینوں میں ہو جن میں قتال حرام ہے تو وہ تجھہ سے یہ پوچھیگا کہ تجھکو میرے معاملہ میں حکیم کا ڈر ہی یا نہیں۔ یعنی اُس کے دل میں حکیم کا اسقدر خوف بیٹھ گیا ہو کہ ایسے اوقات امن میں بھی اُس سے بیخوف نہیں ہی

اخا ثقۃ ینعی قتیلا کریما	ومالی لا اخشی علیک محرّبا

المحرب اسم مفعول من حرّبہ اذا اغضبہ واغراہ ترجمہ اور مجھکو کیا ہو گیا ہے اے جواش کہ تیرے معاملہ میں اور تیرے حق میں ایسے شخص کا خوف نہ کروں جو لڑائی پر برانگیختہ کیا ہوا اور ابھارا ہوا معتبر ہے اور جو خبر دیتا ہے کہ میں نے فلانے بڑے نامدار آدمی کو مار ڈالا ہو یعنی وہ حکیم ایسا بہادر ہو کہ بے یار و مددگار کے مرتکب قتل ہوتا ہے۔

بشکتہ تلق الالدّ الغشوما	متی تلقہ یعدو بہ الورد جائلا

الورد الفرس الذی ہو بین الکمیت والاشقر۔ وجائلا من الجولان والشکۃ بالکسر آلات الحرب والالد شدید الخصومۃ والغشوم الظالم ترجمہ جبکہ تو اُس سے یعنی حکیم سے ایسے حال میں ملے کہ اُس کا سُرنگ گھوڑا اُسکو ایسے وقت میں تیز لیے جاتا ہو کہ وہ اپنے ہتھیار لیے جولانی کرتا ہو تو تو ایسے شخص سے ملیگا جو لڑائی میں بڑا لیچڑ اور ظالم ہو لڑائی میں لیچڑ اور ظالم ہونا اُن کے نزدیک تعریف کی بات ہے۔

فقال جوّاش

ولا کتما تخشی ابا لِ حکیم	واللہ ما اخشی حکیما و رھطہ

ترجمہ بخدا میں تو نہ حکیم سے ڈرتا ہوں اور نہ اس کی قوم سے مگر حکیم کو تیرے باپ کا خوف ہے کہ وہ ڈر کر مر جاوے

وجدت اباك تابعا فتبعته	وانت لعهار الرجال لزوم

ترجمہ تو نے اپنے باپ کو حکیم کا تابعدار پایا سو تو بھی اُس کی تابعدار ہو گئی کہ وہ جو چاہتا ہے تجھہ سے کرتا ہے اور تو انکار نہیں کرتی اور تو کس طرح سے اُس سے بانکار پیش آوے حالانکہ تو بدکار مردوں کے ساتھ لگی رہتی ہے کہ اُنسے جدا نہیں ہوتی ۔

علی کل وجہ عائذی دمامۃ	یوافی بہا الاحیاء حین یقوم

وجہ عائذی بحیل الوصف والاضافۃ ۔ وعائذی لنسبۃ لے عائذۃ رہط الامرأۃ المذکورۃ والدمامۃ بالفتح الذلۃ والاحیاء الاقوام ترجمہ ہر شخص عائذی کے منہ پر ایسی ذلت برستی ہے کہ جب قومیں میلوں میں اپنا فخر بیان کرنے کھڑی ہوتی ہیں تو وہ شخص اسی ذلت کے ساتھ اُن سے ملتا ہے ۔

واورثها شر التراث ابوہم	قماءۃ جسم والرواء دمیم

القماءۃ قصر القامۃ بدل من الضمیر المنصوب ۔ والرواء حسن المنظر ترجمہ اور اُن کے باپ نے اُن کو کوتاہی قامت کی بُری میراث دی جو عرب میں مذموم شمار ہوتی ہے اور اُن کا چہرہ زشت و بدنما ہے ۔

کان خروء الطیر فوق رؤسہم	اذا اجتمعت قیس معا وتمیم

الخزء العذرۃ ترجمہ جبکہ بنی قیس اور بنی تمیم دونوں کسی میلہ میں اکھٹے ہوتے ہیں تو بنی عائذہ وہاں ایسے خاموش و ذلیل ہوتے ہیں کہ گویا اُن کے سروں پر پرندوں کی بیٹ کے انبار ہیں یعنی یہ لوگ کچھہ بول نہیں سکتے

متی تسال الضبی عن شر قومہ	یقل لك ان العائذی لئیم

ترجمہ جبکہ تو بنی ضبہ کے کسی شخص سے یہ پوچھے گا کہ تمہاری قوم میں بدمرد گھٹیا کون ہے تو وہ یہ کہیگا کہ عائذی ہی سب سے زیادہ ذلیل ہے ۔

وقال محرز بن المکعبر الضبی لبنی عدی بن جندب

ومن حدیث ہذہ الابیات ان محرزا ہذا کان جارا لبنی عدی بن جندب من تمیم فاغار علے اہلہ بنو عمرو بن کلاب من ہوازن فاستنصر ببنی عدی علی عدوہ فوعدوہ النصر فلما طال العہد واییس من نصرہم اتی المخارق والمساحق ابنی شہاب المازنی من مازن تمیم فقام علی نصرہ فانشد ۔

ابلغ عدیا حیث صارت بہا النوی	ولیس لدہر الطالبین فناء

ترجمہ میری طرف سے عدی کو یہ پیام پہونچا دے جہاں اُنکو سفر لے گیا ہو کہ تم نے میرا بدلہ میرے اعداسے بجوف ہلاکی جنگ نہ لیا حالانکہ طالبین انتقام کے زمانہ کو فنا ہی نہیں ہے یعنی اُن کا ذکر خیر ہمیشہ رہتا ہے ۔

محرز بن المکعبر الضبی لبنی عدی بن جندب

کسالیٰ اذا لاقیتھم غیر منطقٍ	یُلَھّٰی بہ المتبولُ وھو عناءُ

غیر منطق منصوب علی المصدریۃ ای لاینطقون غیر منطق ولہّاہ بعللہ وشغلہ بہ والمتبول بتقدیم الفوقانیۃ علی الموحدۃ من اصیب بتبل ای حقد ودتر۔ والعناء المصدر عنی اذا قلق وصف بہ مبالغۃً ترجمہ وہ لوگ سست وکاہل ہیں جب تو اُن سے ملے تو وہ ایسی گفتگو کے سوا گفتگو نہیں کرتے جس سے وہ شخص کہ اُس سے کینہ کشی کی گئی ہو اور وہ سراسر رنج وقلق ہو صرف بہلایا اور ٹالا جاوے یعنی انتقام نہیں لے سکتے۔

اُخَبِّرُ من لاقیتُ ان قد وفیتم	ولو شئتُ قال المُنبّاؤُنَ اساؤا

المنباؤن المخبرون علی صیغۃ اسم المفعول ترجمہ میں جس سے ملتا ہوں تو تمہاری بدنامی دور کرنے کو یہ کہتا ہوں کہ تم نے ایفاء وعدہ کیا اور اگر میں تم کو فضیحت کرنا چاہتا ہوں اور یہ کہدوں کہ تم نے خلاف وعدگی کی یعنی جو تم نے مجھ سے وعدہ کیا تہا وہ پورا نہ کیا تو وہ لوگ جن کو خبر دی گئی ہے یہ کہیں کہ بنی عدی نے بُرا کیا۔

لھم رَیثَۃٌ تعلو اصریمۃَ امرِھم	وللامر یوماً راحۃٌ فقضاءُ

الریث المکث والصریمۃ العزیمۃ والمراد بالراحۃ المکث ترجمہ اُن کے مزاج میں ایک درنگ اور کاہلی ہے کہ اُن کے پکے ارادے پر غالب رہتی ہے ایسے ویسے ارادوں کا تو کیا مذکور ہے اور یہ بات مقرر ہے کہ ہر کام کے لیے ایکروز درنگ کا ہے پھر پورے کرنیکا۔ یعنی مگر یہ لوگ کبھی اپنے وعدہ کو پورا نہیں کرتے

وانّی لراجیکم علی بُطْءِ سعیکم	کما فی بطونِ الحاملاتِ رجاءُ

ترجمہ اور میں باوجود درنگ اور سستی تمہاری کوشش کے تمہاری مددگاری کا ایسا امیدوار ہوں جیسی حاملہ عورتوں کے شکموں کی امید ہوتی ہے یعنی یہ نہیں معلوم ہوتا کہ کیا ہوگا یا ہوگا یا نہیں۔

فھلا سعیتم سعیَ عصبۃِ مازنٍ	وھل کفاءٌ فی الوفاءِ سواءُ

ترجمہ سو تم نے گروہ مازن کی سی کوشش کیوں نکی اور کیا میرے ہر دو کارساز (تم اور بنی مازن) ایفاء وعدہ میں برابر ہیں یعنی برابر نہیں۔

لھم اَذرُعٌ بادٍ نواشرُ لحمِھا	وبعضُ الرجالِ فی الحروبِ غُثاءُ

النواشر عصب ظاہر الذراع۔ والغثاء ما یحملہ السیل من الاوراق والمراد بہ اللغو الساقط ترجمہ بنی مازن کے ایسے ہاتھ ہیں جنکے باہر کے رُخ کی رگیں کھڑی اور کھلی ہیں یعنی بدن کے ہلکے اور تیز مزاج ہیں اور بعض لوگ تو لڑائیوں میں محض نکمے اور پوچ ہوتے ہیں یعنی جیسے تم۔

کأنّ دنانیراً علی قِسَماتھم	وان کان قد شفّ الوجوہَ لقاءُ

القسمۃ بکسر السین وفتحہا الوجہ۔ وشفہ ہزلہ ترجمہ جنگ میں اُن کے ہاتھ منہ ایسے چمکتے ہیں کہ گویا اُن کے چہروں پر کندن کی اشرفیاں ہیں اگرچہ ایسی جنگ ہو کہ اُسنے بسبب شدت خوف کے چہروں کو بگاڑ دا تار دیا ہو۔

وقال شمعلة بن الاخضر

وضعنا على الميزان كوزا وهاجرا	فمالت بنو كوز بابناء هاجر

مال به اذا رجحه وغلبه في الوزن ترجمہ بنی ہاجر کی ہجو کرتا ہے کہ ہم نے بطون ضبہ سے بنی کوز اور بنی ہاجر کو تولا تو بنی کوز کا پلہ بنی ہاجر کے پلہ سے جھک گیا یعنی وہ لوگ عزت وشرف میں غالب آئے۔

ولو ملأءت اعفاجہا من رثيئة	بنو هاجر مالت بهضب الاكادر

الاعفاج جمع عفج وهو ما ينقل اليه الطعام بعد هضم معدة - والضمير مجرور لبني هاجر لتقدمه رتبة والرثيئة بالمهملة والمثلثة كعطبة اللبن الحامض الذي يحلب عليه اللبن الطري والهضب جمع هضبة وهو الجبل الصغير - والاكادر جبال معروفة ترجمہ اور اگر بنی ہاجر اپنی آنتیں اور شکم شیر ترش سے پُر کر لیتے اپنی عادت کے موافق کہ وہ بقیہ شیر مہمانوں اور فقراکو نہیں دیتے اور یہاں تلک اُس کا ذخیرہ کرتے ہیں کہ وہ ترش ہو جاتا ہے تو وہ ایسے بھاری ہو جاتے کہ اکادر کی پہاڑیوں سے بھی زیادہ وزنی نکلتے۔

ولكنما اغتروا وقد كان عندهم	قطيبان شتى من حليب وحاذر

اغتر الرجل اذا انخدع والقطيب لبن الابل والغنم اذا جمع بينهما والحليب اللبن الطري - والحاذر بالمهملة والذال المعجمة الحامض ترجمہ مگر وہ لوگ دھوکا کھا گئے کہ خالی شکم تولے گئے حال آنکہ اُنکے پاس شیر مخلوط شتر وگوسفند مختلف تازہ اور ترش تھا جو اپنے بخل کے سبب کسی کو دیتے نہیں اگر وہ اپنی عادت کے موافق اناپ شناپ دودھ پیکر تولیجاتے تو بنی کوز سے کیا پہاڑوں سے بھی بھاری ہو جاتے۔ یہ کلام بطور استہزا کے ہے۔

وقال قرداش بن حوط الضبي

هو جاهلي يهجو عقال بن خويلد العقيلي واخاه اعلم بن خويلد وكانا من سادات بني عقيل في الجاهلية -

نبئت ان عقالا ابن خويلد	بنعاف ذي غذم وان الاعلما
ينمي وعيدهما الي وبيننا	شم فوارع من هضاب يرمرما

العنف ما ارتفع من منحدر الوادي او انحدر من الجبل وذو غذم بالمعجمتين موضع وقيل جبل وهذا النسب بالنعاف و خبر ان محذوف - ونمى الخبر بلغ والشم العوالي - والفوارع التلاع المرتفعة والهضاب جمع هضبة وهو الجبل الصغير ويرمرم جبل من جبال اليمن ويقال له يلملم ترجمہ مجھکو یہ خبر پہونچائی گئی ہے کہ بیشک عقال بن خویلد جو بمقام ادتار کوہ ذی غذم ہے اور اُس کے بھائی اعلم نے مجھ کو لڑائی کی دھمکی دی ہے اُن کی دھمکی کی خبر ایسے حال میں پہونچی ہے کہ میرے اور اُن کے درمیان اونچے ٹیلے کوہ یلملم کی پہاڑیوں کے حائل ہیں جن سے وہ گزر نہیں سکتا پس اُنکی دھمکی لغو ہے

اقنصا ولا آکلا له متخضما	غضضا الوعید فما اکون لموعد

الغض فی الاصل للبصر وہو کفہ من وجہ وہہنا استعارۃ عن الکف مطلقا والقنص محرکۃ الصید والاکل لمتین ما یوکل والتخضم اکل الشئی اللین ترجمہ تم دونوں اپنی دہمکی مجہہ سے روکو کیونکہ میں اپنے دہمکانے والے کا شکار نہیں ہوں اور نہ اُس کا نرم چارہ کہ وہ مجکو بآسانی نگلجاوے۔

وتعتلبا خمرا اذا ما اظلما	ضبعا مجاهرۃ ولیثا هدنۃ

الضبع یوصف بالجبن کالارنب والنعامۃ والمجاہرۃ المقاتلۃ جہارا والہدنۃ الصلح والخمر محرکۃ ما واراک من مجمع الاشجار واظلم دخل فی الظلمۃ ترجمہ تم دونوں لڑائی میں مثل کفتار کے نامرد ہو اور صلح میں شیر ہو اور دو لومڑیاں جہاڑوں کی ہو جبکہ وہ دونوں اندھیرے میں آویں۔

ابدا افلیس مُسِیْ ان تسئما	لا تسئما مالی من ادسیس عداوۃ

الدسیس الخفی. واسامہ جعلہ سائما ای ملولا وان تسئما اسم لیس ترجمہ تم دونوں میری پوشیدہ عداوت سے جو تمہارے دلوں میں ہے کبھی ملول نہو یعنی باز نہ آؤ کیونکہ تمہارا مجہہ سے ملول ہونا مجکو ملول نہیں کرتا بلکہ مجکو یہ پسند ہے کہ تم برابر میرے دشمن رہو۔

وقال سوید بن مشنوء النہراعی

الی السوء واعرض بسبیل	دعی عنک مسعودا فلا تذکرنہ

ترجمہ اے میری زوجہ تو میرے بھائی مسعود کا ذکر چہوڑ اور اُس کا ذکر میرے روبرو کسی بُرائی سے مت کر اور میرے پاس سے جس راہ چاہے چلی جا سب رستے کھلے ہیں۔

ولا ینتہی الغاوی لاول قیل	نهیتک عنہ فی الزمان الذی مضی

ترجمہ اُس کے ذکر سے میں نے تجکو پہلے منع کیا ہے مگر تو باز نہ آئی سچ ہے کہ گمراہ آدمی اول بار کہنے سے نہیں رکتا۔

وقال معدان بن عبید الطائی

ان اصطبحوا من شاءهم وتقیلوا	عجبت لعبدان هجونی سفاهۃ

العبدان بالکسر جمع عبد وان بتقدیر اللام. الاصطباح. شرب الصبوح. والشاء جمع شاۃ وتقیل الرجل اذا نام القیلولۃ وکنی بہ عن التبلد ترجمہ مجہکو تعجب ہے اُن غلاموں پر جنہوں نے براہ نادانی میری ہجو کی صرف اس لیے کہ اُنہوں نے اپنی بکریوں کا دودہ مثل شراب صبح پی لیا اور دوپہر کو کاہلانہ سو رہے سو یہ دونوں امر باعث میری ہجو کے نہیں ہو سکتے۔ کیونکہ بکری والے گھوڑوں اور شتر والوں کی مانند نہیں ہو سکتے۔

وعون وهدم وابن صفوان خیثل	بجاد وریسان وفہر وغالب

کلھم بطون الٹرہم من عیس عطف بیان لعبدان او خبر لمبتدا محذوف ترجمہ وہ غلام لوگ قوم بجاد و ریسان و فہر و غالب و عون و ہدم اور اخیل صفوہ کے بیٹے ہیں۔

فاما الذی یحصیھم فمکثر	واما الذی یطریھم فمقلل

ترجمہ سو جو شخص کہ اُن کی شمار کرتا ہو وہ اُن کو شمار میں زیادہ بتلاتا ہو اور جو شخص کہ اُن کی تعریف کرتا ہے وہ اُن کو قلیل کہتا ہے۔ خلاصہ یہ ہو کہ یہ لوگ شمار میں زیادہ اور تعریف میں کم ہیں۔

وقال یزید بن قنافۃ

ہو عدویٌ طائی۔ ومن خبر ہذہ الابیات ان زید بن ثابت الضبی کان جاراً لطی فقتلہ بنو معن بن عتود واخذوا مالہ فاغار بنو ضبۃ علی بنی ثور بن ود من بطون معن ووضعوا فیہم السیف وافلت رجل منہم واتی حاتم بن عبد اللہ الطائی فسار حاتم تحت اللیل ونجی او لتقی یزید بن قنافۃ بصحراء المربط لایدری حقیقۃ الامر حتے ہجم علیہ بنو ضبۃ فقام الی قومہ ومنع بناتہ وعرسہ وذہب بمالہ فقال یہجو حاتماً حیث ہرب ولم یخبر بہ یزید۔

لعمری وما عمری علیّ بھیّن	لبئس الفتی المدعوّ باللیل حاتم

ترجمہ مجھکو اپنی زندگی کی قسم اور میری زندگی میرے نزدیک کم قدر نہیں ہو کہ وہ جوان جس کو فریاد خواہ فریاد رسی کے واسطے رات کو پکارتا ہو وہ کون حاتم البتہ بُرا ہو کہ مجھکو خبر نہ کی اور تنہا چھوڑ گیا اور آپ بھاگ گیا۔

غداۃ اتی کالثور اُحرج فاتقی	بجبھتہ اقتالہ وھو قائم

غداۃ ظرف لبئس۔ واحرج مجہول من احرجہ الیہ اذا اضطرہ الیہ حال بتقدیر قد واتقی بہ جعلہ جنۃ لہ۔ والاقتال جمع قِتل بالکسر وہو العدو والمقاتل والکلام من قبیل الاستہزاء ترجمہ وہ بُرا ہو اُس صبح کو کہ وہ مثل نرگاؤ وحشی کے جو دباؤ ڈالکر مقابلہ کے لیئے مجبور کیا جاوے غضبناک آیا اور اپنی پیشانی کو خوب جمکر دشمنوں کی واروں کی ڈھال بنایا یہ بطور استہزاء ہے کیونکہ حقیقت میں حاتم بھاگ گیا تھا۔

کانک بصحراء المریط نعامۃ	تبادرھا جنح الظلام نعائم
اعارتک رجلیھا وھافی کُبھا	وقد جردت بیض المتون صوارم

المریط مصغر اموضع والمبادرۃ المسابقۃ۔ والجملۃ نعت لنعامۃ وہو اسم کان وجنح الظلام طائفۃ من اللیل منصوب علی الظرفیۃ واعارتک خبر کان والہاف الساقط الفاسد ترجمہ حاتم کو خطاب کرتا ہو کہ تو مریط کے صحرا سے ایسا گھبرا کر بھاگا کہ گویا ایک شتر مرغ نے (جس سے پارۂ شب میں اور شتر مرغ آگے بڑھنا چاہتے ہوں اور اس لیئے وہ شدہ سے تیز جاتا ہو) تجھکو اپنے ہر دو پا اور اپنی فاسد عقل اُس وقت مستعار دیدے جب چمکنی شمشیریں میان سے نکلگئیں یعنی تو اُسوقت بہت تیزی سے بھاگا۔

وقال عارق وہو قیس بن جروۃ الطائی

مَنْ مُبلغٌ عمرو بن هندٍ رسالةً	اذا استحقبتها العیس تُنضے من البعد

عمرو بن ہند ہو عمرو بن منذر ملک العرب عرف بامہ۔ والاستحقاب ان تحمل شیئاً فی الحقیبۃ وہو مایشد خلف البعیر والضمیر المنصوب للرسالۃ و تنضی من الانضاء اذا ہزلہ ترجمہ عمرو بن ہند کے پاس کون میرا ایسا پیام پہونچاوے کہ جب وہ پیام شتر اپنے توشہ دان میں رکھے تو وہ بسبب دوری مسافت کے لاغر کیا جاوے۔

اَیُوعدنی والرملُ بینی و بینهٗ	تبیّن رویدًا ما امامةُ من هندِ

اللام فی الرمل للعہد والمراد بہ رمل عالج وہو رمل معروف والتبیین التامل ویقال ہو منہ اذا وافقہ والطاعۃ ترجمہ کیا عمرو مجھکو ایسے حال میں جنگ سے ڈراتا ہی کہ مقام عالج کی مشہور و دشوار گزار ریتی میرے اور اُسکے درمیان حائل ہی۔ اے عمرو تو کچھ تامل تو کر کہ میری اُمّا امامہ تیری اما ہند کی خادمہ نہ تھی تا کہ میں تیرا خادم ہوں۔

ومن اَجاءٍ حولی رعانٌ کانّها	قنابلُ خیلٍ من کُمیتٍ ومن وردِ

اجاءٌ محرکۃ احد جبلی طی والثانی سلمی۔ والرعانُ جمع رعن وہو انف الجبل و القنابل الجماعات من الخیل وخص الاجاء لانہ کان لیسکنہ ترجمہ اور ایسی صورت میں مجھکو دھمکاتا ہی کہ اجاء پہاڑ کی چوٹیاں میرے گرد اسطرح ہیں گویا وہ کمیت اور سرنگ گھوڑوں کی کارواں ہیں۔

غدرتَ بامرٍ کنتَ انتَ دعوتنا	الیهِ وبئس الشیمۃ الغدرُ بالعهدِ

ترجمہ تو نے ایسے امر میں عہد شکنی کی جس کی طرف تو نے خود درخواست کر کے ہم کو بلایا تھا یعنی خود تو نے اپنی خواہش سے ہم سے صلح کی تھی اور اب تو نے خود اُس عہد کو توڑ دیا اور معلوم رہے کہ عہد شکنی بد خصلت ہے۔

وقد یترک الغدرُ الفتی وطعامهٗ	اذا هو امسیٰ حلبۃً من دم الفصدِ

الحلبہ مرۃ من حلب استعیر لما یخرج من الدم واراد بدم الفصد الدم الذی کانوا یاخذونہ من فصد البعیر فی اشتداد القحط و یشربونہ ترجمہ اور جوان مرد تو عہد شکنی کو ایسے وقت سخت میں بھی نہیں اختیار کرتا کہ اُس کا طعام شام بسبب شدت قحط و نایابی غذا ایک گھونٹ خون فصد شتر کا ہو اور تو نے تو بے ضرورت عہد شکنی کی۔

وقال آخر

لعمری وما عمری علے بهیّنٍ	لقد ساءنی طوربن فی الشعر حاتمُ

ترجمہ اپنی زندگی کی قسم اور میری زندگی مجھکو پیاری ہی بیشک حاتم نے مجھکو دو دفعہ اشعار ہجو کہکر ستایا ہے۔

ایقظانُ فی بغضائنا وهجائنا	وانت عن المعروف والبرّ نائمُ

ترجمہ کیا تو اے حاتم ہماری عداوت اور ہجو گوئی میں ہوشیار و بیدار ہی باوجودیکہ تو احسان و نیکی سے غافل ہے۔

لکل اناس سادۃ و دعائم	بحسبک ان قد سدت اخزم کلھا

ترجمہ تیرے لیئے صرف یہ فخر ہے کہ تو سارے بنی اخزم کا سردار ہو مگر اسپر فخر زیبا نہیں کیونکہ سب لوگوں کے سردار اور سہارے ہوتے ہیں۔

معابلھا والمرھفات السلادم	فھذا اوان الشعر سلت سھامہ

المعابل جمع معبل وہو السہم العریض النصل بدل من سہام۔ والمرہفات السیوف المحددۃ۔ والسلادم السیوف الطول ترجمہ سابق ہم نے تیری ہجو گوئی کیطرف کچھ التفات و پروا نہیں کی تھی مگر اب ہم بھی طیار ہو گئے ہیں سو یہ وقت شعر گوئی کا ہی کہ اس کے تیر چوڑی بھال کے ترکش سے نکالے گئے ہیں اور اُس کی تیز اور لمبی تلواریں میان سے نکل گئیں ہیں یعنے اب تیری شعر گوئی کو دیکھنا ہی۔

وقال رجل من طی

وراء قریش لا اعد له عقلا	ان امرأ یعطی الاسنۃ نحرہ

ترجمہ بیشک وہ شخص کہ قریش سے پہلے اپنا سینہ نیزونکی حوالہ کردے یعنی اُن سے پہلے لڑتے ہیں اُس کی عقل کو کچھہ مال نہیں گنتا۔

وما ترکوا فیھا لملتمس ثعلا	یذمون لی الدنیا وقد ذھبوا بھا

ذہب بہ اذا حصلہ علی اکمل وجہ والملتمس الطالب والثعل بالمثلثۃ فالمہملۃ بالفتح والضم زیادۃ فی ضرع البقر والغنم یکنی بہ عن الشیٔ القلیل ترجمہ وہ لوگ میرے روبرو تو دنیا کی برائی بیان کرتے ہیں حال آنکہ وہ خود اس کو خوب کماتے ہیں سو وہ لوگ دنیا میں کسی خواہشمند کیلئے کچھہ نہیں چھوڑتے ہیں سب آپ ہی لے لیتے ہیں۔

وقال رشید الطائی لبنی موقع

فلا جید جزعک یا موقع	وموقع تنطق غیر السداد

جید من جادہ اذا مطرہ وسقاہ والجزع الوادی ترجمہ اور بنی موقع نادرست گفتگو کرتے ہیں سو تمہاری نالی اور جنگل بنی موقع سیراب نہ کئے جاویں۔ اُن کو کوستا ہی کہ خدا تم پر باران رحمت نہ برساوے۔

ولا تحت موضعکم موضع	فما فوق ذلتکم ذلۃ

ترجمہ سو تمہاری خواری سے زیادہ کوئی خواری نہیں ہی اور نہ نیچے تمہارے مرتبہ کے کوئی اور مرتبہ ہے تم سب سے ادنے ہو۔

وقال جابر

یہجو بنی جردل من الطی و بنی سلامان و ہم ایضا من الطی والشاعر طائی سنبسی

اجدوا النعال لاقدامکم	اجد وا فویحا لکم جردل

اجدہ جعلہ جدیدا و تجدید النعال کنایۃ عن استعداد الفرار ترجمہ اے بنی جردل بھاگنے کی طیاری کرو اور نئی جوتیاں پہن لو پھر نئی جوتیاں پہن لو سو تمپر افسوس و خرابی ہے۔

وابلغ سلامان ان جئتہا	فلا یک شبہا لہا مغزل

الفاء زائدۃ والجملۃ مفعول الابلاغ۔ واصل الکلام ان لاتکن شبیہتہ بالمغزل ولکنہ عکس للمبالغۃ کما فی قولہ تعالی انما البیع مثل الربوا والاصل انما الربوا مثل البیع ترجمہ اور اے مخاطب بنی سلامان کے پاس تو جاوے تو میرا یہ پیام اُن کو پہونچاوے کہ وہ لوگ تکلے کی مانند نہ بنیں اور وجہ شبہ اگلے شعر میں ہے۔

یکسی الانام ویعری استہ	وینسل من خلفہ الاسفل

الانسلال مطاوع السل ویلزمہ الخروج وہو المراد بہ ترجمہ کہ تکلا تمام خلقت کو اپنے کاتے سوت کا کپڑا پہناتا ہے اور اپنے سرین کو ننگا رکھتا ہے اور اُسکے نیچے کی چیز یعنی لکڑی اُس کے پیچھے سے نکال لیجاتی ہے اور وہ ننگا رہجاتا ہے۔

فانّ بجیرا واشیاعہ	کما تبحث الشاۃ اذ ندال

بجیر بالموحدۃ مصغرا علم والبحث الحفر۔ والدالان المشی فی النشاط ترجمہ کیونکہ بجیر اور اُس کے گروہ کا ایسا حال ہے جیسے بکری کو دتی اچھلتی خوشی میں چلے تو اپنے گھروں سے زمین میں دبی ہوئی چھری کھود نکالے جس سے وہ ذبح کیجاوے۔

اثارت عن الحتف فاغنانہا	فمر علی حلقہا المغول

اثار الارض حفرہا والمغول السکین ترجمہ اُس بکری نے اپنی موت یعنی چھری آپ کھود نکالی سو چھری نے اُس کو ہلاک کردیا اور اُس کے حلق پر وہ چھری چلی۔

وآخر عہد لہا موبق	غدیر وجزع لہا مبقل

الواو للحال والعہد بمعنے المعہود من عہد بہ اذا لقیہ۔ والموبق الموجب نعت عنہ۔ والغدیر خبر مبتدا۔ والمقبل من البقل اذا صار ذا البقل ترجمہ چھری اُس کے حلق پر ایسے وقت میں چلی کہ اس کا عجیب آخری وقت حوض اور اُس کا نالہ اور جنگل تھا جس میں تازہ سبزہ اگا ہوا تھا۔

وقال ایاس بن لارت

ایاس بن الارت

کانّ مرعی امکم اذ بدت	عقربۃ یکومہا عقربان

مرعی علم لہا والکم بدل منہ ویجوزان یکون لقبہا الشاعر۔ وکان المرأۃ جامعہا والعقربان بالضم ذکر العقرب

ترجمہ تمہاری امامرعیٰ جب گھر سے نکلتی ہو تو گویا وہ مادہ کژدم ہو جس سے اُس کا زجفت ہو رہا ہو یعنی اول تو آپ موذی ہو اور پھر دوسرے موذی کو اپنے اوپر سوار رکھتی ہو۔ یعنی وہ ڈبل موذی ہے۔

اکلیلھا زول وفی شولھا ۔۔۔ وخزٌ الیمٌ مثل وخز السنان

المجرور للعقربۃ والکلیل العقرب قرنیا المرتفع ۔ والزول البلاء والعجب والشولۃ ماترفعہ العقرب من ذنبہ یجمع علی شول والجمع باعتبار اجزائہ والوخز الطعن الغیر النافذ ترجمہ اس مادہ کژدم کی ناک ایک عجیب بلا ہو اور اُسکے دم اُٹھانے میں ایک دردناک چبھن ہے مثل نیزے کے زخم کے۔

کل عدوٍّ یتقی مقبلاً ۔۔۔ واُمکم سورتہا بالعجان

العجان کگتاب الاست وکنی بہ عن الادبار ترجمہ ہر دشمن کے خوف سے اُسوقت خوف اور احتراز کیا جاتا ہی جب کہ وہ سامنے آئیوالا ہو اور تمہاری اما کی تیزی اور شرارت بسبب پشت پھیرنے کے ہی یا اُس کے سُرین کے یعنی جب پشت پھیرتی ہو تو غمازی کرکے آپسمیں فساد پھیلاتی ہی یا یہ کہ مردوں کو کون دیتی ہے۔

وقال ادہم بن ابی الزعراء

یہجو بنی خیبری من بنی سلامان ومن حدیثہ ان عبداللہ بن مندیج السلامانی کان قد تزوج سُہَیدۃ بنت عبدالرحمن السلامانیۃ فلم توافقہ فقال فی ذلک یہجوہم۔

بنی خیبری نہنہوا عن قنادع ۔۔۔ اتت من لدانکم وانظروا ماشؤنہا

نہنہ کف ۔ والقنادع فواحش الکلمات والدواہی والشان الحال ترجمہ اے بنی خیبری اُن کلمات فاحش و مصیبتناک سے بچو اور باز آؤ جو ہماری پاس تمہاری طرفسے آتے ہیں اور اُن کے حال اور بدانجام کو دیکھو۔

وکاین بنا من ناشص قد علمتم ۔۔۔ اذا نفرت کانت بطیئا سکونہا

الناشص من نشصت المرأۃ علی زوجہا اذا نفرت منہ ولم تطاوعہ ترجمہ اور ہمارے ہاں بہت سی عورتیں اپنے شوہروں سے نافرمان ہیں جن کو تم جانتے ہو جب کہ وہ اپنے شوہروںسے نفرت کرتی ہیں تو باپوں کے گھروں میں ایک عرصہ تک پڑی رہتی ہیں اور وہاں سڑی جاتی ہیں مگر ہم اُن کی کچھہ پرواہ نہیں کرتے ایسے ہی ہیندہ کا حال ہوگا

وبالحجل المقصور خلف ظہورنا ۔۔۔ نواشئ کالغزلان نجل عیونہا

الحجلۃ محرکۃ الموضع الذی یزین للعروس جمعہ حجل والمقصور الممنوع عن دخول الغیر والنواشئ جمع ناشئۃ وہی الفتیۃ الشابۃ ۔ والنجل محرکۃ سعۃ العین والنجل بالضم جمع نجلاء ترجمہ اور ہمارے پس پشت اُن مکانوں میں جو دلہنوں کے لیئے سجائے گئے ہیں اور جن میں کوئی غیر آدمی نہیں جاسکتا ہی جوان عورتیں آہوؤں کی مانند فراخ چشم موجود ہیں سو ہم کو تمہاری عورتوں کے جن میں یہ وصف نہیں ہیں کیا حاجت ہے۔

ادہم بن ابی الزعراء

بِاُمّۃ عبد الله اَن سَیُحِینُھا	واِنّا لمحقوقون حین غضبتم

حق الرجل مجہولاً اذا جُعل حقیقاً۔ والامیۃ مصدر آم الرجل آمت المرأۃ اذا کانا بلازوج۔ وان مخففۃ بتقدیر اللام اوالباء ترجمہ اور جبکہ تم درباب ہُنَیدہ ہم سے ناراض ہو گئے ہو تو ہم اس بات کے مستحق وسزاوار ہیں کہ ہمارا بھائی عبداللہ بے زوجہ رہے کیونکہ ہم نے ارادہ کر لیا ہے کہ ہُنَیدہ کی اہانت ہو اور اپنی ماں کے گھر میں سڑا کرے۔

علیہا دآمیل استہ وحبونھا	فلستُ لمن اُدعی لہ ان تفقأت

کنی بمن اُدعی لہ عن الاب۔ والتفقاء التشقق۔ والدآمیل جمع دُمّل۔ والحبون جمع حبن بالمہملۃ فالموحدۃ الخروج کالدمل ترجمہ سو میں اپنے باپ کا نطفہ نہیں یعنی حرام کا ہوں اگر عبداللہ کے چوتڑ کے پھوڑے ہُنَیدہ پر ٹوٹیں اور ہُنَیدہ کے پھوڑے عبداللہ پر یعنی میں اُن کو ہرگز آپس میں آرام پانے اور ملنے اور لپٹنے نہ دونگا۔

وقال حریث بن عناب

لکم منطق غاوٍ وللنّاس منطقُ	بنی ثُعَلٍ اھل الخنا ماحدیثکم

الخنا الفحش۔ والغی نقیض الرشد ترجمہ اے بنی ثعل فحش بکنے والو تمہاری بولی اور محاورہ کچھ نہیں ہے یعنی تم عرب نہیں ہو بلکہ نبطی ہو تمہارا محاورہ غلط ہے اور عرب کے لوگوں کی گفتگو عمدہ ہے۔

من العیّ او طیرٌ بخفّاف ینعقُ	کانّکم معزیٰ قواصع جرّۃ

قصع البعیر اذا ردّ جرّتہ الی جوفہ والجرّۃ مایخرجہ البعیر من فمہ ثم یاکلہ مرۃ ثانیۃ وہہنا استعارۃ ومن سببیۃ والعی الحصر فی الکلام وخفاف بالمعجمۃ فالفاء ماسدۃ ونعق الطیر اذا صاح والاصل فی الغراب ترجمہ گویا تم بسبب عدم قدرت گفتگو و درماندگی کے جگالی نگلنے والی بکریاں ہو۔ یا پرندے مثل کوّے کے ہو جو بیشہ خفاف میں کائیں کائیں کرتے ہیں۔ جگالی نگلجانا یہ ہے کہ تم بات پوری نہیں کر سکتے مونہہ تلک آئی اور پھر نگل گئے۔

سَراۃ الضحیٰ فی سلحہ یتمطّقُ	دیافیۃٌ قلفٌ کانّ خطیبہم

الدیاف ارض بالشام لیسکنہا النبط وہم قوم اراذل والقلف جمع اقلف وہو من لم یختتن وسراۃ الضحی اعلاہ۔ والسلح العذرۃ وتمطق الرجل اذا تذوّق متصوتا بلسانہ ترجمہ وہ لوگ موضع دیاف کے رہنے والے یعنی نبطی ہیں بے ختنہ عربی نہیں بلکہ عجمی ہیں اُن کا فصیح اور قوم میں اپنا فخر بیان کرنے والا عین چاشت کیوقت جبکہ اور قومیں گفتگو کرنے کھڑا ہو تو وہ گویا اپنے گوہ اور نجاست کے چٹخارے لیتا ہے خلاصہ یہ ہے کہ وہ کاہل اور نجس بھی ہیں کہ ایسے وقت میں بھی پہلے سے طیار نہیں ہوتے عین وقت پر مخلوط بنجاست اپنے بستر سے اُٹھتے ہیں۔

وقال شعیب بن عبداللہ

اترجو حُیَیٌّ ان یجیئ صغارُھا ‏ ‏ بخیرٍ وقد اعیا علیك کبارُھا

وروی حُیّیا بالنصب فترجو حینئذٍ صیغۃ الخطاب ویؤیدہ کلمۃ علیك ترجمہ کیا بنی حیی امیدرکھتے ہیں یا کیا تو بنی حیی سے اے مخاطب اس بات کی امید رکھتا ہی کہ اُن کے چھوٹوں سے کوئی امرِ خیر ظہور میں آوے اور حال یہ ہے کہ اس امر میں تیرے سامنے اُن کے بڑے لوگ عاجز ہوگئے ہیں پس جو کام اُن کے بڑوں سے نہو سکا اُس کو اُن کے چھوٹے کیونکر کرسکتے ہیں خلاصہ یہ کہ ان میں مادہ خیر کا ہی نہیں ہے۔

اذا النجم وافی مغربَ الشمسِ اجحرت ‏ ‏ مقاریَ حُیّیٍ واشتکی الغدرَ جارُھا

النجم علم الثریا۔ وکنی بموافاتہ مغرب الشمس عن طلوعہ عند الغروب وکنی بہ عن البرد والشتاء وکنی بہ عن القحط اجحرہ بتقدیم الجیم علی الحاء ادخلہ فی الجحر وھو بیت الھوام والمقاری جمع مقری وھو الاناء الذی یقری فیہ الضیف ترجمہ جبکہ ثریا بوقت غروب آفتاب طلوع ہونے لگے یعنی زمانہ سرما و قحط کا آجاوے تو بنی حُیّی کے ظروف جن میں مہمانوں کو کھانا کھلایا جاتا ہی حشرات الارض کے سوراخوں میں چھپا دیئے جاتے ہیں یعنی وہ بخیل لوگ ہیں اور اُن کا ہمعہد جو اُن کی پناہ میں رہتا ہے اُن کی عہد شکنی کا شاکی ہوتا ہے خلاصہ یہ کہ وہ غدار و عہد شکن و بخیل ہیں۔

وقال حُرَیثُ بن عُنّاب النبہانیُّ

قولا لصخرۃ اذ جدّ الھجاءُ بہا ‏ ‏ عوجی علینا مُحَیّیكِ ابنُ عُنّاب

صخرۃ علم امرأۃ وھی اُمّ قبیلۃ عرفت بہا وجدّ الھجاء من الجِدّ نقیض الھزل وعاج علیہ نزل علیہ ومحییك من التحیۃ مرفوع علی الاستیناف کما یقال قم یدعوک الامیر ترجمہ اے میرے دونوں یار بنی صخرہ سے جب اُن کی ہجو بطور واقعی اور ستہباؤ میں کیجاوے یہ کہدو کہ تم ہماری قوم بنی نبہان میں اترو کہ ابن عناب تمہاری آؤبھگت مناسب طور پر کریگا یعنی تمکو خوب درست کرے گا۔ یہاں تحیہ کا استعمال بطور تمسخر ہے۔

ھلّا نھیتم عُوَیجًا عن مُقاذعتی ‏ ‏ عبدَ المُقَذِّ دَعِیًّا غیرَ صُیّاب

عویج مصغر اعلم رجل من بنی صخرۃ وکان قد ہجا حُرَیثًا ھذا۔ والمقاذعۃ المھاجاۃ والمشاتمۃ والمقذ بالقاف فالذال المعجمۃ منقطع شعر القفا۔ ومابین الاذنین من خلف۔ ومعنی کون الرجل عبد المقذ انہ اذا نظر النسان علم انہ عبد لکثرۃ آثار الضرب علی المقذ۔ ونصبہ علی البدلیۃ من عویجًا او علی الذم او علی الحالیۃ۔ والدعی المتھم فی النسب۔ والصُّیّاب کعُنّاب دغراب الخالص ترجمہ تم نے عویج کو جسکی گدی یعنی قفا کی ضرب کے نشانوں سے اُس کا غلام ہونا معلوم ہوتا ہے اور مجہول النسب غیر خالص ہے میری ہجو کہنے سے کیوں منع نہ کیا۔

مستحقبین سُلیمٰی اُمَّ مُنتشرٍ ‏ ‏ وابنَ المُکَفَّفِ ریّا وابنَ خیّابِ

استحقبہ جمعہ فی الحقیبۃ۔ وردو فا حال ترجمہ تم میری ہجوگوئی کے لئے ایسے حال میں آئے کہ سلیمے کو جو ام منتشر

ہے اپنے توشہ دان میں ڈال لاتے اور ابن مکفف اور ابن خباب کو جب کہ وہ سلیمی کے پچھلگو تھے یعنی اُن کی اُس سے آشنائی تھی۔

ومن نعرب منهم شرّ اعراب	یا شرّ قوم ببنی حصن مهاجرة

انتصب بنی حصین علی الندا کانه قال یا شر قوم یا بنی حصن ۔ ونصب مهاجرة علی الحال ترجمہ میں پکارتا ہوں اور خطاب کرتا ہوں بدترین قوم بنی حصن کو بوقت سفر دیہات و بلاد کے اور جو لوگ اُن میں سے بتکلف عربی بنگئے ہیں وہ لوگ بدترین اعراب ہیں۔ یا یوں کہو کہ منادی محذوف ہی و شر قوم بسبب فعل محذوف کے منصوب ہے اس صورت میں یہ ترجمہ ہوگا کہ لے لوگو شرارت قوم بنی حصن کی اُس حال میں دیکھو جب وہ اطراف وجوانب میں سفر کرتے ہیں۔ الخ۔

ولا محالة من شتم والقاب	لا یرتجی الجار خیرا فی بیوتهم

لا محالة بمعنے لا بد ترجمہ اُن کا ہمسایہ اُن کے گھروں میں بھلائی کی امید نہیں رکھتا ہاں یہ ضرور ہے کہ وہ اُس سے بدشنام پیش آویں اور اُن کے بُرے بُرے لقب رکھیں

وقال آخر وہو رجل من طی

مناسم حتی تخطموا وحوافر	بنی اسد الّا تنحّوا تطاکم

اراد بهم بنی اسد بن خزیمة فانهم کانوا احلفا طی ثم تحالفوا بینهم ترجمہ اے بنی اسد اگر تم نے شر و فساد سے کنارہ نہ کیا تو تم کو ہمارے شتروں کے اور گھوڑوں کے سُم ہیں ڈالیں گے یہاں تلک کہ تم ریزہ ریزہ کئے جاؤ گے۔

میاهٌ تحامتها تمیم وعامر	ومیعاد قوم ان ارادوا لقاءنا

المیعاد الموعد و تحاماه اجتنبه ترجمہ اور جو قوم ہم سے لڑنا چاہے تو ہماری لڑائی کی جگہہ وہ پانی ہیں جن کے پاس بنی تمیم اور بنی عامر باوجود کثرت کے ہمارے خوف سے نہیں جا سکتے۔

ولا الرّس الّا وہو عجلان ساهر	وما نام میاح البطاح ومنعج

المیاح من یخرج الماء من البیر بعد دخوله فیها۔ والبطاح و منعج والرس مواضع فیها ماء یورد ترجمہ اور ہمارے لوگوں میں سے جو شخص مواضع بطاح اور منعج اور رس سے پانی پلانے پر مقرر ہے وہ سوتا نہیں مگر جب کہ وہ جلد باز اور بیدار ہو شیار ہی یعنے ہم لوگ چست و چالاک ہوشیار ہیں غافل نہیں ہین۔

امام البیوت الخاری المتقاصر	تضاءلتم منّا کما ضم شخصه

التضاءل التقاصر والتقلص والخاری من خرء الرجل اذا سلح ترجمہ تم ہم سے ایسے پیچ اور دبگئے جیسا کہ وہ شخص اپنے آپ کو سمیٹ لیتا ہی گھروں کے آگے پاخانہ پھرنیوالا اور اپنے آپ کو سمیٹنے والا ہوتا ہے تا کہ اُس کو

کوئی برہنہ نہ دیکھے۔ گھروں کے آگے اس واسطے کہا کہ گھر کے پچھاڑی پاخانہ پھرنے والا بے پردگی سے بے خوف ہوتا ہے۔

لیالی عشر أبیننا وهو عائر	انتری الجون ذا الشمراخ والورد یبتغی

الجون من الابل والخیل ادہم ۔ والشمراخ غرۃ الفرس اذا کانت دقیقۃ الی الخیشوم والورد من الخیل ما بین الکمیت والاشقر۔ والعائر الذاہب المنقلب ترجمہ اپنے گھوڑوں کی کثرت بیان کرتا ہی کہ اے مخاطب تو دیکھیگا کہ مشکی گھوڑا جس کی پیشانی کی سفیدی کی باریک لکیر اُس کے نتھنوں تلک ہو اور سرنگ گھوڑا باوجودیکہ وہ چلتے پھرتے ہیں گلہ اسپان میں دس روز تلک تلاش کئے جاتے ہیں اور گھوڑوں میں ملتے نہیں ہیں بسبب کثرت گھوڑوں کے۔

ولیس لکم من سائر الناس ناصر	ولما رأیناکم لماما ادقۃ
کما ضمت الساق الکسیر الجبائر	ضممناکم من غیر فقر الیکم

ادقۃ جمع دقیق یعنی بہ الذلیل ۔ والجبیرۃ العصابۃ ترجمہ اور جب کہ ہم نے تم کو ناکس و ذلیل دیکھا اور تمام لوگوں میں تمہارا کوئی مددگار نہ پایا تو ہم نے تم کو اپنے میں ملا لیا ہے اس کے کہ ہمکو تمہاری حاجت ہو جیسے ٹوٹی ساق کو پٹیاں ملالیتی ہیں بغیر حاجت کے۔

وقال ابو صعترۃ البولانی

وتنسی ما حباک بنو براء	انہجونا وکنا اہل صدق

ترجمہ کیا تو ہماری ہجو کرتا ہو اور ہم قول و فعل میں سچے ہیں اور اُس ہار کو بھولتا ہی جو تجھکو ابو براء نے عنایت کی تھی۔

خبیث الریح من خمر وماء	ہم نتجوک تحت اللیل سقبا

السقب ولد الناقۃ۔ واستعیر للسلح ترجمہ اُن لوگوں نے زیر پردۂ شب تجھ سے ایک اونٹنی کا بچہ شراب و پانی سی جنوا دیا جسکی بو بری تھی یعنی جب تو شراب پیے ہوئے تھا تجھکو اتنا مارا کہ تیرا تمام پاخانہ مثل بچہ شتر مادہ نکل پڑا۔

وبلوا منکبیک من الدماء	وہم جہلوا علیک بغیر جرم

جہل علیہ اذا نازعہ جہلا وضرہ بجہلہ وبلہ جعلہ رطبا ندیا ترجمہ اور اُن لوگوں نے تجھکو بیقصور نقصان پہونچایا اور تیرے دونوں شانے خونوں سے تر کر دیئے یعنی جب تجھکو بیقصور مارا تو در صورت تیری ہجو گوئی کی جو تیرے ساتھ کریں تھوڑا ہے۔

وقال الطرماح بن جہم السنبسی لنافذ بن سعد بن المعنی

وفی غیرها تبنی بیوت المکارم	ان بمعن ان فخرت لمفخرا

ترجمہ اے نافذ اگر تو بنی معن پر فخر کرے تو کچھ مضائقہ نہیں ہے کیونکہ کسیقدر فخر کے لائق ہیں۔ مگر

کیا کیجئے اُن میں کرم نہیں ہی اور اُن کے غیر لوگوں میں کرم واحسان کے گھر لنبے لنبے بنائے جاتے ہیں جن سے
بنی معن محروم ہیں۔ تو حقیقت میں وہ قابل فخر نہیں ہیں۔

من الناس تهدیها فجاج المخارم	متى قدت بابن الحنظلیة عصبة

القود نقیض السوق والحنظلیة نسبة الی حنظلة بن مالک بطن من تمیم۔ والفج الطریق الواسع والمخارم جمع مخرم وهو
انف الجبل والمراد به صعاب الامور ترجمہ اے فرقہ حنظلیہ کے بیٹے تو کب سے ایک گروہ لوگوں کا پیشوا ہو گیا ہی
کہ تو اُن کو راہہائے کشادہ پہاڑ کی چوٹیوں کے یعنی سخت و دشوار امور کی ہدایت کرتا ہے۔

فان الذرى قد صرن تحت المناسم	اذا ما ابن جد كان ناهز طيء

الظاهر ان الجد علم اب من اسلافه ویحتمل ان یراد بابن من لا اب له وهی سُبّة والناهز السید۔ والذروة سنام الابل
وکنی به عن الشریف والمنسم الخف وکنی به عن الوضیع ترجمہ جبکہ جد کا بیٹا یعنی نافذ بنی طی کا سردار ہو گیا تو سردار
لوگ رذیل لوگوں کے فرمانبردار و ماتحت ہو جائیں گے۔

بایر ابیك الفسل كراث عاصم	فقد بظر امك واحتفر

البظر ما بین طرفی الفرج۔ والفسل الرذل الضعیف والکراث بنت معروف وعاصم موضع وکنی به عن تجشم امر
لا یمکن حصوله ترجمہ اور جب کہ تجھ میں لیاقت سرداری نہیں ہی تو اب تو ایک باگ کے ذریعہ سے اپنی مادر کی شرمگاہ
کو کھینچ اور اپنے رذیل باپ کے کیر ضعیف سے گندنا مقام عاصم کا کھود یعنی طلب امر محال کر خلاصہ یہ ہی کہ تجھ میں لیاقت
سرداری کی نہیں ہی تو اپنی مادر کی شرمگاہ کا پیشوا بن اور اپنے باپ کے کیر کو بجائے شمشیر لے کیونکہ معمولی
شمشیر تیرے ہاتھ میں زیبا نہیں ہے۔

وقال الكروس بن زید بن حصن بن مصاد

علمت وراء الرمل ما انت صانع	الا لیت حظی من عطائك انني

اراد بالرمل رمل عالج ترجمہ مروان بن الحکم سے جس نے اس کو قید کر لیا تھا خطاب کر کے کہتا ہی کہ اے مروان
کاش میرا حصہ تیری بخشش سے یہ ہوتا کہ میں رمل عالج کے ادھر آنے سے پہلے وہ بات جان لیتا جو تو میرے
ساتھ کرنے والا تھا یعنے اس صورت میں میں یہاں نہ آتا۔

ومتسع من جانب الارض واسع	فقد كان لی عما اری متزحزح

تزحزح تبعد ترجمہ کیونکہ یہاں آنے سے پہلے اُن شدائد سے جو میں قید میں دیکھتا ہوں دور ہونے کی جگہہ اور
اطراف زمین میں مکان وسیع نہایت کشادہ تھا جہاں چاہتا چلا جاتا مگر اب کیا کیجئے کہ گرفتار ہو گیا۔

طلوع اذا اعیا الرجال المطالع	وهم اذا ما الحبس قصر نفسه

عطف علی متنرحمزج ۔ والجبس بالجیم فالموحدۃ کالحجر اللئیم الثقیل البلید۔ والطلوع الخروج عطف علی ہم وحذف العاطف ترجمہ اور میرے پاس ایک قصد کامل تھا جبکہ کودن شخص کی طبیعت پست ہمتی کرے اور مجھکو ہمت نکل بھاگجانے کی تھی جب کہ اور مردوں کو نکل بھاگ جانیں عاجز کر دیں ۔

وقال وضاح بن اسمعیل

من مبلغ الحجاج عنی رسالۃ	فان شئت فاقطعنی کما قطع السلا

السلا الجلد الرقیق الذی یکون فیہ الولد فاذا انقطع عن وجہ الصبی حین یولد لا یرجی التیامہ ترجمہ اور کون یہ میرا پیام حجاج کو پہونچاوے کہ اگر تو مجھ سے قطع محبت چاہتا ہے تو مجھ سے ایسا قطع کامل کر جیسا بچہ دان مولود قطع کیا جاتا ہی یعنے بوقت ولادت کے پھر وہ جوڑا نہیں جاسکتا یعنی قطع کلی کر۔

وان شئت فاقتلنا بموسی رمیضۃ	جمیعا فقطعنا بہا عقد العری

الرمیضۃ المحددۃ ۔ والعقد جمع عقدۃ اراد بہا الحبل المعقود ترجمہ اور اگر تو چاہے تو ہم سب کو تیز اُسترے سے مار ڈال اور اُس اُسترے سے ہمکو کاٹ ڈال جیسا بندہی رسی کو کاٹ ڈالتے ہیں ۔

وان قلت لا الا التفرق والنوی	فبعداً ادام اللہ تفرقۃ النوی

ترجمہ اور اگر تو یہ کہے کہ میں سوائے مفارقت وجدائی کے اور کچھ نہیں چاہتا سو خدا تجھکو ہم سے دور رکھے اور خدا ہم میں اور تجھ میں تفرقہ جدائی کو ہمیشہ بنا رکھے ۔

فانی اری فی عینک الجذع معرضا	وتعجب ان ابصرت فی عینی القذا

ترجمہ کیونکہ میں تیری آنکھ میں شہتیر عرض میں رکھا ہوا دیکھتا ہوں اور تو تعجب کرتا ہی کہ میری آنکھ میں کنک دیکھی یعنی تو بڑے بڑے فساد کے کام کرتا ہی اور آپکو ملامت نہیں کرتا اور ہماری ذراسی بات پر اعتراض کرتا ہے ۔

وقال عمرو بن مخلاۃ الحمار الکلبی

ضربنا لکم عن منبر الملک اہلہ	بجیرون اذ لا تستطیعون منبرا

یقال ضربہ عنہ اذا صرفہ عنہ وعنی باہل المنبر علیا و اولادہ رضی اللہ تعالی عنہم وجیرون موضع بدمشق ترجمہ ہم نے تمہارے سبب منبر ملک سے اُسکے مستحقوں کو بمقام جیرون لوٹا دیا جبکہ تم کو منبر کے حاصل کرنیکی قوت نہ تھی ۔

وایام صدق کلہا قد عرفتم	نصرنا ویوم المرج نصرا مؤزرا

نصیب ایام صدق بنصرنا ۔ والصدق الاحکام فی الافعال ۔ والمرج مرج راہط قتل فیہ مروان بن الحکم الضحاک ابن قیس الفہری ۔ والمؤزر بتقدیم المعجمۃ القوی الشدید ترجمہ اور ہم نے تمہاری خوب وقوی مدد کی جن کو تم خوب

جانتے ہو اور تمام روزوں میں جن میں ہمارے اور تمہارے معاملے مستحکم اور درست تھے اور بروز مرج راہط کے

فلا تکفروا حسنی مضت من بلائنا	ولا تمنحونا بعد لین تجبرا

البلاء الاحسان والمنحۃ ومنحہ اعطاہ ترجمہ سو تم اُس نیکی کا انکار مت کرو جو ہماری محنت و احسان کے سبب تمہاری طرف پہونچی ہے اور بعد نرمی کے ہم کو سختی مت عطا کرو۔

فکم من امیر قبل مروان وابنہ	کشفنا غطاء الغم عنہ فابصرا

ترجمہ سو مروان اور اُس کے بیٹے عبد الملک سے بیشتر یعنی بزمانہ امیر معاویہ رضی اللہ تعالے عنہ و یزید کے بہت سے امیر گزرے ہیں کہ ہم نے اُس سے پردۂ غم دور کر دیا ہے اور بعد تاریکی غم کے وہ بینا ہو گیا۔

ومستسلم نفسہ عنہ قد بدت	نواجذہ حتی اھل وکبرا

المستسلم المنقاد الذلیل والنفس الکربۃ کشفہا والضمیر للنخیل ترجمہ اور بہت سے کمزور و ذلیل شخص ہیں کہ ہمارے گھوڑوں نے اُس سے تاریکی مصیبت کو دور کر دیا ایسے وقت میں کہ اسکی کچلیاں بسبب شدت خوف کے ظاہر ہو گئی تھیں یہاں تلک کہ بشکریہ دفع بلا وہ لا الہ الا اللہ کہنے لگا اور تکبیر پڑھنے لگا۔

اذا ما فخر القیسی فاذکر بلاءہ	بزراعۃ الضحاک شرقی جوبرا

البلاء المحنۃ۔ والزراعۃ موضع الزرع کالملاحۃ موضع الملح وعنی بالضحاک ابن قیس الفہری وقیس کانوا مع الضحاک فخذلوہ وصاروا انصار بنی مروان۔ وجوبر قریۃ بدمشق ترجمہ جبکہ کوئی شخص بنی قیس کا اپنی بڑائی بیان کرے تو اُس کو وہ محنت یاد دلادے جو اُس کھیت پر واقع ہوئی جس میں ضحاک نے کشت و خون کی زراعت کی بسمت شرقی موضع جوبر کے کیونکہ یہ لوگ ہاں ضحاک کو تنہا چھوڑ بھاگے باوجودیکہ اُسکے مددگار تھے اور بنی کلب نے ای آل مروان تمہاری مدد کی کہ تم جیتے

فما کان من قیس من ابن حفیظۃ	یعد ولکن کلہم ذہب اشقرا

الحفیظۃ الحمیۃ والشقر کان رجلا من بنی کلب فاصاب صندوقا فی اغارۃ کلب علی ایاد فظن ان فیہ خیرا کثیرا ففتحہ فاذا فیہ عظام بالیۃ فضربتہ العرب مثلا لما لا خیر فیہ ترجمہ سو بنی قیس میں کوئی غیر تمند جو شمار کیا جاوے نہ تھا بلکہ وہ اشقر کی لوٹ کے مانند محض بیکار تھے۔

وقال جواس بن القعطل الکلبی

یہجو عبد الملک بن مروان لانہ لما قتل ابن الزبیر وسکنت العرب اقبل یتالف قیسا وہم اعداؤہ ویوحش کلبا وہم انصارہ لما ان زوجتہ ولادۃ بنت خلید کانت قیسیۃ عبسیۃ۔

اعبد الملیک ما شکرت بلاءنا	فکل فی رخاء الامن ما انت آکل

البلاء النعمۃ والاحسان ترجمہ اے عبد الملک تو نے ہمارے احسان کا شکر نہ کیا کہ ہم نے تیرے باپ کو

جواس بن القعطل الکلبی

امیر بنادیا سو تو اب آسائیش امن میں جو چاہے سو کھا کہ اب کوئی تیرا دشمن نہیں ہے۔

هلكت فلم ينطق لقومك قائلُ	بجابية الجولان لولا ابن بجدلٍ

الجابية قرية اضيف الى الجولان وهو جبلٌ بالشام ۔ والجار والمجرور متعلق بكل ۔ واراد بابن بجدل مالك بن بجدل بالموحدة فالمهملتين الكلبي راس بني كلب يوم المرج ترجمہ جو تیرا جی چاہے کھا بمقام جابیہ کے جو کوہ جولان سے قریب ہے یا یوں کہو کہ اگر ہمارا بھائی ابن بجدل بمقام جابیہ متصل کوہ جولان نہوتا تو ہلاک ہوجاتا اور تیری قوم میں کوئی بولنے والا نہ بولتا بلکہ سب مارے جاتے۔

من العز لا يستطيع المتناولُ	فلما علوت الشام في راس باذخ
كانك مما يحدث الدهر جاهلُ	نفحت لنا سجل العداوة معرضاً

علاه غلبه ۔ والباذخ الجبل العالي ونفح الشئ تناوله وحركه والسجل الدلو ترجمہ سو جب تو شام کے ملک پر غالب ہوا ایسے حال میں کہ تو بلند پہاڑ کی چوٹی پر تھا ایسی عزت کے سبب جس کو کوئی لینے والا نہیں سکتا تو تو نے ہمارے لئے دشمنی کا ڈول ایسے وقت میں ہلایا جب تو ہم سے روگردان تہا گویا تو زمانہ کے حادثہ سے جو دم بھر میں عزیز کو ذلیل اور ذلیل کو عزیز کر دیتا ہے بیخبر اور ناواقف ہے۔

تضاءلت ان الخائف المتضائلُ	وكنت اذا اشرفت من راس هضبة

الهضبة الجبل الصغير والتل والتضائل التصاغر والتقلص الى نفسه ترجمہ اور اس سلطنت سے پہلے تیرا یہ حال تھا کہ جب کسی پہاڑی یا ٹیلے کی چوٹی سے نیچے کو دیکھتا تھا تو تو بچھ جاتا تھا اور خوف کے مارے سہم جاتا تھا کیونکہ بیشک خوفناک شخص ہی بھیجا اور ڈرا کرتا ہی مگر اب تو تو بڑا بیخوف اور دلیر ہوگیا ہے۔

لقيس فروج منكم ومقاتلُ	فلو طاوعوني يوم بطنان اسلمت

بطنان موضعٌ بالشام والمقاتل جمع مقتلٍ بالكسر وهو السلاح ترجمہ سو اگر لوگ یا بنی کلب جو تیرے مددگار تھی میری اطاعت بروز جنگ مقام بطنان کرتے جبکہ میں اُن سے کہتا تھا کہ بنی امیہ کی مدد نکرو کہ یہ لوگ عہد شکن ہیں تو بنی قیس تم کو مار ڈالتے اور تمہاری عورتوں کی شرمگاہیں اور تمہارے مردوں کے ہتھیار بنی قیس کے سپرد کئے جاتے اور وہ اُن چیزوں کے مالک ہوجاتے مگر انہوں نے میرا کہنا نہ مانا۔

وقال ايضا

وطوت امية دوننا دنياها	صبغت امية بالدماء رماحنا

ترجمہ بنی امیہ نے اپنے دشمنوں کے خونوں سے ہمارے نیزے رنگ دیئے اور بنی امیہ نے اپنی دنیا یعنی دولت و ثروت ہم سے جدا لپیٹ رکھی یعنے ہمکو اس سے کچھ فائدہ حاصل نہ ہوا۔

صيد الكماة عليكم دعواها	الآ رب كتيبة مجهولة

حتیٰ تجلّت عنکم غمّاھا	کنّا اولاۃ طعانھا وضرابھا

امی ترخیم امیۃ علی انہ منادیٰ والکتیبۃ الجیش العظیم ومعنے کونہا مجہولۃ ان لا یعلم عدتہا وکثرتہا۔ والصید جمع اصید وہو من فی عنقہ صیدٌ ای اعوجاج عن التکبر والعمی الامر الشدید المشتبہ ترجمہ اے بنی امیہ بہت سے لشکر تعدادنا معلوم بہادر ولنے تکبر کرنیوالے جن کو دعویٰ سلطنت تم سے تھا کہ اُنکی نیزہ بازی اور شمشیر زنی کی تمہاری حمایت کیلئے ہم متکفل ہوئے یعنے ہم اُن سے خوب لڑے یہاں تلک کہ اُن کی سختیاں تم سے دور ہوگئیں اور وہ ہار گئے۔

وعلےٰ شددنا بالرماح عُراھا	فاللہ یجزی لا امیّۃ سعیُنا

العلے المدارج العالیۃ معطوف علی اللہ۔ واراد بالعلے الوسائل ترجمہ سو خدا اور مدارج عالیہ جن کے وسائل ہم نے بذریعہ اپنے نیزوں کے خوف مضبوط کر دیئے ہیں ہم کو ہماری کوشش وجانفشانی کا عمدہ عوض دین بنی امیہ کیا جزا دینگے کیونکہ وہ سخت ناقدرشناس ہیں۔

والشام تنکر کہلھا وفتاھا	جئتم من الحجر البعید نیاطہ

الحجر بالفتح المکان الکثیر الاحجار یعنی بہ مکۃ۔ والنیاط بُعد المسافۃ ترجمہ تم سنگستان بعید دور دست یعنے مکہ معظمہ سے آئے اور حال یہ ہے کہ ملک شام کے ادھیڑ لوگ اور جوان لوگ تم کو نہیں جانتے۔

حدق الکلاب واظہرت سیماھا	اذا قبلت قیس کانّ عیونہا

ترجمہ تم اس وقت کو یاد کرو کہ جب بنی قیس بروز جنگ مرج راہط تم پر چڑھ آئے گویا اُن کی آنکھیں اُس وقت مثل کتوں کی آنکھوں کے بباعث عداوت وغضب کے سرخ تھیں اور اُنھوں نے علامات جنگ ظاہر کیں یعنے اُسوقت ہم تمہارے مددگار تھے اُس تنگ وقت کو یاد کرو اور ہمارے شکرگذار ہو۔

وقال عبد الرحمن بن الحکم

ہو اخو مروان یہجو بنی قیس۔ والغرض منہ ہجاء مروان فانہ کان یہجوہ۔

اضاعت ثغور المسلمین وولّت	الا قاتل اللہ قیسًا قیس عیلان انّہا

ترجمہ خدا لعنت کرے بنی قیس بن عیلان پر جو انصار عبداللہ بن زبیر کے تھے کہ اُنھوں نے حدود وعزت مسلمانوں کی خراب کر دیئے اور بروز جنگ مرج راہط بھاگ نکلے اور اسواسطے مروان لوگوں کا سردار ہوگیا۔

اخاھا اذا ما المشرفیۃ سُلّت	فشاول بقیس فی الطعان ولاتکن

شاولہ خاطرہ وقامرہ ترجمہ سو قیس سے نیزہ زنی میں بازی بدہ۔ اور جبکہ تلواریں ساخت مشارف شام میان سے لیجاویں تو اُن کا ساتھی مت بن کیونکہ وہ تلواروں کی آنچ نہیں سہارتے بلکہ بھاگ جاتے ہیں

وقال ابوالاسد فی الحسن بن رجاء بن ابی الضحاک

فلا نظرت الی الجبال واھلھا	والی منابرھا بطرف اخزر

منابر الجبال الوفہا والاخزر افعل صفۃ من الخزر وہو النظر بموخر عینہ وکنی بہ عن نظر الحقارۃ ترجمہ سو بخدا میں پہاڑوں اور اُس کے باشندوں اور اُس کی اونچی چوٹیوں کی طرف بنظر حقارت دیکھونگا کیونکہ یہ چیزیں بلندی میں اس منبر کے مشابہ ہیں جسپر تو چڑھا ہوا ہے یعنی تیری نالیاقتی کے سبب منبر بھی ذلیل ہوگیا ہے۔

ما زلت ترکب کل شئی قائم	حتی اجترات علی رکوب المنبر

یشیر بکل شئی قائم الی الایر القائم ترجمہ تو ہمیشہ ہر چیز قائم پر مثل کیر وغیرہ کے سوار رہتا رہا یہاں تلک کہ تو نے منبر پر چڑھ بیٹھنے کی جرأت کی۔ یہ ابوالاسد ابوتمام کا ہمعصر ہی اور یہ حسن ابوتمام کا ممدوح ہی جسکی ابوالاسد ہجو کرتا ہی

ونول بالواعی النمیری رجل من بنی کلب فی رکب معہ لیلا فی سنۃ مجدبۃ وقد عزبت عن الرعاء ابلہ فنحر لہم ناقۃ من رواحلہم فی صبحن الراع ابلہ فاعطی رب الناب نابا مثلہا وزادھا ناقۃ ثنیۃ فقال

عجبت من السارین والریح قرۃ	الی ضوء نار بین فردۃ فالرحا

القرۃ الباردۃ والی متعلقۃ بسارین و فردۃ جبل بالبادیۃ والرحا جبل بالیمامۃ ترجمہ مجھے تعجب ہی اُن لوگوں سے جو رات کو اُس آگ کی روشنی کی طرف آئے جو درمیان دو پہاڑوں فردہ اور رحا کے مشتعل تھی ایسے وقت میں کہ ہوا سرد تھی اور قحط کا زمانہ یعنی ایسے وقت نازک میں آنا عجیب ہے۔

الی ضوء نار یشتوی القد اھلھا	وقد یکرم الاضیاف والقد یشتوی

القد بالکسر مایقد من الجلد کالسیر وانما اشتووہ لضیقۃ تحقتہم ترجمہ وہ لوگ اُس آگ کی روشنی کی طرف آئے کہ اُس کے جلانے والے بسبب شدت قحط کے چمڑا بھون بھون کھارہے تھے اور مہمانوں کی خاطرداری کبھی ایسے وقت میں بھی کیجاتی ہے کہ مہماندار چمڑا بھون کر کھاتے ہوں۔

فلما اتونا فاشتکینا الیھم	بکوا وکلا الحیین مما بہ بکی

ترجمہ جب کہ وہ لوگ ہمارے پاس آئے اور ہم نے اپنے فقر و فاقہ کی اُن سے شکایت کی تو وہ لوگ شدت گرسنگی کے مارے رو پڑی اور دونوں قوم یعنی ہم اور وہ اس مصیبت قحط سے جو ہر ایک پر تھا رونیلگے اور وجہ رونیکی اگلی شعر میں ہے

بکی معوز من ان یلام وطارق	یشد من الجوع الازار علی الحشا

المعوز الفقیر البائس والطارق من یاتی لیلا۔ وشد الازار علی البطن کنایۃ عن شدۃ الجوع ترجمہ تنگدست فقیر یعنے میں تو بخوف ملامت مہمانان رویا اور شب آیندہ شخص جو بسبب فاقہ تہہ شکم پہ باندھے ہوئے تھا بسبب بھوک کے رویا۔ شکم پر بسبب گرسنگی پتھر یا کوئی کپڑا باندھ لیتے ہیں۔

فالطفت عینی هل اریٰ من سمینۃٍ	ووطّنت نفسی للغرامۃ والقرا

ای ضمت اجفانی فعل من یدق النظر فی شیءٍ ترجمہ سومیں نے اپنی آنکھہ کسیقدر دباکر بغور دیکھا کہ کیا کوئی فربہ ناقہ مجھکو نظر آتی ہی کہ اُس کو مہمانوں کے لیئے ذبح کروں اور میں نے اپنی طبیعت کو خوگر تاوان وضیافت کا کیا یعنی یہ ارادہ کیا کہ جو فربہ ناقہ نظر آوے اُس کو ذبح کر ڈالوں اور مالک ناقہ کو اُس کا تاوان دوں ۔

فابصرتہا کوماءَ ذات عریکۃٍ	ھجانا من اللاتی تمتعن بالصّوا

نصب کوماء علی التمییز حیث یرفع ابہام الضمیر ۔ والکوماء الناقۃ المرتفعۃ السنام والعریکۃ السنام ۔ والہجان البیضاء والصوی جمع صُوّۃٍ وہی ما غلظ من الارض تکون ذات کلاء طری ۔ وروی بالصّوی بفتح الصاد من صوی الضرع اذا لم یکن فیہا لبن ای لم تحمل قط فہو احید ربان تکون سمینۃ ترجمہ سومیں نے اُس ناقہ کو بلند کوہاندار سفید رنگ دیکھا اُن ناقوں میں سے جو خوب سبزہ چرے ہوئے تھیں ۔ یا کبھار کی تھی یعنی ابتلک حاملہ نہوئی تھی اور ایسی ناقہ ہمیشہ فربہ ہوتی ہی

فاومأتُ ایماءً خفیًّا لحبترٍ	ولله عینا حبترٍ ایّما فتی

ترجمہ سومیں نے پوشیدہ اشارہ اپنے غلام حبتر کی طرف کیا اور خدا دونوں آنکھوں حبتر کا بھلا کرے وہ کیا عمدہ جوان ہے کہ میرے اشارہ کو فوراً سمجھہ گیا ۔

وقلت لہٗ الصق بایبس ساقہا	فان یجبر العرقوب لا یرقأ النسا

مفعول الالصاق محذوف ای السیف واراد بایبس الساق الموضع القلیل اللحم منہا والعرقوب فی رجل الدابۃ بمنزلۃ الرکبۃ فی یدہا والنسا عرق یاتی من الورک الی الکعب ورقأ الدم اذا سکن ترجمہ اور میں نے اُس سے کہا کہ ناقہ کی ساق میں ایسی جگہہ تلوار لگا جہاں گوشت کم ہو سو اگر پچھلے پانوں کا گھٹنہ علاج سے اچھا بھی ہو جائیگا تو رگ نسا کا خون تھمنے کا نہیں یعنی اس صورت میں اُس کا مالک بسبب یاس حیات ناقہ کے اُس کے تاوان لینے پر راضی ہو جائیگا خلاصہ یہ ہی کہ ایسی جگہہ زخم لگا جس کا اچھا ہونا ممکن نہ ہو ۔

فاعجبنی من حبترٍ انّ حبترًا	مضی غیر منکوبٍ و مُنصلہٗ انتضا

المنکوب المدفوع فی صدرہ والمنصل السیف وانتضی سلّ ترجمہ سو مجھکو حبتر کی یہ بات خوش معلوم ہوئی کہ وہ تلوار کھینچکر ایسی طرح گیا کہ اُس کو کوئی روک نہ سکا ۔

کانی وقد اشبعتہم من سنامہا	جلوت غطاءً من فوادی فانجلی

ترجمہ جسوقت میں نے اُن کے شکم ناقہ کے کوہان سے جس کا گوشت سارے جسم میں عمدہ ہوتا ہی بھر دیئے تو گویا کہ میں نے اپنے دل پر سے پردہ غم جو بسبب ناداری کے پڑا ہوا تھا اوٹھا دیا اور وہ کھل گیا ۔

فبتنا وباتت قدرہم ذات ھزّۃٍ	لنا قبل ما فیہا شواءٌ و مُصطلی

الہزّۃ صوت غلیان القدر والشواء کالکتاب اللحم المشوی ۔ والمصطلی ما اصطلی بالنار ۔ والجملۃ الظرفیۃ فی محل

النصب علی الحالیة او علی الخبریة من بتنا ترجمہ سوہم نے رات گزاری اور ہماری دیگ رات بھر کھدکھداتی رہی ایسے حال میں کہ دیگ اور اُس کے گوشت اور شوربا کھانے سے پہلے ہمارے لیئے بھُنا ہوا گوشت اور آگ سے سیکا ہوا موجود تھا ۔

بستین ابقتہا الاخلة والخلا	واصبح راعینا بُریمةُ عندنا

بریمة علم راعی الشاء عطف بیان ۔ والاخلة جمع خلیل بمعنی الفقیر والصدیق وکلاہما یصح ۔ والخلا الرطب من النبات ترجمہ اور ہمارا چرواہا بُریمہ صبح کے وقت وہ ساٹھ اونٹنیاں لیکر ہمارے پاس آپہونچا جنکو فقیر لوگ یا ہمارے دوست ہمارے پاس چھوڑ گئے تھے یعنی بعد صرف فقراء مصارف دوستان ہمارے پاس رہگئے تھے اور جن کو تر گیاہ نے فربہ کرکے باقی رکھا تھا

وناب علینا مثل نابک فی الحیا	فقلت لرب الناب خذہا ثنیةً

النابُ الناقة المسنة ۔ والثنیة ما دخلت فی السنة السادسة وہی دون المسنة فی السن ۔ والمراد بالحیا الشحم والسمن والعربُ تسمی النبت حیا لانہ یکون بالمطر ثم تسمی الشحم حیا لانہ بالنبت ترجمہ سو میں نے ناقہ جوان کے مالک سے جس کی ناقہ میں نے ذبح کرلی تھی یہ کہا کہ میرے شتروں میں سے ایک ناقہ پنجسالہ جوان لے لے اور تیری ناقہ کلاں سال کے عوض ہمارے ذمہ ایک ناقہ کلاں فربہ ہو سو وہ بھی لے لے ۔ اب واضح ہو کہ اشعار مذکورہ بالا میں کسی کی ہجو نہیں ہے مگر ان کو باب ہجا میں اس لیئے مذکور کیا کہ یہ اشعار تمہید ہیں اشعار آیندہ خنزر بن ارقم کے جن میں ہجو راعی ہے ۔

وقال فی ذلک خنزر بن ارقم

تعشّون منہا وہی ملقیً قتودُہا	بنی قطن ما بالُ ناقة ضیفکم

ترجمہ اے بنی قطن تمہارے مہمان کی ناقہ کا کیا حال ہوا جب تم رات کو اُس کا گوشت کھاتے تھے اور اس کی پالان کی لکڑیاں زمین پر پڑی ہوئی تھیں ۔

علی طنب الفقماء ملقیً قدیدُہا	غدا ضیفکم یمشی وناقةُ رحلہ

الفقماء بتقدیم الفاء علی القاف علم زوجة الراعی ۔ والقدید اللحم المقطوع ۔ ترجمہ تمہارے مہمان نے ایسے حال میں صبح کی کہ پیادہ چلتا تھا اور اُس کجاوہ کی ناقہ کے پارہ ہائے گوشت تیری زوجہ فقما کی الگنیوں پر حسب عادت عرب پڑے سوکھتے تھے تاکہ آیندہ تمہارا توشہ ہووے ۔

بلیلة نحس غاب عنہا سعودُہا	وبات الکلابی الذی یبتغی القریٰ

ترجمہ اور اُس کلابی نے جو طالب ضیافت تھا ایسی منحوس رات میں گزر کیا جس کی سعادت اور نیکی اس سے غائب ہو گئی تھی ۔

اذا نزل الاضیافُ ام من یزیدُہا	امن ینقصُ الاضیاف اکرم عادةً

وقال فی ذلک خنزر بن ارقم

ترجمہ کیا وہ شخص جو مہمانوں کو جب وہ آئیں نقصان پہونچائے باعتبار عادت کے اچھا ہے یا وہ جو اُن کی بڑھوتی کرے۔

کانّکُم اذ قُمتُم تنحرونہا ‏‏ براذین مشدود علیہا لبودُھا

البراذین جمع برذون وہو الفرس الترکی وہو مذموم مشئوم عندہم۔ واللبود جمع لبد ترجمہ اے بنی قطن جب تم اُس ناقہ کے ذبح کے لیئے مستعد ہوئے تو گویا تم ترکی گھوڑے تھے جن پر اُن کی نمدی کسی ہوئی تھی یعنی گوشت پر ایسے بیتاب ہوکر گرے جیسے ترکی گھوڑے گھاس پر بے اختیار گرتے ہیں ترکی گھوڑے گھاس کھانے پر شدت سے حریص ہوتے ہیں۔

فما فتح الاقوام من باب سوءۃٍ ‏‏ بنی قطنٍ الّا وانتم شہودُھا

ترجمہ لوگوں نے کوئی دروازہ بدی کا نہیں کھولا مگر تم وہاں اے بنی قطن حاضر ہوئے ہو یعنی تم سب برائیوں میں شریک ہوا ور بُرے لوگ ہو۔

فاجابہ الراعی بقصیدۃ منہا

ماذا ذکرتم من قلوصٍ نحرتُہا ‏‏ بسیفی وضیفانُ الشتاء شہودُھا

القلوص الناقۃ الشابۃ ترجمہ اور تم کیا ذکر کرتے ہو اُس جوان ناقہ کا جس کو میں نے اپنی تلوار سے ذبح کیا اُس وقت میں کہ مہمانان موسم سرما و قحط وہاں موجود تھے یعنی ذبح بطور چوری نہ تہا اور اُس پر عوض زیادہ دیا گیا تو اب اس کا کیا ذکر ہے۔

فقد علموا انی وفیت لربہا ‏‏ فراح علیٰ عنسٍ باخریٰ یقودُھا

العنس الناقۃ القویۃ ترجمہ سو مہمانوں کو خوب معلوم ہی کہ میں نے ناقہ کے مالک کو کامل عوض دیا وہ مضبوط ناقہ پر سوار ہوکر مع دوسری ناقہ کے جس کو وہ آگے سے کھینچتا تھا خوشی تمام گیا۔

قریتُ الکلابی الذی یبتغی القریٰ ‏‏ وامّک اذ یحدیٰ الینا قعودُھا

امک بالنصب عطف علی الکلابی والخطاب لخنزر بن ارقم ویحدیٰ مجہول من حدیٰ الناقۃ اذا ساقہا۔ والقعود مایقتعدہ الراعی من الابل فی کل حاجۃٍ ترجمہ میں نے اُس بنی کلب کے شخص کی ضیافت کی جو طالب ضیافت تھا اور تیری اماں کی ضیافت کی جبکہ اُس کی سواری کے ناقہ ہماری طرف ہنکا کے لائے جاتے تھے

رفعنا لہا ناراً تثقّب للقریٰ ‏‏ ولقحۃ اضیافٍ طویلاً رکودُھا

تثقب النار بالتشدید اوقدہا۔ واللقحۃ فی الاصل الناقۃ الحلوب ولقحۃ الاضیاف کنایۃ عن القدر لان مرقہا کاللبن والرکود الثبات والقیام وجعل رکودہا طویلاً لثقلہا ولانہا لاتنزل الا للغسل ترجمہ ہم نے تیری اما کے لیئے

وہ آگ بلند شعلہ روشن کی جو ضیافت کے لیئے روشن کیجاتی ہی اور بڑے دیگ دان پر چڑہائی جو بسبب کلانی کے چولھے سے بہت دلوں میں اُترتی ہے۔

اذا أُخلِبتْ عُوداً هشيمةً أرزمت ۔۔۔ جوانبها حتى ينبيت نذودُها

اذا اخلبت ای جعل الحطب لها بمنزلۃ الخلا للناقۃ۔ والعود الحطب والهشيم يابس كل شئ كالهشيمۃ والارزم بتقديم المهملۃ صاح شديدا والذود المنع ترجمہ دیگ کی تعریف کرتا ہی کہ جب اُس کے نیچے خشک لکڑیاں جلائی جاویں تو اُس کے کنارے ایسے سنسناتے اور بسبب شدۃ جوش ایسے بولتے ہیں کہ اُسپر پانی ڈالکر یا آنچ کم کرکے اُس کے جوش کو روکتے ہیں

اذا الضيفت للطارقين حسبتها ۔۔۔ نعامۃ جرباءٍ تقاصر جيدُها

جوبار بالجيم فالمهملۃ فالموحدۃ قريۃ ترجمہ جب وہ دیگ رات کے مہمانوں کیلئے دیگدان پر چڑھائی جاتی ہے تو تو اُس کو شتر مرغ مقام جربا کا خیال کریگا جس کی گردن اور شتر مرغ سے چھوٹی ہے۔

تبيت المحالُ الغرُّ في حجراتها ۔۔۔ شكارى مراها ماؤها وحديدُها

المحال فقار الظهر من البعير ومعنے کونها بيضاً غرا کونها ذوات شحم ابيض والحجرات النواحی۔ والشكارى جمع شكرى وہی الناقۃ التی امتلأت ضروعها من اللبن۔ والمری استخراج اللبن۔ وماء القدر مرقها وحديدها مغرفتها ترجمہ مہرہاے پشت شتر یعنی اُس کی مکرٹوں کی ہڈیاں جو بسبب چربی کے سفید ہو رہی ہیں اُس دیگ کے گوشوں میں ایسی طرح رات کو پکتی ہیں گویا وہ ناقہائے شیردہ ہیں جنکے تھن دودھ سے پر ہیں اُس دیگ کا دودھ دوہنا اُس کا شوربہ اور اُس کا چمچہ ہے یعنی اُس کا دودھ شوربہ اور دوہنے والا چمچہ ہے۔

بعثنا اليها المنزلين فحاولا ۔۔۔ لكي ينزلاها وهي حامٍ جيودُها

المنزلين تثنی المنزل اسم فاعل وفيہ اشعار بعظمها حيث لم يقدر على انزالها رجل واحد والحامی الحار والجيود جمع جيد بالمهملتين بينهما تحتانيۃ هو ما ارتفع من نواحی الشئ ترجمہ ہم نے اُس دیگ کے اتارنے کو یعنی دیگدان سے دو آدمی بھیجے کیونکہ وہ ایک سے نہیں اُتر سکتی تھی بسبب کلانی کے سو اُن دونوں نے اُس کے اُتارنے کا ارادہ کیا حال آنکہ اُس کے کنارے گرم تھے یعنی جب پک گئی تو اُسے اُتارا۔

فباتت تعدُّ النجم في مستحيرةٍ ۔۔۔ سريعٍ بأيدي الآكلين جمودُها

المستحيرۃ الجفنۃ الممتلئۃ وكنى بسرعۃ الجمود عن شدۃ الشتاء ترجمہ سو تیری اماں نے ایسی حالت میں رات گزاری کہ ساتوں ستارے ثریا کے اس کٹھرہ میں جو گوشت اور چربی سے پر تھا شمار کرتے رہے کیونکہ چربی نہایت صاف تھی کہ ایسی چھوٹی چھوٹی دور کی چیزیں اُسمیں صاف معلوم ہوتیں تھیں اور سردی کا یہ حال تھا کہ چکنائی کے کھانے والوں کے ہاتھوں پر بہت جلد جمی جاتی تھی۔

فلما سقیناها العکیس تملأت … مذاخرها وارفض رشحا وریدها

العکیس لبن یصب علی مرق وکان مرغوبا عندهم والمذاخر الامعاء والعروق والمسافل البطن وارفض العرق انصب قلیلا قلیلا والوریدان عرقان فی العنق ترجمہ سو جبکہ ہم نے اُس کو شوربہ پر دودہ ڈالکر پلایا تو اُس کی رگیں اور آنتیں اور تو ند پھول گئیں اور اُس کی رگ گردن کثرت چکنائی سے کچھہ کچھہ ٹپکنے لگی ۔

ولما قضت من ذی الاناء لبانة … ارادت الینا حاجة لا نریدها

ترجمہ اور جب کہ ان برتنوں سے جنمیں کھانا اور دودھ تھا اُس نے اپنا مطلب پورا کرلیا تو اُس نے ہم سے ایک ایسے مطلب کی درخواست کی جس کی ہم کو رغبت نہ تھی یعنی ہم سے طالب صحبت ہوئی جو اُسکی بدصورتی و کلان سالی کے سبب ہم کو منظور نہ تھی ۔

وقال رجل من بنی اسد

رجل من بنی اسد

دببت للمجد والساعون قد بلغوا … جهد النفوس والقوا دونه الازرا

الازر جمع ازار وکنی بالقاء الازار عن غایة السعی ترجمہ تو بزرگی حاصل کرنے کو چیونٹی کی چال چلا اور حال یہ ہی کہ اور کوشش کرنیوالوں نے اسمیں اپنی جان کھپادی اور نہایت کوشش کی پس تجھکو کیونکر بزرگی ہاتھ آسکتی ہی

فکابروا المجد حتی مل اکثرهم … وعانق المجد من اوفی من صبرا

کابره اذا قاتله فی الکبر ترجمہ سو اُن لوگوں نے بزرگی کے حصول کیلئے مصائب اور شدائد کا مقابلہ کیا یہاں تلک کہ اُن میں سے بہت سے لوگ تھک کر بیٹھ رہے اور سعی چھوڑ دی اور بزرگی سے اُس شخص نے معانقہ کیا جس نے ایفاء عہد اور شدائد پر صبر کیا یعنی تجھہ سے یہ کام نہیں ہوسکتے ۔

لا تحسب المجد تمرا انت آکله … لن تبلغ المجد حتی تلعق الصبرا

الصبر ککتف عصارة معروفة ترجمہ تو بزرگی کو سهل الحصول اُس خرما کی مانند جس کو تو کھاتا ہی مت سمجھہ سُن تو بزرگی تلک ہرگز نہ پہونچے گا یہاں تلک کہ تو ایلوا چاٹے یعنے امور مکروہ کا تحمل کرے ۔

وقال آخر

آخر

ومستعجل بالحرب والسلم حظه … فلما استثیرت کل عنها محافره

استعجل الشئ اذا طلب عجلته ولم یصبر الی وقته . واستثیرت مجهول من استثار الارض اذا حفرها والمحافر جمع محفر وهو ما یحفر به الارض واراد به السلاح ترجمہ اور بہت لوگ لڑائی میں شتابی کرنیوالے ہیں ایسے وقت میں کہ اُن کا حصہ یعنی اُنکو لائق صلح ہی سو جب لڑائی اُٹھائی گئی تو اُن کے سلاح و ہتھیار لڑائی میں کُند ہوگئے یعنی چونکہ وہ لائق جنگ نہ تھے لہذا اُن سے لڑائی میں کچھہ نہ ہوسکا ۔

مِن لقوم مجازِ لئیمٍ مکاسرہٗ	وحارب فیہا بامرءٍ حین شمّرت

الضمیر المجرور فیہا للحرب کذا المستکن فی شمّرت - والمکاسر الاصول ترجمہ اور جب لڑائی طیار ہوئی تو وہ قوم میں ایسے شخص سے لڑا جو نرا اپاہج تھا اور اُس کے ماں باپ ناکس و کمینہ تھے -

لہ سعیُ صدقٍ قدّمتہ اکابرہٗ	فاعطی الذی یُعطی الذلیلُ ولم یکن

ترجمہ سو اُس جلد باز نے اُس اپاہج عاجز کو وہ چیز دی جسکو ذلیل شخص دیا کرتا ہی یعنی ذلت فرار یا قید ہو جانیکی خلاصہ یہ کہ وہ اپاہج سے بھی عہدہ برا نہوا اور اُس کے لیئے ایسی عمدہ کوشش نہ تھی جو اُس سے پہلے اُس کے بڑے کر گئے ہوں جن کا یہ اقتدا کرتا -

وقال اسمٰعیل بن عمّار الاسدی

قالہا لما مات بشر بن غالب واشتری دارہ ہلال بن مرزوق وفیہا ہجاء لہلال

ہلالُ بن مرزوقٍ ببشر بن غالبٍ	بکت دارُ بشرٍ شجوَہا اذ تبدّلت

انتصب شجوہا علی انہ مفعول لہ ترجمہ بشر بن غالب کی حویلی بسبب اپنے غم کے رو پڑی جبکہ اُس نے ہلال بن مرزوق کو بشر بن غالب کے عوض بدل لیا کیونکہ ہلال لئیم اور بشر کریم تھا -

علی رغمہا من ہاشمٍ فی محاربٍ	وہل ہی الّا مثل عِرسٍ تبدّلت

ترجمہ اور اب حال اس حویلی کا نہیں ہے مگر اُس دُلہن کے مانند جس نے اول اپنا نکاح بنی ہاشم جیسے عمدہ لوگوں میں کیا ہو پھر اپنے خلاف مراد بنی محارب میں جو ایک ذلیل قوم ہے چلی گئی ہو -

وقالت امرأۃ

قتل زوجہا فی جوار الزبرقان فلم یطلب بثارہ ہی امرأۃ مالک بن میۃ المحاربی احد محارب بن عمرو ومن حدیثہ انہ کان جار الزبرقان ابن بدر احد بنی عوف بن کعب من تمیم فقتل رجلًا من بنی نہشل واخفی امرہ ثم حدث بقتلہ ہزالًا احد بنی عوف بن کعب فاخبر بہ ہزال عبد عمرو بن ضمرۃ النہشلی فدعا ہزال مالک بن میۃ وقتلاہ فخلف زبرقان بن بدر علی ان یاخذ ثارہ ثم وقع الصلح وحنث زبرقان بن بدر فقالت بہجوہ -

باسماع مجادعِہا قصارُ	متی تردوا عکاظ توافقوہا

وافقہ اتاہ وصادفہ وضمیر المونث لعکاظ والاسماع الآذانُ - والمجادع جمع مجدعٍ بالفتح موضع الجدع وہو القطع ومعنے قصر المجادع انہ لم یبق شیٔ من اصول الاذان بعد الجدع - وجدع الاذن کنایۃ عن الذل کجدع الانف ترجمہ عوف بن کعب قوم زبرقان بن بدر کو خطاب کر کے کہتی ہی کہ جب تم لوگ عکاظ کی بیٹھ میں جاؤ تو تم وہاں جاؤ گے

ایسے کٹے ہوئے کانوں سے جن کی جڑیں بعد کٹنے کے چھوٹی رہگئیں یعنی ذلیل وخوار بسبب عدم ایفائے وعدہ اخذ قصاص کے ۔

أَجِیرَانَ ابن میّة خبّرُونی	أَعینٌ لابن میّة ام ضِمَارُ

العین النقد الحاضر والضمار دین لا یرجی قضاؤہ ترجمہ اے میرے شوہر ابن میّة کے ہمسایو اور ہمعہدو مجھکو خبر دو کہ ابن میّة کا قصاص بمنزلہ نقد دین کے ہے جو فوراً لیا جاویگا یا ایسا قرض ہے کہ اُس کے وصول کی کچھ امید نہیں ہے یعنی مجھکو یہ بتلاؤ کہ تم اُس کا قصاص لوگے یا اُس کا خون ہدر ہوجاویگا ۔

تجلّل خزیہا عوف بن کعب	فلیس لخلفہا منہ اعتذارُ

تجللہ لبسہ کالجل والضمیر المجرور لعوف بن کعب بتاویل القبیلة والخلف بالفتح اولاد السوء ترجمہ قبیلہ عوف بن کعب نے اپنی عہد شکنی کی رسوائی کو بمنزلہ جھول کے پہن لیا سواب اُس کی بُری اولاد کو اُس کی طرف سے کوئی عذر کی جگہہ نہیں رہی جس کے ذریعہ سے اُس کو اس الزام صریح سے بری کرے ۔

فانکمُ وما تخفون منہا	اکذات الشیب لیس لہا خمارُ

ترجمہ کیونکہ تم اور وہ بُرا کام جس کو تم چھپاتے ہو اُس بڑھیا کی مانند ہو جس کے پاس اوڑھنی نہو کہ اُس کے بڑھاپے کو ہر کوئی دیکھہ سکتا ہے ۔

وقال آخر یہجو بنی امیة

تولّت قریش لذّة العیش واتّقت	بنا کلّ فجّ من خراسان اغبرا

ترجمہ قریش لذت عیش کے والی ومالک ہوگئے اور وہ ہمارے ذریعہ سے ہر راہ فراخ کثیر الغبار خراسان سے بچگئے یعنی اُن لوگوں نے ہمکو اُن مصیبتناک مُلکوں میں ڈال رکھا ہے اور آپ گھر بیٹھے چین کرتے ہیں ۔

فلیت قریشا اصبحت ذات لیلة	تَعُومُ بہا بحرا من الموج اکدرا

ترجمہ پس کاش قریش بجائے خراسان کسی رات ہم کو ہمراہ لیکر ایسے دریا کا قصد کریں جو بسبب تموج وتلاطم کے مکدر وگدلا ہو یعنی تاکہ ہم ایک دفعہ غرق ہوجاویں اور اس دائمی مصیبت سے نجات پاویں یا یہ کہ وہ ہماری مصیبتوں اور تکالیف کو معلوم کریں ۔

وقالت امرأة تہجو قتادة بن مغرب الیشکری وہو زوجہا

حلفتُ فلم اکذب وَاِلّا فکلّ ما	ملکتُ لبیت اللّٰہ ہدیٌ یحافیة

ترجمہ میں نے خدا کی قسم کھائی اور جھوٹ نہیں بولی اور اگر میں نے جھوٹی قسم کھائی ہو تو وہ تمام چیزیں جن کی میں مالک ہوں خانہ کعبہ کی نذر لے جاؤں ایسے حال میں کہ میں برہنہ پا ہوں ۔ جواب قسم شعر آیندہ میں ہے ۔

لو انّ المنایا اعرضت لاقتحمتہا ۔۔۔ مخافۃ فیہ انّ فیہ لداھیہ

اعرضت بمعنی عرضت واقتحمہ دخلہ علی جہدٍ ومشقۃٍ ۔ والداہیۃ الآفۃ المہلکۃ ترجمہ اگر موتیں میرے سامنے آجائیں تو میں بزور ان میں گھس جاؤں بہ سبب خوف بوئے بدموہنہ اپنے شوہر کے کیونکہ اُس کا موہنہ تو بیشک ایک مہلک آفت ہے ۔

فما جیفۃُ الخنزیر عند ابن مغرب ۔۔۔ قتادۃ الّا ریحُ مسکٍ غالیہ

ترجمہ کیونکہ بوئے بدخوک مردہ کی قتادہ ابن مغرب کے پاس نہیں ہو مگر بوئے خوش مشک و غالیہ کی یعنی بوئے دہن ابن مغرب کی مردہ خنزیر سے بھی نہایت بری ہے ۔

فکیف اصطباری یا قتادۃُ بعدما ۔۔۔ شممتُ الذی من فیک اثأی صماخیا

اثأی الشئ بالمثلثۃ فالہمزۃ افسدہ ۔ والصماخ خرق الاذن والہاء للسکتۃ ترجمہ سولے قتادہ تیری صحبت پر مجھ سے کس طرح صبر ہوسکے بعد اُس بدبو کے جو میں نے تیرے موہنہ سے سونگھی ہو جسنے میری ناک سے بڑھکے میرے سوراخ گوش بگاڑ دیئے ہیں ۔

وقال عبداللہ بن اوفی الخزاعی فی امرأتہ

نکحتُ ابنۃَ المنتضی نکحۃً ۔۔۔ علی الکرہ ضرّت ولم تنفع

المنتضی بتقدیم النون علی الفوقانیۃ علم رجلٍ ۔ والکرہ خلاف الرضا ترجمہ میں نے منتضی کے بیٹے سے اپنی مرضی کے خلاف ایسا نکاح کیا کہ اُسنے میرا نقصان کیا اور کچھہ فائدہ نہ بخشا ۔

ولم تغنِ من فاقۃٍ معدمًا ۔۔۔ ولم تجدِ خیرا ولم تجمع

المستکن للنکحۃ ۔ والمعدم الفقیر ۔ واجدیٰ علیہ اعطاہ ترجمہ اور اُس نکاح نے کسی فقیر کو فاقہ سے غنی نہیں کیا اور نہ کوئی بھلائی عطا کی اور آپسمیں سلوک نہ رکھا یا میری پریشانی کو جمع نہ کیا ۔

مُنجذۃً مثل کلب الہراش ۔۔۔ اذا ہجع الناس لم تہجع

المنجذۃ من نجذہ اذا عضہ بالنواجذ اشد العض والنصب علی الحالیۃ والرفع علی الخبریۃ والنواجذ اقصی الاضراس اوہی الضواحک والہراش اغراء کلب علی کلب ترجمہ میں نے اُس سے نکاح کیا ایسے حال میں کہ وہ مثل اُس کتے کے جو دوسرے کتے پر برانگیختہ کیا جاوے سخت کاٹنے والی اور موذی تھی جبکہ سب لوگ سوتے ہیں تو وہ فتنہ انگیزی یا لڑائی میں مصروف رہتی ہے اور سوتی نہیں ہے ۔

مفرّقۃً بین جیرانہا ۔۔۔ وما تستطع بینہم تقطع

یقول رأیتُ لما لا ترے ۔۔۔ وقیل سمعتُ ولم تسمع

باضافۃ القول وقیل ترجمہ ایسے وقت میں کہ وہ اپنے ہمسایوں میں بسبب غمازی کے تفرقہ اندازی ہی۔ اور جب تلک اُس کو قدرت ہی ہمسایوں میں کاٹ تراش کرتی ہی جھوٹی باتوں سے یعنی وہ اپنے ہمسایہ سے کہتی ہے کہ تیرا ہمسایہ تیرے حق میں ایسی بُری باتیں کرتا ہی جس کو میں دیکھتی ہوں اور تو نہیں دیکھتا اور وہ سُنتی ہوں جو تو نہیں سُنتا خلاصہ یہ کہ ایک کو دوسرے سے بدگمان کرتی ہی اور لڑواتی ہے۔

وان تاکل لشاۃ لا تشبع	فان تشرب الزق لا یروہا

ترجمہ سو اگر وہ مشک بھر پانی پیجاوے تو وہ پانی اُس کو سیراب کرے اور ساری بکری کا گوشت کھا جاوے تو جب بھی شکم سیر نہیں ہوتی یعنی ایسی باؤ دہیہ ہے۔

ولو حفت بالاسل لشرع	ولیست بتارکۃ محرما

الاسل الرماح۔ والشرع جمع شارع وہو الرمح اللین الشدید ترجمہ اور وہ کسی محرم کو بھی یعنی جس سے نکاح نادرست ہی بے بدکاری کئے نہیں چھوڑتی اگرچہ وہ محرم مضبوط لچکدار نیزے سے گھیر اجاوے تب بھی اُس کے پاس جاتی ہے یعنے سخت بدکار ہے۔

تنزل بہا العصم لم تصرع	ولو صعدت فی ذرے شاہق

الذری جمع ذروۃ وہو المکان المرتفع والشاہق الجبل العالی والضمیر المجرور للذری والعصم جمع اعصم وہو الوعل الذی فی قوائمہ بیاض والجملۃ نعت شاہق ترجمہ اور اگر وہ ایسے بلند پہاڑ کی چوٹیوں پر چڑھجاوے جس سے بزکوہی سفید پاؤں والا پھسل پڑے تو تب بھی زمین پر نہ گرائی جاوے یعنی وہ جسم کی ہلکی اور خفیف الحرکات ہو جو عورتوں میں بڑا عیب شمار ہوتا ہے۔ اور بزکوہی پہاڑ پر چڑھنے میں مشہور ہے۔

وبئست موفیۃ الاربع	فبئست قعاد الفتی وحدہا

القعاد بالفتح زوج الرجل کالقعیدۃ وتوفیتہ الاربع تکمیلہا ترجمہ سو اگر کسی جوان کے صرف یہ ایک ہی بی بی ہو تب بھی وہ بُری ہے اور اگر کسی کے پہلی تین بیبیاں اور ہوں اور یہ چار کی شمار پوری کرے تب بھی وہ بُری ہے غرض کسی حال میں اچھی نہیں ہے۔

وقال بعض آل المہلب

واستوثقوا من رتاج الباب والدار	قوم اذا اکلوا اخفوا کلامہم

استوثق منہ اخذ منہ المیثاق۔ والرتاج الباب المغلق ترجمہ وہ ایسی قوم بخیل ہے کہ جب وہ کھانا کھاتے ہیں تو بخوف مساکین نہایت آہستہ بولتے ہیں اور بند دروازہ اور گھر سے عہد لے لیتے ہیں کہ جب تلک ہم کھانا کھاویں کسی کے کھولنے سے مت کھُلیو۔

ولا تکف ید عن حرمۃ الجار	لا یقبس الجار منہم فضل نارہم

ترجمہ اُن کا ہمسایہ اُن کی بجی ہوئی آگ سے چنگاری نہیں لے سکتا ہو اور اُن کا کوئی ہاتھ حرمت ہمسایہ سے نہیں بچتا یعنی اُس کو اپنے دونوں ہاتھوں سے لوٹتے ہیں اور حرمت ہمسایہ کا کچھ خیال نہیں رکھتے۔

وقال آخر

ولا تبتغ من سعد وفاءً ولا نصرا	کاثر بسعد ان سعداً کثیرة

کاثرہ بہ اذا قابلہ فی الکثر ترجمہ بنی سعد کا جس قوم سے چاہے کثرت میں مقابلہ کرلے کیونکہ سعد گنتی میں بہت ہیں مگر سعد سے وفاء عہد اور مددگاری کی خواہش مت کر کیونکہ اُن میں یہ اوصاف نہیں ہیں۔

اذا امنت ونعتها البلد القفرا	ولا تدع سعد للقراع وخلها

ونعتہا منصوب علی انہ مفعول معہ والبلد علی انہ مفعول النعت والقفر الخالی ترجمہ اور تو بنی سعد کو لڑائی کے لئے مت بلا کہ وہ لڑائی کے ڈھب کے نہیں ہیں اور جب وہ لڑائی سے امن میں ہوں تو اُن کو خالی شہر کی تعریف کے لئے چھوڑدے یعنی وہ نکمے ہیں اور اُن کا کام نکما ہے۔

وتزهد فیها حین تقتلها خبرا	یروعك من سعد بن عمرو جسومها

راعہ اعجبہ وزہد فیہ اعرض عنہ وقتلہ خبراً اذا الحققہ ترجمہ سعد بن عمرو کے جسم تجھکو اچھے اچھے موٹے تازے معلوم ہونگے اور جبکہ تو اُن کا خوب امتحان کریگا تو تو اُن سے مُنہ پھیر لے گا یعنی محض نکمے ہیں۔

وقال آخر

والسنة لطاف فی المقال	اعاریب ذوو فخر بافك

الاعاریب جمع اعراب والافک الکذب ترجمہ وہ لوگ عرب کے گنوار ہیں جن کو عزت و شرف نہیں ہو اور اُن کا ادعاء فخر بذریعہ کذب ہو اور بسبب اپنی زبانوں کے جو گفتگو میں فی الجملہ لطیف ہیں۔

وحسن القول من حسن الفعال	رضوا بصفات ما عدموه جهلاً

ترجمہ وہ لوگ بسبب اپنی جہالت کے اُن صفتوں پر راضی ہیں جو اُن میں نہیں ہیں اور حال یہ ہو کہ خوبی گفتار کی کردار کی خوبی سے ہوتی ہے یعنی محض گفتار سے کام نہیں نکلتا۔

وقال مالک بن اسماء

وکان قد زار صدیقالہ فلما بلغ باب دارہ شد علیہ کلب صدیقہ فعضہ فقال۔

لم ینكر الكلب انی صاحب الدار	لو كنت احمل خمراً یوم زرتكم

ترجمہ جس روز میں تم سے ملا اگر میں شراب لئے ہوئے ہوتا تو تمہارا کتا اس بات کو اوپری نہ سمجھتا کہ میں تمہارے گھر والا ہوں یعنی تم لوگ شرابی ہو اور اس لئے تمہارا کتا بوئے شراب کا عادی ہے۔

وعنبر الهند ذُكیہ علی النار	لکن اتیتُ وریحُ المسک یفغمنی

یفغمنی ای یسد خیاشیمی ویملاء ہا من کثرتہ واذکاہ علی النار احرقہ علیہا ترجمہ مگر میں تمہارے پاس ایسے حال میں آیا کہ خوشبوئے مشک نے بسبب کثرت کے میرے نتھنوں کو پر کر رکھا تھا اور عود ہندی کو آگ پر جلاتا تھا یعنی میری کپڑوں میں بوئے مشک اور عود خوب بس رہی تھی اسلیئے تمہارے کتے نے مجکو اجنبی سمجھا اور مجکو کاٹا۔

وکان یعرف ریح الزق والقار	فانکر الکلب ریحی حین ابصرنی

ترجمہ سو تمہارے کتے نے جب مجکو دیکھا تو میری بوئے خوش کو اوپری سمجھا کیونکہ وہ سابق سے بوئے مشک شراب اور روغن قار کو جانتا تھا۔

وقال آخر

معاشر خلتہا عربا صحاحا	ہجوت الادعیاء فناصبتنی

ناصبتنی ای عادتنی والدعی المتہم فی النسب ترجمہ میں نے ان لوگوں کی ہجو کی جو اپنے نسب میں متہم تھے یعنی صحیح النسب نہ تھے سو اُن کے عوض میں مجھ سے ایسے لوگوں نے عداوت قائم کردی جن کو میں عرب صحیح النسب سمجھتا تھا خلاصہ یہ ہے کہ اُن کے عوض اُن لوگوں نے میری ہجو کی اور یہ اُن کو مناسب نہ تھا۔

علی فلم اجب لہم نباحا	فقلت لہم وقد نبحوا طویلا

ترجمہ سو میں نے اُنسے اُسوقت کہا جب وہ مجھپر دیر تک بھونکتے رہے اور میں نے اُن کے بھونکنے کا جواب نہ دیا

وادفع عنکم الشتم الصراحا	امنہم انتم فاکف عنکم

مفعول القول والصراح الخالص ترجمہ میں نے اُن سے یہ کہا کہ اے گروہ عرب خالص کیا تم اُن گروہ غیر خالص النسب سے ہو کہ تم اُن کی حمایت کرتے ہو اگر ایسا ہو تو میں تمہاری ہجو گوئی سے باز رہوں اور تم سے کھلی اور خالص گالیاں روک لوں یعنی تمہاری ہجو نہ کروں کہ وہ لوگ بسبب بیقدری کے اس لایق نہیں ہیں کہ میں اُن کی ہجو کی طرف متوجہ ہوں اور اپنا وقت عزیز اس لغو کام میں صرف کروں۔

سانفی عنکم التہم القباحا	والا فاحمدوا رائی فانی

ترجمہ اور اگر تم اُن گھٹیا لوگوں میں سے نہیں ہو تو تم میری رائے کی تعریف کرو کہ میں بھی تم کو اُن کمینوں میں سے شمار نہیں کرتا اور اسلیئے تمسے بُری تہمتیں عنقریب دور کرونگا یعنی آیندہ میں تمہاری ہجو گوئی کا قصد نہ کروں گا۔

یضم علی اخی سقم جناحا	وحسبک تہمۃ ببری قوم

حسبک مرفوع علی الابتدا وخبرہ محذوف ای ان تقول علیہ الیس فیہ من السوء ونصب تہمۃ علی التمیز والجار والمجرور متعلق بہ وضم الجناح کنایۃ عن العطوفۃ والحمایۃ نعت بری والخطاب لغیر معین ترجمہ اور ایسے عمدہ شخص پر جو قوم میں ایسا بے عیب ہو کہ بیمار دعاجز پر رحم کرے یہ پوری تہمت ہے کہ اُسپر وہ عیب لگایا جاوے

جو اُس میں نہو - یعنی تم لوگ اُنکی حمایت نہ کرو تاکہ مجکو تمپر تہمت لگانیکی حاجت نہ پڑے -

وقال مدرک و مغلس بن حصن الفقعسے یہجو آل زہیر بن جذیمۃ العبسی

لقد کنت ارمے الوحش وھے بغرّۃٍ ۔ وتسکن احیانا الیٰ شرودھا

العزۃ الغفلۃ وسکن الیہ مال واطمئن والشرود النفور - والوحش کنایۃ عن النساء ترجمہ میں زنان وحشی طبع کا جبکہ وہ غافل ہوتی تھیں بیشک شکار کرتا تھا اور اپنے قابو میں کر لیتا تھا اور کبھی کبھی اُن میں سے زنان نفور بسبب میرے حسن و جوانی کے خود بخود میری طرف مائل ہوجاتی تھیں -

فقد املکتنی الوحش مذ رثّ اسہمی ۔ وما ضرّ وحشا قانص لا یصیدھا

امکنہ منہ اذا جعلہ قادرا علیہ والرثاثۃ البلی اوالکلال ترجمہ سو جب سے میرے تیر کہنہ اور کند ہوگئے ہیں زنان وحشی طبع نے اپنے شکار کرنے پر مجکو قادر کر دیا ہے اور وہ شکاری وحشیوں کو کیا نقصان پہونچاویگا جو اُن کا شکار نہیں کرتا

فاعرضت عن سلمے وقلت لصاحبے ۔ سواء علینا بخل سلمے وجودھا

ترجمہ سو میں نے سلمے سے منہ پھیر لیا اور اپنے ہمراہی سے کہا کہ ہم کو بخل سلمی اور اُس کی سخاوت برابر ہے یعنے اب ہم اُس کے کام کے نہیں رہے -

فلا تحمدن عبسا علے ما اصابہا ۔ وذمّ حیوۃ قد تولّیٰ زھیدھا

الزہید اللئیم والمجرور للحیوۃ والاضافۃ بادنی ملابسۃ ترجمہ سو اے مخاطب تو بنی عبس کی عزت و شرف پر حمد مت کر اور اُس زندگی کی ہجو کر جس کو اُس کا کمینہ صاحب مالک ہو رہا ہے - زندگی کی ہجو اس لئے کرتا ہے کہ کیوں اس قدر زمانہ تلک رہی کہ ایسے کم قدر لوگوں کا عروج اپنی آنکھوں دیکھا -

تشبہ عبس ھاشما ان تسربلت ۔ سرابیل خزّ انکرتہا جلودھا

ترجمہ بنی عبس بتکلف بنی ہاشم کے اس بات میں مشابہ ہوگئے کہ اُس نے ریشمی پائجامے پہنے جن کو اُن کی کھالوں نے اور جسموں نے اوپرا سمجھا کیونکہ پہلے اُنہوں نے کبھی ایسے پائجامے نہیں پہنے تھے

فلا تحسبنّ الخیر ضربۃ لازب ۔ لعبس اذا ما مات عنہا ولیدھا

اللازب من لزب الطین اذا لزم ولصق - وضربۃ لازب کنایۃ عن الشئے اللازم واراد بالولید ولید بن عبد الملک ابن مروان واضافہ الیہم لان امہ ولادۃ بنت غلید مصغرا کانت منہم ترجمہ سو تو خیر کو بنی عبس کے لیے جبکہ انکا بھانجا ولید بن عبد الملک مرجاوے لازم و دائمی مت سمجھ یعنی اُن کا عروج صرف عہد سلطنت ولید تک جو اُن کا بھانجا ہے رہے گا اُس کے مرنے کے بعد جاتا رہیگا -

فسادۃ عبس فی الحدیث نساؤھا ۔ وقادۃ عبس فی القدیم عبیدھا

القادۃ جمع قائد وہو من یقود الجیش الی الحرب و اراد بالحدیث زمان الاسلام و بالقدیم عہد الجاہلیۃ و بالنساء و لادۃ المذکورۃ ام الولید۔ و بالعبید عنترۃ بن شداد و کان امہ زبیبۃ بالمعجمۃ امۃ حبشیۃ لابیہ ترجمہ سو بنی عبس کے سردار عہد اسلام میں اُن کی عورتیں ہیں اور اُن کے سپہ سالار ایام جاہلیۃ میں اُن کے غلام ہیں یعنی اب اُن کا فرع و لادۃ مادر ولید کے سبب سے اور سابق ایک غلام عنترہ نام سے اور عورتیں اور غلام قابل عز و شرف نہیں ہو سکتے

وقال آخر

أقولُ حين أرى كعباً و لحيتهُ	لا بارك اللهُ فی بضعٍ و ستّینِ
من السنین تملّاها بلا حسبٍ	و لا حیاءٍ و لا قدرٍ و لا دینِ

کعب علم الرجل و البضع ما بین الثلث الی التسعۃ او الی الخمس و ما بین الواحد و الاربع او من اربع الی التسع علی الاختلاف و جر ستین للضرورۃ و من السنین بیان و الضمیر المنصوب لہا فانہ یقال تملّی فلان عمرہ اذا تمتع بہ ترجمہ جبکہ میں کعب کو اور اُس کی ریش کو دیکھتا ہوں تو کہتا ہوں کہ خدا برکت نہ کرے ساٹھ اور چند برس میں جن سے وہ بلا حسب و حیا و مرتبہ و دین کے متمتع اور منتفع ہوا۔

وقال عویف القوافی

و ما اُمُّکم تحت الخوافق و القنا	بثکلی و لا زہراء من نسوۃ زُہرِ

الخوافق جمع خافق وہو الرایۃ المضطربۃ و الزہراء من النساء مشرقۃ الوجہ و یکنی بہ عن الکریمۃ الحرۃ ترجمہ تمہاری اما کا کوئی بچہ متحرک جھنڈوں اور نیزوں کے نیچے نہیں مرتا کیونکہ تم لوگ لڑائی میں نہیں جاتے ہو اور نہ تمہاری اما روشن رو یعنے آزاد و محترمہ ہے اُن عورتوں سے جو آزاد اور محترمہ ہیں۔

ألستُم أقلّ الناس عند لوائہم	و اکثرہم عند الذبیحۃ و القِدرِ

الاستفہام للتقریر ترجمہ کیا تم اپنے جھنڈوں کے پاس سب لوگوں سے کم نہیں ہوتے ہو کیونکہ تم لڑائی سے بچتے ہو اور کیا تم ناقہ مذبوحہ اور دیگ کے پاس سب سے زیادہ نہیں ہوتے ہو یعنی کھانے کے حریص اور مانگنے پر دلیر ہو

وقال آخر

و نُبِّئتُ رُکبانَ الطریقِ تنادروا	عُقیلاً اذا حلّوا الذِّنابَ فصرخدا

نبئت مجہول و الرکبان جمع راکب مفعولہ الثانی و تنادروا قائم مقام المفعول الثالث و عقیلاً مفعول تنادروا و یقال تنادروا ای انذر بعضہم بعضاً و عقیل علم و الذناب و صرخد موضعان ترجمہ اور مجکو یہ خبر دی گئی ہے کہ شتر سواران مسافر جبکہ مقامات ذناب اور صرخد پر اترتے ہیں تو عقیل سے ایک دوسرے کو ڈراتے ہیں کیونکہ عقیل غارتگر کو وہاں سے قریب سمجھتے ہیں۔

آخر

عویف القوافی

آخر

شعاراً و یقری الضیف عضباً مجرّداً	فتی یجعل المحض الصریح لبطنہ

المحض الخالص الصریح والشعار مایلی الجسد ثم اتسع فیہ فقیل لکل مایلی الشئی ترجمہ وہ ایک شخص ہی خالص دودہ اپنے شکم کو لگاتا ہی اور استعمال کرتا ہی اور اپنے مہمان کی ضیافت شمشیر برہنہ سے کرتا ہے یعنی وہ سخت بخیل ہے اور ہر بخیل نامرد ہوتا ہے۔ تو اس سے ڈرنا چاہیئے۔

وقال آخر یہجو بنی رباح

مطیّتہ فاقسم لا یریم	اناخ اللؤم وسط بنی رباح

رام الشئی زال ترجمہ بخل اور خست نے عین بنی رباح کے بیچ میں اپنی سواری بٹھادی اور قسم کھائی کہ اُن سے کبھی جدا نہ ہونگی یعنے وہ لوگ بخیل وخسیس ہیں۔

تناھی عند غایتہ مقیم	کذلک کلّ ذی سفر اذا ما

ترجمہ یہی حال ہر مسافر کا ہوتا ہی جب کہ اُس کا سفر نہایت کو پہونچتا ہے تو وہ مقیم ہوجاتا ہی یعنی غایت سفر خست اور اُس کی منزل مقصود بنی رباح تھے سو وہاں پہونچ گئے اور حق بحقدار پہونچ گیا۔

وقال آخر یہجو بکر بن وائل

فیا لوما لذلک من غلام	اذا بکریۃٌ ولدت غلاماً

نصب لوما علی الندا او علی المفعولیۃ ومن غلام بیان لاسم الاشارۃ ترجمہ جب کہ کوئی بنی بکر کی عورت کوئی لڑکا جنے تو اے خست آموجود ہو اور اُس شخص کے ساتھ رہ جو لڑکا ہے۔

ولیس لدی الحفاظ بذی زحام	یزاحم فی المآدب کلّ عبد

المآدب جمع مادبۃ بضم الدال المہملۃ وفتحہا وہو ما یصنع من الطعام للضیافۃ والحفاظ محافظۃ الاحساب ترجمہ وہ لڑکا ضیافتوں میں ہر غلام سے دھکا پیل کرتا ہے اور عزت دار اور آبرو کی حفاظت کرنیوالے سے مقابل اور مزاحم نہیں ہوتا یعنی ایسی عمدہ جگہہ جاتا ہی نہیں کہ کسی کے مقابل ہو۔

وقال آخر یہجو بنی ذئب

ولا تغررک اقوال ابن ذئب	ردی ثم اشربی نہلاً وعلاً

ردی امر مؤنث حاضر من ورد الماء والنہل محرکۃ الشرب مرۃ اولی والعل مرۃ بعدہا وکاف الخطاب مکسورۃ خطاباً بالناقۃ ترجمہ اے میری ناقہ تو پانی پر پہنچ کر گھاٹ پر جا اور پہلی دفعہ اور دوسری دفعہ

پانی پی مگر تجکو ابن ذئب کی باتیں دہوکا نہ دیں کیونکہ وہ جہوٹا ہے

فلو کان القلیب علی لحاھم	لاسھل وطؤھا شفۃ القلیب

اسہل وجدہا سہلاً والضمیر المجرور للناقۃ ۔ والقلیب البئر واللحی جمع لحیۃ خصہا بالذکر لانہ موضع العزۃ کالالف وضمیر الجمع لابن ذئب وقومہ ۔ ونصب شفۃ القلیب علی انہ مفعول لوطی ترجمہ سو اگر کنواں اُن کے ڈہاڑیوں پر ہو تو اُس ناقہ کی رفتار کنارہ چاہ تک پہونچنے کو سہل وآسان پاویگی اور کچہہ دشواری پیش نہ آوے گی یعنی وہ لوگ ضعیف وکمزور ہیں کہ اپنی ایسی عزت کی چیز کو بھی مویشی کے پاؤں سے نہیں بچا سکتے ۔ وقال آخر

ان تبغضونی فقد اسخنت اعینکم	وقد اتیت حراما ما تظنونا

اسخن عینہ احزنہ وابکاہ ترجمہ اگر تم لوگ مجہسے دشمنی کرو تو کیا مضایقہ ہے کیونکہ میں نے تم کو مغموم کیا اور رولا دیا اور میں نے ایسا حرام کام کیا جس کا تمکو میری نسبت گمان بھی نہ تھا۔

وقد ضممت الی الاحشاء جاریۃ	عذبا مقبلہا مما تصونونا

ترجمہ اور میں نے بیشک اپنی چھاتی سے تمہاری ایسی جوان عورت لگالی جس کا بوسہ گاہ شیریں تہا اور وہ اُن لڑکیوں میں سے تھی جن کی تم حفاظت کرتے ہو۔

وقال آخر

یا قبح اللہ اقواما اذا ذکروا	بنی عمیرۃ رھط اللوم والعار

یا حرف النداء والمنادی محذوف وقبحہ اللہ ابعدہ عن الخیر وانتصب بنی عمیرۃ علی البدل من اقواما ترجمہ اے لوگو خدا قوموں کو یعنی بنی عمیرہ کو جو گروہ خست وعار ہیں خیر وبھلائی سے دور کرے جس مجمع میں اُن کا مذکور ہو یعنی اُن کا ذکر بخیر نہ ہو۔

قوم اذا خوجوا من سوءۃ ولجوا	فی سوءۃ لم یجنوھا باستار

الولوج الدخول ولم یجنوا من اجنہ اذا استرہ ترجمہ وہ ایسی قوم ہی کہ جب وہ ایک برائی کرکے باہر آئیں تو دوسری برائی میں جس کو اپنے ڈھیٹھ پن سے چھپاتی نہیں ہیں بلکہ سب کے روبرو کرتے ہیں داخل ہوجاتے ہیں۔

وقال آخر یہجو الحضری ویمدح البدوی

الحضر السکونۃ فی الامصار والبدو والسکونۃ فی البوادی ۔

جواب بیداء بہا عزوف	لا یاکل البقل ولا یریف

الجوب القطع والعزوف بالمہملۃ فالمعجمۃ من عزف اذا اقام فی الاکل والشرب بالمہملتین الصبور وکنی باکل البقل من الضعف فان البقول ترخی الاعصاب وریف الرجل اذا اتی الریف وہو الارض ذات الزرع

والخصب والسعة فی الماکل والمشارب وکنی به عن الکسل ترجمہ بدوی شخص جنگل کا رہنے والا صحرا گرد اور وہاں کی سختیوں پر صابر ہے اور مثل شہریوں ساگ پات کھانے والوں کے سست اور ضعیف نہیں ہو اور نہ بہت کھا کر کاہل و تن آسان ہے ۔

ولا یُری فی بیته القلیفُ	الا الحمیتُ المفعمُ المکشوفُ

یُری مجہول۔ والقلیف بالقاف وعاء من خوص النخل یوضع فیه التمر والیابس من الفواکه والتمر المنترع العجم الموضوع فی دعاء۔ والاستثناء منقطع والحمیت وعاء السمن والتمر الشدید الحلاوة والمفعم المملو ترجمہ اور اس کے گھر میں چھوارے اور خشک میووں کے رکھنے کی زنبیل نہیں دیکھی جاتی کیونکہ اس کو ہر وقت تازہ میوے ملتے ہیں مگر ہاں اس کے گھر میں گھی سے مونہہ تلک بھرے ہوئے سر کھلے ہوئے کپے موجود ہیں ۔

للجار والضیف اذا یضیفُ	والحضریّ بطنه معلوفٌ

اللام متعلقة بالمکشوف وضاف الرجل اذا نزل ضیفا ترجمہ وہ گھی کے کپے ہمسایہ کے واسطے اور مہمان کے لیئے ہیں جب وہ آجاوے اور شہری آدمی کا شکم ساگ پات سے پُر ہوتا ہے ۔

للفسو فی اثوابه شفیفُ	اعجب بینتیه الکنیفُ
	اوطانه مبقلةٌ وسیفُ

الفسو الریح التی تخرج من الدبر بلا صوت والشفیف الریح الباردة مع ندوةٍ والکنیف المستراح والسیف بالکسر ساحل الوادی وروی ریف وهی الارض التی فیها زرع وخصب ترجمہ اس شہری کے کپڑوں میں پھسکی کی سرد و نمناک ہوا موجود ہے جو ہری ترکاریوں کے کھانے سے پیدا ہوتی ہے اس کو اپنے دو گھروں میں سے پائخانہ بہت اچھا معلوم ہوتا ہے کہ بسبب کثرت خوراک وہاں بار بار جانے کی اس کو شدید ضرورت ہوتی ہو اس کے رہنے کی جگہ ساگ کے کھیت اور کھائی کا کنارہ جہاں ہری گھاس ہوتی ہو یا زمین زراعت کی ہے ۔

وقال ریعان یہجو بنی عم

والعم لقب مالک بن حنظلة

اذا کنت عمّیًا فکن فقعَ قرقرٍ	والّا فکن ان شئتَ ایرَ حمارِ

الفقع الکماة والقرقر الارض مستویة کالقاع ۔ وفقع القرقر وفقع القاع یضرب بها المثل فی الذل فیقال اذل من فقعٍ بقاعٍ وذلک لانه یجتنیها من یشاء ترجمہ اے مخاطب جب تو بنی عم سے ہوگا تو مانند چٹیل میدان کے کھنبی کے (جسے سانپ کی روٹی اور چھتری بھی کہتے ہیں) ذلیل و خوار ہو ورنہ اگر تو چاہے تو کیر خر ہو یعنی ذلیل و خوار خلاصہ یہ ہی کہ بنی عمی ہونا اور یہ دو چیز ہونا ذلت و خواری میں برابر ہیں ۔ برابر میدان کی کھنبی اس واسطے

لکھی کہ اُسے جو چاہتا ہے بے تکلف توڑ لیتا ہے۔

فما دارُ عمٍّ بدارِ خفارۃٍ	ولا عقدُ عمٍّ بعقدِ جوارِ

الخفارۃ الذمۃ ترجمہ سو بنی عم کے کسی شخص کا گھر ایفائے ذمہ کا گھر نہیں ہے اور نہ عہد کسی بنی عم کے شخص کا عہد پناہ دینے اور حمایت کا ہے یعنی وہ لوگ اپنے عہد و ذمہ کو پورا نہیں کرتے

وقال آخر یہجو بنی حکم بن ابی العاص بن امیۃ

اراني في بني حکمٍ غریباً	علی قترٍ أزورُ ولا أُزارُ

القتر بالقاف المفتوحۃ ضیق العیش وبالضم الجانب ترجمہ میں اپنے آپ کو بنی حکم میں مفلس مسافر دیکھتا ہوں یا ایک طرف پڑا ہوا کہ میں اُن سے ملنے جاتا ہوں اور مجھ سے کوئی ملاقات کرنے نہیں آتا۔

أُناسٌ یاکلون اللحم دُوني	وتأتیني المعاذرُ والقُتارُ

المعاذر جمع معذرۃ وقیل المعاذر العذرات بتقدیر المضاف ای ریح العذرات والقتار بالقاف فالفوقانیۃ ریح اللحم المشوی ترجمہ وہ ایسے لوگ ہیں جو بے میرے گوشت کھاتے ہیں اور میرے پاس اُن کے جھوٹے عذریا انکی نجاسات کی بدبو اور گوشت بریاں کی بدبوئے خوش آتی ہے۔

وقال آخر یہجو بطون عامر

وما ان فی الحریش ولا عقیلٍ	ولا اولاد جعدۃ من کریمِ
ولا البُرصِ لِفقاحِ بنی نُمیرٍ	ولا العجلانِ زائدۃِ الظلیمِ

ان زائدۃ موکدۃ لمعنی النفی ومن للاستغراق وحریش وعقیل وجعدۃ وعجلان بنو کعب بن ربیعۃ ونمیر بن صعصعۃ لبطون من عامر بن صعصعۃ والبرص جمع ابرص والفقاح وہی جلد الدبر وکان برص لاستہ من اشد العیوب عندہم وبنی نمیر عطف بیان والظلیم ذکر النعامۃ وزائدۃ ولدہ وکنی بہ عن الجبان ترجمہ بنی حریش اور بنی عقیل اور آل جعدہ میں اور اُن لوگوں میں بنی نمیر کے جنکے سرین مبروص ہیں اور بنی عجلان میں جو مثل بچہ شتر مرغ کے ترسناک وضعیف ہیں کوئی شخص کریم نہیں ہے بلکہ سب کے سب ناکس اور لئیم ہیں۔

أُولئک معشرٌ کبنات نعشٍ	رواکدَ لا تسیرُ مع النجومِ

نبات نعش سبعۃ کواکب مجتمعۃ۔ والرواکد الثابت ترجمہ وہ لوگ ایک گروہ ہیں مثل بنات نعش کے جو سیاروں کے ساتھ نہیں چلتے ایک جگہ ٹھیرنیوالے ہیں یعنے کاہل ہیں سفر پیشہ نہیں ہیں۔

وقال رجل من جرم لزیاد الاعجم یہجوہ

دلفتُ الی صَمِیمکَ بالقوافی ۔۔۔ عشیّۃ محفلٍ فھممت فاکا

الالف الشی دون الدبیب والصمیم العظم الذی بہ قوام البدن والصریح الخالص واراد بہ النسب الخالص علی الاستہزار حیث لم یکن لزیاد نسب خالص فانہ کان من الموالی والمحفل المجلس والہتم الکسر ترجمہ میں مجمع قوم کی شام کو اشعار لیکر تیرے بدن کی ہڈیاں توڑنے یا تیرے نسب خالص کا حال بیان کرنے چلا اور میں نے تیرا منہ توڑ دیا کہ تو مجکو جواب کچھ نہ دیسکا نسب خالص بطور طنز و استہزاء کے کہا کیونکہ زیاد ایک مولی زادہ تھا یعنی اسکے بڑوں میں کوئی غلام تھا جو آزاد ہو گیا تھا

وصدّق ما اقول علیک قومٌ ۔۔۔ عرفتَ اباھُم ونفوا اباکا

ترجمہ اور میری اس بات کو جو میں تیری بدنسبی کے باب میں کہتا تھا اُس قوم نے تصدیق کی جنکی باتوں کو تو خوب جانتا ہے اور اُنھوں نے تیرے باپ کو اپنی برابر نہیں شمار کیا بلکہ کمتر سمجھا یا تیرے باپ کو جلا وطن کر دیا۔

وقال زیاد الاعجم لابی قلانۃ الجرمی

وانما لقب بالاعجم لانہ کان ینزل اصطخر من بلاد العجم فغلب العجمۃ علیہ فلقب بہ

ومن انتم اِنّا نسینا مَن انتمُ ۔۔۔ وریحکمُ من ای ریح الاعاصرِ

الاعاصر جمع اعصار وہو الریح التی فیہا نار و غبار ترجمہ اور تم کون بلا ہو ہم تمکو تمہاری بیقدری کے باعث بھول گئے کہو تو تم کون ہو اور تمہاری ہوا کونسی ہوا غبار دار یا آتشبار سے ہے یعنی تم لوگ مبدء شر و فساد ہو تم میں بھلائی اور خیر نہیں ہے۔

وانتم اولیٰ جئتم مع البقل والدبا ۔۔۔ فطار وھذا شخصکم غیر طائر

اولی بمعنی الذین والدبا صغار الجراد ترجمہ اور تم وہ لوگ ہو جو ساگ پات اور چھوٹی ٹڈیوں کے ساتھ آئے یعنی مثل نباتات کے ہو جن کی جڑ خوب نہیں ہوتی یا تمہاری نمود بسبب ہیضے اور ارزانی غلہ کے ہی ورنہ سابق کچھہ نہ تھے بقول شخصے ۵ غلہ گر ارزاں شود امسال سید میشوم ؛ اور تم مثل ملخ بے خانمان ہو سو ٹڈیاں تو بسبب پردار ہونے کے اڑگئیں اور یہ تمہارا وجود و جسم غیر پردار تھا اِس لیئے تم نہ اُڑسے۔

فلم تسمعوا الا بمن کان قبلکم ۔۔۔ ولم تدرکوا الّا مَدَقّ الحوافر

ترجمہ سو تم نے ذکر خیر نہیں سُنا مگر اُن کا جو تم سے پہلے تھے اور نہ پایا تم نے مگر نشان قدم پہلے لوگوں کا یعنی تم میں کچھہ خوبی اور شجاعت نہیں ہے پہلے لوگوں کا ذکر خیر سُنکر جی خوش کر لیتے ہو۔

وقال عمرو بن ہذیل العبدی

لا تو جُ خیرا عند یا بن مسمعٍ ۔۔۔ اذا کنت من حیّی حنیفۃ او عجل

زیاد الاعجم

عمرو بن ہذیل

بنو حنیفۃ وبنو عجل بطنان من بکر ترجمہ شاعر مالک بن مسمع کو جب بھاگ کر بمقام ثاج ٹھیرا خطاب کر کے کہتا ہی جب کہ تو قوم بنی حنیفہ اور بنی عجل سے ہے تو مالک بن مسمع کے دروازہ پر کسی بھلائی کی امید مت رکھہ

وانت بثاج ما تمر و ما تحلی	ونحن اقمنا امر بکر بن وائل

ثاج بالمثلثۃ فالجیم ماء لبنی سعد وقیل قریۃ بالبحرین وما تمر وما تحلی لاتضر ولا تنفع ترجمہ اور ہم نے معاملہ بکر بن وائل کو درست کیا جب کہ تو بمقام ثاج ایسے حال میں تھا کہ نہ کسیکو نقصان پہونچا سکتا تھا اور نہ فائدہ

قدیما واحسنا نبتن مع البقل	وما تستوی احسناب قوم تورثت

ترجمہ اُس قوم کے فضائل جو ہمیشہ اپنے بزرگوں سے فضائل کے وارث ہوتے چلے آئے ہیں اور دوسری قوم کے فضائل جو گھاس پھوس کی طرح پائدار نہیں ہیں یا ایام ارزانی میں نمودپکڑ گئے ہیں برابر نہیں ہو سکتے

وقالت کنزۃ ام شملۃ المنقری فی میتہ

صاحبۃ ذی الرمۃ وقیل ہی الذی الرمۃ وکانت کنزۃ ہذہ امۃ لآل قیس بن عاصم المنقریؒ وکان ذو الرمۃ یشبب بمیتہ بنت طلحۃ بن قیس بن عاصم فکرہتہ کنزۃ وقالت الاشعار تہجو میتہ لیرغب عنہا ذو الرمۃ ہذا۔

اذا ذکرت میٌّ فلاحبذا ہیا	الا حبذا اہل الملا غیر انہ

الملا الصحراء والبادیۃ ومیّ ترخیم میتہ فی غیر موضع النداء ومعنی الاحبذا الامحبوب والالف للاشباع فی ہیا ترجمہ لوگو سنو کہ بدوی لوگ پیارے اور محبوب ہیں مگر بات یہ ہی کہ جب مسماۃ میتہ کا مذکور ہو تو وہ پیاری نہیں ہی یعنی وہ بُری ہے۔

وتحت الثیاب الخزی لو کان بادیا	علیٰ وجہ میّ مسحۃٌ من ملاحۃ

المسحۃ مرۃ من المسح وہو امرار الید المبلولۃ والخزی الفضیحۃ ولو بمعنی لیت ترجمہ میتہ کے چہرہ پر کچہہ ملاحت اور نمکینی کا چھینٹا ہی مگر اُسکے لباس کے اندر بدصورتی اور رسوائی ہے کاش وہ ظاہر ہوتی کہ لوگ اُس پر نہ مرتے۔

وان کان لون الماء ابیض صافیا	الم تر ان الماء یخلف طعمہ

یخلف بمعنی یتغیر ترجمہ کیا تو نہیں دیکھتا کہ پانی کا مزہ متغیر ہو جاتا ہے اگرچہ پانی کا رنگ صاف وسفید ہو یعنی جیسے کبھی پانی کی سیرت بدل جاتی ہے گو صورت نہ بدلے ایسا ہی حال میہ کا ہے۔

تولی باضعاف الذی جاء ظامیا	اذا ما اتاہ وارد من ضرورۃ

الضمیر المنصوب للماء والظامی العطشان من حال تولی ترجمہ جب کہ اس پانی متغیر الطعم کے پاس ضرورت میں کوئی پیاسا آوے تو اُسکی تشنگی سے جسمیں وہ مبتلا آیا تھا دو چند حالت تشنگی میں لوٹ جاتا ہے یعنی بسبب حرارت آمد ورفت کے تشنگی زیادہ ہو جاتی ہی اور بسبب بدمزہ ہو جانے کے پانی نہیں پی سکتا۔

واثوابہا یخفین منہا المخازیا	کذلک میّ فی الثیاب اذا بدت

ترجمہ ایسا ہی میہ کا حال ہے جب کہ وہ لباس پہنے ہوے ظاہر ہوا اور اُسکے کپڑے اُسکے عیوب و بد صورتی کی رسوائی کو چھپاویں یعنی وہ اسوقت مثل متغیر الطعم پانی کے دیکھنے میں اچھی معلوم ہو گی مگر بکار آمد نہ ہوگی

فلو انّ غیلان الشقی بدت له مجرّدة یومًا لمّا قال ذالیا
کقول مضی منه ولکن لردّه الی غیر میّ اولاصبح سالیا

غیلان علم ذی الرمة والسالی الصابر ترجمہ سو اگر میہ کمبخت غیلان کے روبرو کسی روز برہنہ ظاہر ہو تو وہ میہ کو مثل قول زمانہ سابق کے کبھی یوں نہ کہے کہ کاش یہ میرے قابو میں ہووے بلکہ اُس سے اعراض کرنے لگے اور اُس قول سابق کو اور کیطرف سوائے میہ کے لوٹا دے یعنی میہ سے ایسا بول نہ کہے بلکہ سوائے میہ کے اور کسی محبوبہ سے یہ قول کہے یا وہ میہ سے بیشک بے پروا ہو جاوے۔

وقال ابو العتاہیہ

جزی البخیل علیّ صالحةً عنّی بخفّته علی ظهری

علی متعلق بالبخیل ترجمہ جو شخص مجھ سے بخل کرتا ہے وہ میری طرف سے نیک جزا دیا جاوے کیونکہ وہ میری پشت پر ہلکا رہا یعنی اُسکے بخل کے سبب اُس کا بار احسان میری گردن پر نہ ہوا۔

اعلی واکرم عن یدیه یدی فعلت ونزّه قدره قدری

یقال کرم عنه علا عنه اذا بعد عنه و نزّهه بعده ترجمہ بخیل نے اپنے دونوں ہاتھوں سے میرے ہاتھ کو دور کر دیا سو وہ دور ہو گیا اور اُسکی بخیلی کی مقدار نے میرے کرم کی مقدار کو عار و ننگ سے پاک و صاف رکھا یعنی اُسکے عطا کے قبول کرنے سے بچا لیا۔

ورزقت من جدواه عافیةً الّا یضیق بشکره صدری

ترجمہ اور میں اُسکی عطا سے عافیت روزی کیا گیا یعنی خدا تعالی نے اُس سے مجکو بچایا تاکہ میرا سینہ اُسکے شکر نعمت سے تنگ نہ ہو۔

وغنیت خلوًا من تفضّله اٰحنوا علیه باوسع العذر

غنی الرجل کرضی عاش والخلو الخالی حال من ضمیر المتکلم و حنا علیه عطف علیه ترجمہ اور میں اُسکے فضل و کرم سے خالی زندگی بسر کرکے ایسے حال میں کہ میں نہایت وسیع و طویل عذر سے اُسپر مہربان ہوتا یعنی اگر میں اُسکی عطا قبول کرتا تو اُسکے قبول کرنے کی مجکو بڑے لمبے چوڑے عذر بیان کرنے پڑتے۔

مافاتنی خیر امرءٍ وضعت عنی یداه مؤنة الشکر

المؤنة الکلفة ترجمہ اس مرد کی نیکی میرے پاس سے جاتی نہیں رہی جسکے دونوں ہاتھوں نے میرے اوپر سے تکلیف شکر گزاری و تارکھی ہے یعنی بیشک اُس شخص کی نیکی مجکو پہونچی جسنے مجکو کچھ نہیں دیا۔ کیوں کہ اگر وہ مجھ کو کچھ

ابو العتاہیہ

دیتا تو مجکو اُسکی شکر گزاری کی تکلیف البتہ اُٹھانی پڑتی ہے۔

وقال ابن عبدل الاسدی

بعد المشیب تعوّج المسمار	اُضحی عراجة قد تعوّج دینه

عراجہ علم رجل ترجمہ بعد آنے پیری کے عراجہ کا دین و اعتقاد ایسا کج ہوگیا جیسے لوہے کی میخ کج ہوکر کمتر سیدہی ہوتی ہے۔

فُرجت قوائمه بایرِ حمار	واذا نظرت الی عراجة خِلته

ترجمہ اور جب کہ تو عراجہ یعنی اُسکی کشادہ روی کو دیکھے گا تو یہ خیال کریگا کہ اُسکی دونوں ٹانگیں بصدمہ کیر خر کشادہ کیگئی ہیں۔

وقالت ام عمرو بنت وقدان

فذَرُوا السلاح ووحّشوا بالابرق	ان انتم لم تطلبوا باخیکم

مفعول الطلب محذوف یقال طلبہ بہ اذا اخذہ بہ والباء زائدۃ داخلۃ علے المفعول بتقدیر المضاف وحش الرجل اذا نشبہ والسن بالوحش والابرق کل ارض ذات طین و رمل مختلط وحجارۃ ترجمہ اگر تم اپنے مقتول بھائی کی بدلی اُسکے قاتلوں کو نہ پکڑو یا اپنے بھائی کا عوض نہ لو تو ہتھیاروں کو چھوڑ دو اور بالو دار پتھریلی کیچڑ میں جنگلی جانوروں کے موافق ہو جاؤ کہ صیاد سے اُنکا کبھی قصاص نہیں لیا جاتا۔ الحاصل قصاص لینے پر برانگیختہ کرتی ہے۔

نقب النساء فبئس رھط المرھق	وخذوا المکاحل والمجاسد والبسوا

والمجاسد جمع مجسد وہو الثوب المصبوغ بالزعفران والمرھق اسم مفعول من ادرک اے من ادرکہ من طلبہ من الاعداء والمخصوص محذوف ترجمہ اور سرمہ دانیاں اور زعفرانی لباس سنبھالو اور عورتوں کی اوڑھنی اوڑھو کیونکہ تم اُس شخص کے جو گرفتار کرکے مارا گیا بُری قوم ہو۔

اکل الخزیر ولعق اجر دا محق	الھاکم ان تطلبوا باخیکم

الخزیر بالمعجمات الثلاثة طعام یتخذ من اللحم والدقیق واللعق اللحس باللسان والاجرد بالجیم اللبن الذی ینزع منه زبده والامحق تفضیل المحوق من محق اللّٰه اذا ذهب ببرکته ترجمہ تم کو تمہارے بھائی مقتول کے بدلہ لینے سے خزیر کے کھانے اور مسکا نکالے ہوئے دودھ کے چاٹنے نے جو برکت سے خالی ہے غافل کر دیا۔ یعنی تم لوگ بندہ شکم ہو تم کو لڑائی سے کیا علاقہ ہے۔ خزیر ایک قسم طعام ہے جو گوشت کے قیمہ کو آٹے میں پکاکر طیار کرتے ہیں۔

وقالت امراة من طی وہی صبیۃ غاالیونیۃ تھجو بنی محارب

وبکی الدب الویلات قتلی محارب	اعاصی جودی بالدموع السواکب

الہمزۃ للنداء وعاصی ترخیم عاصیۃ والسکب لازم ومتعد وہہنا لازم وکک الویلات دعاء معترض واضافۃ القتلی الی محارب اضافۃ المفعول الی الفاعل ترجمہ آپ کو خطاب کرکے کہتی ہے کہ اے عاصیہ اپنی آنکھوں سے اشکہاے ریزاں گرا اور تجھپر افسوس اُن مقتولوں پر گریہ کر جن کو بنی محارب نے قتل کیا ہے۔

من السروات والرؤس الذوائب ولکنما ثارنا فی محارب	فلو ان قومی قتلتہم عمارۃ صبرنا لما یاتی بہ الدھر عاملا

العمارۃ دون القبیلۃ وفوق الفخذ والبطن والسروات جمع سراۃ وہو اعلی کل شیٔ وارادت بہم السادۃ الکرام والرؤس الاشراف والذوائب الاعالی والآثار جمع ثار وہو الوتر وطلب الدم ترجمہ سو اگر میری قوم کو کوئی فریق سرداروں اور بلند مرتبہ لوگوں کا قتل کرتا تو ہم اس مصیبت پر صبر کرتے جس کو زمانہ بالارادہ ہمپر ڈالتا ہے مگر کیا کیجئے۔ ہمارے انتقام اور کینے بنی محارب ہیں یعنی اُن کے ذمہ ہیں جو نہایت ذلیل وخوار ہیں۔

وان یغلبونا یوجدوا شر غالب	قبیل لئام ان ظہرنا علیہم

جواب الشرط محذوف ومعنی شر غالب کونہم شدیدۃ الایلام اذا غلبوا ترجمہ وہ یعنی بنی محارب کمینہ قوم ہیں اگر ہم اُن پر غالب آئے تو ہم کو کچھ فخر حاصل نہ ہوگا اور اگر وہ لوگ ہمپر غالب آئے تو وہ بدتر غالب ہونگے یعنی کمینوں کی طرح حد سے زیادہ ستائینگے۔

وقالت غیرہا تہجو زیاد بن ابی سفیان

والجاہ الزمان الی زیاد کان لک علیہ ارزاق العباد	اذا ما الرزق احجم عن کریم تلقاہ بوجہ مکفہر

الاحجام بتقدیم المہملۃ علی الجیم التاخر والمکفہر العبوس ترجمہ جب روزی کسی بھلے مانس کی پاس دیر میں آوے اور اُس بھلے مانس کو زمانہ رزق طلب کرنے کے لیے زیاد کے پاس جانے کو مضطر کردے تو زیاد اُس کریم سے ایسی ترشروئی کیساتھ ملیگا گویا سب بندوں کی روزیاں اُسکے ذمہ ہیں۔

وقال ابو محمد الیزیدی

وانما یقال لہ الیزیدی لانہ کان ممن خرج مع ابرہیم بن عبد اللہ بن الحسن بالبصرۃ ثم تواری مدۃ حتے اتصل بیزید بن منصور خال المہدی فوصلہ بالرشید وادب ابنہ مامون بن الرشید۔

انی یلوم علی الزمان تبدلی	عجبا لاحمد والعجائب جمۃ

الجم الكثير والجملة اعتراض واني بمعنى كيف ومعنى على الزمان على حروف الزمان ترجمہ میں احمد سے بہت تعجب کرتا ہوں اور حال یہ ہے کہ دنیا میں عجائبات بہت ہیں کہ وہ بباعث حوادث زمانہ میرے مستعمل کپڑے پہننے پر یعنی تغیر ہیأت سابق پر مجھکو کیونکر ملامت کرتا ہے یعنی یہ امر عجیب نہیں ہے۔

إِنَّ العجيبَ لَمَا أَبَثُّكَ أَمرَه — مِن كُلِّ مَثلوجِ الفؤادِ مُهَبَّلِ

اللام للتاكيد وما بمعنى من اذلم يرد الموصوف من ذوي العقول اُبثك اظهره عليك ومن بيانية ومثلوج الفواد البليد الكسلان والمهبل اللحيم المورم الوجه ترجمہ بیشک عجیب وہ شخص ہے جسکا حال تجھپر ظاہر کرتا ہوں کہ وہ پلید کاہل نہایت فربہ موٹا سوجھے ہوئے لوگوں میں سے ہے یعنی میرا حال عجب نہیں ہے کیونکہ انقلاب زمانہ سے ہر شخص کی ہیأت میں فرق آجاتا ہے۔ ہاں عجب حال احمق بیحیا فربہ کا ہے کہ وہ ہر حال میں فربہ رہتا ہے اور اسپر کوئی صدمہ بیعزتی کا اثر نہیں کرتا ہے۔ درست کہا ہے ؎ بیحیا باش ہرچہ خواہی کن ۔ گویا یہ طعن احمد ملا منگر پر ہے کہ تو ایسا ہے۔

وَخَلٍ يَلُوكُ لِسانَهُ بِلَهاتِهِ — وَتَرى ضَبابَةَ قَلبِهِ لا تَنجَلي

النوعد الاحمق السفيه واللوك المضغ اين اللهاة الحنك الاعلى والضباب السحاب الرقيق ترجمہ وہ ایسا پلید ہے کہ بسبب نہ آنے جواب معقول وعدم قدرت گفتگو کے اپنے اوپر کے تالو کو زبان سے چاٹنے لگتا ہے اور تو اسکو دیکھیگا کہ اُسکے دل کا ابر کھلتا نہیں ہے یعنی ہر وقت شک اور تردد میں رہتا ہے۔

مُتَصَرِّفٍ لِلنُّوكِ في غُلَوائِهِ — زَمِرِ المُرُوءَةِ جامِحٍ في المِسحَلِ

النوك الحمق والغلواء اول الشباب۔ والزمر بتقديم المعجمة كتف القليل المروة والجامح من جمح الفرس اذا غلب على فارسه والمسحل اللجام ترجمہ ایسا پلید کہ وہ اپنی شروع جوانی میں حمق کا استعمال کرتا ہے قلیل المروۃ ہے اور نافرمان گویا وہ گھوڑا ہے جو اپنی لگام میں سرکشی کرتا ہے۔

وَإِذا شَهِدتَ بِهِ مَجالِسَ ذِي النُّهى — وَبَلَت سَحابَتُهُ بِنَوكٍ مُسهِلِ

وبل المطر امطر وكنى بالمسهل عن المخازي والمفاضح ترجمہ اور جب کہ تو اُسکو عاقلوں کی مجلس میں لیجاوے تو اسکا ابر حماقت کا ایسا مینہ برسادے کہ جسقدر اُسکے شکم میں ہے سب نکل پڑے یعنی ایسی واہی باتیں کرے جیسا براز اُسکے شکم میں ہے اور تمام قوم میں فضیحت ہو جاوے۔

غَلَبَ الزَّمانَ بِجَدِّهِ فَسَما بِهِ — وَكَبا الزَّمانُ لِوَجهِهِ وَالكَلكَلِ

الجد البخت والسمو العلو والمجرور للجد وكبا كبوا اذا انكب على وجهه والكلكل الصدر ترجمہ وہ احمق اپنے نصیب کی رو سے زمانہ پر غالب آگیا ہے اور اُسکی مدد سے بلند رتبہ ہو گیا نہ بزور لیاقت اور عقل کے اور زمانہ اُسکے سامنے اپنے موہنہ اور سینہ کے بل اوندہا گر گیا ہے یعنی اُسکا مطیع ہو گیا ہے۔

وَلَقَد سَمَوتُ بِهِمَّتي وَسَما بِها — طَلَبي المَكارِمَ بِالفَعالِ الأَفضَلِ

فاعل سماطلبی ترجمہ بخدا میں بلند رتبہ ہوا اپنی ہمت کے ذریعہ سے اور میں نیکنامی کے کاموں کو بمدد عمدہ افعال کے طلب کرنا اسی ہمت سے درجہ عالی کو پہنچا

عثر الزمان بذی الدہاء الحول	لانال مکرمۃ الحیوۃ وربما

اللام متعلقہ بسموت وعثر عثار آخر علے الارض - والبا للتعدیۃ والدہاء العقل والمکر والحول الکثیر الحیلۃ ترجمہ میں اپنی ہمت سے اسواسطے بلند مرتبہ ہوا تاکہ شرف زندگانی کو پہونچوں اور اکثر زمانہ بڑے عاقل اور مدبر کو زمین پر گرا دیتا ہے یعنی خاک میں ملا دیتا ہے۔

کلب الزمان بعفۃ وتجمل	فلئن غلبت لتمضین ضریبتی

غلبت مجہول وتمضین من الامضاء والضریبۃ الطبیعۃ والکلب محرکۃ الشدۃ ترجمہ سو بخدا اگر میں مغلوب کیا گیا یعنی مجکو زمانہ نے دبا لیا اور مغلوب کر لیا تو میری طبیعت زمانہ کی سختی پر بذریعہ پاکدامنی اور صبر جمیل غالب اور اپنے ارادہ پر جمی رہیگی - یعنی سوال سے بچونگا اور صبر جمیل کرونگا۔

باب الاضیاف والمدائح

وقال عتیبہ بن بجیر المازنی من بنی الحارث بن کعب

عتیبہ بن بجیر المازنی

الی کل صوت فہو فی الرحل جانح	ومستنبح بات الصدی یستتیہہ

استنبح الرجل اذا طلب نباح الکلب بنباحہ وکان من عادتہم اذا ضل مسافر فی لیل مظلم ولم یہتد الی سبیل کان ینبح کالکلب لیسمعہ کلاب مع ضع ان کان قریبا منہ فیجیبوہ فیصل الیہ ثم توسع فیہ حتی قیل لکل طارق لیل واراد بالصدی ما یرد علی المصوت من الطرف المتقابل واستتاہ الرجل اذا ضل وتحیر شدیدا والرحل المنزل والجانح المائل ترجمہ اور بہت سے مسافر انکو آنیوالے اور کتوں کی طرح بھونک کر اور کتوں کو بھونکانے والے ہیں کہ آواز کی گونج - یعنی وہ آواز جو طرف مقابل سے نکلتی ہے بوجہ بولنے کسی شخص کے آتی ہے اسکو ہر آواز کیطرف حیران و ششدر کرتی ہے سو وہ میری فرودگاہ کی طرف مائل ہوتا ہے

وسار اضافتہ الکلاب النوابح	فقلت لاہلی ما بغام مطیۃ

البغام صوت الناقۃ وارید بہ الصوت مطلقا ترجمہ سو میں نے اپنے گھر کے لوگوں سے کہا کہ یہ آواز اونٹنی کی بلبلانے کی اور اس مسافر کی جسکی ضیافت بھونکنے والے کتوں نے کر رکھی ہی کیسی ہے یعنی اسکو دریافت کرو۔

متون الفیافی والخطوب الطوارح	فقالوا غریب طارق طوحت بہ

طوح بہ طرح ورماہ والمتن ماصلب من الارض والفیافی الصحاری والخطوب الحوادث ترجمہ سو انہوں نے کہا کہ ایک رات کو آنے والا مسافر ہے کہ اسکو جنگلوں کی سخت زمین نے اور حوادث روزگار نے جو لوگوں کو ایک سرزمین سے دوسری سرزمین میں پھینک دیتے ہیں ہماری طرف پھینک دیا ہے۔

فقمت ولم اجثم مکانی ولم تقم	مع النفس علات البخیل الفواضح

جثم مکانہ لزمہ والعلات الموانع ترجمہ سو یہ سنکر میں فوراً کھڑا ہو گیا اور اپنی جگہ پکڑے نہ رہا اور میری طبیعت کے ساتھ موانع اور بیماریاں بخیل کی جو اسکو مہمانداری سے روکتی ہیں اور اسکو لوگوں میں فضیحت کر دیتی ہیں نہ اٹھیں۔

ونادیت شبلا فاستجاب وربما	ضمنا قری عشر لمن لا نصافح

الشبل ولد الاسد واستعیر للابن والعشر بالضم عشر المال و بالفتح عشر لیال وکنی بمن لا نصافح عن الاجنبی المحض ترجمہ اسنے اپنے بیٹے کو جو مثل شیر بچہ کے تھا اپنی مدد کے لیے پکارا اور اسنے جواب دیا اور ہم اکثر اوقات دس دس روز اجنبی شخص کی ضیافت کے متکفل ہو جاتے ہیں یا اسکو اپنے مال کا دسواں حصہ دے ڈالتے ہیں

فقام ابو ضیف کریم کانہ	وقد جد من فرط الفکاہۃ مازح

اراد بابی ضیف نفسہ والجد نقیض الہزل و مازح خبر کان والفکاہۃ بالضم الظرافۃ و بالفتح طیب النفس ترجمہ تو مہمانوں کا سخی باپ یعنی میں کھڑا ہوا کہ گویا وہ ستبھاؤ میں بسبب کثرت خوش طبعی اور اخلاق کے ہنسی اور ٹھٹھا کرنیوالا ہے ستبھاؤ کے یہ معنی ہیں کہ یہ اسکی دل لگی کی باتیں ہیں اور خوش اخلاقی بطور استہزا نہیں بلکہ تہ دل سے

الی جذم مال قد نہکنا سوامہ	واعراضنا فیہ بواق صحائح

متعلق بقام والجذم بالکسر الاصل والمال الابل واراد بالاصل ورای الذ واند من الاولاد و نہکنا افناہ والسوام الابل الراعیۃ والضمیر للمال ترجمہ میں اصل میں مال کیطرف کھڑا ہوا یعنی ان شتروں میں بارادہ ذبح گیا جن میں سے چرنے والے شتر سابق مہمانوں کی ضیافت اور لوگوں کے تاوانوں میں ہم نے فنا کر دیئے تھے مگر ان کے معاملہ میں ہماری آبروئیں باقی اور تندرست تھیں گو وہ شتر باقی نہ تھے۔

جعلناہ دون الذم حتی کانہ	اذا عد مال المکثرین المنائح

المنائح جمع منیحۃ وہی الناقۃ الحلوبۃ تدفع الی الجار لیتمتع بلبنہا مادام فیہا اللبن مرفوع خبر کان والتشبیہ فی ایصال النفع ترجمہ ہم نے اس مال کو اپنی بدنامی کی آڑ کیا یہانتک کہ ہم نے اسکے صرف کو ایسا سمجھا گویا وہ ایصال نفع میں شیر دار اونٹنیاں ہیں جو ہمسایہ کو صرف دودھ پینے کو دی جاویں۔ جب کہ بہت سے شتروں کے مالکوں کے شتر گنے جاویں یعنی بخیلوں کے۔

لنا حمد ارباب المئین ولا یری	الی بیتنا مال مع اللیل رائح

المئون جمع مائۃ و اراد بارباب المئین الاغنیاء المکثرین والزیح خلاف الغادی والی متعلق بہ ترجمہ اب ہماری ویسی تعریف ہوتی ہے جیسے سیکڑوں شتروں والوں کی ہوتی ہے کیونکہ ہم ان جیسی سخاوت کرتے ہیں با وجودیکہ اس وقت ہمارے گھر کی طرف کوئی شتر شام کو آنیوالا نہیں ہے یعنی ہم مفلس ہیں۔

وقال مرۃ بن محکان التمیمی

شاعر اسلامی اموی جواد سخی نزل علیہ قوم فی لیلۃ باردۃ فنحر لہم و اطعمہم ثم غناہم بہذہ الابیات

ضُمّی الیکِ رحالَ القومِ والقُرُبا	یا ربّۃَ البیتِ قومی غیرَ صاغرۃٍ

ربۃ البیت صاحبتہ ویعنی بہ الزوجۃ والقرب بضمتین جمع قراب وہو غمد السیف اراد بہا الاسلحۃ ترجمہ اے میری گھر والی تو بحالت عزت وحرمت اٹھ اور اس مہمان قوم کے کجاوے اور ہتھیار اپنے گھر میں رکھ لے یعنی اب ہم انکی حفاظت جان و مال کے لیئے کافی ہیں انکو ہتھیار اپنے پاس رکھنے کی کچھ ضرورت نہیں ہے۔

لا یُبصِرُ الکلبُ من ظلمائہا الطُّنُبا	فی لیلۃٍ من جمادی ذاتِ اندیۃٍ

کانوا یجعلون شہر البرد جمادی وان لم یکن جمادی فی الحقیقۃ کان الاسماء وضعت فی الاصل مقسمۃ علی عوارض الزمان والحر والریح والبرد والمطر ثم تغیرت فصارت تستعار والاندیۃ جمع ندی وہو المطر القلیل والظلماء الظلمۃ والطنب جمع طناب ترجمہ تو کھڑی ہو جمادی الاولی یا اخری کی ایک رات میں جسمیں علاوہ سردی کے ترشح ہو رہا ہے اور وہ ایسی اندھیری ہے کہ اسکی تاریکی کے سبب کتا باوجودیکہ وہ شب کو تیز نظر ہوتا ہے خیمہ کی رسیاں نہیں دیکھ سکتا۔ جب کہ عرب نے مہینوں کے نام تجویز کیئے تو اسوقت جمادی الاولی و اخری موسم سرما میں آئے۔ پس اب تک عرب ان دونوں مہینوں کو سردی کے شمار کرتے ہیں۔

حتی یلُفَّ علی خیشومہ الذَّنَبا	لا ینبحُ الکلبُ فیہا غیرَ واحدۃٍ

الخیشوم ثقبۃ الانف ترجمہ باعث شدت برودت کے اس شب میں کتا سوائے ایک دفعہ کے نہیں بھونکتا مگر یہ کہ اپنی ناک پر اپنی دم کو لپیٹ لے تو دوسری دفعہ بھی بھونک سکتا ہے۔ خلاصہ یہ کہ ہوا اسقدر سرد ہے کہ جب کتا ایک دفعہ بھونکا اور اسکی ناک کی راہ سرد ہوا اسکے گلے تک پہونچی تو فوراً اسکی آواز بیٹھ جاتی ہے مگر اس صورت میں کہ اپنی دم سے نتھنے بند کر لے اور سرد ہوا گلے تک نہ جاوے تو اسوقت دوبارہ بھی آواز نکال سکتا ہے۔

فی جانبِ البیتِ ام نبنی لہم قُبَبا	ماذا ترینَ اَنُدنیہم لاَرحُلِنا

ترجمہ تیری کیا سمجھ میں آتا ہے کہ ان کو اپنی نشستگاہوں میں گھر کے کنارے پاس لے آدیں یا ان کے لیئے جدا ڈیرے کھڑے کر دیں

من کان یکرہ ذمّاً او یقی حسبا	ادُّمل النزادَ معنیٌّ بحاجتہ

بدل من لہم باعادۃ الجار وارمل الرجل اذا انقطع زادہ والمعنی اسم مفعول من عناہ اذا قصدہ او من عناہ الامر اذا اہمہ
وقولہ من کان یکرہ موضعہ رفع کانہ قال ذلک المعنی لحاجۃ من کان کارہاً لذم الناس او صائنا لشرفہ **ترجمہ** ہم جا
ڈیرے کھڑے کریں اُس شخص کے لیئے جن کا توشۂ سفر تمام ہو چکا ہے اور وہ اپنی حاجتمندی کے سبب
مغموم ہے اور وہ ایسا عمدہ شخص ہے کہ لوگوں کی برائی یا مذمت کو برا سمجھتا ہے اور اپنی شرافت کی حفاظت
کرتا ہے۔ یعنی جبکہ ایسے عمدہ شخص پر وقت پڑے تو ہم کو اُسکی مہمانداری عمدہ طور سے کرنی چاہیئے اور
یہ بھی ہو سکتا ہے کہ معنی کا فاعل من کان ہو اس صورت میں ترجمہ یہ ہوگا کہ اسکی حاجت روائی کے لیئے وہ شخص
مغموم ہے جو مذمت سے بچتا ہے اور اپنی شرافت کو بچاتا ہے۔ اور اُسکی حفاظت کرتا ہے یعنی میں

مثل المجادل کوم برکت عصبا	وقمت مستبطنا سیفی واعرض لی

معطوف علی المحذوف ای قلت لہا ذلک وقمت والاستبطان الاستخفاء واعرض بمعنی عرض والمجادل جمع مجدل
کمنبر القصر والکوم جمع کوماء وہی الناقۃ العظیمۃ السنام وبرکت الابل مشددۃ اذا قعدت علی ہیأۃ جثوہا والعصب
کصرد جمع عصبۃ بمعنی الجماعۃ منصوب علی الحالیۃ **ترجمہ** یہ میں نے کہا اور اپنی تلوار چھپائے ہوئے کھڑا ہو گیا
تاکہ اُسکو شتر دیکھ کر بدکیں نہیں۔ سو ناقہائے فربہ اور مثل محلوں کے کلاں میرے سامنے آئیں ایسے
حال میں کہ جماعت کی جماعت گھٹنوں کے بل بیٹھی ہوئی تھیں

جلس فصادف منہ ساقہا عطبا	فصادف السیف منہا ساق متلیۃ

المتلیۃ ناقۃ یتلوہا ولدہا والجلس بالجیم مفتوحۃ الناقۃ الوثیقۃ الجسم **ترجمہ** سو اُس جماعت میں سے میری تلوار
ایک ناقہ بچہ دار جسم کی گٹھیلی کی ساق میں لگی سو اُس تلوار سے اُسکی ساق ہلاکی سے مل گئی۔

لما نعوہا لراعی سرحنا انتحبا	زیافۃ بنت زیاف مذکرۃ

ہی صفۃ متلیۃ یعنی المتبخترۃ والمذکرۃ الناقۃ الشبیہۃ بالجمل والسرح الابل الراعیۃ وانتحب بکی بالصوت **ترجمہ**
ایسی بچہ دار ناقہ جو اپنے کو بنا کر چلنے والی تھی اور اُسکا باپ بھی ایسا ہی تھا اور کلانی جسم میں شتر نر کے
مشابہ تھی۔ جب کہ ہمارے شتروں کے چرانے والے کو اُسکی خبر مرگ لوگوں نے پہنچائی تو وہ بسبب نفاست
ناقہ مذکورہ ڈہاریں مار کر رونے لگا۔

فصار جازرنا من فوقہا قتبا	امطیت جازرنا اعلی سنا سنہا

مطیۃ بعیری اذا حملتہ علی ظہرہ والسناسن جمع سنسنۃ وہو خارج فقار الظہر واعلی السنام والقتب خشب الرحل
ترجمہ میں نے اپنے قصاب کو اُسکے اونچی فقرات کمر پر سوار کر دیا یا اُسکے کوہان کی اعلیٰ جانب پر سو سوار
قصاب اُسکے اوپر چوب پالان کے موافق ہو گیا یعنی اُسکی بلندی کے سبب ذابح کا ہاتھ اُسکے کوہان
تک نہیں پہنچ سکتا تھا۔ اسلیئے اسکو اُسپر سوار کر کے ذبح کرایا۔

يُنَشْنِشُ اللحمَ عنها وهي باركةٌ ۔۔۔ كما تُنَشْنِشُ كفّا قاتلٍ سَلَبا

ينشنش اے يكشف ويفرق والسلب محركة ماليسلب من المقتول ترجمہ وہ ذابح اس ناقہ کا گوشت اُس سے جدا کرتا تھا ایسے وقت میں کہ وہ گھٹنوں کے بل بیٹھی ہوئی تھی جیساکہ ہر دو دست شخص قاتل کے مقتول کا اسباب اُس سے جدا کرتے ہیں اور بجائے مضطجعۃ کے بارکۃ اسلیئے کہا کہ عرب کی عادت تھی کہ شتر کے بیٹھے ہوئے ذبح کرنیکو لیٹے ہوئے ذبح کرنے سے بہتر سمجھتے تھے یہاں تک کہ اگر اُن کو خوف کروٹ لیجانے شتر کا ہوتا تھا تو اُسکے دونوں طرف سے اور آدمی اسکو سہارا دیئے رہتے تھے۔

وقلتُ لمّا غدَوا أوصى قعيدتَنا ۔۔۔ غدّى بَنيكِ فلن تلقيهمِ حِقَبا

غدا بمعنى اصبح والضمير للقوم والحقب جمع حقبة وهي مدة من الزمان ترجمہ اور جب کہ اُس قوم نے صبح کی تو میں نے ایسے حال میں کہ جب میں اپنی زوجہ کو وصیت کرتا تھا یہ کہا کہ تو ان مسافروں کو جو تیرے بیٹوں کے مانند ہیں طعام صبح دے کہ بعد اسکے انکو تو عرصہ دراز تک نہیں دیکھے گی۔ مسافروں کا باپ آپ کو کہا کیونکہ اسکا لقب ابو الاضياف تھا تو اُسکی بیوی اُنکی مادر ہوئی۔

أُدعى اباهم ولم أُقرَف بأمّهم ۔۔۔ وقد عَمِرتُ ولم اعرف لهم نسبا

قرفه اتهمه والفعل مجهول وعمر الرجل كسمع عاش مدة ترجمہ میں مہمانوں کا باپ پکارا جاتا ہوں حالانکہ مجھپر اُنکی مادروں کے ساتھ تہمت نہیں لگائی گئی اور بیشک میری عمر زیادہ ہوئی مگر میں انکا نسب نہیں جانتا اور باوجود انکے فرزندوں کی مانند اُنکی پرورش کرتا ہوں۔

انا ابنُ محكانَ اخوالي بنو مطرٍ ۔۔۔ انمى اليهم وكانوا معشرًا نُجُبا

بنو مطر بن شيبان رهط معن بن زائدة ترجمہ میں محکان تمیمی کا فرزند ہوں جو سخاوت میں نامور تھا اور میرے ماموں بنی مطر ہیں جنکی طرف ماں کی جانب سے میں منسوب ہوں اور یہ لوگ ہی ایک گروہ شریف ہیں۔

وقال آخر

ومستنبحٍ قال الصدى مثل قوله ۔۔۔ حضأت له نارًا لها حطب جزلُ

حضا النار اوقدها۔ والجزل الحطب الغلاظ الضخام ترجمہ اور بہت سے کتوں کو بھونکانے والے یعنی رات کو آنیوالے ہیں کہ جو اسکو سامنے سے لوٹنے والی آواز نے اُسکے قول کے موافق کہا اور اسلیئے وہ گمراہ بھٹکتا پھرتا ہے کہ میں نے اسکے لیے ایسے بلند شعلہ آگ روشن کی جسمیں موٹے لکڑ پڑے ہیں تاکہ وہ اُسکو دیکھکر میری فرودگاہ میں آجاوے۔

فقمتُ اليه مسرعًا فغنمتُه ۔۔۔ مخافةَ قومي ان يفوزوا به قبلُ

ترجمہ سو وہ جب آگ دیکھکر اُسطرف آیا تو میں اسکی استقبال کو فوراً کھڑا ہوا اور اُسکو مثل مال غنیمت کے

آخر

لے لیا اپنی قوم کے خوف کے سبب کہ وہ مجھ سے پہلے اُس پر قابو نہ پالیں کیونکہ میری تمام قوم سخی اور مہمان نواز ہے

فاوسعنی حمدًا واوسعت قریٰ ۔ وارخص بحمدٍ کان کاسبہ الاکلُ

ترجمہ سو اُسنے مجکو تعریف سے پر کر دیا اور میں نے اُسکو طعام ضیافت سے اور وہ تعریف کسقدر ارزاں ہے جسکو کھانا کھلانا کماوے یعنی بذریعہ کھلانے کے حاصل ہو۔

وقال آخر

تر کتُ ضأنی تودُّ الذئب راعیہا ۔ وانہا لا ترانی آخر الابد

انہا بالفتح معطوف علے الذئب ترجمہ میں نے اپنی بکریوں کو ایسی حالت میں چھوڑا ہے کہ وہ اسبات کی آرزومند ہیں کہ بھیڑیا اُنکا چرواہا ہو اور یہ کہ وہ کبھی مجھے نہ دیکھیں یعنی میں اُن کو ہمیشہ مہمانوں کے لیئے ذبح کرتا ہوں اسلیئے وہ میری صورت سے بیزار ہیں اور وہ میری نسبت بھیڑیئے کو زیادہ پسند کرتی ہیں وجہ اسکی شعر آیندہ میں ہے۔

الذئبُ یطرقہا فی الدھر واحدۃً ۔ وکلَّ یومٍ ترانی مُدیۃٌ بیدی

المدیۃ السکین مرفوع علے الابتداء وبیدی خبرہ وطرقہ اتاہ لیلا من غیر ترقب ترجمہ اور یہ آرزو بکریوں کو اسلیئے ہے کہ بھیڑیا اُنکے پاس حسب دستور زمانہ رات کو صرف ایک دفعہ آتا ہے اور ایک آدھ بکری کو اُٹھا لیجاتا ہے اور تو مجکو ہر روز ایسے حال میں دیکھتا ہے کہ چھری میرے ہاتھ میں ہے جس سے بیحساب بکریاں ذبح کرتا ہوں۔

وقال آخر

وما انا بالسّاعی الی ام عاصمٍ ۔ لاضربہا انّی اذًا لجھولُ

ترجمہ اور میں اپنی زوجہ ام عاصم کیطرف اس ارادہ سے نہیں بڑھتا کہ اُسکو ماروں اور اگر میں ایسا کروں تو بیشک میں اُسوقت اُکھڑ جاہل ہوں یعنی اُس کو اختیار ہے کہ گھر میں جو چاہے بندوبست کرے۔

لکِ البیتُ الّا فینۃً تحسنینہا ۔ اذا حانَ من ضیفٍ علیّ نزولُ

فیہ التفات من الغیبۃ الی الخطاب والفینۃ بالفاء وتقدیم التحتانیۃ علے النون الوقت والساعۃ ومعنی احسان الوقت اکرام الضیف فیہ بما یلیق بہ واذا بدل منہ او ظرف للاحسان وحان الشیٔ قرب وعلی متعلق بہ نزول ترجمہ گھر خاص تیرا ہے ہر وقت میں مگر اُسوقت کہ تو اُسمیں مہمانوں پر احسان کرتی ہو یعنی اُنکی خدمت گذاری میں مصروف ہو جبکہ کسی مہمان کے میرے پاس اُترنے کا وقت آپہونچے کہ اُسوقت وہ گھر مہمان کا سمجھا جاتا ہے۔

وقال بعض بنی اسد

وسوداء لا تکسی الرقاع نبیلۃٍ ۔ لہا عند قرات العشیۃ ازملُ

الواو بمعنی رب وسوداء نعت قدر وتکسی مجہول من کساہ والرقاع جمع رقعۃ وہی قطعۃ من ثوب ولا تکسی لقدر الا عند التعطل من الطبخ والنبیلۃ العظیمۃ والقرۃ بضم شدۃ البرد ویحتمل ان یکون صفۃ مضافۃ الی الموصوف والعشیۃ ...

الزوال والازم الصوت الشدید ترجمہ اور بہت سی سیاہ وکلاں دیگیں کہ ان پر کبھی صافی نہیں ڈالی جاتی
کیونکہ اُنمیں سے مہمانوں کے لیئے ہر وقت کھانا نکالا جاتا ہی ایسی ہیں کہ ان کے لیئے بوقت سردی آخر روز یا
بوقت سہ پہری سرد کے یعنی ایام قحط میں یا اُسوقت کہ مہمان اکثر آتے ہیں کھدکھداہٹ کی بڑی آواز ہے

اذا ما قریناھا قراھا تغمّمنت قِریٰ من عرانا ونزید فتفضل

استعیر القری ہہنا لطرح اللحم فی القدر وکل البیت جواب رب ترجمہ جب کہ ہم اُسکی ضیافت اُسمیں ڈالدیتے
ہیں یعنی اُسمیں پکانے کی چیز بھر دیتے ہیں تو وہ اپنی کلانی کے سبب اُن لوگوں کی ضیافت کی جو ہمارے ہاں اُترتے
ہیں ضامن ہو جاتی ہی یا اُن سے بھی زائد ہو جاتی ہے اور لوگوں نے اسطے فاضل کھانا بچتا ہی الغرض کم نہیں ہوتی۔

وقال آخر ہو حاتم وقیل عروۃ بن الورد

سلی الطارق المعتر یا اُمّ مالک اذا ما اتانی بین قدری ومجزری

المعتر المعترض السائل والمجزر موضع الذبح للشاۃ والابل ترجمہ اے میری زوجہ ام مالک تو مہمان شب
آئندہ محتاج سے جبکہ وہ میرے مطبخ اور مذبح کے درمیان آجاوے پوچھ ے۔

ایسفر وجہی انہ اول القریٰ وابذل معروفی لہ دون منکری

اسفر وجہہ اذا تخلل وبش وان بالکسر استیناف او بتقدیر اللام ترجمہ یہ کہ جب وہ میری پاس آتا ہے تو کیا میرا چہرہ
ہشاش بشاش ہو جاتا ہے کیونکہ بشاشت چہرہ کی اول ضیافت ہی اور کیا میں اُسکے لیئے اپنا احسان
خرچ کرتا ہوں نہ بری بات مثل ترشروئی وجھڑکی کے۔

وقال آخر ہو الفرزدق

وانا لمشاؤن بین رحالنا الی الضیف منا لاحف وُمنیم

اللاحف من یعطی اللحاف والمنیم من یحدثہ حتی اینام ترجمہ اور ہم بیشک اپنی فرودگاہوں میں اپنے مہمان کی
طرف بہت بڑھ کر جانیوالے ہیں کوئی تو ہم میں کا مہمانوں کو لحاف دیتا ہی اور کوئی اُن سے باتیں کر کے سلا دیتا ہے۔

فذو الحلم منا جاہل دون ضیفہ وذو الجہل منا عن اذاہ حلیم

ترجمہ سو ہم میں کا بردبار شخص اپنے مہمان سے ورے جاہل ہوتا ہے یعنی اگر کوئی اُسے ستانا چاہے تو اپنی مہمان کے عوض
سخت لڑائی مثل جاہل کے لڑتا ہے اور اسکو تکلیف سے بچاتا ہے تو گویا جاہل ہو جاتا ہے اپنے مہمان کی حمایت
کے لیئے اور ہم میں کا جاہل بھی اپنے مہمان کی تکلیف اُٹھانے میں بردبار ہے گو مہمان اُسکو ستاوے۔

وقال ابن ہرمۃ

اغشی الطریق بقبتی ورواقہا واحُلّ فی نشز الرُّبی فاقیم

آخر ہو حاتم وقیل عروۃ بن الورد

الفرزدق

ابن ہرمہ

الرواق ماحول القبة ويقال له الفسطاط والنئي بالنون فالمعنيين المرتفع ترجمہ میں راہ کو اپنے خیمہ اور اسکی قناة سے گھیر لیتا ہوں اور چھپا لیتا ہوں یعنی راہوں پر اترتا ہوں تاکہ مسافروں کی دعوت کروں اور ٹیلوں کی بلند جگہ پر اترتا ہوں اور قیام کرتا ہوں تاکہ حسب عادت عرب آگ وہاں روشن کر کے اطراف وجوانب سے مہمانوں کو اپنے پاس بلاؤں

اِنَّ امرأ جعل الطريق لبيته	طُنبًا وانكر حقه لَلَئيم

الطريق منصوب بنزع الخافض اے علی الطريق والمنصوب حقه للطريق ترجمہ بیشک وہ شخص جس نے اپنے خیمہ کی رسیاں راہ میں گاڑیں یعنی راہ میں خیمہ زن ہوا اور رستے یا راہ کے حق یعنی مہمان نوازی کو نہ جانا وہ یقینا بخیل و ناکس و کمینہ ہے -

وقال آخر

ومستنبحٍ تستكشط الريح ثوبه	ليسقط عنه وهو بالثوب معصم
عوى في سواد الليل بعد اعتسافه	لينبح كلب او ليفزع نوّم

كشط واستكشط بمعنى وهو السلخ دعوى كلب صاح بصوته والجملة جواب رب والاعتساف الضلالة عن الطريق ترجمہ اور بہت کتے بھونکانیوالے یا مثل کتوں کے بھونکنے والے ہیں کہ ہوا اپنے زور کے سبب اسکا لباس کھولے دیتی ہے تاکہ اسکے کپڑے اسکے پاس سے گر پڑیں اور وہ اپنے کپڑوں کو تھامنے والا ہے جو رات کی اندھیری میں بعد اپنے راہ بھول جانیکے کتے کی طرح اس غرض سے ہونکتا کہ اسکے جواب میں کوئی کتا ہونکے یا کوئی سونیوالا اسکی آواز سے گھبرا کر اٹھ کھڑا ہو اور اسکو جواب دے یا آگ جلادے -

فجاوبه مستسمع الصوت للقرى	له عند اتيان المهبّين مطعم

اراد بمستمع الصوت الكلب وهو المتيقظ واراد بهم الاضياف ترجمہ سو ایسی آواز کے سننے والے یعنی کتے نے اسکو دعوت کے لیئے جواب دیا اور اسکو طلب کیا کیونکہ اس کو بوقت مہمانوں کے آنیکے کھانا بکثرت ملتا ہے بسبب ذبح شتران دعوت کے

يكاد اذا ما ابصر الضيف مقبلا	يكلمه من حبه وهو اعجم

ترجمہ جب کہ وہ کتا مہمانوں کو آتا دیکھتا ہے تو قریب ہے کہ اپنی محبت کے سبب اس سے بول پڑے باوجودیکہ وہ بے زبان ہے یعنی وہ کتا سخت مہمان دوست ہے -

وقال سالم بن قحفان العنبری

ومن خبر هذه الابيات ان سالم بن قحفان اتاه اخو امرأته فاعطاه بعيرا من ابله وقال للامرأة هاتي حبلا يقرن به اعطيناه الى بعيره ثم اعطاه بعيرا آخر وقال هاتي حبلا ثم اعطاه ثالثا فقال هاتي حبلا فقالت ما بقي عندي حبل فقال على الجمال وعليك الحبال فرمت اليه خمارها وقالت اجعله حبلا فانشد

لا تعذليني في العطاء ويسّري	لكل بعير جاء طالبه حبلا

سیرہ حیاۃ **ترجمہ** تو مجھ کو بخشش کے معاملہ میں ملامت مت کر اور جس شتر کا طالب میرے پاس آوے اُس کے لئے رسی تیار کر لے

فانی لا تبکی علیّ افالها	اذا شبعت من روض اوطانها بقلا

الافال جمع افیل وھو الصغیر من اولاد الابل و بقلا منصوب بنزع الخافض ای من بقل **ترجمہ** اور یہ لیئے ہی کہ جب میں مر جاؤنگا تو مجھ پر بچہ ہائے شتر جبکہ وہ اپنے وطنوں کی گھاس سے پیٹ بھر لیں گے نہیں روئیں گے کیونکہ وہ بہائم ہیں پس اُن پر رحم کرنا بے موقع ہے یا یہ کہ میرے مرنے پر وہ خوش ہونگے کہ ہر روز کے ذبح سے بچ گئے۔

فلم ار مثل الابل لا لمقتنی	ولا مثل ایام الحقوق لها سُبلا

المقتنی المدخر ای من یدخر الذکر الجمیل او المال و ایام الحقوق ایام قری الاضیاف وحمل الدیات والدیون **ترجمہ** کیونکہ میں نے شتر کے کوئی مال ذکر جمیل کے ذخیرہ کرنیوالے یا مال جمع کرنیوالے کے لئے نہیں دیکھا اور نہ مثل اُن روزوں کے جن میں مہمانوں کے حق ادا کئے جاویں صرف کی عمدہ راہیں دیکھیں یعنی شتر سے بہتر کوئی مال اور حق مہمانوں کے ادا کرنے سے کوئی کام اچھا نہیں ہے۔

فاجابتہ امراتہ

حلفت یمینا یا ابن قحفان بالذی	تکفل بالارزاق فی السھل والجبل
تزال حبالٌ محصداتٌ اعدّھا	لها ما مشی منها علی خفّہ جمل

تزال بحذف لا النافیۃ والمحصد اسم مفعول الحبل المحکم الشدید **ترجمہ** اے ابن قحفان میں نے اُس خدا کی قسم کھائی ہے جو بندوں کے رزقوں کا میدانوں اور پہاڑوں میں ضامن ہے کہ میں آیندہ ہمیشہ مضبوط رسیاں شتروں کیلئے تیار کروں گی جب تلک کہ کوئی شتر اپنے موزے پر چلے یعنی ہمیشہ۔

فاعط ولا تبخل لمن جاء طالبا	فعندی لها خطمٌ وقد زاحت العلل

الخطم جمع خطام و زاحت زالت والعلل الموانع **ترجمہ** سو تو اُس شخص کو جو تجھ سے شتر مانگنے آوے شتر بخش اور بخل مت کر کیونکہ میرے پاس اُن کی مہاریں موجود ہیں اور روکنے والی چیزیں یعنی بخل وغیرہ میری طبیعت سے دور ہو گئیں۔

وقال آخر

الا تریْن وقد قطّعتنی عذلا	ماذا من البعد بین البخل والجود

ترجمہ اور میری بی بی تو کیا نہیں دیکھتی کہ بخل و سخاوت میں کسقدر فرق عظیم ہے حالانکہ تو نے سخاوت پر ملامت کر کے میرے ٹکڑے ٹکڑے کر دئیے ہیں۔

الّا یکن ورقی غضّا اراح بہ	للمعتفین فانی لیّن العود

الورق کنایۃ عن المال والغض الطری اراح اطلب والارتیاح التکلم من راح للمعروف اذا اخذتہ راحۃ بہ الی ارتاح بہ **ترجمہ** اگر میرا مال سائلوں کیلئے ایسا تازہ و ہرا نہ ہو جسکو فقیروں کو دیکر راحت پاؤں تو اس صورت میں بھی بیشک ذلیل

وضعیف مثل شاخ نرم کے ہونگے۔

وقال قیس بن عاصم المنقریؓ

ہو اصحابی جلیل و جواد کریم و سید مطاع فی الجاہلیۃ والاسلام رضی اللہ تعالیٰ عنہ

دَنَسٌ یُفَنِّدُہٗ وَلَا أَفْنُ	إِنِّی امْرُؤٌ لَا یَعْتَرِی خُلُقِی

فندہ نسبہ الی الفند وہو سوء الفہم و فساد العقل والافن بالفتح ضعف العقل ترجمہ بیشک میں ایسا مرد ہوں کہ میری عادت و خو کو ایسی ناقص و میلی بات پیش نہیں آتی جو مجکو بیوقوفی کیطرف منسوب کرے اور نہ کم عقلی عارض ہوتی ہے۔

وَالْغُصْنُ یَنْبُتُ حَوْلَہُ الْغُصُنُ	مِنْ مُنْقِرٍ فِی بَیْتِ مَکْرُمَۃٍ

ترجمہ میں بنی منقر سے خانہ شرف و عزت میں ہوں اور شاخ کے گرد اسی قسم کی شاخ جمتی ہے یعنی جیسے میرے بزرگ اچھے تھے ایسا ہی میں ہوں۔

بِیضُ الْوُجُوہِ مَصَاقِعٌ لُسُنُ	خُطَبَاءُ حِینَ یَقُومُ قَائِلُہُمْ

خطیب مسقع بلیغ جہیر الصوت و اللسن جمع السن وہو من یتکلم بکلام فصیح ترجمہ وہ لوگ بڑے گویا ہیں جبکہ ان میں کا کوئی بولنے والا کسی مجلس میں گفتگو کرنے کھڑا ہو اور سفید رنگ یعنی شریف و کریم بلیغ و فصیح زبان آور ہیں۔

وَہُمْ لِحِفْظِ جِوَارِہِمْ فُطُنُ	لَا یَفْطِنُونَ لِعَیْبِ جَارِہِمُ

ترجمہ وہ لوگ اپنے ہمسایہ کے عیب کی خبر نہیں رکھتے اور وہ لوگ واسطے حفاظت حق اپنے ہمسایگی کے بڑے ہوشیار و خبر دار ہیں۔

وقال ابن عنقاء الفزاریؒ

ومن خبر ہذہ الابیات ان عمیلۃ الفزاری مر علی ابن عنقاء وہو یحیش لغنمہ وقیل یخضر البقول فقال مالک صرت الی ہذہ الحالۃ فقال ابن عنقاء تغیر الزمان و تعذر الاخوان و ضمن لمثالک بما معہم فقال عمیلۃ لا جرم واللہ لا تطلع الشمس غدا الا وانت کاحدنا وکان عمیلۃ غلاما حین بقل وجہہ فبات ابن عنقاء یتململ علی فراشہ لا یاخذہ النوم اشتغالا بما قال لہ عمیلۃ فقالت لہ امرأتہ ما شانک فاخبرہا فقالت قد خرفت وذہب عقلک حتی تعلق نفسک بکلام غلام حدیث السن فبینا ہی ترا جعہ الکلام اذ اقبل علیہم کاللیل من ابل و غنم و خیل و اذا عمیلۃ قد وقف علیہ فقال یا ابن عنقاء اخرج الی فخرج الیہ فقال لہ مالی اجمع ہلم نقتسمہ فقاسمہ خیلہ وابلہ وغنمہ وجاریۃ جاریۃ وغلاما غلاما فقال یدحہ

حَالِی کَمَا جَہَرْ	رَآنِی عَلَی مَا بِی عُمَیْلَۃُ فَاشْتَکَی

ترجمہ عمیلہ نے مجکو اُس سختی میں دیکھا جو مجھپر گذر رہی تھی تو اُس نے میرے حال کا شکوہ اپنے مال سے کیا ظاہر و باطن یکساں مال سے شکوہ کرنا مجاز ہے اور مراد یہ ہے کہ اُسنے اپنے مال کیطرف میرے اصلاح حال کے لیئے رجوع کیا۔ نہ دل سے نہ منافقانہ کہ ظاہر کچھہ ہو اور باطن اور کچھہ ہو۔

دعانی فاسانی ولو ضنّ لم الم ... علیٰ حین لا بدوٌ یرجیّ ولا حضرٌ

ترجمہ اُسنے مجکو بلایا اور اپنے مال سے میری غم خواری کی اور اگر وہ مجھہ سے اپنے مال پر بخل کرتا تو میں اُس کو ایسے وقت میں کچھہ ملامت نکرتا جب کہ نہ دیہاتی سے کچھہ امید کیجاتی ہے اور نہ شہری سے۔

غلامٌ رماہُ اللہُ و بالخیر یافعًا ... لہ سیمیاءٌ لا تشقُ علی البصر

الغلام الشاب الذی طرّ شاربہ ویقال رماہ الیہ بالخیر اذا اعطاہ خیرو القاہ الیہ والیافع الشاب الناعم والسیمیاء الجمال وشق علیہ شقلہ ترجمہ وہ نوجوان ہی کہ خدا نے اسکو غیب سے دفعۃً بھلائی پہونچائی جب کہ وہ نوجوان تھا اُسکے چہرہ پر ایک جمالی نور ہی جس کا دیکھنا آنکھہ کو بھاری نہیں معلوم ہوتا بلکہ دیکھنے والے کو ایک لطف و مزہ آتا ہے۔

کانّ الثریّا علّقت فی جبینہ ... وفی خدّہ الشعریٰ وفی وجہہ القمر

ترجمہ وہ ایسا خوبصورت ہے کہ گویا ثریا اُسکی پیشانی پر لٹکا یا گیا ہی اور اُسکے رخسارے پر شعریٰ اور چہرہ پر چاند

اذا قیلت العوراءُ اغضیٰ کانہ ... ذلیلٌ بلا ذلٍّ ولو شاء لانتصر

العوراء الکلمۃ القبیحۃ ترجمہ جبکہ اسکے حق میں کوئی فحش کلمہ کہا جاوے تو وہ چشم پوشی کرجاتا ہی اور کچھہ اُسکا انتقام نہیں لیتا گویا وہ بلا ذلت کے ذلیل ہی اور اگر وہ چاہی تو بدلہ لے لے مگر وہ بعد قدرت کے عفو عمل میں لاتا ہے۔

ولما رای المجد استعیرت ثیابہ ... تردّیٰ رداءً واسع الذیل و ائتزر

کنی باستعارۃ ثیاب المجد عن دوام تغیرہ عدم ثباتہ ترجمہ اور جب اُسنے دیکھا کہ لباس شرف و عزت مستعار و ناپایدار ہے تو اُسنے ایک چادر وسیع دراز پہن لی اور ایسا ہی تہمد بنالیا یعنی ایسی وسیع سخاوت کی جسکی نیکنامی ہمیشہ باقی رہی۔

فقلت لہ خیرا واثنیت فعلہ ... واوفاک ما اسدیت ذمّ او شکر

اسدا قدمہ واوفاہ اعطاہ وافیا ترجمہ سو میں نے بعوض اُسکی عطا کے اُس کو کلمۃ الخیر کہا اور اُسکے کام کی تعریف کی اور اے مخاطب حال یہ ہے کہ جسنے تیری مذمت کی یا تیرا شکر کیا تو اُسنے اُس چیز کا جو تیری طرف سے اُس تلک سابق پہونچ چکی ہی پورا عوض دیا الغرض چونکہ ممدوح نے میرے ساتھہ بھلائی کی اسلیئے میں نے اُسکی پوری تعریف کی۔

وقال آخر

ہو عبد اللہ بن الزبیر الاسدی یمدح عمرو بن عثمان بن عفان رضی اللہ عنہ وقیل غیرہ

ساشکر عمروًا ان تراخت منیّتی ... ایادیَ لم تمنن وان ہی جلّت

ایادی جمع اید وہو جمع ید بمعنی النعمۃ والمن القطع والمنۃ ترجمہ اگر میری موت نے مجکو کچھہ مہلت دی تو اب میں عنقریب عمرو کا اُن نعمتوں کے بدلے جو باوجود اپنی کلانی کے منقطع نہیں ہوئیں یا اُنکی بابت احسان نہیں رکھا گیا شکر کرونگا۔

فتیً غیر محجوب الغنیٰ عن صدیقہ ... ولا مظہر الشکویٰ اذا النعل زلّت

زلۃ النعل کنایہ از تغیر الحال الی البوس والشدۃ ترجمہ وہ ایسا سخی جوان ہی کہ اپنی خوشحالی اور دولت کو اپنے

دوست سے نہیں روکتا بلکہ اُس کو دیتا ہے اور نہ شکوہ ظاہر کرتا ہے جب کہ اُسکی حالت تونگری سے افلاس کیطرف آجاوے۔

رأى خلّتي من حيث يخفى مكانها	فكانت قذى عينيه حتّى تجلّت

الخلة الفقر والحاجة وتجلّى الامر انكشف ترجمہ اُسنے میری فقر اور احتیاج کو اُسجگہ سے دیکھا جہاں اُسکا ہونا مخفی تھا سو میری حاجت اسکی دونوں آنکھوں کا کنک ہوگئی یہاں تلک کہ وہ جاتی رہی پوشیدہ حاجت و فقر سے یہ مراد ہے کہ شاعر ممدوح سے باتیں کررہا تھا اتفاقاً اُسکے کرتے کی آستین اُسکے اور لباس کے تلے پھٹی ہوئی ممدوح کی نظر پڑگئی جب وہ اپنے گھر گیا تو ممدوح نے اُس کے پاس دس ہزار درہم اور سو تھان بھیجدیئے۔

وقال رجل من بهراء واسمه فدكي

بهراء ابن عمرو بطن من قضاعة وهن خبر هذه الابيات ان الفدكي هذا كان مجاور النبي عتاب فاغار على ابله خنفش بن معبد التغلبي كان علقمة بن سيف لعتابي غائبا فسعى علقمة في ان يرد خنفش ابله فلما لم يتيسير له ذلك لاسباب اُخر اعطى الفدكي مائة بعير من ماله وقال خذها مالك فاخذوا انشد

ان اجز علقمة بن سيف سعيه	لا اجزه ببلاء يوم واحد

البلاء الاحسان ترجمہ اگر میں علقمہ بن سیف کو اُسکی اُس کوشش کا عوض دوں جو اُسنے میرے معاملہ میں کی ہے تو اُسکے ایک روز کے احسان و نعمت کا بھی عوض نہیں لیکوں گا چہ جائیکہ اُسکے تمام احسانوں کا۔

لاحبّني حبّ الصبيّ ورمّني	رمّ الهديّ الى الغنيّ الواجد

اللام جواب قسم مقدر ورمّه اصلحه والهدي العروس او كل ما يهدى والواجد صاحب الوجد والسعة ترجمہ اُسنے بخدا مجکو ایسا دوست رکھا ہے جیسے بچہ کو ماں باپ پیار کو دوست رکھتے ہیں اور میرے حال کی ایسی درستی کی ہے جیسے دلہن والے بوقت رخصت درستی کرتے ہیں یا ایسی کہ جیسے ہدیہ بھیجنے والا اپنا تحفہ بنا سنوار کر مقدور والے خوشحال کے پاس بھیجتا ہے۔

واجابني يوم الصراخ بهجمة	مائة تشق على عصيّ الزائد

القتود جمع قتد وہو عود الرحل۔ والناجیۃ الناقۃ القویۃ السریعۃ السیر من النجاء وہو سرعۃ السیر۔ والقفر الارض التی لاماء فیہا ولا کلاء فیہا۔ والعوافی جمع عافٍ وہو کل طالب رزق او فضل والوقع جمع واقع ترجمہ اور بہت سے چوب پالان ناقہ قویہ تیز رو کے ہیں کہ میں نے اُن کو چٹیل میدان میں زمین پر رکھدیئے اور ناقہ مذکور کو قوافل آنے جانیوالوں کے لیئے ذبح کر دیا ایسی حال میں کہ شکاری پرندے سائلوں کو اور فقیروں کو بسبب اپنی کثرت کے ڈھانکنے والے تھے اور اُن پر گرے جاتے تھے۔

بمہند ذی حلیۃ جردتہ	یبری الاصم من العظام ویقطع

المہند السیف المحدد او المصنوع بصنعۃ الہند۔ والجار والمجرور متعلق بوضعت والبری القطع۔ والاصم المحکم الشدید ترجمہ میں نے اُسکو ایسی تیز یا ہندی زیور پہنا ہوئی تلوار سے ذبح کیا جو سخت اور مضبوط ہڈیوں کو کاٹ ڈالتی تھی۔

لتنوب نائبۃ فتعلم انّنی	ممن یکر علی الثناء فیخدع

اللام للغایة والنوب النزول والاصابة۔ والنائبة القافلة النازلة ویعتر مجہول بمعنی یجدع ترجمہ یہ کام میں نے اسلیئے کیا تاکہ کوئی قافلہ اُترنے والا اُترے اور وہ یہ امر جان لے کہ میں ان لوگوں میں سے ہوں جو تعریف پر فریفتہ کیئے جاتے ہیں اور اُسکے قریب میں لائے جاتے ہیں یعنی میں کریم ہوں اور کریم جلد بہیے میں آجاتا ہے بخلاف بخیل لیچڑ کے کہ وہ کسی طرح پسیجتا ہی نہیں ہے۔

انی مقسم ما ملکت فجاعل	اجرا لاخرة ودنیا تنفع

اول مفعولی الجعل محذوف ای جاعل ایاہ اجرا للآخرة۔ ترجمہ میں بیشک اپنی اشیاء مملوکہ کو بانٹ دینے والا ہوں واسطے اجر آخرت کی اور واسطے دنیا کے کہ مال کا خرچ کرنا مجکو حصول نیکنامی کے لیئے اور بھی مساکین کو مفید ہے۔

وقال ابو البرج القاسم بن حنبل المری فی زفر بن ابی ہاشم بن مسعود بن سنان المری

اری الخلان بعد ابی حبیب	وحُجر فی جنابہم جفاءُ

الجناب ما حول الدار واراد بہ انفسہم۔ والجفاء الشدة وسوء الخلق۔ والجملة الظرفیة فی محل النصب علی الحالیة ترجمہ میں دوستوں کے دلوں میں بعد مر جانے ابی حبیب و حجر کے اُنکی جناب میں شدت و جفا دیکھتا ہوں۔

من البیض الوجوہ بنی سنان	لو انک تستضیٔ بہم اضاءوا

ترجمہ وہ دونوں جوانان سفید روی بنی سنان سے تھے اگر تو اُن سے روشنی طلب کرتا تو وہ تجکو روشنی عنایت کر دیتے یعنی تو اگر اُن سے بھلائی کا طالب ہوتا تو وہ تیرا بھلا کر دیتے۔

لہم شمس النہار اذا استقلت	ونور ما یغیبہ العماءُ

استقلت الشمس اذا رکدت فی الظہیرة وکنی بہ عن الظہیرة۔ والعماء السحاب۔ ترجمہ البتہ وہ لوگ مثل اُس آفتاب نیمروز کے ہیں جبکہ وہ عین سر پر آکر ٹھہر جاوے اور وہ ایسے نور ہیں جنکو ابر نہیں چھپا سکتا۔

ہُمُ حلوا من الشرف المعلّٰی	ومن حسب العشیرة حیث شاءوا

ترجمہ وہی لوگ شرف بلند و نیک صفات جملہ قوم سے اُس جگہ اُترے جس جگہ کو انہوں نے پسند کیا۔

بناة مکارم واُساة کلم	دماءہم من الکلب الشفاءُ

الاساة جمع الآسی وہو من یداوی الجراحات۔ والکلم الجرح۔ والکلب محرکة شبه جنون یعرض الحیوان من عض الکلب ترجمہ وہ لوگ عمدہ کاموں کے بانی ہیں اور زخموں کے معالج ہیں۔ اُن کے خون دیوانے کتے کے کاٹے ہوئے کو شفا بخش ہیں۔ کہتے ہیں کہ اگر کسی بادشاہ کے بائیں ہاتھ کی بیچ کی اُنگلی میں پچھنے لگاکر خون لیا جاوے اور چھوارے میں رکھکر کتے کے کاٹے ہوئے کو کھلایا جاوے تو اُسکو شفا ہو جاتی ہے۔ خلاصہ یہ کہ وہ لوگ بادشاہ ہیں۔

ابوالبرج القاسم بن حنبل المری

فطال السمك والتسع الفناء	فاما بنیکم ان عد بیت

ترجمہ سواگر لوگوں کے گہر اور خاندان شمار کیئے جاویں تو تمہارا گہر و خاندان ایسا ہی جسکی بلندی بہت اونچی ہی اور اُسکا صحن وسیع ہی جسمیں مہمان بکثرت آتے ہیں یعنی تم شریف اور سخی ہو۔

من العادی ان ذکر البناء	واما اسه فعلی قدیم

الاُس الاساس والعادی نسبتہ الی عاد من ارم ویکنی بہ عن القدیم وانکان بعد عہدہم ترجمہ اور مگر تمہارے گہر کی بنیاد سو پرانے عہد عاد کی ہی اگر ذکر بنا کیا جائے یعنی تمہارا شرف قدیم ہے نہ چند روزہ۔

ومکرمۃ دنت لکم السماء	فلوان السماء دنت لمجد

ترجمہ سواگر آسمان کسی کی بزرگی اور شرف کے سبب اُسکے پاس آجاوے تو آسمان تمہارے پاس ضرور آجاوے کہ کوئی بزرگ تم سے زیادہ نہیں ہے۔

وقال ارطاۃ بن سہیۃ المری

بہ الحمد یعطی مثلہ زاخر البحر	فلوان ما نعطی من المال نبتغی
من الضحل کانت قبل فی لجج خضر	لظلت قراقیر صیاما بطاہر

نبتغی حال من ضمیر المتکلم فی نعطی ویعطی خبران والزاخر المتلاطم۔ والقراقیر جمع قرقور السفینۃ العظیمۃ والصیام جمع صائم بمعنی القائم الثابت۔ والضحل بالمعجمۃ فالمہملۃ الماء القلیل۔ واللجج جمع لجۃ وہو الماء الکثیر ویری الخضر ة فی الماء اذا کان عمیقا کثیر ترجمہ پس اگر وہ مال جو ہم بخیال طلب مدح وثنا ارباب حاجت کو دیتے ہیں اگر اُسقدر دریائے عمیق بخشش کرے تو اُسکا قریب تمام پانی صرف میں آجاوے اور اسلیئے وہ بڑی کشتیاں جو قبل اُسکی بخشش کے گہرے اور کثیر پانیمیں تہیں تہوڑے اور کہلے ہوئے پانی میں کہڑی رہجاوین۔

ونغنی عن الموالی ونجبر ذا الکسر	ولا نکسر العظم الصحیح تعززا

التعزز التغلب والقسر و اغنی عنہ دفع عنہ ترجمہ اور ہم ثابت ہڈی کو بزور نہیں توڑتے یعنی عزیز کو ذلیل نہیں کرتے اور اپنے چچا کی بیٹے سے مصائب کو دور کرتے ہیں اور ٹوٹے ہوئے استخوان کو درست کرتے ہیں یعنی مظلوم کی حمایت کرتے ہیں۔

ولکننا لم نستطع غلب الدہر	غلبنا بنی حواء مجدا وسوددا

ترجمہ ہم تمام حضرت حوا کی اولاد پر بلحاظ بزرگی وسرداری غالب ہوگئی مگر ہم کو یہ طاقت نہ ہوئی کہ زمانہ پر غالب آجائیں

وقال حجر بن حیۃ العبسی

بخلا لتمنع ما فیہا اثا فیہا	ولا ادوم قدری بعد ما نضجت

ذَدَّمہ اطالہ۔ والنضج الطبخ الکامل۔ واسناد المنع الی الاثافی تجوزی ترجمہ میں اپنی ہنڈیا کو بعد خوب پکجانے کے بسبب خست کے دیر تلک چولھے پر چڑہی ہوئی نہیں رکھتا اس غرض سے کہ اُسکا چولھا مساکین کو اُس چیز کے لینے سے منع کرے جو اُس ہنڈیا میں ہے بلکہ فوراً مستحقوں کو تقسیم کر دیتا ہوں۔

حتےٰ تقسّم شتّیٰ بین ما وسعت ۔ ولا یونّب تحت اللیل عافیہا

غایۃ المحذوف ترجمہ مجکو چین نہیں آتا جب تک وہ ہنڈیا اُن لوگوں میں جنمیں وہ بٹ سکتی ہی تقسیم کیجاوے اور اُسکو رات میں اُسکا سوال کرنیوالا ملامت نہ کرے یعنی کوئی سائل محروم نہ رہجائے۔

لا احرم الجارۃ الدنیا اذا اقتربت ۔ ولا اقوم بہا فی الحیّ اخذیہا

الدنیا القربیٰ و قام بہ کفلہ و حفظہ ترجمہ میں اپنی پڑوسن قریب کو جب وہ میرے پاس آجاوے عطا سے محروم نہیں رکھتا اور میں اُسکا ایسا سرپرست اور محافظ نہیں بنتا جسکے سبب سے اُسکو قوم میں رسوا کردوں یعنی اُسکی ایسی سرپرستی بھی نہیں کرتا جس سے مجھپر اُسکے معاملہ میں تہمت کا شبہ ہو اور اس سبب سے وہ بدنام ہو۔

ولا اُکلّمہا الا علانیۃ ۔ ولا اخبّرہا الا ان انادیہا

ترجمہ اور میں اپنی پڑوسن سے گفتگو نہیں کرتا مگر کھلم کھلا کیونکہ سرگوشی مورث تہمت ہے اور میں اُسکو کسی بات کی خبر نہیں دیتا مگر جب کہ اُسکو پکارتا ہوں۔ آہستہ کہنے میں امر ناجائز کا شبہ ہوتا ہے۔

وقال المساور بن ہند بن قیس بن زہیر

فِدًی لبنی ہند غداۃ دعوتہم ۔ بجوِّ وبال النفس والا بوان

الجو الارض المطمئنۃ و وبال کغتاب ماء لبنی اسد اسقط تنوینہ للضرورۃ النفس مرفوع فاعل فدًی ترجمہ بنی ہند پر میری جان اور ماں باپ اس صبح کو قربان ہوں جب کہ میں نے اُن کو فریادرسی کے لیئے کھادر میں وبال کے پانی کے پکارا اور اُنہوں نے میری فریادرسی کی۔

اِذا جارۃ شُلّت لسعد بن مالک ۔ لہا ابلٌ شُلّت لہا ابلان

الشل الطرد۔ والفعل فی کلا الموضعین مجہول۔ واللام فی لہا الاولیٰ للتملیک و فی الثانیۃ للتعلیل ترجمہ جبکہ سعد بن مالک کی پڑوسن کا شتر ہنکالیا جاوے یعنی کوئی ہنکالیجاوے تو اُس ہنکانیوالے کے اُسکے سبب دو شتر ہنکالیئے جاتے ہیں یعنی یہ لوگ حق جار کے مثل اپنے حق کی حمایت و حفاظت کرتے ہیں۔

اذا عقدت افناءُ سعد بن مالک ۔ لہا ذِمّۃً عزّت بکل مکان

افناء القوم من تفرق منہم فی الاطراف۔ والضمیر المجرور للجارۃ ترجمہ جب کہ سعد بن مالک کے وہ لوگ جو اطراف بلاد میں متفرق ہیں کسی پڑوسن سے عہد حمایت کریں تو وہ پڑوسن ہر مقام پر عزیز القدر ہوتی ہے کوئی اُس کی

طرف بنظر بد دیکھہ نہیں سکتا۔ جب متفرق لوگوں کا یہ حال ہی تو سرداروں کے عہد کا کیا ذکر ہے۔

ابی کل حی مجتنے علیہ وجان	اذا سئلوا ما لیس بالحق فیہم

ترجمہ جب کہ اُن لوگوں سے امر ناحق یعنی ذلت کا سوال کیا جاوے تو اُن میں کا ہر مظلوم و ظالم یعنی سب کے سب اُس ذلت کو قبول کرنے سے انکار کرتے ہیں یعنی کوئی شخص انمیں کا ذلت اختیار نہیں کرتا سب عزیز و کریم ہیں

بہا نیبکم و الضیف غیر مہان	ودار حفاظ قد حللتم مہانۃ

الواو بمعنی رب۔ والحفاظ محافظۃ الاحساب وقد حللتم نعت دار۔ ومہانۃ بالرفع فاعلہ نیبکم وبالنصب علی الحالیۃ وعنی بالاہانۃ العقر والنحر۔ والنیب جمع الناب وہی الناقۃ المسنۃ ترجمہ اور بہت سے گھر عزت و آبرو کے حفاظت کے ہیں جنمیں تم اے بنی سعد بن مالک فروکش ہوئے۔ ایسے حال میں کہ وہاں تمہاری ناقہ ہائے جوان بسبب ذبح کے ذلیل کی گئیں یعنی مہمانوں کے لیئے اور تمہارا مہمان عزیز مکرم غیر محقر رہا۔

وقال آخر

اذا حدثان الدہر نابت نوائبہ	جزی اللہ خیرا غالبا من عشیرۃ

ترجمہ آل غالب ہیں قطیعہ عبسیہ کی تعریف کرتا ہے کہ خدا آل غالب کو جو ایک معزز قوم ہے جزائے خیر دے جبکہ حادثات زمانہ کے مصائب مساکین کو پہونچنے لگیں کیونکہ وہ ایسے وقت میں مساکین کی پرورش کرتے ہیں۔

علی وموج قد علتنی غواربہ	فکم دافعوا من کربۃ قد تلاحمت

تلاحم علیہ ہجم علیہ وغوارب الماء اعالی موجہ۔ وموج بالجر عطف علی کربۃ ترجمہ کیونکہ انہوں نے بہت دفعہ وہ مصائب جو مجھپر چڑھ آئیں دفع کیں اور موج مجھ سے دور کی جسکی جانب اعلی میرے سر سے بلند ہوگئی تھی۔

اشم من الفتیان جزل مواہبہ	اذا قلت عودوا عاد کل شمردل

ترجمہ جب کہ میں نے اُن سے کہا کہ امر خیر میں یا میدان جنگ میں پھر لوٹو تو اُن میں سے ہر جوان طویل القامت عزیز القدر کثیر العطاء لوٹ پڑتا ہے۔

تجرد فیہا متلف المال کاسبہ	اذا اخذت بزل المخاض سلاحہا

البزل جمع بازل وہو الشاب القوی من الابل۔ والمخاض ہم جمع للنوق الحوامل واراد بسلاحہا محاسنہا وامارات عتقہا فانہا تمنعہا عن النحر والعقر فکانہا سلاحہا وتجرد الرجل استعد وتشمر۔ ومتلف المال الجواد وکاسبہ الغازی ترجمہ جبکہ جوان اور قوی اونٹنیاں اپنے ہتھیار سنبھالتی ہیں یعنی اپنی طیاری و فربہی اور اصالت نسل ظاہر کرتی ہیں جو اُنکے ذبح سے مانع ہوتی ہیں اسلیئے گویا اُن کے ہتھیار ہوئے تو اُن کے معاملہ میں ایک سخی مال کا لٹانیوالا اور بسبب غارتگری کے پیدا کرنیوالا مستعد و آمادہ ہو جاتا ہے اور بہت سے اُن میں سے لوگوں کو بخش دیتا ہے اور بہت سے بیدریغ ذبح کر ڈالتا ہے۔

آخر

وقال آخر

ایا ابنۃ عبد اللہ وابنۃ مالکٍ	ویا ابنۃ ذی البُردین والفرس الوردِ

عنی بذی البردین عامر بن احمر بن بہدلۃ ترجمہ اپنی زوجہ سے خطاب کرکے کہتا ہے کہ اے عبد اللہ کی بیٹی اور اے مالک کی بیٹی اور دو چادروں والی اور اے سرنگ گھوڑے کے مالک کی بیٹی۔

اذا ما صنعت الزاد فالتمسی لہٗ	اکیلاً فانی لست آکلہ وحدی

الاکیل المواکل- والالتماس الطلب ترجمہ جب تو کھانا طیار کرے تو اُسکے لیے میرے ساتھ کھانیوالا تلاش کرے کیونکہ میں اُسکو اکیلا کھانے والا نہیں ہوں۔

اخا طارقاً او جار بیت فاننی	اخاف مذمّات الاحادیث من بعدی

بدلٌ من اکیلاً ترجمہ وہ ساتھ کھانیوالا یا تو کوئی بھائی رات کو مہمان ہونیوالا ہو یا میرے گھر کا ہمسایہ ہو کیونکہ میں اپنے مرجانیکے بعد بری باتوں سے یعنی ذکر بخل سے ڈرتا ہوں اور ذکر خیر کا طالب ہوں۔

وانی لعبد الضیف ما دام ثاویاً	وما فیَّ الا تلک من شیمۃ العبد

ترجمہ- اور بیشک میں اپنے مہمان کا جبتک وہ میرے پاس قیام کرے غلام ہوں اور مجھ میں اس خصلت کے سوا غلام کی کوئی اور خصلت نہیں ہے۔

آخر

وقال آخر

ولیس فتی الفتیان من جلّ ہمّہ	صبوحٌ وان امسیٰ ففضلُ غبوقِ

جلّ الشیٔ اکثرہ- والصبوح شراب الغداۃ والغبوق شراب المساء والفضل البقیۃ ترجمہ سخیوں کا سخی وہ نہیں ہے جسکو بڑی فکر اپنی شراب صبح کی ہو اور اگر شام کرے تو بقیہ شراب شام کی یعنی تن پروری میں مصروف رہتا ہو۔

ولکن فتی الفتیان من راح او غدا	لضرّ عدوٍّ او لنفع صدیقِ

ترجمہ مگر سخیوں کا سخی وہ شخص ہے جو شام اور صبح دشمن کے نقصان یا دوست کے نفع کو جاوے یعنی انکی سعی کرے۔

خراز بن عمرو

وقال خراز بن عمرو بن بنی عبد مناف جاہلی

لنا ابلٌ لم تُمہن ربّہا	کرامتہا والمقتنی ذاہبُ

ترجمہ ہمارے ملک میں ایسے شتر ہیں کہ اُنکی عمدگی انکے مالکوں کو بدنام نہیں کرتی یعنی ان کا مالک باوجود انکی عمدگی کے اُن کو سائلوں کو دیتا ہے اور مہمانوں کیلئے ذبح کرتا ہے پس وہ بدنام نہیں ہوتا اور حقیقت یہ ہے کہ ہر جوان سخی اس جہان فانی سے ایک روز عالم باقی کو جانیوالا ہے- پس بخل کس لیے کرے۔

وید راک فیہا المنی الراغب	ہجان یکافا منہا الصدیق

الہجان الابل البیض۔ وفیہا متعلق بالراغب ترجمہ وہ شتران سفید ہیں کہ دوست کو اُن سے اُن کے احسان کا عوض دیا جاتا ہے اور جو اُنکی خواہش کرتا ہے تو وہ اپنی آرزوؤں پر کامیاب ہوتا ہے یعنی اُن کو دیئے جاتے ہیں۔

ویشرب منہا بہا الشارب	ونطعن عنہا نحور العدے

ترجمہ اور ہم اُنکی طرف سے دشمنوں کی گردنیں بذریعہ نیزہ بازی کے پھیر دیتے ہیں یا اُنپر سوار ہوکر دشمنوں سے نیزہ بازی کرتے ہیں اور دشمنوں کی گردنیں زخمی کرتے ہیں اور ہم میں کا میکش اُنکی قیمت سے خوشی کرتا ہے۔

اذا لم یجد مکسبا کاسب	ونولفہا فی السنین الکحول

یقال الفہا یاہ اذا جعلہ الیفالہ فضمیر الابل مفعولہ الاول والثانی الکحول وہو جمع کل بمعنی الیتیم والثقیل العاجز والسنین القحط ترجمہ اور ہم اُن کو ایام قحط میں یتیموں اور مساکین کا دوست بنا دیتے ہیں کہ وہ اُنکا دودھ پیویں اور گوشت کھاویں اُسوقت میں کہ بسبب شدہ قحط کے کوئی کمانیوالا کمائی کی جگہہ یا کمائی نہ پاوے۔

علی الحی یلفی لہا جادب	ولم تک یوما اذا روحت

روح الابل علیہ اذا ردہا علیہ رواحا۔ والجادب بالجیم فالمہملۃ العائب من جدبہ اذا عابہ۔ والجملۃ فی محل النصب علی انہ خبر کان ترجمہ اور جب کہ وہ شتر شام کو قوم میں لائے جاتے ہیں تو کبھی ایسا نہیں ہوتا کہ اُنکا عیب گیر پایا جاوے کیونکہ وہ نہایت عمدہ ہیں۔

وضرب لنا خذم صائب	حبانا بہا جدنا والالہ

حباہ اعطاہ۔ والجد البخت او ابوالاب۔ والمخذم کمنقف القاطع ترجمہ ان شتروں کو ہمیں ہمارے نصیب یا ہمارے دادے اور خداوند تعالی اور ہماری شمشیر زنی نے جو لڑائی میں کاٹنے والی اور ٹھیک ہیں بخشا ہے

وقال منصور بن مسجاع

فما اعتذرت ابلی علیہ ولا نفسی	ومختبط قد جاء او ذی قرابۃ

المختبط السائل من غیر وسیلۃ واعتذر علیہ تاخر عنہ ترجمہ اور بہت سے سائل بے وسیلہ یا رشتہ دار میرے پاس آتے ہیں کہ میرے شتر اور میری طبیعت نے اُنکی مہمان داری میں کچھ عذر اور تاخیر نہیں کی۔

علی حکمہ صبرا معودۃ الحبس	حبسنا ولم نسرح لکی لا یلومنا

علی حکمہ متعلق بحبسنا او بصبرا۔ وسرح الابل ساقہا الی المرعی ومعودۃ الحبس نعت المحذوف ای ابلا کانت معودۃ الحبس ترجمہ ہم نے اُسکے حکم پر وہ شتر جنکو بندھے رہنے کی عادت ہے روک رکھے اور ان کو چراگاہ میں نہ چھوڑا اس غرض سے کہ وہ مہمان ضیافت کی تاخیر کے سبب ہم کو ملامت نہ کرے۔

فطاف کما طاف المصدق وسطها	یخیر منہا فی البوازل والسدس

المصدق من یاخذ الصدقات من جانب السلطان والبوازل جمع بازل وہو ابن تسع والسدس جمع سدیس وہو ابن ثمان ترجمہ سو وہ مہمان اُس شتروں کے درمیان ایسا پھرا جیسا کہ شتروں کا صدقہ لینے والا اُن میں پہرتا ہے اسکو اختیار دیا جاتا ہو کہ شتران نہ سالہ وہشت سالہ سے ذبح کے لئے یا سواری کے لئے جسے چاہے پسند کرلے۔

وقال عامر بن جوط من بنی عامر

عامر بن جوط

ولقد علمت لتأتین عشیۃ	ما بعدہا خوف علی ولا عدم

ترجمہ اور بخدا میں نے جان لیا ہے کہ مجھپر ایک ایسی شام آویگی کہ اُسکے بعد مجھپر نہ کچھ خوف آویگا اور نہ فقیری یعنی شام موت

واز ور بیتا لحق زورۃ ماکث	فعلام احفل ما تقوض وانہدم

حفل بہ بالی بہ والتقویض الانہدام ترجمہ اور جاؤنگا میں سچے گہر یعنی قبر میں جانا ٹھیرنے اور قیام کرنیوالے کا جب یہ حال ہی تو کس لیے میں پروا کروں دنیا کے اُن گہروں کی جو گر گئے اور شکستہ ہوگئے ہیں

ولا ترکن للسا ملین حیاضہم	ولا حبسن علی مکارمی النعم

سمل الحوض نقاہ من السلمۃ وہو بقیۃ الماء ترجمہ اور میں بیشک حوض صاف کرنے والوں کو اُن کے حوض چھوڑدونگا جو چاہیں سو کریں اور اپنے چوپاؤں کو بسبب اپنی سخاوتوں کے اپنے گہر میں باندھ رکھونگا تا کہ مہمان تاخیر ضیافت کے باعث مجکو ملامت نہ کریں۔

وقال زید الفوارس بن حصین بن ضرار

زید الفوارس

اقلی علی اللوم یا ابنۃ منذر	ونامی فان لم تشتہی النوم فاسہری

ترجمہ اپنی بیوی کو خطاب کر کے کہتا ہی کہ اے منذر کی بیٹی مجکو کمتر ملامت کرا ور سورہ اور اگر تجکو نیند کی خواہش نہیں ہی تو جاگتی رہ مگر ملامت مت کر۔

الم تعلمی انی اذا الدہر مسنی	بنائبۃ زلت ولم اتترتر

النائبۃ الحادثۃ والتترتر التزلزل والاضطراب ترجمہ کیا تو نہیں جانتی کہ جب زمانہ مجکو مصیبت پہونچاوے تو وہ مصیبت مجہہ سے جدا ہو جاتی ہے اور میں گہبراتا نہیں اور مستقل رہتا ہوں

یرانی العدو بعد غب لقاءہ	خلیا نعیم البال لم اتغیر

ترجمہ مجکو میرا دشمن اپنی جنگ کے دوسرے روز بے غم اور خوشحال دیکھتا ہی ایسے حال میں کہ بسبب جنگ کے کچھہ مجھہ میں تغیر نہیں ہوا۔ دونوں شعر میں اپنے استقلال کی تعریف کرتا ہے

قسمتُ علی ضوءٍ من النار مبصرِ	ورا کدۃٍ عندی طویلٍ صیامہا

الرکود القیام کالصیام۔ ومفعول القسمۃ محذوف ای مافیہا۔ والمبصر اوضح ترجمہ اور میرے پاس بہت سی دیگیں ہیں جو بسبب کلانی کے اور بخت روزمرہ کے ایک عرصہ درازسے دیگ دانو نپر چڑھی ہوئی ہیں اور انکے اتارنیکی نوبت نہیں پہنچتی کہ میں نے انکے کھانوں کو فقیروں پر آگ کی روشنی میں یعنی راتوں رات تقسیم کردیا ہے۔

اذا اجتنبَ لعافون نار العذوّرِ	طُروقاً فلم اُفحش وقسّمتُ لحمہا

الطروق مصدر طرق اذا اتے لیلا منصوب علی الظرفیۃ۔ وافحش الرجل اذا قال الفحش۔ والعذور کالسفرجل السئی الخلق ترجمہ ان دیگوں کے کھانے میں نے بوقت آنے مہمانان شب کے تقسیم کئے اور انکو مثل بخیلوں کے کوئی فحش نہیں کہا اور انکے گوشت کو انہیں تقسیم کردیا ایسے وقت میں کہ سائل لوگ بدخلق کی آگ کے پاس بھی نہیں بھٹکتے یعنی ایام قحط میں

وقال الہذیل بن مشجعۃ البولانی

المُقاذِفُ من خلفہ وورائہ	انی وان کان ابن عمّی غائبا

المقاذف المدافع ترجمہ بیشک میں اپنے چچا کے بیٹے کے پیچھے اور گردوپیش سے اگرچہ وہ غائب ہے کالبیف کو دور کرنیوالا ہوں

متزحزحا فی ارضہ وسمائہ	ومفیدہٗ نصری وان کان امرأً

التزحزح التباعد وآراد بالارض والسماء الغور والنجد ترجمہ اور میں اسکو اپنی مدد کا فائدہ بخشتا ہوں اگرچہ وہ ایسا شخص ہے کہ اپنے کھادر اور بانگر کے مقام میں مجھ سے دور رہتا ہے۔

اُلقی الّذی فی مزودی لوعائہ	ومتی اجئہٗ فی الشدائد مرملا

المرمل من نفذ زادہ حال من الضمیر المنصوب۔ واللام بمعنے فی ترجمہ اور جبکہ میں اسکے پاس سختیوں کے ہنگام میں جب کہ وہ محتاج ہوتا ہے آتا ہوں تو جو توشہ میرے توشہ دان میں ہوتا ہے سب اسکے برتن میں الٹ دیتا ہوں یعنے میں سخی ہوں۔

خُلطت صحیحتنا الی جربائہ	واذا تتبّعت الجلائفُ مالنا

الجلائف جمع جلیفۃ وہی السنۃ التی تذہب بالاموال ترجمہ اور جبکہ ایسے سال جو ہمارے شتروں کو ہلاک کریں ہمارے شتروں کے پیچھے پڑجاویں تو ہمارے باقی شتر تندرست اسکے خارشتی شتروں سے ملادئے جاتے ہیں یعنے ہم ایسے وقت میں بھی اس سے پرہیز نہیں کرتے۔

لم اطّلع مما وراء خبائہ	واذا اتی من وجہۃ بطریفۃ

الوجہۃ السفر۔ والطریفۃ الاشیاء النفیسۃ۔ والاطلاع یعدی بعلی والی۔ والخبار ما یکون من وبر اوصوف ترجمہ اور جب کہ وہ اپنے کسی سفر سے اشیاء نفیسہ لاوے تو میں ان کو اسکے ڈیرے کے پیچھے سے بھی جھانک کر نہیں دیکھتا

یعنے اُس طرف توجہ نہیں کرتا بلینا تو در کنار ہے۔

واذا اکتسے ثوبا جمیلا لم اقل	ابالیت ان علیٰ حسن ردائہ

حسن روائۃ ای ردائۃ الحسن من اضافۃ الصفۃ الے الموصوف ترجمہ اور جب کہ وہ عمدہ لباس پہنے تو میں یہ نہیں کہتا کہ کاش یہ اسکی عمدہ چادر میرے بدن پر ہو یعنی میں حسد نہیں کرتا۔

واذا غدا یوما لیرکب مرکبا	صعبا قعدت لہ علی سیسائہ

السیساء نظم فقار الظہر والظہر ترجمہ اور جب کسی روز وہ صبح کو اس لئے جاوے کہ کسی سواری سخت وسرکش پر سوار ہو تو میں اُس سرکش سواری کی کمر پر جا بیٹھتا ہوں تا کہ وہ اسکی مطیع ہو جاوے۔

واذا استراس جمدتہ و فرتہ	واذا تصعلک کنت من قرنائہ

استراس الرجل طلب الریاسۃ او صار رئیسا و فرعضہ اذا مدحہ۔ وتصعلک صار صعلوکا ای فقیرا۔ والقرنا جمع قرین ترجمہ اور جبکہ وہ رئیس اور سردار کسی قوم کا ہو جاتا ہے تو میں اسکی تعریف کرتا ہوں اور اسکی عزت کرتا ہوں اور جب وہ فقیر ہو جاتا ہے تو میں اُس کا ہمنشین ہوتا ہوں اور اُس سے دور نہیں ہوتا۔

واذا اردت عتابہ انظرتہ	حتے اعاتبہ ببعض خلائہ

ترجمہ اور جب کہ میں اُسپر کسی امر نامناسب کی بابت عتاب کرنا چاہتا ہوں تو اسکو مہلت دیتا ہوں یہاں تلک کہ اسپر اسکی کسی تنہائی میں عتاب کروں لوگوں کے روبرو اُسپر خفا نہیں ہوتا۔

وقال حسان حنظلۃ بن ابی رہم الطائی

حسان بن حنظلہ

تلک ابنۃ العدوی قالت باطلا	ازری بقومک قلۃ الاموال

العدوی نسبۃ الی عدی بن جندب من تمیم۔ وازری بہ عابہ ترجمہ اس عدی والے کی بیٹی یعنی میری زوجہ نے جھوٹی بات کہی اور وہ یہ کہ تیری قوم پر قلت اموال وافلاس نے عیب لگا رکھا ہے یعنی انہیں یہ عیب ہے کہ وہ لوگ مفلس ہیں۔

انا لعمر ابیک یحمد ضیفنا	ویسود مقترنا علی الاقلال

المقتر المعسر والاقلال الفقر والعسر ترجمہ میں نے اُسکو جواب میں کہا کہ تیرے باپ کی زندگانی کی قسم بیشک ہمارا یہ حال ہے کہ ہمارا مہمان ہماری تعریف کرتا رہتا ہے اور ہم میں کا مفلس باوجود افلاس قوم کی سرداری کرتا ہے پس ہمکو ہماری تنگدستی مضر نہیں ہے۔

غضبت علے ان انتسبت بطیئ	وانا امرؤ من طیئ الاجبال

انتسل الرجل اذا انتسب الے جدہ الاعلی۔ واراد بالاجبال جبلی طی اجا وسلمی والطی ینقسم الے قسمین سہلی یسکنون سہل الارض وہم بنو جدیلۃ وجبلی یسکنون اجا وسلمی وہم بنو الغوث ترجمہ میری بی بی مجھپر اس بات سے غصہ ہوئی

کہ ہیں بنی طے کی طرف منسوب ہوں جن کو وہ بسبب افلاس کے اچھا نہیں سمجھتی مگر اسکی اس سمجھ سے کیا ہوتا ہے ہیں تو ایک شخص کوہستانی بنی طے سے ہوں جو اجا اور سلمیٰ پر رہتے ہیں یعنی بنی غوث سے جنکی عظمت مشہور ہے۔

وبنو جُوَینٍ فاسألی اخوالی	وانا امرءٌ من ال حیّۃ منصِبی

ترجمہ اور میں ایک شخص ہوں کہ آل حیہ میں میرا مولد و منصب ہے اور میرے ماموں بنی جوین ہیں سو تو ان کا حال لوگوں سے پوچھ لے کہ وہ کیسے عظیم القدر ہیں۔

مُرْدٌ علی جُردِ المتون طِوالِ	واذا دعوت بنی جَدِیلۃ جاءنی

ترجمہ اور جب میں بنی جدیلہ کو جو میری ہمقوم ہیں اپنی مدد کو بلاؤں تو میرے پاس ان میں کے نوجوان لوگ اسپان کوتاہ مو یعنی عمدہ اور دراز قامت گھوڑوں کی پشتوں پر سوار فوراً آموجود ہوں۔

ویزید جاھلُنا علی الجُھّالِ	احلامُنا تزنُ الجبالَ رزانۃً

وزنہ غلبہ فی الوزن والرزانۃ الثقل ترجمہ ہماری عقلیں استحکام میں پہاڑوں سے غالب ہیں اور ہم میں کا جاہل شخص جب کہ اپنی جہالت پر آوے تمام دنیا کے جاہلوں پر جہالت میں بڑھا ہوا ہے۔

وقال ایاس بن الارت

وللطالب المعروف انک واجدہ	وانی لقوّالٌ لِعافیّ مرحبا

العافی السائل۔ والضمیر المجرور فی واجدہ للمعروف۔ واضافۃ الطالب الی المعروف لفظیۃ ولذا دخلت اللام علیہ ترجمہ اور میں بیشک اپنے سائل کو بار بار مرحبا کہنے والا ہوں اور اس شخص سے جو مجھ سے طالب احسان ہوتا ہے یہ کہتا ہوں کہ تو جس چیز کی طلب کرتا ہے اُس کو پانے والا ہے۔

اذا شنّجت کفّ البخیل وساعدہ	وانی لممّن یبسط الکف بالندیٰ

شنج تقلص ترجمہ اور میں بیشک ان لوگوں میں سے ہوں جو اپنے ہاتھ کو سخاوت کیلئے کشادہ کرتے ہیں جبکہ بخیل کا ہاتھ اور پہونچا بھچ اور کھچ جاوے اور بند ہو جاوے یعنی دب جائے کہ ہاتھ اسکا اٹھ نہ سکے مراد ایام قحط ہیں

ثنا من خیال ما ترال اُعاودہ	لعمرک ماتدری اُمامۃ انّھا

امامۃ علم امرأۃ کان یھواھا۔ والثنی کالی مایکون مرتین ومنہ لاثنیٰ فی الصدقۃ ای لاتوخذ الصدقۃ مرتین فی سنۃ واحدۃ والمعاودۃ من الجانبین ترجمہ اے مخاطب تیری زندگی کی قسم امامہ نہیں جانتی کہ وہ براہ خیال میرے پاس بار بار آتی ہے جسکو بار بار میں لوٹاتا ہوں اور وہ بار بار میرے پاس لوٹ آتا ہے۔

ورَدّت علیہ اللیل قرنا اُکابدہ	فنفّقت علیہ وعنّت رکائبی

شق علیہ صعب. والقرن المثل المقادم حال من اللیل. والکابدہ زاولہ الشدة ترجمہ سوا مامہ نے یعنی اسکے خیال نے میرے ہمراہی قافلہ پر سختی ڈالدی اور میری سواریوں کو رنج میں ڈالدیا اور اس نے رات کو میرے اوپر ہمسر جنگ بنا کر لوٹا دیا جس کا رنج میں برابر کھینچتا رہا۔ اور یہ سختیاں اسلئے پیش آئیں کہ قافلہ اور سواریاں خواب راحت میں تھیں سو جب مجکو اُمامہ کا خیال آیا تو بیتابانہ سوار ہو کر اسکی طرف چلا اور میرے ہمراہ قافلہ ہوا پس سوار اور سواریوں کو سخت تکلیف ہوئی۔

وقال آخر

یا طیب ای فتی للضیف والجار	اُنبیٔ علی بما لا تکذبین به

اکذبہ اذا نسبہ الی الکذب۔ وطیب مرخم طیبۃ وہو علم امرأتہ ترجمہ اے میری زوجہ طیبہ میری ایسی تعریف کر جسمیں تو جھٹلائی نہ جاوی ہاں کہہ تو میں اپنے مہمان اور ہمسایہ کے حق میں کیسا عمدہ جوان سخی ہوں۔

ولا افارق لا طیب الدار	انی اجاور ما جاورت فی حسبی

ترجمہ بیشک میں جب تلک کسی قوم کا ہمسایہ رہتا ہوں تو اپنی نیک صفات کیساتھ اُن کا ہمسایہ رہتا ہوں اور میں ان سے الگ نہیں ہوتا مگر اس حالت میں کہ میرا گھر اُن میں عمدہ ہوتا ہے یعنے چھوڑنا اور رہنا میرا دونوں نیک نامی کیساتھ ہے۔

وقال آخر

فاصبح الیوم لا معط ولا قار	کم من لئیم رأینا کان ذا ابل

القاری من یقری الضیف ترجمہ میں نے بہت سے بخیل دیکھے ہیں کہ وہ شتران بیشمار کے مالک تھے سو وہ آج ایسے ہو گئے کہ نہ کسی کی ضیافت کر سکتے ہیں اور نہ کسی کو کچھ بخش سکتے ہیں یعنی مفلس ہو گئے ہیں۔

لم یسق ذا غلة من مائه الجاری	ولو یکون علی الحد اد یملکه

الحداد نہر عظیم ترجمہ اور اگر وہ بخیل بڑی نہر پر اُس کا مالک ہوتا تو کسی پیاسے کو اُسکے بہنے پانی سے سیراب نکرتا خلاصہ یہ ہے کہ میں بخیل نہیں ہوں پس اپنی تعریف کرتا ہے اور یہی مناسبت باب مدیح سے ہے۔

وقال حسان بن ثابت رضی اللہ عنہ

کالسیل یغشی اصول الدندن البالی	المال یغشی رجالا لا طباخ بہم

لا طباخ بہم ای لا خیر عندہم والدندن المسود من الکلاء لقدمہ ویبسہ ترجمہ مال ایسے لوگوں کے پاس جمع ہو جاتا ہے اور انکو گھیر لیتا ہے جنمیں کوئی بھلائی نہیں پائی جاتی جیسے رو کاہ کہنہ وخشک کی جڑوں میں جمع ہو جاتی ہی خلاصہ یہ ہے کہ تونگری کو لیاقت اور استحقاق ضروری نہیں ہی بلکہ یہ ایک امر مقدر ہے۔

آخر

آخر

حسان بن ثابت

اصون عرضی بمالی لا ادنسه	لا بارك الله بعد العرض فی المال

ترجمہ میں اپنی آبرو کو ایسے مال کے ذریعہ سے بچاتا ہوں جس کو نجاست بخل سے ناپاک نہیں کرتا خدا وند تعالیٰ بعد جانے آبرو کے مال میں برکت نہ دے۔

احتال للمال ان اودی فاجمعه	ولست للعرض ان اودی بمحتال

ترجمہ اگر مال ہلاک ہو جاوے تو اسکی تدبیر کر کے اسکو جمع کر سکتا ہوں اور اگر آبرو جاتی رہے تو اسکے پھر حاصل ہونیکے لئے میرا کوئی حیلہ پیش نہیں چلتا کیونکہ وہ جا کر پھر نہیں آتی۔ یہ دونوں اشعار آخر باب ادب میں مذکور ہو چکے ہیں

الفقر یزری باقوام ذوی حسب	ولا یسود غیر السید المال

رجل مال نال ای ذو مال کثیر و منال عظیم ترجمہ افلاس شریف وحسیب قوموں پر عیب لگا دیتا ہے اور لوگوں میں سردار نہیں بنایا جاتا ہے سوائے سردار کثیر المال کے

وقال عبد العزیز بن زرارۃ الکلابی

دعوت الیها فتیة باکفهم	من الجزر فی برد الشتاء کلوم

الضمیر المجرور للناقة۔ والجزر الذبح۔ والکلوم جمع کلم۔ وھو الجرح مرفوع فاعل الظرف ترجمہ میں نے اپنے ناقہ کے ذبح کے لئے ایسے جوان غلام بلائے کہ انکے ہاتھوں میں بسبب فی ذبح وقت شدت سرما کے بہت سے زخم موجود تھے کیونکہ بسبب شدت سرما اور ہاتھوں کے قابو میں نہ ہونیکے اور بباعث سرعت ذبح کے جو بخیال جلد تیار کرنے ضیافت مہمانان تھی انکے ہاتھ زخمی ہو گئے تھے۔

اذا ما اشتهوا منها شواء سعی لهم	به هذریان للکرام خدوم

الضمیر للاضیاف۔ والشواء اللحم المشوی۔ والضمیر المجرور فی به له۔ والهذریان من یهذر کثیرا فی کلامه۔ وانما وصفه به لانه یکثر کلامه عند الاطعام۔ والخدوم مبالغة الخادم ترجمہ جبکہ مہمان لوگ اس ناقہ کا بھنا ہوا گوشت چاہیں اور طلب کریں تو انکے لئے وہ گوشت ایک شخص بہت بولنے والا عمدہ لوگوں کا خدمت کرنیوالا دوڑ کر لاوے۔ بہت بولنے والا اسلئے کہا کہ سچی مہتمم ضیافت ہر شخص کو بار بار کھانیکا اور ہر چیز کے لانیکا تقاضا کرتا رہتا ہے۔

وقال آخر

فالا اکن عین الجواد فاننی	علی الزاد فی الظلماء غیر شتیم

ترجمہ سو اگر میں پورا سخی نہیں ہوں تو کیا مضائقہ ہے کیونکہ میں بیشک تاریکی شب میں کسی توشہ کی بابت دشنام نہیں دیا جاتا بلکہ مہمانوں کو خوب سیر کھلاتا ہوں۔

اَرُدُّ سِنَانَ الرُّمحِ غَيرَ سَلِيمِ	فَاِنْ اَكُنْ عَينَ الشُّجَاعِ فَاِنَّنِي

ترجمہ اور اگر میں پورا بہادر نہیں ہوں تو خیر ہے کیونکہ میں دشمن کے نیزہ کی بھال کو توڑ کر لوٹا تاہوں یعنی اسکو تلوار سے کاٹ دیتا ہوں یا میرا جسم ایسا سخت ہے کہ بھال اسپر لگ کر ٹوٹ جاتی ہے خلاصہ یہ ہے کہ میں یہ اوصاف رکھتا ہوں اور سخاوت اور شجاعت کا جامع ہوں یہ دونوں شعر کسی قدر تغیر کیساتھ باب حماسہ میں گزر چکے ہیں۔

وقال آخر

وَاَكثِرِ الشَّوبَ اِنْ لَم يَكثُرِ اللَّبَنُ	وَسِّعْ بِمَدِّكَ مَاءَ اللَّحمِ تَقسِمُهُ

المد اکثار مرق اللحم۔ وتقسمہ حال والشوب مزج الماء باللبن ترجمہ بہت سا پانی ڈالکر گوشت کا شوربا بڑھاوے جبکہ تو اس کو مساکین پر تقسیم کرے تاکہ سب کو پہونچے اور اگر دودہ زیادہ نہو تو اسمیں پانی زیادہ ملادے تاکہ کوئی محروم نہ رہے۔ یہاں سے شیخوں کی پتلی دال کا پتہ لگتا ہے۔

اِنَّ الكَرِيمَ لِذَلِكَ لَم يُخلِ الفِطَنِ	وَسِّعْ بِهِ وَتَلَفَّتْ حَولَ حَاضِرِهِ

تلفت بمعنی التفت والضمیر المجرور لماء اللحم۔ واخلاہ ترکہ خالیا۔ والفطن جمع فطنۃ وھو الحذق والبصیرۃ ترجمہ گوشت کے شوربے کو خوب زیادہ کردے اور جو اُسکے گرد موجود ہیں اُن کو گردن موڑ کر خوب دیکھ لے کہ کوئی حاجتمند محروم نہ رہجاوے بیشک سخی وہ شخص ہے جسکو ہوشیاریاں نہ چھوڑیں اور ہر دم ہوشیار رہے۔

وقال آخر

مِنَ السَّيفِ لَاقَت حَدَّهُ وَهُوَ قَاطِعُ	اِذَا هِيَ لَم تَمنَعْ بِرِسْلٍ لُحُومَهَا

الضمیر المرفوع للابل۔ والرسل بالکسر اللبن ترجمہ جبکہ شتر اپنے دودھ کے ذریعہ سے اپنے گوشت کو تلوار سے نہ بچاویں یعنی مہمانوں کے لئے دودہ نہ دیویں تو وہ تلوار کی براں دھارے ملیں گے یعنی اگر وہ دودہ نہ دیوینگے تو مہمانوں کے لئے ذبح کئے جاوینگے۔

وَالِيَانَهَا اَنَّ الكَرِيمَ يُدَافِعُ	نُدَافِعُ عَن اَحسَابِنَا بِلُحُومِهَا

ترجمہ ہم اپنی صفات حسنہ سے بذریعہ شتروں کے گوشت اور انکی دودہ کے عار و ننگ بخل کو دور کرتے ہیں یعنی اس خوف سے کہ کوئی ہم کو بخیل کہے شتروں کے گوشت اور دودھ مہمانوں کو کھلاتے پلاتے ہیں بیشک سخی آدمی اپنے نفس سے عار کو دور کیا کرتا ہے۔

يَدَعْهُ وَتَرجِعْهُ اِلَيهِ الرَّوَاجِعُ	وَمَن يَقتَرِفْ خُلقًا سِوَى خُلقِ نَفسِهِ

الاقتراف الاکتساب ترجمہ اور جو شخص سوائے اپنی اصلی عادت کے کوئی اور عادت پیدا کریگا اور سیکھے گا تو وہ اسکو آخر چھوڑ دیگا اور اُسکو اسکی اصلی عادت کیطرف لوٹانے والے سبب لوٹا لاوینگے۔

وقال مضرس بن ربعی

کساء الارض نضّاح الجلید وجامدُه	وانّی لادعو للضیف بالضّوء بعد ما

النضح الرش ونضاح الجلید ما ینضح منه علی وجه الارض۔ والجلید ہی الرطوبۃ التی تسقط علی الارض لیلاً وتجمد وتبیض
ترجمہ اور میں بیشک مہمان کو بذریعہ آگ کی روشنی کے بلاتا ہوں جبکہ شبنم ریزاں اور جمنے والی زمین کو بالکل ڈھانپ لے یعنی ایام شدت سرما وزمانہ قحط میں بوقت شب آگ جلا کر مہمان کو بلاتا ہوں۔

ومثلان عندی قربہ وتباعُدُہ	لاُکرمہ انّ الکرامۃ حقّہ

ترجمہ بلاتا ہوں تاکہ اسکی آؤ بھگت کروں بیشک تعظیم مہمان کا حق ہے اور میرے نزدیک اُس کا نسب اور وطن میں قریب ہونا اور دور ہونا دونوں برابر ہے۔ یعنے مہمان کا مجھ سے نسب وطن میں قرب اور بُعد برابر ہے ہر دو صورت میں مہمان داری کرتا ہوں۔

بما قال حتّٰی یترک الحیّ حامدُہ	ابیت اُعشّیہ السدیف وانّنی

السدیف شحم السنام۔ وحامدہ خبران ترجمہ میں ایسے حال میں رات گزارتا ہوں کہ اُس کو کوہان شتر کی چربی جو عمدہ شمار ہوتی ہے کھلاتا رہتا ہوں اور میں بیشک بعوض اس چیز کے جو وہ مجھ سے لیوے یا مجکو نقصان پہونچاوے اُس کا ثنا خوان رہتا ہوں جب تلک وہ ہماری قوم میں مقیم رہے خلاصہ یہ ہے کہ میں اُس کی فرمایش کو نعمت سمجھتا ہوں۔

حماس بن ثامل

وقال حماس بن ثامل

بمشبوبۃٍ فی راس صمدٍ مقابلِ	ومستنبحٍ فی لجّ لیلٍ دعوتُہ

المشبوبۃ النار۔ ولج اللیل معظم ظلمتہ۔ والصمد الجبل او الارض المرتفعۃ ترجمہ بہت سے مہمان شب آیندہ شدت تاریکی شب میں کتے بھونکانے والے ہیں کہ میں نے انکو اپنی طرف بذریعہ اُس آتش روشن کے جو مہمان کے مقابل پہاڑ کی چوٹی میں جلائی گئی تھی بلایا ہے۔

وانّ علی النار الندٰی وابن ثاملِ	فقلت لہ اقبل فانّک راشدٌ

ترجمہ اور میں نے اسکو پکارا اور کہا کہ آگے بڑھ کیونکہ تو ٹھیک راہ پر ہے جس میں تو کامیاب ہوگا اور بیشک اُس آگ پر خود سخاوت موجود ہے اور ابن ثامل جیسا سخی پس تجکو کسی چیز کی کمی نہیں ہے۔

النمری

وقال النمری ویقال انہا لرجل من باہلۃ

یقاتل اھوال السُّریٰ وتُقاتلُہ	وداعٍ دعا بعد الھُدوءِ کانّما

ترجمہ اور بہت سے پکارنے والے ہیں کہ آسنے بعد ٹھہر جانے رات کے پکارا کہ کیا کوئی مرد سخی میری خبرگیری

کے لئے ہے اور اُس کا حال ایسا تھا کہ گویا وہ شب روی کی ہولون سے لڑتا ہے اور وہ ہولین اُس سے لڑتی ہیں یعنے سخت مصیبت میں تھا۔

جُنونٌ ولکن کیدُ امرٍ یحاوِلُہٗ	دعا بائساً شبہ الجنون ومابہ

البائس ذو البوس والشدۃ حال من المستکن فی دعا۔ والشبہ المثل ونصبہ علی انہ علۃ للدعار۔ والکید الحیلۃ و الخبث **ترجمہ** اُسنے بحال شدت وسختی مجنون کیطرح پکارا اور اُسکو کسی قسم کا جنون نہ تھا مگر وہ حیلہ اور تدبیر اُس امر کی کرتا تھا جو اُسکے قتل کا قصد رکھتا تھا یعنی بھوک کے دفع کی۔

بصوتٍ کریمِ الجدّ حُلوٍ شمائلُہٗ	فلمّا سمعتُ الصوتَ نادیتُ نحوہٗ

الجد اب الاب والمراد بہ النسب او البخت والحظ **ترجمہ** سو جب میں نے اسکی آواز سنی تو میں نے اُسکی طرف موںھ کرکے ایسی آواز نرم سے پکارا جیسا شریف النسب یا صاحب نصیب شیریں اخلاق آدمی پکارتا ہے۔

واخرجتُ کلبی وھو فی البیت داخلُہٗ	فابرزتُ ناری ثم اثقبتُ ضوءَھا

اثقبہ الھبہ **ترجمہ** سو میں نے اسکے لئے اپنی آگ نکالی پھر اسکے شعلہ کو بھڑکایا اور اپنے کتے کو گھر سے باہر نکالا تاکہ وہ بھونکے اور جہان اسکی آواز سن کر آجاوے اور وہ بسبب شدت سرما کے گھر میں گھسا ہوا تھا۔

وبشّرَ قلباً کان جمّاً بلابلُہٗ	فلمّا رانی کبّرَ اللہ وحدہٗ

الجم الکثیر۔ والبلابل جمع بلبال وھوالھم والحزن **ترجمہ** سو جب اُسنے مجکو دیکھا تو اللہ تعالی وحدہ لاشریک کی تکبیر کہی اس غرض سے کہ اسکو عمدہ جگہ پہونچا دیا اور اسنے اپنے دل کو جس کے غم کثرت سے تھے خوشخبری دی۔

رشدتَ ولم اقعد الیہ اسائلُہٗ	فقلتُ لہ اھلاً وسھلاً ومرحبا

ترجمہ سو میں نے اُس سے کہا کہ تو اپنے لوگوں میں آیا اور اچھی راہ چلا اور فراخ جگہہ میں پہنچا تو مطلب کو پہونچا اور میں اُس سے یہ کہکر اسکے پاس اس کا وطن وقوم پوچھنے نہ بیٹھا تاکہ طیاری طعام میں دیر نہو اور شبہ بخل نہ پایا جاوے۔

لوجبۃِ حقٍّ نازلٍ انا فاعلُہٗ	وقمتُ الی بَرکٍ ھجانٍ اعدّہٗ

البرک اسم جمع للابل البارکۃ ای الجالسۃ علی الارض۔ والھجان الابل البیض۔ والوجبۃ مرۃ من وجب اذا نزل وسقط **ترجمہ** اور میں اُن بیٹھی ہوئی سفید عمدہ اونٹنیوں کی طرف متوجہ ہوا جنکو میں طیار رکھتا ہوں واسطے وقوع اترنے والے حق یعنی واجب کے جس حق کو میں برابر ادا کیا کرتا ہوں۔

من الارض لم تخطل علیّ حمائلُہٗ	بابیضَ خطّتْ نعلُہ حیثُ ادرکتْ

الجار والمجرور متعلق بقمت۔ ونعل السیف ہی الحدیدۃ التی تکون فی اسفل جفن السیف۔ والخطل الاضطراب والاطالۃ **ترجمہ** میں متوجہ ہوا ایسی صیقلدار تلوار لیکر کہ اسکی کوتہی پایپلا بسبب درازی شمشیر کے جسجگہ زمین پر لگتی تھی

خط کہینچتی جاتی ہتی اور بسبب طول میرے قد کے اُسکا پر تلہ میرے بدن پر دراز نہیں معلوم ہوتا تھا۔

فجال قلیلا واتقانی بخیره ۔۔۔ سناما وامْلاهٔ من النی کاهلهٔ

المستکن للبرک فانه اسم جمع والاملی تفضیل المملو۔ والنی المخ والشحم ترجمہ پس وہ شتر کچہہ زمانہ تلک جولانی کرتے رہے اور آخر کو وہ مجھ سے بچے بذریعہ ایک شتر کے جس کا کوہان اُن سب سے اچھا تھا اور اُسکا کندھا اُن سبکی نسبت چربی اور مغز سے پُر تھا یعنی جب ایسا شتر میرے سامنے آگیا تو میں نے اُن کا پیچھا چھوڑ دیا۔

بقومٍ هجانٍ مُصْعَبٍ کان فحلها ۔۔۔ طویل القری لم یعدُ اَن شقّ بازلهٔ

بدل من بخیره باعادة الجار والقرم الجمل الشاب القوی۔ والہجان الابیض الکریم۔ والمصعب الفحل الذی ترک کوبہ وخبر کان القرم۔ وضمیر فحلها للبرک وطویل بالجر صفة القرم۔ والقری الظهر۔ والمستکن فی لم یعد له من عدا اذا تجاوز وان شق مفعوله۔ والشق طلوع الناب۔ واراد بالبازل کمال الشباب فان البازل السن التی تطلع وقت النزول ای حین طلوع الناب ترجمہ وہ شتر مجہہ سے بچے بسبب آگے آجانے ایک شتر نر قوی عمدہ سفید کے جسپر بسبب خوبی اور افزایش نسل کے سواری نہیں کیجاتی تہی اور وہ اُن مادہ ہائے شتر کا جو بیٹھی ہوئی تہیں نر تھا اور وہ دراز پشت تھا اور اُس کا نیش نکلے ہوئے کچہہ عرصہ نہیں ہوا تھا یعنی نوجوان تھا۔

فخرّ وظیفُ القرم فی نصف ساقه ۔۔۔ وذاک عقالٌ لا ینشط عاقلُه

الخر والسقوط والوظیف مستدق الزراع والساق فی الدواب ونشطه بالتشدید حله وضمیر المفعول محذوف والعقل شد العقال ترجمہ میں نے اسکی ساق میں تلوار لگائی سو اُس عمدہ شتر نر کا ہاتہہ نصف ساق سے کٹ کر گر پڑا اور یہ ایسے اسکیل ہے کہ جسکو اُس کا باندھنے والا کہول نہیں سکتا۔

بذلک اوصانی ابی وبمثله ۔۔۔ کذلک اوصاه قدیما اوائلُه

ترجمہ ایسے ہی مہمانداری کے لیئے میرے باپ نے مجکو وصیّت کی تہی اور اسی طرح جیسے اُسنے مجکو وصیّت کی اُسکے بڑوں نے ہمیشہ اُس کو وصیّت کی تہی۔

وقال النابغة الذبیانی

ہو منسوب الی سعد بن ذبیان جده الاعلی جاہلی معروف بمدح نعمان بن وائل بن الجلاح بالجیم فالمہملة کغراب الکلبی ومن خبر ہذه الابیات ان النعمان ہذا کان قد اغار علی بنی ذبیان فسبی منہم واخذ عقرب بنت النابغة فسال عنہا فقال انا بنت النابغة فقال واللہ ما احد اکرم علینا من ابیک ثم جہزہا وخلی سبیلها ثم قال واللہ ما اری النابغة یرضی بہذا فاطلق کلہم فقال النابغة بمدحه۔

له بفناء البیت سوداءُ فخمةٌ ۔۔۔ تلقّمُ اوصال الجزور العراعرِ

الفناء ما اتسع امام الدار والفخمة العظیمة۔ وتلقم مجہول من لقمه شیئا۔ والاوصال المفاصل والجزور الناقة والعراعر

بالضم السمین ترجمہ نعمان کے صحن خانہ میں دیگ سیاہ کلاں ہے جس میں پارچہ ہائے گوشت ناقہ فربہ کے ڈالے جاتے ہیں۔ یعنے وہ سخی مہمان نواز ہے۔

بقیۃ قدر من قدور تورثت ۔۔۔ لآل الجلاح کابرا بعد کابر

قال ابو علی کابرلیس باسم الفاعل کالقاعد والقائم وانما ہو اسم للجمع کالباقر والجامل والمراد کبرا بعد کبرا وکابر بمعنی کبیر کذا فی التبریزی ونصبہ علی انہ مفعول فعل محذوف ای بلغت ترجمہ وہ دیگ بقیہ اُن دیگوں کا ہے جو آل جلاح کی موروثی ہیں جو ایک بڑائی کے چاہنے والیکو بعد دوسری بڑائی کے چاہنے والیکے پہونچیں ہیں۔

تظل الاماء یبتدرن قدیحہا ۔۔۔ کما ابتدرت سعد میاہ قراقر

القدیح المرق وما یبقی منہ فی اسفل القدر فیغترف بالقدح۔ وارادو بسعد بنی سعد بن عوف من تمیم۔ وقراقر واد بالدہناء وہو فی بلاد تمیم ترجمہ جبکہ بیبیاں اُس دیگ کی گوشت وشوربہ سے سیر ہوجاتی ہیں تو چھوکریاں اُسکی تہ میں سے پیالے بھر بھر شوربہ نکالنے لگتی ہیں۔ یا جب وہ دیگ چولھے سے اُتاری جاتی ہے تو چھوکریاں بیبیوں کے لئے پیالوں سے شوربہ ایسی جلد جلد نکالنے لگتی ہیں جیسے بنی سعد نالہ قراقر کے پانی کو جلد جلد نکالتی ہیں۔

وقال الفرزدق

وداع بلحن الکلب یدعو ودونہ ۔۔۔ من اللیل سجفا ظلمۃ وغیومہا

السجف بالکسر والفتح الستر وارادو بالمثنے التکرار کما فی قولہ تعالی فارجع البصر کرتین والغیم السحاب ترجمہ اور بہت سے پکارنے والے باآواز سگ ہیں جو کسی سخی کو واسطے کھانا کھلانے کے پکارتے ہیں اور حال یہ ہے کہ اُنکے ورے بہت پردے تاریکی شب کے ہیں اور اسکے ابر عرب کے مسافروں کا دستور ہے کہ جب انکو رات کو راہ نہیں ملتی تو کتے کی طرح بھونکنے لگتے ہیں تاکہ کتے اسکی آواز سن کر بھونکنے لگیں اور مسافر اسکی آواز سن کر وہاں آجاویں۔

دعا وہو یرجو ان ینبّہ اذ دعا ۔۔۔ فتی کابن لیلی حین غارت نجومہا

عنی بابن لیلی نفسہ فان لیلی بنت حابس ابن عقال اخت اقرع بن حابس رضی اللہ عنہ کانت جدتہ ام ابیہ غالب والضمیر للظلمۃ ترجمہ اسنے پکارا کسی سخی کو اور اُس نے جب پکارا تھا تو وہ اس بات کا آرزومند تھا کہ اپنی آواز سے ابن لیلی جیسے سخی یعنے فرزدق کو اس وقت جگادے جب کہ اس تاریکی کے ستارے غائب ہوگئے تھے یعنی آخر شب میں۔

بعثت لہ دہماء لیست بلمّۃ ۔۔۔ تدرّ اذا ما ہبّ نحسا عقیمہا

البعث الرفع والجملۃ جواب ربّ۔ والدہماء الناقۃ السوداء وارادو بہا القدر۔ والنحس الریح الباردۃ والعقیم من الریاح

مالا تلقح ولا تنفع والضمیر المجرور للریاح ترجمہ کہ میں نے اسکے لئے سیاہ رنگ دیگ ان پر چڑھائی کہ وہ درحقیقت ناقہ شیر دار نہ تھی مگر وہ اُس وقت دودھ دیتی تھی جب کہ سرد و بانجھ ہوا چلی۔ شیر دیگ سے مراد اُس کا شوربہ ہے اور بانجھ ہوا وہ ہے جس سے کچھہ فائدہ اور نباتات کو نشو و نما حاصل نہو یعنے سرما اور قحط کی ہوا۔

کانّ المحال الغرّ فی حجراتہا　　عذاریٰ بدت لمّا اصیب حمیمہا

المحال فقار الظہر۔ والغر جمع اغرای الابیض لمکان الشحم۔ والحجرات النواحی والضمیر للدہمار بالمعنے المذکور۔ و الحمیم القریب ترجمہ گویا مہرے پشت کے جو بسبب چربی کے سفید تھے اس دیگ کے اطراف میں باکرہ عورتین تھیں جو سیاہ لباس پہنے ظاہر ہوئیں جب اُن کا قریب رشتہ دار مقتول ہوا۔

غضوب کحیزوم النعامۃ احمشت　　باجواز خشب زال عنہا ہشیمہا

الغضوب شدید الغضب وکنی بہ عن شدید الغلیان نعت دہماء والحیزوم الصدر والتشبیہ فی الارتفاع والعظم و احمشت مجہول من احمش القدر اذا الفی الوقود الکثیر تحتہا۔ والاجواز الاوساط۔ والخشب بالضم جمع خشب۔ والہشیم الیابس المنکسر ترجمہ وہ دیگ بسبب شدّت جوش کے غضبناک معلوم ہوتی تھی اور کلانی میں مثل سینہ شتر مرغ کے تھی کہ بذریعہ لکڑیوں کے گدوں کی جنسے انکی سوکھی ٹہنیاں جدا ہو گئی تھیں خوب جوش میں لائی گئی تھی۔

محضّرۃ لا یجعل السترد ونہا　　اذا المرضع العوجاء جال بریمہا

اسم مفعول من حضرہ اذا حضرہ کثیر من الناس۔ والعوجاء من النساء من اعوجّت ہزالا وجال اضطرب والبریم الخیط بالوان مختلفۃ تتوشح بہا النساء لدفع العین وکنی باضطرابہ عن الہزال فان السمن یمنعہ عن الاضطراب ترجمہ اس دیگ کے پاس کھانا کھانے کے لیئے بہت سے مہمان اور مساکین لائے جاتے ہیں اور جبکہ بچے کو دودھ پلانیوالی دُبلے پن سے کج اعضا عورت کا بچہ رنگا گنڈہ اُسکی نہایت لاغری کے سبب اضطراب میں آجاوے اور پھر پھر کرنے لگے یعنی شدّت قحط کے زمانہ میں اُس دیگ کو پردہ ڈالکر مساکین سے چھپایا نہیں جاتا بلکہ اسوقت میں بھی اس سے برابر لنگر جاری رہتا ہے۔ گنڈے کے اضطراب سے مراد لاغری ہے کیونکہ فربہی مانع اضطراب ہوتی ہے اور دودھ پلانیوالی کی تخصیص اسوجہ سے کی کہ اسکے کھانیکا اہتمام بخیال فرزند زیادہ کیا جاتا ہے۔

وقال شریح بن الاحوص جعفر بن کلاب

ومستنبح یبغی المبیت ودونہ　　من اللیل سجفا ظلمۃ وستورہا

ترجمہ اور بہت سے کتے بھونکانے والے ہیں جو شب باشی کے لئے جگہہ تلاش کرتے ہیں اور اُن سے ورے

بہت سے پردے تاریکی شب کے ہیں اور اسکے پردے بیتے ابر کے۔

زجرت کلابی ان یھرّ عقورھا	رفعت لہ ناری فلما اھتدیٰ بہا

الجملۃ جواب رب۔ وہر الکلب انیہ اذا نبح علیہ قلیلا۔ والعقور الکلب العضوض ترجمہ میں نے اسکے لئے شعلہ آتش بلند کیا سو جب وہ بذریعہ اسکی روشنی کے مجھ تلک پہونچا تو میں نے اپنے کتوں کو ڈپٹا اس خوف سے کہ کہیں اسکو کٹکھنے کتے نہ بھونکنے لگیں۔

بلیلۃ صدق غاب عنہا شرورھا	فبات وان اسری من اللیل عقبۃ

العقبۃ النوبۃ وہوان یتعاقب اثنان علی بعیر واحد والمراد بہ المسافۃ القلیلۃ والصدق الکرم والحسن ترجمہ سو وہ میرے پاس ایسی عمدہ رات میں رہا جس سے اسکی بدیاں غائب تھیں اگرچہ وہ رات کو کسی قدر چلا۔

وقال مسکین الدارمی

قباب الترک ملبسۃ الجلال	کان قدور قومی کل یوم

القباب جمع قبۃ والقبۃ الترکیۃ نوع من القبات یجعل من النمد وتکون غطیمۃ والملبسۃ من البسۃ والجلال جمع جل وہو مایلقی علی الدابۃ لدفع البرد ترجمہ میری قوم کی دیگیں ہر روز ایسی ہیں کہ گو یا وہ ترکی خیمے ہیں کلائی ہیں کہ انپر سیاہ جھولیں ڈالی گئی ہیں یعنی وہ بسبب کثرت طبخ نہایت سیاہ رہتی ہیں۔

طلاھا الزفت والقطران طال	کان الموقلین بہا جمال

وقد بہ بالفار اذا اشرف علیہ ترجمہ گو یا وہ لوگ جو دیگیوں کو دیگ دان پر رکھتے اور اتارتے اور اُنکے کھانیکی خبرگیری کرتے ہیں یعنی باورچی غلام ایسے شتر ہیں جنپر ملنے والے نے روغن زفت اور قطران ملدیا ہے بسبب انکی سیاہی رنگ ولباس کے۔

اشبّہھا مقیرۃ الدوالی	بایدیھم مغارف من حدید

المغرفۃ مایغرف بہ المرق من القدر۔ وشبہہ ایاہ وبہ کلاہما مستعمل والمقیر المطلی بالقار۔ والدوالی جمع دالیۃ وہی الدلو ترجمہ انکے ہاتھوں میں لوہے کے چمچے ہیں جن سے وہ دیگوں کا کھانا نکالتے ہیں میں ان چمچوں کو بسبب سیاہی کے ان ڈولوں سے تشبیہ دیتا ہوں جنپر روغن قار جو سیاہ ہوتا ہے ملا گیا ہو۔

وقال العکلی

ہو النمر بن تولب بالفوقانیۃ شاعر مخضرم صحب النبی صلی اللہ علیہ وسلم وروی عنہ وکان جوادا کریما۔

نزور القریٰ امست بلیلا شمالھا	اعاذل بکینی لاضیاف لیلۃ

الہمزۃ للنداء۔ وعاذل ترخیم عاذلۃ والنزور القلیل۔ والبلیل الریح الباردۃ ذو نداوۃ قلیلۃ ترجمہ اے

زن ملا تنگم جب میں مرجاؤں تو تو مجکو بسبب خرابی و تباہی مہمانان سب کے جنکی مہمانی تھوڑی رہجاویگی یا بالکل نہ رہیگی اور جن کی شمالی ہوا کسیقدر باران سے تر ہوگی خوب رونا کیونکہ میں ایسے اڑے وقت میں انکے ہمیشہ کام آتا تھا اور مشکل کشائی کرتا تھا۔

اعامر مهلا لا تلمنی و لا تکن	خفیا اذا الخیرات عدت رجالها

ترجمہ اے عامر وم لے اور میری سخاوت پر مجکو ملامت منکر اور تو ایسے وقت میں کہ جب نیکیوں والے شمار کیئے جاویں پوشیدہ اور گمنام یعنی بخیل نہو بلکہ ایسا رہ کہ اسخیا میں تیرا نام بھی شمار کیا جاوے۔

اری ابلے تجزی مجازی هجمة	کثیر و ان کانت قلیلا افالها

یقال فلان اجزی مجزی فلان اذ اکفی کفایته وسد مسده۔ والہجمۃ الاربعون من الابل الی ما زادت وما بین السبعین الی المائۃ اراد بہا الجماعۃ والافال جمع افیل وہو الفصیل ابن مخاض ترجمہ میں اپنے شتر ونکو قائم مقام شتران کثیر کے دیکھتا ہوں اگرچہ انکے بچے تھوڑے ہیں کیونکہ مہمانوں کے لئے ذبح ہوتے رہتے ہیں۔

متاکیل ما تنفک ارحل جمة	ترد علیهم نوقها و جمالها

المتاکیل جمع متکال وہی التی تفقد اولادہا بالموت او الذبح۔ والارحل جمع رحل وہو المنزل۔ والجمۃ الجماعۃ وترد مجہول۔ وضمیر الجمع للجمۃ ترجمہ میرے شتر مفقود الاولاد ہیں کہ وہ ہمیشہ فرودگاہ اُس جماعت کے رہتے ہیں جن کو انکے نر و مادہ بے تامل دیے جاتے ہیں جیسے پرائی چیز لوٹا دی جاتی ہو یعنی سائل انکے لینے کو برابر آتے رہتے ہیں۔

وقال جابر بن حیان

فان یقتسم مالی بنی و اخوتی	فلن یقسموا خلق الکریم ولا نحلی

ترجمہ سو اگر میرا مال میرے بیٹے اور میری بھائی آپسمیں بانٹ لیں گے تو میری عمدہ عادت اور کام ہرگز تقسیم نکر سکینگے

اهین لهم مالی و اعلم انني	سا ورثه الاحیاء سیرة من قبلی

اراد بالاہانۃ الذل والنحر۔ وضمیر الجمع للاضیاف والمساکین بدلالۃ المقام ترجمہ میں انکے لئے یعنی مہمانوں کے لئے اپنے شتر ذلیل و ذبح کرتا ہوں اور بیشک یہ جانتا ہوں کہ عنقریب میں اُن کا وارث زندہ رشتہ داروں کو کرونگا جیسا کہ مجھسے پہلی لوگوں نے قرابتیان قریب کے اپنا وارث کردیا خلاصہ یہ کہ جب یہ سب ورثہ انکی چھوڑ جاتا ہی تو بخل سخت نازیبا ہے

و ما وجد الاضیاف فیما ینوبهم	لهم عند علات الزمان کامثلی

العلات العوائق ترجمہ اور مہمان لوگ اُن معاملوں میں جو انکو پیش آویں گے مجھ جیسا عمدہ باپ بوقت عوائق و موانع یعنے مصائب زمانہ کے نہ پاوینگے۔

وقال حاتم

وعاذلۃٍ قالت علیّ تلومنی	کانّی اذا اعطیت مالی اضیمہا

ترجمہ اور بہت سی زن ملامتگر ہیں کہ ملامت کرتی ہوئی مجھپر ایسی چڑھ آئیں کہ گویا جب میں اپنا مال کسی کو بخشتا ہوں تو اسپر ظلم کرتا ہوں۔

اعاذل انّ الجود لیس بمہلکی	ولا مُخلد النفس الشحیحۃ لومُہا

ترجمہ اے زن ملامتگر بیشک میری بخشش مجکو ہلاک نہیں کردیگی اور نہ بخیل طبیعت کو اُن کا بخل مدام رکھے گا۔ یعنی بخشش کچھہ مضر نہیں ہے اور نہ بخل کچھہ مفید۔

وتذکر اخلاق الفتی وعظامہ	مُغیبۃٌ فی اللحد بالٍ رمیمہا

ترجمہ اور مرد سخی کی عمدہ عادتوں کا برابر مذکور رہتا ہی حالانکہ اسکی استخوان قبر میں پوسیدہ اور اسکی پرانی ہڈیاں ریزہ ریزہ ہوجاتی ہیں۔

ومن یبتدع مالیس من خیم نفسہ	یدعہ ویغلبہ علی النفس خیمہا

الخیم بالکسر الاخلاق والعادات۔ والابتداع الاحداث ترجمہ اور جو شخص ایسی نئی بات پیدا کرتا ہی جو اسکی عادات اصلی نہیں ہی تو آخر کو اسے چھوڑ دیتا ہی اور اسکی اصلی عادت اُس شخص پر غالب آجاتی ہے۔

وقال آخر

اکفّ یدی عن ان ینال التماسہا	اکفّ صحابی حین حاجتنا معا

الالتماس المس ونصب الاکف علی انہ مفعول ینیل ترجمہ جبکہ میں اور میرے دوست دونوں بھوکے اور کھانیکے حاجتمند ہوں تو میں اپنے ہاتھ کو اس امر سے روکتا ہوں کہ وہ میرے یاروں کے ہاتھ کو چھوئے یعنے بوقت کھانیکی یعنے میں ایسے وقت خود نہیں کھاتا اور دوستوں کے لئے چھوڑ دیتا ہوں۔

ابیت ہضیم الکشح مضطمر الحشا	من الجوع اخشی الذم ان اتضلعا

الہضم الکسر والمضطمر المہزول وان بتقدیر اللام۔ وتضلع الرجل اذا امتلی اضلاعہ من الطعام ترجمہ میں بھوک سے ٹوٹی ہوئی پسلیاں اور خالی شکم رات بسر کرتا ہوں کیونکہ میں شکم سیری کی بدنامی سے ڈرتا ہوں۔

وانی لاستحیی رفیقی ان یری	مکان یدی من جانب الزاد اقرعا

الاقرع الفناء الخالی یقال قرع الفناء اذا خلا ومن ذہب شعر راسہ ترجمہ اور میں بیشک اپنے رفیق سے اس امر کی شرم کرتا ہوں کہ وہ میرے ہاتھ کو توشہ کیجانب سے خالی دیکھے پس اسلئے میں آپ نہیں کھاتا ہوں اور اسکے لئے لگائے رکھتا ہوں۔

وانک مہما تعط بطنک سُولہ	وفرجک نالا منتہی الذم اجمعا

السول المطلوب ترجمہ اور بیشک جبکہ تو اپنی نفس پروری میں مصروف رہے اور اپنے شکم اور شرمگاہ کو انکی خواہشیں عطا کرے تو وہ دونوں نہایت درجہ کی برائی کو پہونچیں گے خلاصہ یہ ہے کہ نفس پرورے دست نوازی نہیں

ہوسکتی ۔

وقال حاتم ایضاً

اما والذی لایعلم السر غیرہ	ویحیی العظام البیض وھی رمیم

ترجمہ سن اے مخاطب قسم ہے اس ذات پاک کی کہ بھید سوائے اسکے کوئی نہیں جانتا اور وہ استخوانہائی سفید یعنی بے گوشت و پوست کو جبکہ وہ بوسیدہ ہیں زندہ کرتا ہے۔ یہاں سے معلوم ہوتا ہے کہ حاتم حشر کا قائل تھا۔

لقد کنت اختار القری طاوی الحشا	محافظۃ من ان یقال لئیم

الطاوی الجائع ترجمہ بخدا میں مہمانداری کو اپنے کھانے کی نسبت پسند کرتا ہوں حالانکہ میں بھوکا ہوتا ہوں بسبب بچنے اس خوف کے کہ مجکو بخیل کنجوس کہا جاوے یعنی یہ برا خطاب مجکو نہایت ناپسند ہے۔

وانی لاستحیی یمینی وبینھا	وبین فمی داجی الظلام بھیم

الضمیر المجرور للیمین فانہ مونث سماعی۔ والبھیم الاسود ترجمہ اور میں بیشک اپنے دہنے ہاتھ سے اس امر کی شرم کرتا ہوں کہ وہ کھانے پر پڑے ایسے وقت میں کہ میرے ہاتھ اور موتھ میں سخت شب تاریک ہو یعنے مجکو شرم آتی ہی کہ مساکین سے چھپکر شب تاریک میں کھانا کھاؤں۔

وقال برجل من آل حرب

ای من آل حرب بن امیۃ بن عبد الشمس بن عبد مناف ومن خبرہ ان السفاح العباسی امر بقتل رجل من بنی امیۃ فتبعتہ امرأتہ مع ابنہ الصغیر وکان الرجل یفرق مالہ وتقول امرأتہ ولدک ولدک فانشد۔

بانت تلوم وتلحانی علی خلق	عودتہ عادۃ والجود تعوید

لحاہ شتمہ ولامہ ترجمہ میری زوجہ نے ایسے حال میں رات گزاری کہ وہ مجکو ملامت کرتی تھی اور برا کہتی تھی ایک نیک عادت پر جسکی مجکو عادت ڈالی گئی ہے اور حال یہ ہے کہ بخشش بھی ایک عادت ڈالتی ہے۔

قالت اراک بما انفقت ذا سرف	فیما فعلت فھلا فیک تصرید

التصرید التقلیل ترجمہ اسنے کہا کہ میں تجکو تیرے خرچ کرنے میں مسرف اور فضول خرچ دیکھتی ہوں سو تجھ میں کم خرچ کرنے کی عادت کیوں نہ ہوئی۔

قلت اترکینی ابیع مالی بمکرمۃ	یبقی ثنائی بھا ما اورق العود

ترجمہ میں نے اس سے کہا کہ تو مجکو چھوڑ یعنے مزاحمت نہ کر کہ میں اپنا مال ایسے عمدہ کام کے عوض بیچڈالوں جس سے میری تعریف اور ذکر خیر جب تلک باقی رہے تب تلک کہ شاخ پر پتے لگیں یعنے ہمیشہ کو۔

انا اذا ما اتینا امر مکرمۃ	قالت لنا انفس حربیۃ عودوا

ترجمہ ہم بیشک ایسی قوم ہیں کہ جب ہم عمدہ کام کرتے ہیں تو ہم سے ہماری طبیعتیں جو حرب بن امیہ کیطرف منسوب ہیں اور اس جیسی سخی ہیں یہ کہتی ہیں کہ ایسا عمدہ کام دوبارہ اور بار بار کرو۔

وقال ابو کدراء العجلی

یا ام کدراء مہلاً لا تلومینی ۔۔۔ انی کریم وان اللوم یوذینی

اللوم بالضم البخل وبالفتح مصدر لامہ وکلاہما محتمل ترجمہ اے میری بی بی ام کدراء ٹھیر مجکو کثرت سخاوت پر ملامت مت کر کیونکہ میں بیشک سخی ہوں اور بیشک بخل یا تیری ملامت مجکو ستاتی ہے۔

فان بخلت فان البخل مشترک ۔۔۔ وان اجد اعط عفوا غیر ممنون

العفو الزائد عن الحاجۃ والممنون المقطوع وبالمن بہ ترجمہ سو اگر میں نے بخیلی اختیار کی تو اس میں کیا خوبی ہے کیونکہ بخل کا مرض عام ہے اور اگر میں نے فقراء کو دیا تو میں اسقدر دونگا جو میری حاجت سے زیادہ ہو اور جسکا دینا بند نہیں کیا جاتا یا اسپر احسان نہیں رکھا جاتا الحاصل میری سخاوت متوسط درجہ کی ہو قابل ملامت نہیں ہو۔

لیست بباکیۃ ابلی اذا فقدت ۔۔۔ صوتی ولا وارثی فی الحی یبکینی

ترجمہ جب کہ میرا بولنا جاتا رہے گا یا جب میرے شتر میری آواز گم کرینگے یعنی میں مرجاؤنگا تو میرے شتر مجھ پر نہ روئیں گے اور نہ قوم میں میرا وارث مجکو روئیگا پس کیوں سخاوت نہ کروں۔

بنی البناۃ لنا مجدا ومکرمۃ ۔۔۔ لا کالبناء من الآجر والطین

ترجمہ بنانے والوں یعنی ہمارے بڑوں نے جو بنیان عز وشرف ہیں ہمارے واسطے عزت وشرف کی بنا کردی ہو نہ ایسی بنا جو خشت وگل سے بنائی جاتی ہو کہ یہ ناپائدار قابل قدر نہیں ہو۔

وقال عقبۃ بن بجیر وقیل انہ لمسکین الدارمی

لحافی لحاف الضیف والبیت بیتہ ۔۔۔ ولم یلہنی عنہ غزال مقنع

المقنع اسم مفعول من قنع المرأۃ اذا البسہا القناع ترجمہ میرا لحاف میرے مہمان کا لحاف ہو اور میرا گھر اسکا گھر ہے اسمیں جو چاہے تصرف کرے اور مجکو اوڑھے ہوئے برقع پوش یعنی خوبصورت معشوقہ مہمان کی طرف سے غافل نہیں کرتی۔

احدثہ ان الحدیث من القری ۔۔۔ وتعلم نفسی انہ سوف یہجع

ترجمہ میں اپنے مہمان سے باتیں کرتا ہوں کیونکہ مہمان سے بات کرنی بھی منجملہ ضیافت ہو اور میں جانتا ہوں کہ وہ ایک عرصہ کے بعد سو جاویگا۔

وقال عمرو بن احمر الباہلی

اذا جھلت اجوافہا لم تحلّم	وسُودٍ تصادیہا الولائد جلّةٍ

الدہم جمع وہما۔ وارادبہا القدور السود من کثرۃ الطبخ۔ وتصاواہ اراہ۔ والولائد جمع ولیدۃ وہی الامۃ۔ والجلۃ العظام نعت ثان لدہم ترجمہ اور بہت سی سیاہ کلاں دیگیں ہمارے گھر میں ہیں کہ ہماری باندیاں اُن کا استعمال کرتی ہیں یعنی اُنکو پکانیکے کام میں لاتی ہیں جبکہ اُنکے شکم جاہلوں کی مانند بشدت جوش میں آتے ہیں تو حلیم آدمیونکی طرح اُن کا جوش ٹھیرتا نہیں خلاصہ یہ ہی کہ اُن میں گوشت وغیرہ خوب پر کرکے پکایا جاتا ہی اور اس لئے اُن کا جوش بیٹھتا نہیں ہی اور سیاہ بسبب کثرت پخت کے کہا۔

زفوفٍ بشلو الناب ہوجاءَ عیلمِ	ترئ کلّ ہرجابٍ لجوجٍ لہمّۃٍ

الہرجاب بالمہلۃ فالجیم کفرطعب الطویل من الناس وغیرہم وارادبہا القدر العظیمۃ الطویلۃ۔ واللجوج شدید الصوت من اللجۃ وہی الاصوات۔ والہمۃ تانیث الہم کجذب کثیر اللقمۃ والاکل۔ والزفوف بالمعجمۃ فالفائین الخفیف السریع یستوی فیہ المذکر والمونث۔ والشلو العضو والجسد من کل شیٔ۔ والبار للتعدیۃ والناب الناقۃ المسنۃ۔ والہوجاء الناقۃ السریعۃ والریح الشدیدۃ۔ والعیلم بالمہلۃ البیر الکثیرۃ الماء ترجمہ تو اُن دیگوں میں دیکھے گا ہر دیگ لمبی چوڑی بوقت جوش سخت آواز کرنیوالی بہت جنس کھانیوالی اور ناقہ کلاں سال کے گوشت کے پارچوں کو جلد گلانیوالی جوش کیوقت آندھی کی مانند غل مچانیوالی وسیع البطن مثل چاہ کثیر الماء کے۔

عجارف غیثٍ رائحٍ متہزّمِ	لہا لغطٌ جنحَ الظلامِ کأنہ

اللغط محرکۃ اختلاط الاصوات۔ والجنح بالکسر طائفۃ من اللیل منصوب علی الظرفیۃ۔ والعجرفۃ شدۃ المطر یجمع علی عجارف والرائح من اتاک رواحاً وذہب کذلک۔ تہزم الغیث بالزاء المعجمۃ اذا کان معہ صوت الرعد ترجمہ اس دیگ کی بارہ شب میں باہم ملی ہوئی ایسی مختلف آوازیں ہیں گویا سخت آوازیں باران آخر روز میں آنیوالی شدید الرعد کڑک دار کی ہیں۔

ترَی الآلَ یجری عن قنابلَ صُیّمِ	اذا رکدت حول البیوت کأنما

الرکود القیام والثبات والآل السراب وجری عنہ مرعلیہ والقنابل جمع قنبل وہو جماعۃ الخیل والصیم جمع صائم بمعنے ثابت قائم ترجمہ جب کہ وہ دیگ چولھے پر قائم ہوتی ہی اور ہمارے گھروں کے گرد وپیش اسمیں پکایا جاتا ہے اور دھواں بلند ہوکر اُسپر گزرتا ہی تو ایسا معلوم ہوتا ہی کہ گویا سراب یعنی دہوکہ جو چمکتے بالو سے پیدا ہوتا ہی گھوڑونکی کھڑی ہوئی جماعت سے گزرتا ہے۔

وقال المرار الفقعسی

سنا النار عن سارٍ ولا متنوّرِ	الیت لا اخفی اذا اللیل جنّنی

الالیاء الاقسام۔ وجنہ سترہ۔ والسنا الضوء مفعول الاخفاء۔ والساری من یسیر باللیل والمتنور من تنور الرجل

اذارای النار من مکان بعید ترجمہ میں نے قسم اس بات کی کھالی ہو کہ جب شب مجکو ڈھانپ لے تو اپنی آگ کی روشنی کو مسافر شب رو اور آگ کو دور سے دیکھنے والے سے پوشیدہ نہ رکھوں۔

تُضِیئُ لِسَارٍ آخِرَ اللَّیلِ مُقْتِرِ	فیا موقدی ناری ارفعاها لعلّها

ترجمہ سوائے میرے دونوں آگ کے جلانیوالو آگ کو خوب بھڑکاؤ کاش وہ آخر شب کے چلنے والے محتاج کو روشنی پہونچاوے اور وہ میرے پاس آجاوے۔

کریم المحیّا شاحب المتحسر	وماذا علینا ان یواجه نارنا

يدوم على خير الخلال ويتقي	تصرّمها من شيمة وانتقالها

الخلال جمع خلۃ وہی الخصلۃ۔ والتصرم الانقطاع۔ والضمیر المجرور مبہم یفسرہ من شیمۃ ترجمہ وہ شخص ہمیشہ عمدہ خصلتوں پر قائم ہے اور اس عمدہ عادت کے جاتے رہنے اور اسکو منتقل ہونے سے ڈرتا ہے۔

وتفضل أيمان الرجال شماله	كما فضلت يمنى يديه شمالها

فضلہ اذ غلبہ فی الفضل۔ والضمیر المجرور فی شمالہا الیدیہ فانہما للزوجہا و عادم الفکا کہما طبعا کشئی واحد ترجمہ لوگونکے دہنے ہاتھو نپر اُس کا بایاں ہاتھ ایسی فضیلت رکھتا ہے جیسا اُس کا دست راست اُسکے دست چپ پر فضیلت رکھتا ہے

وامرًا بافعال الندے وافتعالہا	وما اجم المعروف من طول کرہٖ

اجمہ کرہہ۔ والکر التکرار۔ وامر وافتعالہا معطوفان علی المعروف۔ والافتعال الاکتساب والمجرور للافعال ترجمہ اور وہ احسان کو بسبب بار بار کرنیکے اور بخشش کے کاموں کے حکم کرنیکو اور ان کاموں کے خود کرنیکو مکروہ و ناپسند نہیں جانتا بلکہ خود ہمیشہ احسان کرتا ہے اوروں کو ہدایت کرتا ہے۔

اذا ما رأی حقا علیہ ابتذالہا	ویبتذل النفس المصونۃ نفسہ

نفسہ بدل من النفس المصونۃ۔ والابتذال ضد الصیانۃ ترجمہ اور وہ اپنی طبیعت کو جو عار و ننگ سے پاک ہے مبتذل اور خوار کر دیتا ہے جب کہ اپنی طبیعت کے مبتذل ہونے کو اپنے اوپر لازم سمجھتا ہے۔

وباعک فی الابواع قدمًا فطالہا	بلوناک فی اہل الندے ففضلتہم

الباع قدر مد الیدین کالبوع بجمع علی الابواع عطف علی کاف الخطاب ترجمہ ہمنے تیرا سخیوں میں امتحان کیا سو ان سے تو بڑھکر رہا اور تیری درازدستی یعنی سخاوت کو اور انکی درازدستیوں میں ہمیشہ امتحان کیا سو تیری درازدستی اور سخاوت انکی درازدستیوں اور سخاوت پر طول میں غالب رہی۔

اذا الخود عدّت عقبۃ القدر مالہا	فانت الندے فیما ینوبک والسّدے

الندی العطار کالسدی۔ ونابہ اصابہ ونزل بہ۔ والخود بالفتح الشابۃ الجمیلۃ الناعمۃ۔ وعقبۃ القدر ما بقی فیہا من الطعام وکنی بہ عن اشتداد القحط ترجمہ جبکہ جوان نرم اندام خوبصورت عورت جس کے سب مرد قدردان ہوتے ہیں ہنڈیا کی کھرچن اور تلچھٹ کو اپنا بیش بہا مال سمجھے یعنی سخت قحط کا زمانہ آجاوے۔ تو ایسے نازک وقت میں ان سختیوں میں جو تجھپر نازل ہوں عین سخاوت و احسان مجسم ہے۔

وقال المتوکل اللیثی

یمدح سعید بن عثمان بن عفانؓ وخالد بن خالد بن عقبۃ بن ابی معیط۔

والخیر اسباب بہا یتوسّم	مدحت سعیدا واصطفیت ابن خالد

التوسم التعرف۔ والفعل مجہول ترجمہ میں نے سعید بن عثمانؓ کی تعریف کی اور خالد بن خالد کو تمام لوگوں سے چن لیا۔ اور یہ دونوں شخص امور خیر کے لئے سامان و سبب ہیں جنسے خیر پہچانی جاتی ہے اور اسکی حقیقت معلوم ہوتی ہے۔

فصادف عین الماء اذ یترسّم	فکنت کمحتبس بحفارۃ الثرے

الاحتباس التجسس۔ والحفار ما یحفر بہ الارض۔ والثری الارض الرطبۃ۔ والترسم تفحص الرسوم ترجمہ سو میں اُس شخص کی

مانند ہوگیا جو اپنے پھاوڑے اور کدال سے نرمٹی کھود کر پانی تلاش کرتا ہو۔ اور جبکہ پانی کے نشان ڈھونڈھ رہا تھا تو دفعۃً اُس نے پانی کا چشمہ پالیا یعنی میں اسخیا کی تلاش میں تھا سو مجکو مل گئے۔

فان یسال اللہ الشہور شہادۃً	تنبئ جمادی عنکم والمحرم
بانکما خیر الحجاز واہلہ	اذا جعل المعطی یمل ویسأم

الجمادی من شہور الشتاء فی الاصل۔ وکنی بہ عن القحط۔ والمحرم من اشہر الحرام وجعل بمعنی طفق ترجمہ سو اگر خداوند تعالیٰ مہینوں سے بطور گواہی تمہارا حال پوچھے کہ آیا یہ دونوں ایام قحط میں سخاوت اور ایام خوف و جنگ میں حمایت امن و امان کرتے تھے یا نہیں تو وہ ماہ جمادی جو اصل میں سردی اور قحط کا مہینہ ہے اور ماہ محرم جو لڑائی بند رہنے کا زمانہ ہے دونوں اس بات کی گواہی اور خبر دینگے کہ تم دونوں ملک حجاز اور اُسکے باشندوں میں سب سے بہتر ہو ایسے قحط کے زمانہ میں کہ سخی شخص کثرت محتاجین کے سبب سخاوت سے تنگ ہو جاوے اور امن و امان کا بندوبست کرنیوالا بسبب کثرت ازدحام خلائق انتظام امن سے درماندہ ہو جاوے۔

نصیب

وقال نُصیب فی عمر بن عبید اللہ بن معمر التیمی

واللہ ما یدری امرؤ ذو جنابۃٍ	ولا جار بیت ایّ یومیک اجود

الجنابۃ الغربۃ نقیض القرابۃ وکنی بہ عن الضیف الغریب الاجنبی ترجمہ بخدا مرد غریب اجنبی اور تیرے گھر کا ہمسایہ دونوں نہیں جانتے کہ تیرے دونوں دنوں میں سے جو آگے مذکور ہونگے کونسا عمدہ اور اچھا ہے۔

أیوم اذا الفیتہ ذا یسارۃٍ	فاعطیت عفوا منک ام یوم تجہد

الفاہ اذا وجدہ والفعل مجہول اوصل الی الضمیر بحذف الجار ای وجدت فیہ۔ والعفو ما زاد عن الحاجۃ وجہد الرجل مجہولا اصابہ الجہد والمشقۃ ترجمہ کیا وہ دن اچھا ہے جس میں تو صاحب مقدور پایا جاوے اور محتاجوں کو وہ چیز جو تیری حاجت سے زیادہ ہو بخشدے یا وہ روز جس میں تو محنت اور مشقت میں ڈالا جاوی کیونکہ تیری سخاوت فراخدستی اور تنگدستی میں برابر ہے۔

وان خلیلیک السماحۃ والندی	مقیمان بالمعروف ما دمت توجد

خبران مقیمان والمقیم الدائم او الساکن ترجمہ اور البتہ تیرے دونوں دوست سخاوت و بخشش احسان پر جمے ہوئے ہیں جب تلک تو دنیا میں موجود ہے۔

مقیمان لیسا تارکیک لخلۃٍ	من الدہر حتی یفقدا حین تفقد

الخلۃ الخصلۃ ترجمہ بخشش اور سخاوت تیرے ساتھ لگی ہوئی ہیں کسی حادثہ زمانہ کے سبب تجکو چھوڑنیوالی نہیں ہیں یہانتلک کہ وہ دونوں دنیا سے مفقود ہو جاویں گے جب کہ تو مفقود ہو جاویگا۔

امیۃ بن ابی الصلت

وقال امیۃ بن ابی الصلت

أأذكر حاجتي ام قد كفاني	حياؤك إن شيمتك الحياء

ترجمہ کیا میں تجکو اپنی حاجت یاد دلاؤں یا تیری شرم وحیانے جو بوقت حضور سائل تیری عادت ہے اُسکے بیان کرنیسے مجکو بے پروا کر دیا کیونکہ بیشک تیری خاص خصلت حیا ہے

وعلمك بالحقوق وانت فرع	لك الحسب المهذب والسناء

عطف علی حیاءک۔ والفرع اعلی کل شئ والسناء الرفعة ترجمہ اور اظہار حاجت سے مجکو بے پروا کر دیا تیری حقوق شناسی نے اور حال یہ ہے کہ تو بلند مرتبہ ہے۔ تیرے لئے صفات آراستہ اور رفعت رتبہ ہے۔

خليل لا يغيره صباح	عن الخلق الجميل ولا مساء

ترجمہ وہ ایسا دوست ہے کہ اُس کو صبح و شام یعنے تبدل زمانہ خلق نیک سے بدلتا نہیں ہے۔

وارضك كل مكرمة بنتها	بنو تيم وانت لها سماء

ترجمہ اور تیری زمین وہ نیک خصلت و کرم ہے جسکی بنی تیم نے بنیاد ڈالی اور تو اُس کرم کرنیکا آسمان یعنی مربی ہے

اذا اثنى عليك المرء يوما	كفاه من تعرضه الثناء

ترجمہ جبکہ کوئی شخص کسی روز تیری تعریف کرے تو وہ تعریف کرنا اُس کو تیرے پاس آنے سے بے پروا کرتا ہے یعنی تو صرف تعریف سن کر صلہ مدح اُسکے پاس بھیج دیتا ہے۔

تباری الريح مكرمة ومجدا	اذا ما الكلب احجره الشتاء

المباراة المقابلة۔ والریح یشبہ بہا فی الجود والکرم واحجر بتقدیم الجیم علی المہملة ادخلہ فی الجحر وکنی بہ عن شدة البرد وبہا عن القحط ترجمہ تو کرم اور شرف میں ہوا کا مقابلہ کرتا ہے جسوقت نازکمیں جاڑہ یعنی شدة قحط کتے کو اُسکے گھر کے سوراخ میں گھسا دے یعنی تیرا غایت کرم ایام قحط میں ہوتا ہے۔

وقال ابن عبد الاسدی

بيناهم بالظهر قد جلسوا	يوما بحيث ينزع الذبح
فاذا ابن بشر في مواكبه	نهوى به خطارة سرح

بینا و بینما من کلمات الابتداء والمفاجاة۔ والظہر بالفتح موضع۔ وینزع مجہول من نزعه مشددا والذبح بالمعجمة فالموحدة کصرد الجزر البری ینزع من الارض ویوکل ویکون حلوا وکنی بہ عن اشتداد القحط وال فا زائدة۔ والموکب الخیل الذی یخرج للزینة وتہوی یہوی اسرع۔ والبار للتعدیة والخطارة الناقة التی تخطر بذنبہا یمینا وشمالا وفرحا ونشاطا والسرح بفتحتین السہلة السیر ترجمہ اس درمیان میں کہ کسی روز لوگ بمقام ظہر بیٹھے تھے اسطرح سے کہ جنگلی گاجریں زمین سے نکالی جاتی تھیں اور بسبب غلبہ گرسنگی کے کھائی جاتی تھیں یعنی نہایت سختی میں تھے کہ ناگاہ ابن بشر اپنی اردلی وجلوکے

ابن الاسدی

سواروں میں گزرا یعنے اُن کے پاس کو ایسے حال میں کہ ناقہ تیز رفتار دم کا چنور ہلاتی ہوئی سُبک سیر اُس کو تیز لئے جاتی تھی۔

اوحیثُ علّقَ قوسہ قُزحُ	فکانّما نظروا الی قمر

حیث عطف علی قمر۔ والضمیر المجرور فی قوسہ لقزح وہو کزفر اسم ملکِ موکل بالسحاب ترجمہ سو گویا لوگوں نے چاند دیکھا یا اُس جگہہ کو دیکھا جہاں فرشتہ قزح نے اپنی کمان لٹکائی تھی یعنی وہ روشنی میں مثل قمر اور بلندی میں مانند قزح کے تھا۔

وقال حاتم بن عبد اللہ الطائی یمدح نفسہ

یجدُ جمعَ کفٍّ غیرَ ملأئٍ ولا صِفرِ	متٰی ما یجئ یوماً الی المال وارثی

جمع الکف بالضم قدر ما یشتمل علیہ الکف۔ والملائی تانیث الملآن۔ والصفر الخالی ترجمہ جبکہ میرا وارث کسی روز میرے مال کی طرف آوے گا تو اُس کو بقدر ایک مٹھی کے پاوے گا کہ وہ مٹھی نہ پر ہوا اور نہ خالی کیونکہ میں نے اپنا اکثر مال براہ سخاوت صرف کر دیا ہے۔

حساماً اذا ما ہُزّلم یرض بالہبرِ	یجد فرساً مثل العنانِ وصارماً

بدل من الاول۔ والہز التحریک۔ والہبر بتقدیم الہاء علی الموحدۃ قطع اللحم ترجمہ وہ وارث ایک گھوڑا اپنی باگ کی مانند دُبلا اور ایک ایسی شمشیر قاطع پاوے گا کہ جب وہ تولی جاوے تو صرف گوشت کے کاٹنے پر کفایت نہیں کرتی بلکہ استخوان تلک کاٹتی ہے۔

لنویٰ القسبِ قد ارمی ذراعاً علی العشر	واسمرَ خطیاً کانّ کعوبہ

عطف علی فرساً۔ والکعوب جمع کعب وہو ما بین الانبوبین من القصب۔ والنویٰ جمع نواۃ۔ والقسب کصعب التمر الیابس۔ وارمی علیہ کذا اذا زاد علیہ بقدرہ۔ والمراد بالعشر عشر اصابع ترجمہ اور ایسا نیزہ گندم گون پاوے گا۔ کہ اسکی پوریاں ایسی چھوٹی ہیں کہ گویا وہ خشک چھوآرے کی گٹھلی ہے اور وہ نیزہ طول میں دس انگشت سے بقدر ایک گز کے زیادہ ہے یعنی طول اُس کا متوسط درجہ کا ہے۔

وقال آخر

ما نالہ عربیٌّ لاولا کادا	آل المہلّب قومٌ خُوّلوا شرفاً

خولہ اعطاہ والفعل مجہول ترجمہ مہلب ابن ابی صفرہ کا کنبہ ایک ہے کہ اُن کو ایسی بزرگی دی گئی ہے کہ کسی عربی النسان نے اُس کو حاصل نہیں کیا اور نہ اسکے قریب پہونچا۔

بما احتکمت من الدنیا لما حادا	لو قیل للمجد حِد عنہم وخالہم

حاد عنه الصرف عنه۔ وخالهم بكسر اللام من خاله اذا تركه۔ والحكم اذا نفذ حكمه۔ والباء بمعنى مع ترجمہ اگر شرف و مجد سے کہا جاوے کہ آئے تو منحرف ہوجا اُن چیزوں کو ساتھ لیکر جنپر تو حکم کرتی ہے تمام دنیا کی چیزوں سے تب بھی وہ مجد اُن سے منحرف نہو

ان المکارم ارواح یکون لها	آل المهلب دون الناس اجساداً

ترجمہ بیشک مکارم اخلاق روحیں ہیں جنکے لئے مہلب کا کنبہ اجسام ہیں نہ اور لوگ خلاصہ یہ ہے کہ وہی لوگ مواضع مکارم ہیں نہ اور۔

وقالت اخت النضر بن الحارث

الواهب الألف لا یبغی بها بدلاً	الا الاله ومعروفاً بما اصطنعا

اراد بالمعروف الصالح من الحمد۔ واصطنع الرجل اذا اتخذ طعاماً ينفقه في سبيل الله ترجمہ وہ شخص ایسا ہزار بخش ہے کہ اُس کا عوض نہیں چاہتا ہاں اُس کھانے کے بدلے جو اُسنے خدا کی راہ میں کھلایا ہے خدا کے ثواب کا اور لوگونکی عمدہ تعریف کا طالب ہے یعنی ذکر خیر کا خواہاں ہے۔

وقالت صفیة بنت عبد المطلب

ہے عمة النبي صلے الله عليه وسلم وام الزبير بن العوام رضی الله عنهما۔

الا من مبلغ عنی قریشا	ففیم الامر فینا والامار

فیم مخفف فیما وما استفهامیہ۔ والامر ضد النهی۔ والامار مصدر كالموامرة وهی المشاورة ترجمہ سُن کون شخص قریش کو میرا یہ پیام پہونچا دے کہ اگر ہم میں فضل و شرف نہیں ہے تو ہمارا حکم سب پر کیوں چلتا ہے اور بے ہمارے مشورہ کے کوئی بات کیوں نہیں ہونے پاتی خلاصہ یہ ہے کہ یہ دونوں امر ہمارے فضل و شرف کی دلیل ہیں۔

لنا السلف المقدم قد علمتم	ولم توقد لنا بالغدر نار

ارادت بعدم ایقاد النار عدم الغدر لانهم كانوا يوقدون نارا على مكان مرتفع اذا ارادوا شهرة الغادر ترجمہ ہمارے بزرگان پیشین کو تم خوب جانتے ہو کہ وہ کیسے عظیم القدر تھے اور ہمارے بدنام کرنے کی یعنی اس بات کی شہرت دینے کے لئے کہ ہم نے عہد شکنی کی کبھی کوئی آگ نہیں جلائی گئی۔ جب کوئی عہد شکنی کرتا تھا تو عرب کا دستور تھا کہ مکان بلند پر آگ جلا دیتے تھے تاکہ عہد شکن بدنام ہوجاوے جیسا کہ اس دیار میں اظہار مظلومیہ اور بدنامی ظالم کے لئے دن کو شمع جلا دیتے ہیں یعنے ہمنے کبھی غدر نہیں کیا۔

وکل مناقب الخیرات فینا	وبعض الامر منقصة وعار

ترجمہ بھلائیوں کے سب مناقب ہم میں موجود ہیں اور بعض باتیں باعث نقصان نیکنامی و عار کی ہوتی ہیں سو ایسی باتیں ہم میں موجود نہیں۔

وقال زیاد الاعجم یمدح عمر بن عبید الله بن معمر

اخٌ لكَ لبسُ خُلّتهُ بمَذْق   اذا ما عاد فقرُ اخيه عادا

المذق اللبن الممزوج بالماء ترجمہ وہ تیرا ایسا بھائی ہے کہ اُس کی دوستی میں آمیزش غرض نہیں ہے بلکہ خالص ہے جبکہ اُسکی طرف اُسکے بھائی کو پھر حاجت پڑتی ہے تو وہ اُس پر پھر احسان کرتا ہے اگرچہ ہزار دفعہ ہو۔

اخٌ لكَ لا تراه الدهرَ الّا   على العِلّات بسّاماً جوادا

الدہر منصوب علی الظرفیۃ۔ والعلات العوائق ترجمہ وہ تیرا ایسا بھائی ہے کہ تو اُس کو باوجود جھگڑوں اور بکھیڑوں کے جو اُس کو پیش رہتے ہیں نہیں دیکھے گا مگر خندان وسخی۔

وقالت امرأة من بنی مخزوم

ان تسئالی فالمجد غیرُ البدیع   قد حلّ فی تیم ومخزوم

غیر البدیع منصوب علی الحالیۃ۔ والبدیع الحادث ترجمہ اگر تو لوگوں سے پوچھے گی تو جان لے گی کہ عزت وشرف قدیم نے بنی تیم اور بنی مخزوم میں ڈیرے ڈالدیئے ہیں یعنی دونوں قوموں کے لئے عزت وشرف قدیم حاصل ہے۔

قومٌ اذا صُوّت یوم النزال   قاموا الی الجُردِ اللّهامیم

اللہامیم جمع لہمیم بالکسر الفرس الجواد ترجمہ وہ ایسی قوم ہے کہ جب بروز جنگ اُن کو اعانت ومدد کے لئے پکارا جاوے تو فوراً اسپان کوتاہ موعدہ کی طرف جاتے ہیں یعنی فوراً اُنپر سوار ہوکر فریادرسی کرتے ہیں۔

من کلّ محبوکٍ طُوالٍ لقرَیٰ   مثلِ سنان الرمح مشہوم

بیان للخیل۔ والمحبوک محکم الخلق۔ والطوال بضم الطویل مع شئ من المبالغۃ۔ والقری الظہر والمشہوم الفرس السریع النشیط القوی ترجمہ وہ گھوڑے مضبوط جوڑبند کے لمبی کمر کے چالاک کودنے پھاندنے والے تیز روی میں نیزہ کی بھال کی مانند صفوف جنگ میں گھس جاتے والے ہیں۔

وقالت اخریٰ

الا انّ عبد الواحدِ الرجل الذی   یُنیلک ما تبغیہ والعِرض وافرُ

ترجمہ سن عبدالواحد بن سلیمان بن عبدالملک ایسا جوانمرد ہے کہ جو تو اُس سے طلب کرے وہ وہی دے ڈالے اور تیری بہت عزت وآبرو کرے۔

وقالت الخنساء

دَلّ علی معروفہ وجہُہ   بُورِک ھذا ھادیاً من دلیل

ھادیاً حال من اسم الاشارۃ ومن بیانیۃ ترجمہ اُسکے احسان پر اُس کا خندان چہرہ رہنمائی کرتا ہے یہ رہنما جو عمدہ ہادی ہے منجانب خداوندتعالے برکت دیا جاوے۔

تحسبہ غضبانَ من عِزّہ   ذلک منہ خُلقٌ ما یحولُ

ترجمہ تو اسکی عزت و رعب کے سبب اُس کو خشمناک سمجھے گا۔ یہ اسکی لازمی عادت ہے کہ اُس سے جدا نہیں ہوتی۔

ویلمہ مسعر حرب اذا	اُلقِیَ فیہا وعلیہ الشلیل

اصل ویلمیہ ویل امہ منصوب بفعل مضمر ای انظروا ویل امہ وہی کلمۃ یدعی بہا علی من بلغ حدا من الکمال بحیث یدعی علیہ حسدا ولذا قد یستعمل فے مقام المدح۔ والضمیر المجرور مبہم تفسیرہ ما بعدہ۔ ومسعر حرب موقدہ والشلیل الدرع القصیرۃ تحت الکبیرۃ ترجمہ جب کہ وہ آتش جنگ میں جھونکا جاوے اور اُسکے بدن پر دو زرہیں ہوں تو لڑائی کی آگ کو بڑا بھڑکانے والا ہے اور اُس بات میں حد کمال کو پہونچا ہوا ہے۔

وقالت امرأۃ من ایاد

ایاد بن نزار بن معد بطن عظیم

الخیل تعلم یوم الروع ان ہزمت	ان ابن عمرو لدی الہیجاء یحمیہا

ترجمہ اگر گھوڑے بروز جنگ بسبب شدت قتال کے بھاگنے لگیں تو وہ خوب جانتے ہیں کہ ابن عمرو بوقت سختی جنگ انکو بچاتا ہے۔

لم یبد فحشا ولم یہدد لمعظمۃ	وکل مکرمۃ یلقی یساً میہا

لم یہد بمعنی لم یہدم۔ والمعظمۃ المصیبۃ العظیمۃ۔ وفی یلقی حذف الضمیر المجرور۔ والمساماۃ المقابلۃ فی السمو ای العلو ترجمہ وہ شخص کبھی فحش ظاہر نہیں کرتا اور کسی بڑی مصیبت کے سبب پست ہمت و عاجز نہیں ہوتا۔ اور جو عمدہ کام کسی کو کرتا ہوا دیکھتا ہے اُس سے بہتر یا ویسا ہی کر دکھاتا ہے۔

المستشار لامر القوم یحزبہم	اذا الہنات اہم القوم ما فیہا

حزب الامر سہم علیہ۔ والہنات الغواحش من الامور ترجمہ جو کوئی مصیبت قوم پر چڑھ آتی ہے تو اسکے دفع کیلئے اُس سے مشورہ لیا جاتا ہے جبکہ لوگوں کو وہ خرابیاں جو امور فاحشہ میں ہیں غم میں ڈالیں

لا یرہب الجار منہ عذرۃ ابدا	وان المت امور فہو کافیہا

الم بہ نزل علیہ ترجمہ اُس کا ہمسایہ اُسکے عذر کرنیسے کبھی نہیں ڈرتا یعنی وہ ہمسایہ کی درخواست کے قبول کرنے میں کبھی عذر نہیں کرتا اور اگر بڑے بڑے کام اور دشواریاں پیش آویں تو وہ اُن سب کے لئے کافی ہے۔

باب الصفات وما اختارہ

قال البعیث الحنفی یصف الناقۃ

وہا جرۃ یشوی مہاہا سمومہا	طبخت بہا عیرانۃ واشتویتہا

الہاجرۃ نصف النہار لان کل انسان یہجر فیہا عملہ عادۃً۔ والمہا جمع مہاۃ وہی البقرۃ الوحشیۃ والعیرانۃ الناقۃ التی تشبہ العیر ای الحمار الوحشی۔ واستعار الطبخ والاشنوار سوفہا فی حر الظہیرۃ ترجمہ بہت سے ایسے گرم دوپہر جنکی گرم لو اپنی نیل گاؤں کو بھوندی مجھپر گزرے ہیں کہ میں نے اس گرم دوپہر میں ایک اونٹنی مثل خر وحشی کے مضبوط اور چالاک ہنکائی یعنی میں نے لمبے وقت میں اسپر سفر کیا یہاں تلک کہ وہ شدت حرارت سے مانند تخچنہ و بریاں گوشت کے ہوگئی۔

مُفرَّجَۃً مَنفُوجَۃً حَضرَمِیَّۃً ۔۔۔ مُسَانِدَۃً سَلَّ المَہَارِی انتَقیتُہَا

المفرجۃ اسم مفعول ہی الناقۃ التی فرجت مرافقہا من جنبیہا۔ والمنفوجۃ بالنون فالفا فالجیم واسعۃ الجنبین۔ والحضرمیۃ نسبۃ الی حضر موت وہو بلد معروف ویسمی بحضر موت بن قیس بن معاویۃ بن جشم۔ والمساندۃ ہے الناقۃ التی اسند بعضہا الی بعض ای وثیقۃ الخلق او مشرقۃ الصدر والمقدم وسر الشیٔ خالصہ۔ والمہاری جمع مہریۃ نسبۃ الی مہرۃ ابن حیدان بطن من بطون الیمن ینسب الیہ البعیر والانتقاء الانتخاب ترجمہ وہ ایسی اونٹنی ہے جس کی کہنیاں ان کے دونوں پہلوؤں سے دور ہیں یعنی دراز پشت ہے اور اسکے پہلو چوڑے ہیں اور شتران شہر حضر موت کی نسب میں سے ہے اور اسکے جوڑ بند گٹھیلے ہیں اور اس کا نسب مہرۃ بن حیدان کی طرف منسوب ہے خلاصہ یہ ہے کہ میں نے سب میں سے اس کو انتخاب کرلیا ہے۔

فَطِرتُ بِہَا شَجعَاءَ قِروَاءَ جُرشُعًا ۔۔۔ اذا عُدَّ مَجدُ العِیسِ قُدِّمَ بَیتُہَا

الطیران استعارۃ للسیر السریع والباء للتعدیۃ او للملابسۃ۔ والشجعاء الجریۃ القلب حال من الضمیر المجرور والقرواء طویلۃ الظہر۔ والجرشع کقنفذ الواسعۃ الجنبین والعیس الکرام البیض والبیت نسل الآباء والامہات ترجمہ سو میں نے اسکو اڑایا یعنی اسپر سوار ہو کر اڑ گیا اور وہ ایسی جیوٹ دراز پشت فراخ پہلو ہے کہ جب شرافت شتروں کی شمار کیجاوے تو اس کا خاندان سب خاندانوں سے اول رہے۔

وَجَدتُ اَبَاہَا رَائِضَیہَا وَاُمَّہَا ۔۔۔ فَاَعطَیتُ فِیہَا الحُکمَ حَتّٰی حَوَیتُہَا

الرائض المصلح المؤدب۔ والاصل وجدت اباہا وامہا ترجمہ میں نے اسکے باپ اور ماں کو اس کا درست کرنے والا پایا یعنی اس کا کمال موروثی تھا۔ اور جب میں نے اسکے خرید کرنیکا ارادہ کیا تو اسکے مالک کو اسکی قیمت کا اختیار دیا کہ تجکو تیرے موںھ مانگے دام دوں گا یہاں تلک کہ اسکے کہے کے موافق قیمت دیکر میں اس کا مالک ہوگیا۔

وقال عنترۃ بن الاخرس

یصف الارقم وہو اخبث الحیات واطلبہا للناس او ما فیہ سواد و بیاض او ذکر الحیات والانثی الرقشاء

لَعَلَّکَ تُمنٰی مِن اَرَاقِمِ اَرضِنَا ۔۔۔ بِاَرقَمَ یَسقِی السَّمَّ مِن کُلِّ مَنطِفٍ

تمنی مجہول من مناہ اذا ابتلاہ ۔ وتسقی مجہول ۔ والمنطف المسیل من نطف الماء اذا سال ترجمہ کاش تو مبتلا کیا جاوے اور تجکو پالا ڈالا جاوے ہماری سرزمین کی خبیث سانپوں سے ایک خبیث قسم یا کوڑیالے سانپ سے جو انسان کا بہت پیچھا کرتا ہے اور جو ہر نالہ سے زہر پلایا جاتا ہے یعنی اسمیں ہر جگہہ بہی زہر کا مادہ پیدا ہوتا ہے۔

تراہ باجواز الھشیم کانما	علی متنہ اخلاق بُرد مُفوَّف

الجوز الوسط والہشیم بالکسر من یابس النبات والشجر ۔ والاخلاق جمع خلق وہو الثوب البالی ۔ والبرد الثوب الیمانی والمفوف المنقش ترجمہ تو اس کو سوکھی گھاس اور سوکھی لکڑیوں میں جو ٹوٹ کر ریزہ ریزہ ہو گئی ہوں اور اسمیں پھر نیسے اسکی کینچلی چھل گئی ہو ایسا چلتا ہوا دیکھے گا کہ گویا اسکی کمر پر کہنہ منقش چادر یمن کی پڑی ہوئی ہے۔

کانّ بضاحی جلدہ وسراتہ	وجمع لُبَینیہ تہاویل زُخرُف

الضاحی الظاہر ۔ وسراۃ الشئے اعلاہ ۔ واللبیت بالکسر صفحۃ العنق ۔ والتہاویل الالوان المختلفۃ والنقوش جمع تہویل ۔ والزخرف کمال حسن الشئے ترجمہ اس کی کھلی ہوئی کھال اور اس کی جانب فوقانی اور اسکی گردن کے دونوں طرف کی جمع ہونیکی جگہہ ہیں گویا خوبصورت نقاشی اور مختلف رنگ ہیں۔

کانّ مُثنّیٰ نِسعۃٍ تحت حلقہ	بما قد طوٰی من جلدہ المتغضِّف

النسع بالکسر سیر منسج عریضا علی صورۃ عنان البغل یشد بہ الرحل علی البعیر ۔ والواحد نسعۃ والتغضیف التثنی والتغضن والتذلیۃ ترجمہ اس کے گلے تلے کی شکن دار اور لٹکی ہوئی کھال ایسی معلوم ہوتی ہے کہ گویا اسکے گلے کے نیچے دوہرا گندھا ہوا تسمہ پڑا ہے۔ خلاصہ یہ ہے کہ لٹکی ہوئی شکن دار کھال کو دوہرے گندھے ہوئے تسمے سے تشبیہ دیتا ہے اور غرض اس سے اسکے زہریلے ہونیکا بیان ہے کیونکہ کہتے ہیں کہ جس قدر سانپ زہریلا ہوگا اسی قدر اسکے گلے تلے کی کھال شکن دار اور لٹکی ہوئی ہوگی۔

اذا انسل الحیّات بالصیف لم یزل	یشاعر باقی جلبۃٍ لم تُقرَّف

انسلت الحیۃ حان ان ینسلخ عن جلدہا ۔ وشاعر الرجل اذا لبس الشعار والجلبۃ بضم الجیم فاللام فالموحدۃ القشرۃ التی تعلو الجرح بعد ما برء واستعیر للباقی الجلد ۔ وقرفہ قشرہ ۔ والفعل مجہول ترجمہ جبکہ موسم گرما میں سانپوں کی کینچلی ڈالنے کا وقت آتا ہے تو وہ ہمیشہ اپنی قدیم کھال کا استر پہنتا ہے جس کا پوست اتارا نہیں گیا ۔ یعنی اس کی کھال سخت ہے بسبب شدت مزاج کے جس سے اس کا زہریلا پن معلوم ہوتا ہے اور اس لئے کینچلی نہیں چھوڑتا۔

وقال ملحۃ الجرمی یصف السحاب

أرقت وطال اللیل للبارق الومض	حبیّا سرئ مجتاب ارضاً الی ارض

البارق السحاب الذی یلمع فیہ البرق۔ والومض اللمعان من البرق والوصف بہ مبالغۃ۔ والجنی السحاب الغلیظ حال من البارق والمجناب الفاطع نتر جمہ میں بیدار رہا اور مجکورات دراز معلوم ہونے لگی بسبب ابر برق دار چمکنے والے کے جیوقت وہ گاڑھا تھا جو رات کو چلا ایسے حال میں کہ ایک زمین سے گزر کر دوسری زمین کی طرف جانے والا تھا۔

یقضی بجدب الارض مالم یکد یقضی	نشاوی من الادلاج کدری مزنہ

النشاوی جمع نشوان وہو السکران۔ والجمع باعتبار القطعات۔ والادلاج سیر اول اللیل والکدری السحاب الرقیق مرفوع علی الابتداء ویقضی خبرہ ومالم یکد مفعولہ۔ والمزن السحاب او الابیض منہ۔ والجدب لارض التی لا ماء فیہا وانقطع عنہا المطر فلم ینبت شیئاً نتر جمہ وہ پارہ ہائے ابر سیر اول شب میں مست معلوم ہوتے تھے یعنے مستانہ کبھی اس طرف اور کبھی اس طرف پھرتے تھے اور وہ ایسا برسنے والا ابر تھا کہ اس کا ہلکا اور پتلا ابر قحط ناک زمین کی ایسی کافی کارروائی کرتا تھا جو ابر اسکے قریب کارروائی بھی نہیں کرتا تھا جب پتلے ابر کا یہ حال ہے تو گاڑھے کا کیا کہنا ہے۔

کما حن نیب بعضہن الی بعض	تحن باجواز الفلا قطراتہ

الحنین صوت الفرح والحزن۔ والاجواز الوسط۔ والقطرات بضمتین جمع قطر جمع قطار الابل استعیر لقطعات السحاب۔ والنیب بالکسر جمع ناب وہی الناقۃ المسنۃ نتر جمہ جنگلوں میں ابر کی قطاریں ایسی گرجتی اور آواز کرتی ہیں جیسے ناقہ ہائے کلاں ایک دوسرے کو دیکھکر بولتی ہیں۔

شماریخ من لبنان بالطول والعرض	کان الشماریخ العلی من صبیرہ

الشمراخ اعالی السحاب والجبل۔ والصبیر السحاب الابیض الکثیف یکون فوق سحاب آخر نتر جمہ اطراف بلند اس کے گاڑھے اور سفید ابر کے طول وعرض میں گویا بلند چوٹیاں کوہ لبنان کی ہیں

بمنہمر الارواق ذی قزع رفض	تباری الریاح الحضر میات مزنہ

المباراۃ المقابلۃ۔ والریاح الحضرمیۃ التی تہب من جانب حضرموت وتکون شدیدۃ۔ والمنہمر السائل والارواق جمع روق وہو الماء الصافی۔ والقزع بالقاف فالمعجمۃ فالمہملۃ محرکۃ قطعات السحاب والرفض فی الاصل الابل التی تترک فی المرعی واستعیر لقطعات السحاب نتر جمہ اس ابر کا باران ان تند ہواؤں کا جو حضرموت کی جانب سے آتی ہیں بمدد اپنے چلنے پھرنے بہت سے قطعات برصاف پانی برسانے والے کے مقابلہ کرتا ہے۔

علی اثرہ ان کان للماء من محض	یغادر محض الماء ذو ہو محضہ

المحض الصرف الخالص. وذو بمعنے الذی ترجمہ وہ ابر صاف وخالص پانی جو خوب خالص ہے اپنے جانیکے پیچھے نالوں اور حوضوں میں چھوڑ جاتا ہے اگر پانی خالص ہے تو یہ ہے۔

يُرَوّي العروق الهامدات مِنَ البَلى	مِنَ العرفج النجدي ذو بادَ والحمض

الهمود الموت والیبس الشدید۔ والبلی نقیض الجدۃ والعرفج نوع من الشجر۔ والنجد المکان المرتفع۔ وباد الشئ ہلک والحمض مالح ومر من النبات عطف علی العرفج ترجمہ وہ ابر اونچے مکان کے درخت عرفج اور نمکین اور تلخ گھاس کی جڑوں کے ریشوں کو جو بسبب خشکی اور پرانے پن کے سوکھ اور مر گئے ہوں خوب تر و تازہ و سیراب کرتا ہے اس میں کثرت بارش کیطرف اشارہ ہے کیونکہ جب اُس نے اونچی جگہہ کے درختوں کو سیراب کر دیا ہے نشیب کے درختوں کو تو ضرور ہی سیراب کیا ہوگا۔

وبات الحَبِيُّ الجَونُ يَنهَضُ مُقدِمًا	كنهض المُدانا قيدُهُ المُوعِثِ النِقض

الحبی السحاب الغلیظ۔ واللام للعہد الخارجی۔ والجون الابیض والاسود ضد۔ والنہوض القیام والمقدم اسم فاعل من اقدم حال۔ والمدانی اسم مفعول من داناہ اذا قاربہ صفۃ لمحذوف ای الابل۔ وقیدہ مرفوع فاعل لہ۔ والموعث اسم فاعل من اوعث بالواو والمہملۃ فالمثلثۃ اذا وصل فی الوعث ای الارض اللینۃ السہلۃ التی یغیب فیہا الاقدام والنقض بالنون فالقاف کحجر المہزول ترجمہ وہ ابر غلیظ سفید یا سیاہ طیار و آمادہ ہو کر ایک طرف سے دوسری طرف آہستہ آہستہ جاتا رہا جیسا کہ لاغر و ضعیف شتر جسکی اسکیل تنگ ہو اور وہ ایسی نرم زمین پر چلتا ہو جس میں اُسکے پاؤں دھستے ہوں۔ ابر کی آہستہ روی اس سبب سے تھی کہ وہ پانی سے بوجھل ہو رہا تھا۔

باب السَّیرُ والنُّعاس

عرب کے نزدیک دوپہر دن کا اور راتوں کا سفر ایک امر قابل ستایش ہے اس وجہ سے کہ اس میں جفاکشی اور جرأت پائی جاتی ہے

وقال الخطیم الاوسی

وقال وقد مالت به نشوة الكرى	نعاسا ومن يعلق سرى الليل يكسل

الباء للتعدیۃ۔ والنشوۃ السکر۔ والکری النعاس ونصب نعاسا علی الحالیۃ بتاویل الصفۃ۔ وعلق الرجل کسمع اذا تعلق ترجمہ اور میرے رفیق نے مجھے ایسے وقت کہا کہ اُسکو نیند کے نشہ نے جبکہ وہ اونگھنے والا تھا جھکا دیا تھا۔ اور جو شخص شب روی سے لگاؤ رکھتا ہے آخر وہ سست اور کاہل ہو جاتا ہے۔

اَنِخْ نُعْطِ انضاءَ النُّعاسِ دواءَهَا	قلیلاً و رَفِّهْ عن قلائِصَ ذُبَّلِ

الانضاء جمع نضو و ہو البعیر المہزول و اراد بہم نفسہ و رفاقہ ۔ و الترفیہ رفع الجہد و المشقۃ ۔ و القلوص الناقۃ الشابۃ و الذبل جمع ذابل بمعنی المہزول ترجمہ اُس نے مجھے یہ کہا کہ شتروں کو بٹھا دے تاکہ ہم اُن لوگوں کو جنکو نیند کی تکلیف نے دُبلا اور ضعیف کر دیا ہے کچھ انکی دوا دیں یعنی انکو سونے دیں اور لاغر اونٹنیوں سے جن کو کثرت سفر نے ضعیف کر دیا تکلیف سفر دور کر اور ٹھیر جا ۔

فقُلْتُ له کیف الا ناخَةُ بعدَ مَا	حدَا اللیلَ عُرْیانُ الطَّریقةِ مُنْجَلِ

حداہ ساقہ ۔ و العریان الظاہر ۔ و الطریقۃ فی الاصل ما یکون علی ظہر الحمار الوحشی من الخطوط و استعیر للخیط الابیض من الفجر ۔ و کنی بعریان الطریقۃ عن الفجر و ہو فاعل حدا ۔ و المنجلی المنکشف ترجمہ سو میں نے اُس کو جواب دیا کہ بعد اس امر کے کہ کھلی ہوئی صبح نے رات کو اپنے آگے رکھ لیا ہے اور قریب الختم کر دیا ہے اونٹوں کو بٹھانا کس طرح ہو سکتا ہے ۔

وقال آخر

و فتیانٍ بنیتُ لهُمْ رداءً	علی اسیافنا و علی القِسیّ

ترجمہ اور بہت سے میرے ہمسفر جوان ہیں کہ میں نے عین دوپہری اور شدت گرمی میں اُن کے لئے اپنی تلواروں اور کمانوں پر اپنی چادر تان دی ہے تاکہ وہ لوگ اسکے سایہ میں کسیقدر آرام و راحت پاویں ۔

فظلّوا لائذینَ به و ظلَّتْ	مَطَایاهُمْ ضوارِبَ باللُّحِیّ

اللحی بالضم جمع لحی بالفتح و ہو منبت شعر الذقن ترجمہ سو میرے ہمسفر رفیق اُس چادر کے سایہ میں پناہ گزیں ہوئے اور انکی اونٹنیوں نے اپنی زنخدانوں اور ٹھوڑیوں کو زمین پر ٹھیر الیا ۔

فلمّا صار نصفُ اللیل هنًّا	و هنًّا نصفُهُ قسْمَ السَّوِیِّ
دعوتُ فتیً اجابَ فتیً دعاه	بلبَّیْهِ اَشَمَّ شَمَرْدَلِیِّ

ہنا مشددۃ و مخففۃ بمعنے ۔ و القسم مصدر منصوب علی المصدریۃ ۔ و السوی الرجل العادل و اراد بالفتی الثانی نفسہ و الضمیر المنصوب فی دعاہ للفتی الاول ۔ و الجار و المجرور متعلق باجاب و معنے لبیہ انا مقیم علی طاعتک البابا بعد الباب و اجابۃ بعد اجابۃ ۔ و الاشم من فی انفہ شمم ای علو و ارتفاع مجرور علی انہ بدل من الضمیر المجرور فی لبیہ و الشمردلی نسبۃ الی الشمردل و ہو الشاب الطویل التام الخلق و الیاء للمبالغۃ کما فی الاحمری نسبۃ الی الاحمر ترجمہ سو جب آدہی رات ادہر ہو گئی اور آدہی ادہر اور جیسا عادل شخص برابر تقسیم کیا کرتا ہے اسطرح وہ برابر تقسیم ہو گئی تو میں نے ایک جوان کو پکارا تو اُسنے ایک دوسرے جوان کو جسنے اُسے پکارا تھا یعنی مجکو کہ میں بلند ناک والا

اور جوان فدا آور ہوں جواب دیا کہ میں برابر حاضر ہوں۔

یقوت العین من نوم شہیٍّ	فقام یصارع البردین لدٍّ نا

المتسکن للفتی المدعو۔ وارادبالبردین الازار والرداء وکنی بمصارعتہما عن التمایل من النعاس والتلدن اللین۔ و قاتہ بالقاف الطعمۃ۔ والشہی المرغوب ترجمہ سوجس جوان کو میں نے پکارا تھا وہ ایسے حال میں کھڑا ہوا کہ اپنی چادر اور تہمد سے کشتی لڑتا تھا اور نیند سے ڈھیلے ہاتھ پاؤں تھا اور اپنی آنکھ کو مزیدار نیند کی خوراک دیتا تھا چادر اور تہمد سے کشتی لڑنا یہ کہ وہ خواب آلودہ اٹھا اس وقت اسکے اعضا قابو میں نہ تھے اور اسلئے اُس کی چادریں اُس سے جدا ہوئی جاتی تھیں اور وہ بار بار اُن کو درست کرتا تھا پس یہ امر گویا کشتی لڑنا تھا۔

کأنّ عیونہا نزح الرکیّ	فقاموا یرحلون منفّہاتٍ

المنفہ اسم مفعول من نفہ الرجل اذا جہدہا واعیاہا۔ والنزح بضمتین البیرالتی نزح مارہا۔ والرکی جمع رکیۃ وہی البیر ترجمہ سو وہ لوگ ایسے حال میں کھڑے ہوئے کہ ایسی تھکی ہوئی اونٹنیوں پر کجاوے باندھتے تھے جن کی آنکھیں بسبب شدت خشکی اور گڑھ جانے کے اُس کنوئیں کی مانند تھے جس کا تمام پانی نکال دیا ہے۔

وقال رجل من بنی بکر

فیہا الدلیل یعضّ بالخمس	ولقد ہدیت الرکبَ فی دیمومۃٍ

الدیمومۃ الارض الواسعۃ الدائمۃ السراب۔ واراد بالخمس الاصابع الخمس۔ وعض الاصابع کنایۃ عن الحسرۃ والندامۃ والغیظ ترجمہ وتحقیق میں نے قافلہ شترسواران کو ایسے وسیع میدان سرآبدار میں جس میں راہبر شخص بسبب حسرت وافسوس گمشدگی وتضیع اوقات کے اپنی پانچوں انگلیاں کاٹے راہ بتلائی۔

ہیہات عہدُ الماء بالامس	مستعجلین الی رکیٍّ آجن

منصوب علی الحالیۃ۔ والرکی جمع رکیۃ وہی البیر۔ والآجن بالجیم متغیر الماء و تذکیرہ لان الرکی جمع علے وزن مفرد ومذکر وہیہات اسم فعل بمعنی بعد۔ وعہد الماء فاعلہ وعہد بہ لقیہ ترجمہ میں نے انکو ایسے حال میں راہ بتلائی کہ وہ لوگ بسبب شدت تشنگی کے ایسے کنوؤں کی طرف جنکے پانی متغیر اور خراب ہو گئے تھے جلد جلد جاتے تھے اور اُن کو کل سے پانی نہیں ملا تھا اور وہ بھٹکتے پھرتے تھے۔

نقبًا بخفٍّ جلالۃٍ عنس	مستعجلین فمشتوٍ و معالجٍ

المشتوی اسم فاعل من اشتوی اللحم واراد بہ من یشتوی اللحم الفاسد۔ والنقب محرکۃ جرح الخف وانشقاقہ من کثرۃ السیر۔ والجلالۃ بالضم الناقۃ القویۃ والعنس الشدیدۃ ترجمہ ایسے وقت میں کہ وہ لوگ جلدی کر رہے تھے

سو بعض تو زخم کے فاسد گوشت کو داغ دے رہے تھے اور بعض اُس شگاف کو جو قوی اور مضبوط اونٹنی کے موزہ میں ہو گیا تھا درست کر رہے تھے یا اُسکے زخم کا علاج کر رہے تھے۔

وموّمٍ ركبَ الشِّمالَ كأنّما — بفؤادہ عرضٌ من المسّ

التہویم النعاس۔ ومعنی رکوب الشمال المیلان الی جانب الشمال علی الحقیقة والانحراف عن قصد السبیل علی التجوز والعرض ما یعرض الانسان من مرض ونحوہ۔ والمس الجنون ترجمہ اور بعض اونگھنے والا راہ مقصود سے بجانب شمال ہو لیا تھا گویا اُسکے دل کو ایک مرض ہی جنون کے قبیل سے۔

وقال آخر

وهنّ مناخاتٌ يحاذرن قولةً — من القوم ان شدّوا وقتود الرکائب

الضمیر للابل وان مفسرة۔ والقتود جمع قتبٍ وہو عیدان الرحل ترجمہ اور وہ شتر آرام کے لئے بعد سفر دراز کے بیٹھے تھے ایسے حال میں کہ قوم کے اس کہنے سے ڈرتے تھے کہ سواریوں کے پالان کسو کیونکہ وہ تھکے ہوئے تھے

تکاد اذا قمنا یطیر قلوبها — تسربلنا ولوثنا بالعصائب

یطیر من اطار۔ وطیران القلب کنایة عن الخفقان والاضطراب۔ والتسربل لبس السربال فاعل یطیر واللوث شد الشئ علی الاستدارة۔ والعصائب جمع عصابة وہی العمامة ترجمہ جبکہ ہم چلنے کے ارادہ پر کھڑے ہوئے تو قریب تھا کہ ہمارے پائجامے پہننا اور پگڑیاں باندھنا اُن کے دلوں کو اُڑا دے اور مضطرب کر دے کیونکہ وہ بہت تھکی ہوئی تھیں اور رات تاریک اور سفر دراز تھا۔

وقال آخر

حبسن فی فرجٍ وفی دارانها — سبع لیالٍ غیر معلوفاتها

الضمیر للابل۔ وفرج بالفاف المہملتین کقفل موضع۔ والدارة کل ارض واسعة بین الجبال وعلفت الدابة اعطاہا العلف۔ والہاء للابل او للدارات او سبع لیال ترجمہ وہ شتر بمقام فرج اور اُسکے دونوں میں سات شب تک ایسے حال میں قید رکھے گئے کہ اُن مقامات میں انکو گھاس نہ کھلائی گئی اور بھوکے رہے۔

حتّی اذا قضّیتُ من بتاتها — حمّلتُ اثقالی مصمّماتها

وما تقضّی النفس من حاجاتها — غُلبَ الذفاریٰ وعفرنیاتها

قضی وطرہ اذا اتمه وفرغ منه کقضاہ مشددا۔ والبتات الجہاز والزاد وما یحتاج الیه وتقضّی اصله تتقضّی والتحمیل یتعدی الی مفعولین فالاول مصمماتها والثانی اثقالی۔ والمصمم بکسر المیم من صمم فی السیر اذا مضی فیه۔ والغلب جمع اغلب وہو الغلیظ الضخم۔ والذفاری جمع ذفری بالذال المعجمة کذکری عظم مرتفع خلف الاذن والعفرنیات جمع

عفرناۃ وہی الناقۃ الشدیدۃ السریعۃ ترجمہ یہاں تلک کہ جب میں اسکی طیاری سامان وفراہمی توشہ سے فارغ اور مطمئن ہوا اور بھی اُن کام کی چیزوں سے جن کو میری طبیعت چاہتی تھی تو میں نے اپنے بوجھ اُن شتروں پر لادیئے جو اُن میں سے خوب چلتی تھیں اور انکے کانوں کے پیچھے کی ہڈی موٹی تھی اور بہت مضبوط اور سخت ناقو نپر لاد دیئے۔

فانصلتت تعجب لانصلاتہا ۔۔۔ کانما اعناق سامیاتہا
بین قروری ومروریاتہا ۔۔۔ قسی نبع زد من سیاتہا

الانصلات المضی ومفعول الاعجاب محذوف ای الناظرین۔ والسامیات الابل التی تسمو برؤسہا عند السیر والقروری بالقاف فالمہملتین مقصورا موضوع۔ والمروریات مفازات فی طریق مکۃ من الکوفۃ۔ والضمیر لقروری بادنی ملابسۃ۔ والقسی جمع قوس مرفوع خبر من الاعناق والنبع شجر تتخذ منہ القسی۔ وسیۃ القوس النعطا فہا بعدما اخذ منہا الوتر ترجمہ تو وہ شتر ایسی طرح سر دگردنیں اُٹھا کر چلے کہ اپنی خوبی رفتار سے دیکھنے والوں کو خوش کرتے تھے گویا گردنیں اور سر اُن شترون کے جو سر بلند کرکے درمیان موضع قروری اور اُسکے جنگلوں کے تیز جاتے تھے درخت نبع کی کمانیں تھیں جو اپنے پیچ وخم سے بسبب کھول ڈالنے چلّے کے اپنی اصلی ہیئت کیطرف لوٹائی جاتی ہیں کہ ایسے وقت میں کمان بہت تیزی سے اپنی صورت اصلی استقامت کی طرف آتی ہے اور اُسکے دونوں سرے بلند رہتے ہیں یہاں تشبیہ تیز روی اور سر بلندی میں دی ہے

کیف تری مر طلاحیاتہا ۔۔۔ والحمضیات علی علاتہا
یمتن ینقلن باجہزاتہا ۔۔۔ والحادی اللاغب من حداتہا

المر المرور۔ والطلاحیۃ بالضم وقد یکسر الناقۃ التی ترعی الطلاح وہے شجر عظام۔ والحمضیۃ محرکۃ الناقۃ التی تاکل الحمض وہو ما مروملح من النبات ویقال النخلۃ خبز الابل والحمض فاکہتہا۔ والعلات المولع۔ ویمتن من بات بیان للمرور والاجہزات جمع اجہزۃ جمع جہاز وہو المتاع والزاد۔ والحادی من یحدو الابل واللاغب من لغب الرجل اذا عجز ترجمہ اے مخاطب اُن اونٹنیوں کی رفتار جو جنگل کے بلند درختوں کے پتے کھاتی ہیں۔ اور نمکین اور کڑوے مزے کی گھاس چرتی ہیں باوجود مولع تیز روی یعنے سفر بعید اور بھاری بوجھوں کے تو کیسے دیکھ رہا ہے کہ وہ رات بھر اپنے توشہ واسباب کو اور اُس شخص حدی خوان کو جو اسکے حدی خوانوں میں سے تھک گیا ہے برابر لئے جاتے ہیں۔

وقال حکیم بن قبیصۃ بن ضرار لابنہ بشر وقد ہاجر

حکیم بن قبیصہ

لعمر ابی بشر لقد خانہ بشر ۔۔۔ علی ساعۃ فیہا الی صحبہ فقر

اراد بابی بشر نفسه والفقر الحاجة ترجمہ بشر کے باپ کی زندگی کی قسم بیشک اس سے بشر نے خیانت و دغا کی ایسے وقت میں کہ اُس کو رفیق اور مددگار کی بسبب پیرانہ سالی کے حاجت تھی۔ خیانت یہ ہے کہ وہ اس کو چھوڑ کر چلا گیا تھا۔

فما جنة الفردوس هاجرت تبتغي	ولكن دعاك الخبز احسب والتمر

جنة الفردوس منصوب مفعول تبتغي وهو حال من ضمير الخطاب ترجمہ سو تو نے مجکو اسلئے نہیں چھوڑا کہ تو جنۃ فردوس کا طلبگار اور ثواب کا امیدوار ہے مگر میں خیال کرتا ہوں کہ تیرے مجکو چھوڑنیکا باعث روٹی اور خرما ہیں یعنی حظ دنیوی۔

اقرص تصلے ظهره نبطية	بتنورها حتى يطير له قشر
احب اليك ام لقاح كثيرة	معطفة فيها الجليلة والبكر

صلے الشواء اذا شواه وادخله في النار۔ والنبطية نسبة الى النبط وهم جيل كانوا ينزلون سواد العراق وانما خصها بالذكر لانه كان قدها جرالى الشام والعراق۔ وطيران القشر كناية عن كمال النضج۔ والاحب مرفوع على الخبرية واللقاح جمع لقحة وهي الناقة الغزيرة اللبن۔ ولقاح معطفة شدد للكثرة۔ وربما عطفوا عدة زود اي جماعة من الابل على فصيل واحد واخلبوا البانهن على ذلك ليدررن۔ والجليلة الناقة العظيمة والبكر الناقة التي ولدت بطنا واحدا ترجمہ کیا وہ روٹی جسکی پشت کو قوم نبط کی ایک چھوکری اپنے تنور میں اسقدر پکاوے کہ اُس کا پاپڑ یا چھلکا بسبب خوب پکجانیکے اُس سے جدا ہو جاوے یعنی وہ پھول جاوے) تجکو زیادہ پسند ہے یا بہت سی دودھیل اونٹنیاں جو ایک بچہ پر مہربان کی گئی ہوں اور جن میں قدآور اور ایک دفعہ کی بیاہی ہوں۔ خلاصہ یہ ہے کہ جہاں تو گیا ہو وہاں ایک روٹی ہی ملجاوے تو ملجاوے مگر اسقدر ناقہ ہائے شیرہ جو ہمارے پاس موجود ہیں وہاں نہونگی۔ عرب کا دستور ہے کہ چند اونٹنیوں کو ایک بچہ سے ہلا لیتے ہیں اور وہ اسی بچہ کو دیکھکر پاوس جاتی ہیں یعنی دودھ اپنی پستانوں میں بسبب اُس بچہ کی محبت کے اُتار لاتی ہیں انکو معطفہ کہتے ہیں۔

كان اداوى بالمدينة علقت	ملاء باحقيها اذا طلع الفجر

الاداوة المطهرة۔ والحقو الكشح ومعقد الازار جمع على الاحقي ترجمہ جبکہ صبح ہونے لگتی ہے تو گویا مدینے کے لوٹے یا ظروف دودھ سے بھرے ہوئے انکی کمروں سے بندھے ہوئے اور لٹکائے ہوئے ہیں یعنی انکی پستان بوقت صبح اُن کے دودھ سے پر ہوتے ہیں۔

كان قرى نمل على سروانها	يلبدها في ليل سارية قطر

قرية النمل ما يجتمع من ترابها على الارض۔ والسروات جمع سراة وهو اعلى كل شئ۔ ولبده جمعه۔ والضمير المنصوب لقرى النمل۔ والسارية نعت سحابة وهي السحابة التي تسري في الليل ترجمہ اونٹنیوں کے اونچے کوہانونکی تعریف

کرتا ہے کہ گویا چینیونٹیوں کے گھروں کے آس پاس کی مٹی کے ڈھیر اُن کے کوہا نو بنر دھرے ہوئے ہیں جن کو اُس رات میں جنمیں ابر چلتا پھرتا رہتا ہے مینہ نے اکٹھا کر دیا ہے چونکہ شاعر کے بیٹے کا اُسکو چھوڑ کر چلا جانا سبر وسفر سے علاقہ رکھتا ہے اس لئے یہ اشعار باب سبر میں درج ہوئے۔

وقال واقد بن الغطریف بن طریف بن مالک بن طے

یقولون لا تشرب نسیاً فانہ	وان کنت حراناً علیک وخیم

النسی بالنون فالمهملۃ مهموز اللام اللبن الممزوج بالماء۔ والحران العطشان۔ والوخیم الثقیل ترجمہ لوگ کہتے ہیں کہ تو لسی مت پی اگرچہ تو بشدت پیاسا ہی کیونکہ لسی تیرے حق میں مضر اور ثقیل ہے۔

لئن لبن المعزے بماء مویسل	بغانی داءً اننی لسقیم

المعزی الماعز۔ ومویسل تصغیر ماسل وہو ماء معروف۔ والبغی الطلب تتعدی الی مفعولین ترجمہ میں نے اُن کو جواب دیا کہ بخدا اگر شیر گوسپند اور مویسل کے پانی نے میرے لئے درد اور تکلیف کو طلب کیا یعنی اُس کے باعث ہوئے باوجودیکہ وہ دونوں ہمیشہ میرے استعمال میں رہتے ہیں تو میں سخت بیمار ہوں۔

وقال حنبج بن حنبج المری

فی لیل صُولٍ تناهے العرضُ والطولُ	کانما لیلہ باللیل موصولُ

صول موضع۔ وتناہی الشئے بلغ الغایۃ ترجمہ اُس رات میں جو بمقام صول گزری اُس کا عرض اور طول غایت درجہ کو پہونچ گیا تھا گویا وہ رات جو اُس مقام میں گزری دوسری رات سے ملائی گئی تھی۔

لا فارق الصبحَ کفّی ان ظفرتُ بہ	وان بدت غُرَّۃٌ منہ وتحجیلُ
لساھرٍ طال فی صولٍ تململُہ	کانہ حیّۃٌ بالسوط مقتولُ

لا فارق جملۃ انشائیۃ دعائیۃ۔ وان بدت وصلیۃ۔ والغرۃ ما فی جبہۃ الفرس من البیاض المممتد۔ و التحجیل ما فی قوائمہ من البیاض وارادبہا القلیل من البیاض المخلوط بالسواد۔ واللام فی لساہر متعلقۃ ببدت واراد بہ نفسہ علے الالتفات۔ والتململ فی الاصل التقلب علی الملۃ وہی الرماد الحار۔ والمقتول ہہنا المضروب ضرباً شدیداً وتذکیرہ للضرورۃ ترجمہ اگر میں رات کو سر کرلوں اور صبح تلک جیتا رہوں تو میرا ہاتھ صبح کو نہ چھوڑے کہ وہ گزر جاوے اور بعد تمام ہونے روز کے پہر رات اور اُس کی تکالیف آموجود ہوں یعنی میری یہ دعا ہے کہ میرا ہاتھ دامن صبح نہ چھوڑے اگرچہ سیاہی شب میں اُس

کی تہوڑی سی روشنی بھی اُس نبید اوڑھے ہوئے بے خواب شخص یعنی مجکو ظاہر ہوجاوے جس کی بیجینی موضع صول میں نہایت دراز ہوگئی ہے اوراب اُس کا یہ حال ہے کہ گویا وہ ایک سانپ کوڑے سے صدمہ شدید پہونچا یا گیاہے اس لئے وہ نہ زندوں میں ہے نہ مردوں میں۔ قاعدہ ہے کہ جو سانپ کوڑی وغیرہ نرم چیز سے مارا جاوے تو اسکی پشت کے مہرے ٹوٹ جاتے ہیں اور اس لئے تڑپتا رہتا ہی مرتا نہیں ہے۔ شاعر اپنی بیچینی کو اُس سے تشبیہ دیتا ہے۔

والليل قد مزّقت عنه السرابيل	متى ارى الصبح قد لاحت مخائله

اللفظ للاستفهام ومعناه التمنی۔ والمخائل موضع الخال۔ والليل منصوب عطف علی الصبح ترجمہ دیکھئے کہ میں کب صبح کو ایسے حالمیں دیکھوں کہ اُسکے نشان اور علامات ظاہر ہوگئے ہوں اور کب رات کو ایسے حال میں دیکھوں کہ اُسکے لباس اور پیراہن اُسکے جسم پر چاک ہوگئے ہوں یعنی دیکھئے کہ کب صبح ہو۔

كانّه فوق متن الارض مشكول	ليل تحيّر ما ينحطّ فی جهة

الانحطاط المیل۔ والمشکول المشدود بالشکال وهو وثاق یشد به رجل الدابة ترجمہ یہ رات حیران کھڑی ہے کہ کسی طرف نہیں جھکتی گویا وہ زمین پر اسکیل دی ہوئی ہے۔ درازی شب کی شکایت کرتاہے۔

كانّما هنّ فی الجوّ القناديل	نجومه رُكّدٌ ليست بزائلة

الرکد جمع راکد ای القائم الثابت۔ والجو مابین السماء والارض ترجمہ اس رات کے ستارے ایک جگہہ جمے ہوئے ہیں کہ ٹلنے والے نہیں گویا وہ آسمان اور زمین کے بیچ میں قندیلیں ہیں۔

من داره الحزنُ ممن داره صُول	ما اقدر الله ان يُدني على شحط

الشحط محرکة البعد۔ والموصول مفعول یدنی والحزن موضع رهط الشاعر ترجمہ خداوند تعالیٰ کیسا قادر ہے اس امر پر کہ باوجود بعید بعید کے اُس شخص کو جس کا گھر موضع حزن ہے اُس شخص سے جس کا گھر موضع صول ہے نزدیک کردے یعنی یہ کار تعجب خیز خدا ہی سے ہوسکتاہے کہ اسقدر بعید الوطن کو اُسکے گھر پہونچادے۔

حتى يرى الربع منه وهو ماهول	الله يطوی بساط الارض بينهما

الضمير فی منه للحزن۔ ومکان ماهول اذا کان فیه اهله ترجمہ اللہ اُس زمین کے فرش کو جو دونوں مقاموں کے بیچ میں ہے لپیٹ دیوے یہاں تلک کہ مقام حزن کا گھر اہل وعیال سے آباد دیکھا جاوے۔

وقال حميد الارقط

ہو حمید مصغر ابن مالک الملقب بالارقط لآثار کانت علی وجهه اسلامی اموی۔

والليل يحدُو بها سَيْر السحَر	قد غتدى والصبح محمرُّ الطرر

کلمہ قد للتحقیق والتکثیر۔ والاغتدار البکور۔ والطرر جمع طرۃ وہو جانب کل شئی۔ والواحدہ ساقہ۔ والتباشیر اوائل
الصبح۔ والسحر قبیل الصبح ترجمہ بیشک میں ہمیشہ ایسے سویرے روانہ ہوتا ہوں کہ اطراف صبح سرخ ہوتے
ہیں اور مقرر ہے کہ پو پھٹنے سے پہلے جانب مشرق میں اس طرح کی سرخی نمودار ہوتی ہے کہ جیسے شام
کو جانب غرب میں اور ایسے وقت میں چلتا ہوں کہ رات کو اوائل صبح اپنے آگے رکھ لیتی ہے یعنی رات
کا اقبال جاتا رہتا ہے اور صبح کی آمد آمد ہوتی ہے۔

وفی توالیہ نجوم کالشرر	بسحق المیعۃ میال العذر

التوالی التتابع۔ والمجرور للیل۔ والباء متعلقۃ باغتدی۔ والسحق بتضمین البعد وارادبہ البعید۔ والمیعۃ النشاط
والعذر الشعر علی کاہل الفرس والناصیۃ وہی الخصلۃ من الشعر ترجمہ اور رات میں میرے پے در پے جانیکے
وقت ستارے انگارونکی مانند ظاہر ہوتے ہیں اور میں سویرے روانہ ہوتا ہوں بذریعہ سواری ایسے گھوڑے
کے جس کا اپنی خوشی اور اہتزاز طبع سے چلنا بہت دور پہونچا ہوا یعنی زیادہ ہے اور اُسکی ایال یا پیشانی کی
بال بسبب کود پھاند و تیزروی ونشاط طبع کے گردن یا پیشانی سے کبھی اِدھر اور کبھی اُدھر ہوجاتے ہیں
اور یہ امر گھوڑے کی خوبی میں شمار ہوتا ہے۔

کانہ یوم الرہان المحتضر	وقد بدا اول شخص ینتظر
دون اثابی من الخیل زمر	ضار غدا ینفض صیبان المطر

المحتضر اسم مفعول من احتضرہ اذا شہدہ نعت یوم۔ واول منصوب علی الحالیۃ من المستکن فی بدا والشخص
سواد الانسان وغیرہ یری من بعید۔ وینتظر مجہول نعت شخص۔ ودون ظرف عاملہ بدا۔ والاثابی جمع اثبیۃ
بالمثلثۃ فالموحدۃ فالتحتانیۃ وہی الجماعۃ۔ والزمر جمع زمرۃ وہی الجماعۃ المتفرقۃ والضاری من ضری الکلب
بالصید اذا اغری علیہ واستعیر للبازی والصقر وہو خبر کان والصیبان بالکسر جمع صائب کحائط وحیطان
وہو ما یصوب من المطر وبالفتح مفرد ترجمہ وہ گھوڑا گھوڑ دوڑ کے روز جس میں تمام تماشائی جمع کئے گئے
تھے اور اُس وقت میں کہ وہ پہلا گھوڑا تھا جو عین انتظار میں ظاہر ہوا نہ اور متفرق جماعت گھوڑونکی
بسبب غایت نشاط کے ایسا معلوم ہوتا تھا کہ وہ باز یا چراغ ہے کہ اپنے پروں سے قطرات باران
جھاڑتا ہے یعنی نہایت اہتزاز میں تھا۔ خلاصہ یہ ہے کہ وہ گھوڑا باوجود قطع مسافت وشدت تیزروی
نہایت مزے میں آرہا تھا۔

عن زرف یلحاح بعید المنکدر	اقنی تظل طیرہ علی حذر

الجار والمجرور متعلق بینفض۔ والزف بکسر المعجمۃ فالفاء صغار الریاش من الطیور والملحاح مبالغۃ من الح
علی الشئی اذا الزمہ ای یلح علی الصید والمنکدر موضع الانکدار وہو الانقضاض للبازی من علو الی سفل والاقنی فعل صفۃ من

القنی وہوارتفاع علی الانف ترجمہ وہ قطرات باران جھاڑتا ہی ایک باز بیچر دور سے شکار پر گرنیوالے بلند بینی کی چھوٹے پروں سے کہ اُسکے گرد وپیش کے پرندے اُس سے خائف رہتے ہیں اُسکی تیزی کے سبب باز کیساتھ تشبیہ دی باز کو بیچر اس خیال سے کہا کہ وہ جس شکار پر حملہ کرتا ہی شکار ہی کر کے چھوڑتا ہے۔ دور سے گرنا بسبب بلند پروازی کے کہا

یَلُذْنَ منہ تحت افنان الشجرِ ❊ مِنْ صادقِ الودْقِ طرحِ بالبصرِ

صادق الودق بدل من الضمیر المجرور فی منہ باعادۃ الجار۔ والودق القرب ومعنی صدق القرب انہ لایذہب لغواً ہدراً بل یصید لامحالۃ اذا قرب من الصید۔ وطرح بالبصر رماہ ترجمہ پرندے اُسکے خوف سے درختوں کی شاخوں میں پناہ گزین ہوتے ہیں وہ صادق القرب ہے یعنی جب شکار کے قریب آجاتا ہے تو وہ اُسکے پنجوں سے نکل ہی نہیں سکتا اور وہ شکار کو دور سے دیکھنے والا یعنی دوربین ہے۔

بعیدِ توھیمِ الوِقاعِ والنظرْ ❊ کانّما عیناہُ فی حرفِ حجرْ ❊ بین مآقٍ لم تُخرَّقْ بالابرْ

بعید بالجر صفۃ صادق الودق۔ وتوہمہ اوقعہ فی الوہم۔ والوقاع الوقوع۔ والحرف الجانب واراد بالحجر راس الصلب۔ والمآق کسحاب جمع موق وہو مقدم العین وموخرہ یعنی گوشہ ہائے چشم وتخرقہ تثقبہ والفعل مجہول والابر جمع ابرۃ یعنی سوزن ترجمہ ایسا صادق القرب کہ اپنے ٹوٹ پڑنیکا دہوکا اور شبہ شکار پر دور سے ڈالتا ہے تاکہ شکار کے ہوش پہلے ہی سے جاتے رہیں اور وہ بھاگ نہ سکے اور شکار کو دور سے تاڑ لیتا ہی گویا اسکی دونوں آنکھیں گوشہ ہائی چشم کے درمیان جو سوئیوں سے نہیں سی گئی ہیں ایک پتھر کے دو کناروں میں رکھی ہوئی ہیں پتھر سے مراد اُس کا مضبوط سر ہے۔ اور دوختہ چشم نہونے سے یہ غرض ہے کہ وہ کبھی گرفتار نہیں ہوا کہ اُس کی آنکھیں سی جاویں۔ دستور ہے کہ جب بڑا باز گرفتار کیا جاتا ہے تو اسکی آنکھیں سی دیتے ہیں تاکہ اسکی وحشت جاتی رہے۔ خلاصہ یہ کہ وہ گھوڑا مثل مذکور باز کے تھا۔

باب الملح

جمع ملحۃ بالضم وہو من الاحادیث ما یورث الضحک والنشاط ماخوذ من الملح۔

وقال بعضہم

یقول لی الامیرُ بغیر جُرمٍ ❊ تقدّمْ حین جدّ بنا المِراسُ

جدبہ الشئ اذا بلغ جہدہ۔ والمراس الشدۃ ترجمہ جبکہ لڑائی نے ہمکو نہایت سختی میں ڈالا تو مجھ بقصور سے امیر فرماتا ہے کہ لڑائی کے لئے آگے بڑھ امیر سے مراد مہلب بن ابی صفرہ ازدی ہی جسنے اس شاعر سے کہا تھا کہ تھوڑی دیر کو

اپنا سر مجکو سنغا ر دیا ہے

وما لی غیر ھذا الراس راس	فما لی ان اطعتک من حیوۃ

ترجمہ سو میں نے اُس کو جواب دیا کہ اگر میں تیرا کہنا مان کر آگے بڑھا تو میری زندگی کا کہیں پتہ بھی نہو گا اور میرے پاس سوائے کیر کے سر کے اور سر نہ ہوگا اگر حکم ہو تو اُس کو آپ پر فدا کردوں یا یوں کہو کہ میرا سر ایسا نہیں ہے جس کا کوئی اور عوض ہو سکے یعنی قبیل نباتات سے نہیں ہے کہ بعد قطع پھر جم آوے۔

وقالت امرأۃ

وکانت قد نکحت بدمشق حارث بن خالد المخزومی فما طابت بہ الصحبۃ

وذلک من بعض اقوالیہ	فقدت الشیوخ واشیاعھم

الجملۃ دعائیۃ۔ والاشیاع جمع شیعۃ وہم انصار الرجل واتباعہ۔ والہاء فی اقوالیہ للسکت ترجمہ خدا مجکو اور مردان پیر اور اُن کے مددگاروں کو ایک جگہہ جمع نہ کرے اور وہ مجھے جاتے رہیو اور یہ بات بوڑھوں کے معاملہ میں منجملہ میری بہت سی باتوں کے ایک بات ہے۔

وتمسی لصحبتہ قالیہ	تری زوجۃ الشیخ مغمومۃ

القالیۃ المبغضۃ یعدی باللام اذا کانت صفۃ قال تعالی انی لعملکم من القالین ترجمہ اے مخاطب تو بوڑھے کی زوجہ کو برابر غمناک دیکھے گا اور وہ اسکی صحبت سے رنجیدہ شام کرے گی

ولا فی غضون استہ البالیہ	فلا بارک اللہ فی عردہ

العرد الذکر القائم المنتشر۔ والغضون جمع غضن بالمعجمتین فارسیہ شکن سو البالیہ لغت لاست فانہ مونث سماعی ترجمہ سو خدا اسکے کیر قائم کا بھلا نہ کرے کہ اُس کا قیام پائدار نہیں ہے اور نہ اُسکے سرین کہنہ کے شکنوں اور جھریوں کا جو بسبب بڑھاپے کے پڑگئے ہیں اور نہایت بری معلوم ہوتی ہیں۔

احب الینا من الجالیہ	وان دمشق وفتیا نہا

الجالیۃ الفرقۃ التی جلت عن بلادہا ترجمہ اور بیشک دمشق اور اُسکے جوان لوگ اس فرقہ سے جو اپنے شہروں سے جلاوطن کئے گئے ہیں اور انھیں میں سے میرا شوہر بھی ہے مجکو زیادہ پسند ہیں۔

فیا لک من نکحۃ غالیہ	نکحت المدینی اذ جاءنی

النسبۃ الی مدینۃ الرسول علیہ السلام مدنی۔ والی مدینۃ المنصور وغیرہا مدینی۔ وکاف الخطاب مکسورۃ وضمیر الخطاب مبہم تفسیرہ مابعدہ ترجمہ میں نے حارث مدینی سے جب وہ مجھے منگنی کرنے آیا نکاح کرلیا سوائے گراں بہا نکاح تیرا کیا کہنا ہے۔ یہ مقولہ بطور استہزا و طنز ہے یا اے نکاح گراں بہا تیری کیا کیا برائیاں بیان کروں۔

لہٗ ذفر کصنان التیوس اعیا علی المسک والغالیہ

الذفر بالذال المعجمۃ فالفاء محرکۃ حدۃ الریح وقد یخص برائحۃ الابط۔ والصنان ذفر الابط والرائحۃ المنکرۃ والتیوس جمع تیس وہو ذکر المعز ومفعول الاعیا محذوف ای اعیانی ترجمہ میرے شوہر کی بغل کی بوئے گندہ مثل بدبوئے مینڈھوں کے ہے جسنے مجکو استعمال مشک اور خوشبو دار اُبٹنے پر عاجز و مجبور کر دیا ہے کہ بے استعمال خوشبو اُس کے پاس ٹھہرنا ممکن ہی نہیں ہے۔

وقال آخر

مِن اَیّنا تضحک ذاتُ الحِجلین	ابدلہا اللہ بلونٍ لونین
سواد وجہ وبیاض عینین	

ضحک منہ استہزء منہ والحجل بالکسر والفتح وتقدیم المہملۃ علی المعجمۃ الخلخال۔ والمراد بالنون المبدل بہ لون الشباب الجامع لبیاض الوجہ وسواد العین والشعر۔ ونصب السواد والبیاض علی البدلیۃ من لونین ترجمہ خلخال والی عورت ہم میں سے کسپر ہنستی ہے اور حال یہ ہے کہ خداوند تعالیٰ نے اُسکو جوانی کے ایک رنگ کے بدلے دو رنگ بدل دیئے یعنے بجائے سفید روی کے سیاہ روی اور بجائے سیاہی چشم اُسکی سفیدی اور نابینائی۔ خلاصہ یہ ہے کہ اس حال میں وہ خود قابل مضحکہ ہے اور وہ ہر ہنسنے کا کیا موقع رہا۔

وقال ابو الخندق الاسدی وقیل انہ لدعبل

اعوذ باللہ من لیلٍ یقربنی	الی مضاجعۃ کالدلک بالمسد

الدلک المس الشدید والحک والمسد محرکۃ الحبل یضع من لیف النخل ترجمہ اللہ کی پناہ چاہتا ہوں ایسی بری شب سے جو مجکو ہمخوابی اور ہمبستری سے قریب کر دے کہ وہ مانند رگڑنے اُس رسی کے ہو جو خرما کی چھال سے بنائی جاوے یعنی ایسی زوجہ کی ہمبستری سے پناہ مانگتا ہوں جس کا بدن ایسا سخت و کرخت ہو۔

لقد لمست معرّاہا فما وقعت	مما لمست یدی الا علی وتد

ترجمہ بخدا بیشک میں نے اُسکے برہنہ بدن کو مس کیا سو میں نے جس جزو بدن کو چھوا اس میں میرا ہاتھ نہ پڑا مگر ایسی چیز پر جو مثل میخ کے سخت تھی۔

فی کل عضو لہا قرن تصکّ بہ	جنب الضجیع فیضحی واہی الجسد

القرن ما یکون للثور وغیرہ علی الراس۔ وصکہ حکہ والواہی الضعیف ترجمہ اُس عورت کے ہر عضو میں ایک سینگ ہے جس سے وہ پہلوئے شخص ہمخواب میں صدمہ پہونچاتی ہے سو وہ بیچارہ ضعیف الجسم ہو جاتا ہے۔

وقال آخر ومرّ بابی العلاء العقیلی یفلی ثیابه

ای یاخذ القمل منها

واذا مررت بہ مررت بقانص	متشمّس فی شرقۃ مقرور

القانص الصیاد۔ وتشمس الرجل اذا قام او قعد فی الشمس۔ والشرقۃ الموضع الذی یقعد فیہ عند طلوع الشمس فی الشتاء محاذیا لہا۔ والمقرور من اصابہ القرّی البرد ترجمہ اور جبکہ تو اے مخاطب ابو العلاء کے پاس گزری تو ایسے صیاد کے پاس گزریگا جو دھوپ میں آفتاب کے سامنے ایام گرما میں بیٹھے اور وہ سرما زدہ ہو۔

للقمل حول ابی العلاء مصارعٌ	من بین مقتولٍ و بین عفیر

العفیر الجریح ترجمہ ابو العلاء کے گرد جوؤں کے مقتل ہیں سو کوئی تو مقتول ہے اور کوئی زخمی۔

وکانہن لدی دروز قمیصہ	فذٌّ و توءم سمسمٍ مقشور

الضمیر لافراد القمل۔ والدروز جمع درز۔ والفذ بالفاء والمعجمۃ الواحد والمضاف الیہ محذوف ای سمسم۔ والمقشور ماسلب عنہ قشرہ ترجمہ وہ جوئیں اسکے کرتہ کی سیونوں میں گویا پوست اتارے تلوں کے ایک اور دو پوست ہیں۔

ضرج الانامل من دماء قتیلها	حنق علی اخری العدوّ مغیر

ضرج صبغ مجرور نعت قانص۔ والمجرور فی قتیلہا لافراد القمل۔ والحنق ککتف شدید الغضب۔ والاخری صفۃ جماعۃ ترجمہ وہ ایسا صیاد ہے کہ مری ہوئی جوؤں کے خون سے اسکی انگلیوں کے پورے رنگین ہیں اور شدت سے غضبناک اور غارت کرنے والا ہے انکی اور جماعت کا جو اس کی دشمن ہے۔

وقال آخر ہو لبعض الحجازیین

خبّروها بانّنی قد تزوجت	فظلّت تکاتم الغیظ سرّا

ترجمہ لوگوں نے میری زوجہ کو یہ خبر دی کہ میں نے اسپر دوسری کرلی تو وہ اول مجھے اپنے غصہ کو خوب چھپانے لگی

ثمّ قالت لاختہا ولاُخرٰی	جزعًا لیتہ تزوّج عشرا

ترجمہ پھر اسنے اپنی بہن سے اور ایک دوسری عورت سے گھبرا کر کہا کہ کاش میرا شوہر دس عورتوں سے نکاح کرے

واشارت الی نساءٍ لدیہا	لا تریٰ دونہنّ للسرّ سترا
ما لقلبی کانہ لیس منّی	وعظامی کانّ فیہنّ فترا

ترجمہ اور اسنے ان عورتوں کی طرف جو اسکے پاس تھیں اور اسنے اپنے دل کا بھید نہیں چھپانی تھی اشارہ کیا اور کہا کہ میرے دلکو کیا ہو گیا کہ اب وہ گویا میرا نہیں ہے اور میری جسم کے ستخوانوں کو کیا ہو گیا گویا انہیں ضعف و سستی آگئی ہے

یعنی ڈھیلے پڑ گئے ہیں۔

خلّت فی القلب من تلظّیہ جمرا	ومن حدیث نمی الیّ قطیع

نمی الحدیث اذا ارتفع وبلغ ترجمہ اور یہ حال میرا اُس زشت خبر سے ہوا ہے جو مجھہ تلک پہونچی ہو کہ دل میں اُس کے اشتعال کے سبب ایک چنگاری رکھی ہوئی خیال کرتی ہوں۔

وقال آخر

ہو اعرابی قدم البصرة فسمع موذنا یوذن بالصبح فقال ما یقول ہذا ولم یکن لہ عہد بالاذان فقال بعضہم ہذا وقت الاجابۃ فکل رجل یقول بما فی قلبہ دعنی یجاب لا محالۃ فقام الاعرابی علی المیذنۃ ونادی باعلی صوتہ منشدا۔

علی عزبٍ حتی یکون لہ اہل	جزی اللہ عنّا ذات بعل تصدّقت

البعل الزوج والعزب محرکۃ من الرجال من لا زوج لہ ترجمہ خداوند تعالی ہماری طرف سے جزاء خیر دے اس شوہر دار عورت کو جس نے اپنے آپ کو ایک مرد مجرد کو صدقہ دے دیا تاکہ اُس کے لیئے بھی زوجہ ہو جاوے۔

اذا ما تزوجنا ولیس لہا بعل	فانا سنجزیہا بما فعلت بنا

الباء فی بما فعلت بمعنی الی ویقال فعل الیہ اذا احسن الیہ ترجمہ کیونکہ ہم اس عورت کو عنقریب اُس کے احسان کا بدلہ دیویں گے جب کہ ہم نکاح کر لیویں گے اور وہ بے شوہر ہوگی یعنی اُسوقت ہم اسکے شوہر ہو جاویں گے۔

فما فی کتاب اللہ ان یحرم الفضل	افیضوا علی عزّابکم بنسائکم

العزاب جمع عازب وہو من بعد وغاب من اہلہ واراد بہ العزب۔ ویحرم مجہول من حرمہ الشئی اذا لم یعطہ ایاہ فالمفعول الاول محذوف واسند الفعل الی الثانی کما یقال اعطی درہم ترجمہ مسافران مجرد کو اپنی زائد از حاجت عورتیں بخشدیا کرو کیونکہ خدا کی کتاب میں یہ حکم نہیں ہو کہ سائل زائد از حاجت کے دینے سے محروم کیا جاوے۔

وقال آخر

فہب لی بیضاء بلہاء الخلق	یا رب من احسّہا ممن صدق	اُنشد باللہ وبالدّلو الخلق

